# خطبات صدیقیہ

جلد چہارم

خطیبِ پاکستان

مولانا محمد صدیق ملتانی مدظلہ العالی

خطیب مرکزی سنی رضوی جامع مسجد جھنگ بازار فیصل آباد

مکتبہ نوریہ رضویہ

Marfat.com

Marfat.com

# خطباتِ صدیقیہ

## جلد چہارم

خطیبِ پاکستان مولانا محمد صدیق ملتانی مدظلہ العالی

مکتبۂ نوریہ رضویہ
گلبرگ اے فیصل آباد

Marfat.com

۱۱۳۶۵

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ــــــ | خطباتِ صدیقیہ (جلد چہارم) |
| مؤلف | ــــــ | مولانا محمد صدیق صاحب ملتانی |
| تزئین واہتمام | ــــــ | سید حمایت رسول قادری |
| پروف ریڈنگ | ــــــ | حافظ رب نواز سیالوی |
| | | (فاضل دارالعلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد) |
| صفحات | ــــــ | 496 |
| اشاعت | ــــــ | بارہ اوّل نومبر 2007ء |
| تعداد | ــــــ | 1100 |
| کمپوزنگ | ــــــ | غلام محمد یٰسین خاں |
| مطبع | ــــــ | اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور |
| ناشر | ــــــ | مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد |
| قیمت | ــــــ | 150/- روپے |

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11 گنج بخش روڈ لاہور فون 7313885

مولانا محمد صدیق ملتانی فیصل آباد

موبائل: 0300-6608706


Marfat.com

# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **شانِ ولایت** | 8 |
| (الف) تصرف وجدانی | 13 |
| (ب) تصرف نفسی | 14 |
| (ج) تصرف القائی | 15 |
| (د) تصرف حالی | 16 |
| (ن) تصرف بیناتی | 17 |
| درجات ولایت | 34 |
| ولایت فطری | 34 |
| ولایت وہبی | 34 |
| ولایت کسبی | 36 |
| پہلا انعام | 36 |
| دور سے سننا | 38 |
| دور سے دیکھنا | 38 |
| دور سے پکڑنا | 39 |
| دوسرا انعام | 40 |
| تیسرا انعام | 44 |
| چوتھا انعام | 47 |
| آنکھ کی کرامت | 47 |
| کان کی کرامت | 49 |
| زبان کی کرامت | 50 |
| ہاتھ کی کرامت | 51 |
| پاؤں کی کرامت | 51 |
| **حسن رفاقت** | 53 |
| النبیین | 59 |
| والصدیقین | 64 |
| والشہدا | 69 |
| حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ | 69 |
| حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | 70 |
| حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | 71 |
| حضرت حنظلہ | 74 |
| عبداللہ بن جحش | 75 |
| حضرت عبداللہ بن حرام | 75 |
| حضرت عمرو بن الجموح | 76 |
| حضرت خثیمہ | 77 |
| مہاجرین اور انصار | 86 |
| مہاجرین | 87 |
| انصار | 88 |
| حضرت عمرو بن قیس | 88 |
| حضرت بشر حافی | 89 |
| حضرت یزید بن ہارون | 89 |
| حضرت خواجہ عثمان ہارونی | 90 |
| حضرت عبدالواحد بن زید | 90 |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **علامات محبت** | 93 |
| علامت نمبر 1. اطاعت۔آیات قرآن | 95 |
| احادیث | 96 |
| علامت نمبر 2. اتباع | 103 |
| علامت نمبر 3. دیدار کا شوق | 109 |
| علامت نمبر 4. کثرت سے ذکر کرنا | 112 |
| علامت نمبر 5. حضور اکرم ﷺ کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا | 116 |
| علامت نمبر 6. صحابہ سے محبت کرنا | 120 |
| علامت نمبر 7. اہلبیت سے محبت | 122 |
| علامت نمبر 8. آپ کی امت سے محبت | 126 |
| علامت نمبر 9. | 129 |
| علامت نمبر 10. رسول خدا کی تعظیم وتوقیر کرنا | 134 |
| علامت نمبر 11. تبع کا ت کا ادب واحترام | 138 |
| **بے مثل رسول (حصہ اول)** | 142 |
| ملائکہ | 142 |
| شیاطین | 142 |
| جن | 143 |
| انسان | 143 |
| انبیاء فرشتوں سے افضل ہیں | 144 |
| دلیل اول | 144 |
| دلیل دوم | 144 |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دلیل سوم | 144 |
| دلیل چہارم | 145 |
| انبیاء تمام انسانوں سے افضل ہیں | 145 |
| قوت باصرہ | 145 |
| قوت سامعہ | 146 |
| قوت شامہ | 146 |
| قوت ذائقہ | 146 |
| قوت لامسہ | 147 |
| عقل | 148 |
| روح | 149 |
| قلب | 149 |
| قوت متحرکہ | 145 |
| قوت روحانیہ | 150 |
| افضل الانبیاء | 152 |
| دلیل اول | 152 |
| دلیل دوم | 152 |
| بے مثل رسول | 153 |
| عقلی دلائل | 160 |
| عجیب استدلال | 169 |
| **(حصہ دوم) بے مثل رسول** | 174 |
| ذات بے مثل | 174 |
| صفات بے مثل | 178 |
| قوت باصرہ | 178 |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پہلی وجہ | 179 |
| دوسری وجہ | 179 |
| تیسری وجہ | 179 |
| چوتھی وجہ | 180 |
| قوت سامع | 181 |
| رسالت بے مثل | 182 |
| دلیل اول | 183 |
| دلیل دوم | 183 |
| دلیل سوم | 184 |
| دلیل چہارم | 184 |
| دلیل اول | 185 |
| دلیل دوم | 185 |
| ازواج بے مثل | 185 |
| حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا | 186 |
| حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا | 187 |
| آل رسول بے مثل | 188 |
| صحابہ بے مثل | 191 |
| چند بے مثل صحابہ | 193 |
| حضرت مصعب بن عمیر | 193 |
| حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ | 193 |
| حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ | 194 |
| حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ | 195 |
| اوس اور خزرج کا باہمی تفاخر | 196 |
| حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ | 196 |
| حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 197 |
| اولیاء بے مثل | 197 |
| خواجہ ناصر الدین ابومحمد چشتی | 197 |
| خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ | 198 |
| حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ | 199 |
| محمد بن علی حکیم ترمذی | 200 |
| امت بے مثل | 201 |
| معراج بے مثل | 206 |
| خدا تعالیٰ کے دیدار کے اسرار | 207 |
| **فضائل حرمین شریفین** | 210 |
| مسجد الاجابت | 213 |
| مسجد فتح | 214 |
| روضہ انور | 214 |
| کعبہ کی بنیاد | 217 |
| کعبہ کا دیدار | 218 |
| کعبہ کا طواف | 219 |
| کعبہ کی نشانیاں | 222 |
| کعبہ کے اندر | 222 |
| کعبہ کی حفاظت | 227 |
| مدینہ میں روضہ انور کی حفاظت | 229 |
| دو جنتی پتھر | 231 |
| حجر اسود | 231 |
| مقام ابراہیم | 234 |
| آب زم زم | 236 |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| فضائل مدینہ منورہ | 245 |
| حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی | 246 |
| افضلیت مدینہ | 248 |
| **حکمت کی تشریح** | 252 |
| نمبر 1. الحکمۃ | 252 |
| نمبر 2. الحکمۃ | 254 |
| مقام سنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں | 254 |
| مقام سنت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نظر میں | 255 |
| نمبر 3. الحکمۃ۔ عقل اور علم کے | 257 |
| ذریعے حق بات تک پہنچنا | |
| (ا) سلام | 257 |
| (ب) رشتہ دار سے حسن سلوک | 258 |
| (ج) کھانا کھلانا | 258 |
| (د) نماز تہجد | 259 |
| نمبر 4. الحکمۃ۔ علم الاسرار | 260 |
| فلسفہ ارکان اسلام۔ وضو کا فلسفہ | 261 |
| فلسفہ اذان | 261 |
| زکوۃ کا فلسفہ | 262 |
| روزہ کا فلسفہ | 263 |
| نماز کا فلسفہ | 263 |
| حج کا فلسفہ | 264 |
| نمبر 5. الحکمۃ۔ العلم اللدنی | 264 |
| امام الانبیاء کا علم لدنی | 267 |
| **صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور** | 270 |
| **اولیاء رحمۃ اللہ علیہم کا علم لدنی** | |
| حارث بن مالک کا علم لدنی | 270 |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ایک ولی کا علم لدنی | 271 |
| حضرت علی الخواص کا علم لدنی | 271 |
| امام اعظم کا علم لدنی | 272 |
| نمبر 6. الحکمۃ۔ فہم القرآن | 272 |
| نمبر 7. الحکمۃ۔ الفقہ | 279 |
| حضرت کعب بن اسود کی فقاہت | 279 |
| امام اعظم کی فقاہت | 281 |
| غوث اعظم کی فقاہت | 283 |
| نمبر 8. الحکمۃ۔ دانائی کی باتیں | 284 |
| لقمان کی دانائی سے لبریز باتیں | 285 |
| تلک عشرۃ کاملۃ | 286 |
| حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی | 287 |
| حکمت آمیز باتیں | |
| نمبر 9. الحکمۃ۔ عدل | 288 |
| عدل وانصاف کی فضیلت | 287 |
| نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عدل | 289 |
| عدل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | 290 |
| عدل فاروق اعظم رضی اللہ عنہ | 291 |
| عدل حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ | 292 |
| نمبر 10. الحکمۃ۔ نور قلب | 293 |
| کرامت حضرت مجدد الف ثانی | 296 |
| **خلیفہ اعظم نائب مطلق** | 298 |
| اعتراض | 303 |
| الجواب | 303 |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مشکل کشا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | 313 |
| اہل قبور کے لئے مشکل کشا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں | 316 |
| فرشتوں کے بھی رسول ہیں | 318 |
| حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حاجت روا ہیں | 327 |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مددگار ہیں | 333 |
| **خلق عظیم** | 337 |
| عفو و درگذر | 339 |
| رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا حلم | 343 |
| امت پر شفقت | 346 |
| حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زہد | 349 |
| زہد کا انجام | 353 |
| عورتوں پر شفقت | 353 |
| لڑکیوں پر شفقت | 355 |
| بچوں پر شفقت | 357 |
| یتیموں پر شفقت | 360 |
| غلاموں پر شفقت | 362 |
| چوپاؤں پر شفقت | 365 |
| تواضع | 368 |
| مزاح | 371 |
| سخاوت و ایثار | 373 |
| صداقت | 377 |
| عدل و انصاف | 379 |


Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# شانِ ولایت

اِنْ اَوْلِیَاءُہٗ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ۔ نہیں ہیں اس کے دوست مگر متقی لوگ۔

اولیاء جمع ہے ولی کی اور وَلی کے کئی معنی ہیں کچھ معنی وہ ہیں جو ازروئے لغت ثابت ہیں اور کچھ معنی ازروئے قرآن ثابت ہیں کیونکہ اَلْقُرْآنُ یُفَسِّرُ بَعْضُہٗ بَعْضًا قرآن اپنے بعض حصوں کی خود تفسیر بیان کرتا ہے پہلے وہ معنی بیان ہوں گے جو ازروئے لغت ثابت ہیں بعد میں وہ معنی بیان ہونگے جو ازروئے قرآن ثابت ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

## نمبر 1:

اَللّٰہُ وَلِیُّکَ اللہ تیرا نگہبان ہے یہاں ولی کے معنی ہیں نگرانی کرنے والا چنانچہ لغت کی مشہور کتاب ''المنجد'' میں یہی لکھا ہے۔

اللہ کا کامل ولی اپنے مرید کی نگرانی کرتا ہے اس کو بے راہ روی کا شکار نہیں ہونے دیتا یہ بات ذہن نشین رہے کہ بات کامل ولی کی ہو رہی ہے اور کامل کی تعریف یہ ہے سید علی الخواص فرماتے ہیں۔

لَایَکْمِلُ الرَّجُلُ عِنْدَنَا حَتّٰی یَعْلَمُ حَرَکَاتِ مُرِیْدِہٖ فِیْ اِنْتِقَالِہٖ فِی الْاَصْلَابِ وَھُوَ نُطْفَۃٌ مِنْ یَوْمِ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ اَیْ اِسْتِقْرَارَہٗ فِی الْجَنَّۃِ اَوْ فِی النَّارِ۔

(کبریت رحمٰن، ص ۱۴۵)

ہمارے نزدیک تو آدمی تب تک کامل نہیں ہوتا جب تک اس کو اپنی مرید کی حرکتیں اس کے آباء کی پیٹھ میں معلوم نہ ہوں یعنی جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ

Marfat.com

ذخیرہ

یوم الست سے کس کس کی پیٹھ میں رہا اور اس نے کس وقت حرکت کی یہاں تک کہ اس کے جنت یا دوزخ میں قرار پکڑنے تک کے حالات جانے۔

اور شیخ تاج العارفین ابوالوفا فرماتے ہیں۔

لَایَکُوْنَ الشَّیْخُ شَیْخًا حَتّٰی یَعْرِفُ مِنْ کَافٍ اِلٰی قَافٍ فَقِیْلَ لَہٗ مَا کَانَ وَمَاقَافٌ فَقَالَ یُطْلِعَہُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰی جَمِیْعِ مَافِی الْکَوْنَیْنِ مِنْ اِبْتِدَاءِ خَلْقِہٖ بِکُنْ اِلٰی مَقَامِ وَقِفُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَسْئُوْلُوْنَ۔ (بہجۃ الاسرار، ص ۱۴۳)

کوئی شخص اس وقت تک کامل شیخ نہیں ہوسکتا جب تک کہ کاف سے قاف تک کی معرفت حاصل نہ کرے پوچھا گیا کاف سے قاف کیا ہوتے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس کامل کو دونوں جہانوں کی تمام مخلوق کی خبر دیتا ہے یعنی کلمہ کن سے پیدائش کی ابتداء سے لے کر دوزخ کے اس مقام تک کی اطلاع جہاں دوزخیوں کو کھڑا کر کے ان سے سوال کیا جائیگا۔

یہ کامل لوگ اپنے متوسلین اور مریدین کی نگرانی کرتے ہیں چنانچہ امام عبدالوہاب شعرانی نے میزان الشریعت میں لکھا ہے۔

اَئِمَّۃُ الْفُقَھَاءِ وَالصُّوْفِیَۃُ کُلُّھُمْ یَشْفَعُوْنَ فِی مَقْلَایھِمْ وَیُلَاحِظُوْنَ اَحَدُھُمْ عِنْدَ طُلُوْعِ رُوْحِہٖ وَعِنْدَ سَوَالِ مُنْکَرٍ وَّنَکِیْرٍ لَہٗ وَعِنْدَ النَّشْرِ وَالْحَشْرِ وَالْحِسَابِ وَالْمِیْزَانِ وَالصِّرَاطِ وَلَایَخْلِفُوْنَ عَنْھُمْ فِی مَوْقِفٍ مِّنَ الْمَوَاقِفِ۔

بے شک سب پیشوا اولیاء وعلماء اپنے اپنے متبعین کی شفاعت کرتے ہیں اور جب اسکی روح نکلتی ہے جب منکر نکیر اس سے سوالات کرتے ہیں جب اس کا حشر ہوگا جب اس کا نامہ اعمال کھلے گا جب اس کا حساب لیا جائے گا جب اُن کے عمل تولے جائیں گے جب وہ پل صراط سے گزرے گا ہر وقت ہر حال میں

Marfat.com

اسکی نگرانی کرتے ہیں اصلا کسی جگہ اس سے غافل نہیں ہوتے۔

علامہ عبد الوہاب شعرانی نے لکھا ہے کہ حضرت جنید بغدادی کے ایک شاگرد نے ایک حسین وجمیل لڑکے کو بری نظر سے دیکھا تو اس کا چہرہ نہایت سیاہ ہوگیا جنید بغدادی نے اس کے لیے تین دن تک استغفار کیا خدا نے اس کی رنگت بدل کر پہلی حالت میں کردی۔ (الیواقیت والجواہر)

؎ کامل مرشد ایسا ہووے جہڑا دھوبی وانگوں چھٹے ہو
نال نگاہ دے پاک کرے چاوچہ بجی میون نہ گھتے ہو
میلیاں تھیں کر دیوے چٹاوچہ ذرہ میل نہ رکھے ہو
سیاں توہاں کے مرشد وسدا پروچہ نگاہ دے رکھے ہو

## نمبر 2.

اَلْمُؤْمِنُ وَلِیُّ اللّٰہِ مومن اللہ کی اطاعت کرنے والا ہے یہاں ولی کا معنیٰ ہے اطاعت کرنے والا (المنجد) ولی کو ولی اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ہر وقت خدا کی اطاعت میں لگا رہتا ہے ایک آنکھ جھپکنے کے برابر بھی وہ خدا کی نافرمانی کا تصور بھی ذہن میں نہیں آنے دیتا جو لوگ خدا کی اطاعت کرتے ہیں ان کے لیے مندرجہ ذیل انعامات ہیں۔

(الف) نبی کریم ﷺ کا ارشاد عالی ہے کہ

اِنَّ اَحَبَّ الْخَلَائِقِ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ شَابٌّ حَدِیْثُ السِّنِ فِیْ صُوْرَۃٍ حَسَنَۃٍ جَعَلَ شَبَابَہٗ وَجَمَالَہٗ لِلّٰہِ وَفِیْ طَاعَۃِ اللّٰہِ ذَالِکَ الَّذِیْ یُبَاھِیْ بِہِ الرَّحْمٰنُ مَلَائِکَتَہٗ یَقُوْلُ ھٰذَا عَبْدِیْ حَقًّا۔

(ابن عساکر، ج ۱، ص ۳۴۹)

ساری مخلوق میں خدا کے نزدیک زیادہ وہ محبوب ہے جو نوجوان حسین و

Marfat.com

جمیل ہے اور اس نے اپنی جوانی اور حسن و جمال خدا کے لیے اور خدا کی اطاعت میں خرچ کیا ہے اللہ تعالیٰ اس پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ حقیقت میں میرا بندہ تو یہ ہے۔

(ب) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوہریرہ ان لوگوں کے نقش قدم پر چلو جن کو قیامت کے دن کوئی گھبراہٹ نہ ہوگی اور نہ ان کو کوئی خوف ہوگا جب لوگ ان کو دیکھیں گے تو خیال کریں گے یہ نبی ہیں لیکن میں ان کو پہچان کر کہوں گا کہ یہ تو میرے امتی ہیں یہ نبی نہیں ہیں وہ پل صراط سے بجلی اور ہوا کی طرح گزر جائیں گے ان کے نور سے اہل محشر کی نگاہیں چکاچوند ہوں گی ابوہریرہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ان کے اعمال سے آگاہ فرمائیں شاید میں بھی ان میں شامل ہوجاؤں فرمایا انہوں نے انبیاء کی طرح سختیاں برداشت کیں سیر ہونے کے بعد انہوں نے بھوک کو تلاش کیا لباس ملنے کے بعد انہوں نے ننگے بدن رہنا پسند کیا سیراب ہونے کے بعد انہوں نے پیاس کی طلب کی اور ان چیزوں کو خدا کی امید پر ترک کردیا انہوں نے حساب کے خوف سے حلال کو ترک کردیا انہوں نے دنیا میں رہ کر دنیا سے منہ موڑ لیا انکی اس اطاعت الٰہی کو دیکھ کر فرشتے حیران ہوجاتے تھے ان کے لیے خوشخبری ہے کاش مجھے اللہ ان سے ملائے پھر رسول اللہ ان کے شوق میں روئے پھر فرمایا اے ابوہریرہ جب اللہ تعالیٰ اہل زمین پر عذاب نازل فرمانا چاہتا ہے تو ان لوگوں کی بھوک اور پیاس کو دیکھ کر آنے والا عذاب ٹال دیتا ہے۔اے ابوہریرہ ان کے طریقے کو اپنے اوپر لازم کرلو جو ان کے طریقے کی مخالفت کریگا وہ شدت حساب میں مبتلا ہوگا۔حضرت مکحول فرماتے ہیں میں نے بڑھاپے میں ابوہریرہ کو سخت بھوک اور پیاس میں دیکھا کہا اپنے بڑھاپے پر رحم کرو انہوں نے کہا میں ان

Marfat.com

لوگوں کی مخالفت کر کے شدت عذاب میں گرفتار نہیں ہونا چاہتا۔

(کنز العمال، ج ۳، ص ۷۲۸)

(ج) سرور کائنات ﷺ نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو ایک پکارنے والا پکارے گا میرے وہ بندے کہاں ہیں جنہوں نے میری اطاعت کی اور غیب سے میرے عہد کی حفاظت کی پس ایسے لوگ کھڑے ہو جائیں گے جن کے چہرے چودھویں رات کے چاند اور چمکتے ہوئے ستاروں کی طرح ہونگے وہ نور کی اونٹنیوں پر سوار ہونگے جن کی نکیلیں یاقوت کی ہونگی اور سب کے سامنے وہ ان کو لے کر اڑ جائیں گی یہاں تک کہ وہ عرش کے سامنے کھڑے ہو جائیں گے خدا تعالیٰ ان سے فرمائے گا میرے ان بندوں پر ہر اسلام ہو جنہوں نے میری اطاعت کی اور غیب سے میرے عہد کی حفاظت کی میں نے تمہیں چن لیا تمہیں برگزیدہ کیا جاؤ بغیر حساب جنت میں داخل ہو جاؤ آج تم پر کوئی خوف اور غم نہیں اور اچک لے جانے والی بجلی کی طرح پل صراط کو پار کر لیں گے ان کے لیے جنت کے دروازے کھولے جائیں گے میدان محشر کے کچھ لوگ ایک دوسرے سے پوچھیں گے فلاں لوگ کہاں چلے گئے ایک آواز دینے والا کہے گا۔

اِنَّ اَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فَاكِهُوْنَ۔

آج اہل جنت بہشت میں مسرور ہیں۔ (تفسیر قرطبی، ص ۴۳)

(و) اگر کوئی انسان خدا تعالیٰ کی کامل اطاعت کرے اور اس کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرے اور اس کے احکام کے مطابق شب و روز گزارے تو اسے خدا کے ہاں سے یہ اجر ملتا ہے کہ پوری کائنات اس کے تابع کر دی جاتی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ۔

Marfat.com

ترجمہ: اور جو کچھ آسمانوں میں جو کچھ زمین میں ہے سب کو اس نے اپنے حکم سے تمہارے تابع کر دیا۔

نیز اطاعت شعار بندہ خدا کا محبوب بن جاتا ہے پھر اس کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ تقدیر الٰہی بن جاتے ہیں۔

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں
جو ہو ذوق یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

ارشاد نبوی ﷺ ہے مَنْ کَانَ اللّٰہُ لَہٗ جو خدا کا ہو جاتا ہے تو خدا اسکا ہو جاتا ہے اور جس کا خدا ہو جائے خدا کی سب مخلوق اسی کی ہو جاتی ہے اللہ اس بندے کو اپنی اطاعت کی وجہ سے مقام قرب پر فائز فرما دیتا ہے۔

## نمبر 3.

المنجد میں لکھا ہوا ہے کہ ولی کا ایک معنی متصرف بھی ہے یعنی تصرف کرنے والا اور تصرف کی چند اقسام ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

## (الف) تصرف وجدانی:

یہ وہ تصرف ہوتا ہے جس میں جذب و سکر کی کیفیت پائی جائے مثلاً ایک مرتبہ حضرت باقی باللہ کے ہاں چند مہمان آ گئے کھانا موجود نہ تھا اس لئے آپ کو مہمانوں کا فکر ہوا کھانے کی تلاش ہوئی اتفاق کی بات کہ آپ کے گھر کے قریب ایک نانبائی رہتا تھا وہ آپکی اس تشویش پر مطلع ہوا اور روٹی اور سالن حاضر خدمت کر دیا حضرت باقی باللہ اس کے اس حسن سلوک سے بڑے خوش ہوئے فرمایا مانگ کیا مانگتا ہے اس نے عرض کی مجھے آپ اپنی مثل بنا دیں آپ نے فرمایا تو اس کیفیت کو برداشت نہ کر سکے گا کچھ اور مانگ لے اس نے اسی پر اصرار کیا

Marfat.com

خواجہ اس سے پہلوتہی کرتے رہے جب اس کا اصرار حد سے بڑھا تو آپ اسے اپنے حجرے میں لے گئے اور اس نانبائی پر توجہ ڈالی جب حجرہ سے باہر نکلے تو خواجہ باقی کی قوت تصرف کا یہ اثر ہوا کہ نانبائی کی شکل وصورت بالکل حضرت باقی باللہ جیسی ہوگئی لوگوں کے لئے دونوں میں امتیاز کرنا مشکل ہوگیا فرق صرف اتنا تھا کہ خواجہ باقی باللہ ہوش میں تھے اور نانبائی مدہوش تھا تین دن تک اسی جذب وسکر میں رہ کر انتقال کرگیا۔ (تفسیر عزیزی، ج ۳، ص ۲۴۵)

## (ب) تصرف نفسی:

کسی کی فطرت بدل دینا مثلاً حضرت میاں شیر ربانی رحمۃ اللہ علیہ کی بیٹھک کے دروازے پر لکھا ہوا تھا ''یا شیخ عبد القادر جیلانی'' ایک مرتبہ ایک نام نہاد اہل حدیث میاں صاحب کی شہرت سن کر آپکی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا ان سے مل کر بہت خوش ہوا مگر جب دروازے پر نظر پڑی تو دل میں کہا یہ ٹھیک نہیں ہے حضرت قبلہ اس قلبی خطرے سے آگاہ ہوکر نیچے تشریف لائے اور بلند آواز سے پڑھنے لگے یا شیخ عبد القادر جیلانی حضرت قبلہ کا یہ فرمانا تھا کہ حضرت غوث اعظم تشریف لے آئے اور اس شخص پر وجد طاری ہوگیا ناک اور منہ سے غلاظت بہنے لگی کچھ دیر کے بعد جب ہوش آیا تو غلاظت وغیرہ صاف کی حاضرین مجلس نے اس وارفتگی کا سبب دریافت کیا اس نے حضور غوث اعظم کی آمد کا ذکر کیا نیز بتایا کہ غوث اعظم نے فرمایا کہ جسکا عقیدہ درست ہو اور وہ ہمیں پکارے تو ہم وہاں پہنچ جاتے ہیں۔

؎ ذرا صدق دل سے پکارو تو ان کو
ابھی جلوہ گر ہوں یہاں غوث اعظم

Marfat.com

## (ج) تصرف القائی:

یہ وہ تصرف ہے جس سے اپنی کیفیت دوسرے پر واضح کی جائے۔ مثلاً حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ ملتان کے قریب جہاں رب شیر شاہ بستی موجود ہے تشریف لے گئے۔ بابا شیر شاہ ولی کے تین مرید لنگر خانے کے لیے لکڑیاں چن رہے تھے حضرت سلطان صاحب نے ان پر نگاہ ڈالی ان میں دو آدمی آپ کے قدموں میں گر کر رونے لگے اور تیسرے نے بابا شیر شاہ ولی کو سارا حال جا سنایا بابا شیر شاہ ولی آیا اور سلطان صاحب سے فرمایا بابا معلوم ہوتا ہے تیرے پاس کوئی سفلی علم ہے بہتر یہ ہے کہ میرے علاقے سے چلے جاؤ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں حاضری دینے والا ہوں میں نے تمہیں کبھی وہاں دیکھا نہیں سلطان صاحب نے فرمایا شاہ صاحب آج رات کو آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں تشریف لے چلیں میں بھی وہاں حاضری کی کوشش کرونگا پھر صبح اسی جگہ فیصلہ ہو جائیگا انہوں نے کہا ٹھیک ہے رات ہوئی تو بابا شیر شاہ ولی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں تشریف لے گئے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صدیق اکبر فاروق اعظم عثمان غنی اور حیدر کرار کے علاوہ امامین کریمین حضرت فاطمہ اور حضور غوث اعظم موجود ہیں لیکن وہاں سلطان صاحب نظر نہ آئے تھوڑی دیر کے بعد دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آستین سے ایک بچہ نکلا اور حضور کی آغوش میں کھیلنے لگا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ بچہ صدیق اکبر کی آغوش میں دے دیا کچھ دیر وہاں کھیلتا رہا انہوں نے فاروق اعظم انہوں نے عثمان غنی انہوں نے حیدر کرار انہوں نے امام حسن انہوں نے امام حسین اور انہوں نے حضرت فاطمہ اور انہوں نے غوث اعظم اور انہوں نے بابا شیر شاہ ولی کی آغوش میں دے دیا۔ یہاں آخر بچہ بابا شیر شاہ کی

Marfat.com

داڑھی سے کھیلنے لگا اور اس دودن کے بچے نے بابا شیر شاہ کی داڑھی کے دو بال نوچ لئے اور اپنے پاس رکھ لئے باب شیر شاہ ولی کو تکلیف تو ہوئی لیکن مجلس کے آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے خاموش رہے پھر وہ بچہ واپس جا کر نبی کریم ﷺ کی آستین میں گم ہوگیا جب صبح ہوئی تو بابا شیر شاہ ولی حضرت سلطان باہو کے پاس آکر کہنے لگے رات میں نے بنظر غور دیکھا آپ نبی کریم کی مجلس میں موجود نہ تھے سلطان صاحب نے فرمایا شاہ جی کسی امر واقعہ کے لیے شریعت میں کتنے گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے انہوں نے جواب دیا شریعت نے دو گواہ مانگے ہیں حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے بابا شیر شاہ ولی کی داڑھی کے دو بال نکال کر پیش کر دیئے اور فرمایا یہ دونوں بال اس بات کے گواہ ہیں کہ ہم بھی نبی کریم ﷺ کی مجلس میں موجود تھے۔ (سلطان باہو، ص ۸۱)

نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
ید بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

## (د) تصرف حالی:

یہ وہ تصرف ہے جس میں حالت بدل دی جاتی ہے۔ مثلاً حضرت شیر ربانی کے ایک خادم تھے جنکا نام کرم دین تھا انکے ہاں اولاد نہ تھی حضرت قبلہ سے فرزند کی خواہش کی آپ نے فرمایا اللہ دے گا چنانچہ ان کے ہاں فرزند پیدا ہوا جب ذرا سیانا ہوا تو پتہ چلا کہ آنکھوں سے نابینا ہے اور گونگا بھی ہے حالانکہ بظاہر آنکھیں بھی تھیں حضرت قبلہ سے عرض کی بیٹا تو ہوا مگر کس کام کا نہ دیکھتا ہے اور نہ بولتا ہے حضرت خاموش رہے کچھ عرصہ کے بعد قبرستان میں ایک درخت کے نیچے بیٹھے تھے کرم دین اپنے بیٹے کو لے کر حاضر ہوا معاملہ دوبارہ پیش کیا حضرت قبلہ

Marfat.com

نے فرمایا اے لڑکے ان کو کیوں ڈرا رہا ہے دیکھتا اور بات کیوں نہیں کرتا آپکی زبان مبارک سے ان کلمات کا نکلنا تھا کہ وہ لڑکا بولنے بھی لگا اور دیکھنے بھی لگا۔

(اولیائے نقشبند، ص ۳۷۵)

## (ن) تصرف ہیئتی:

یہ وہ تصرف ہے جس میں وضع قطع بدل جائے مثلاً حضرت شیر ربانی اپنے معتقدین کو بذریعہ کشف بھی ہدایت فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ جمعہ کے روز منبر پر وعظ فرما رہے تھے اچانک ایک شخص پر نظر پڑی دوران تقریر فرمانے لگے مجھے سکھ بننا نہیں آتا دو ایک بار جو یہ فقرہ دہرایا تو شخص مذکور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا اس آدمی کو روتا دیکھ کر لوگ متوجہ ہوئے بعد نماز لوگوں نے اس سے گریہ وزاری کا سبب دریافت کیا وہ گلوگیر آواز سے بولا اس وقت دراصل قبلہ کا اشارہ میری طرف تھا واقعہ یہ ہے کہ میری ایک سکھ عورت سے آشنائی تھی بعض اوقات وہ مجھے ملاقات کے لیے اپنے گھر پر بلاتی میں جاتا تو اس کا سکھ شوہر وہاں موجود ہوتا اور میں اسے دیکھ کر بدنامی کے خوف سے پلٹ کر آجاتا حالانکہ عورت کہتی کہ اس کا شوہر باہر پردیس گیا ہوا ہے اور حقیقت بھی یہی تھی کہ وہ پردیس گیا ہوا تھا مگر جب ملاقات کے ارادے سے عورت کے پاس جاتا تو مجھے اسکا خاوند دکھائی دیتا پھر روتے ہوئے بولا اب پتہ چلا کہ اس روپ میں حضرت میاں شیر ربانی تھے۔

(اولیائے نقشبند، ص ۳۱۸)

## نمبر 4.

ولی بمعنی محب از روئے لغت کی کتاب قاموس ارشاد ربانی ہوتا ہے۔

وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ۔

Marfat.com

اور وہ جو ایمان والے ہیں اللہ سے ٹوٹ کر محبت کرتے ہیں۔

اولیائے کاملین کے نزدیک سچا محب کون ہے اس کے لیے حضرت سقطی کا یہ واقعہ سنئے۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک رات میں نے اپنے پیرومرشد حضرت سری سقطی کے ہاں قیام کیا جب رات کا کچھ حصہ گزرا تو سری سقطی نے کہا اے جنید کیا تم سوئے ہوئے ہو عرض کی نہیں فرمایا اس وقت خدا نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کیا اور فرمایا اے سری کیا تو جانتا ہے کہ میں نے مخلوق کو کیوں پیدا کیا میں نے عرض کی میں نہیں جانتا فرمایا میں نے جب مخلوق کو پیدا کیا تو سب نے میری محبت کا دعویٰ کیا میں نے دنیا کو پیدا کیا تو دس ہزار میں سے نو ہزار دنیا کی طرف راغب ہوگئے اور ایک ہزار باقی رہ گئے پھر میں نے جنت کو پیدا کیا تو ہزار میں سے نو سو جنت کی طرف راغب ہوگئے اور ایک سو باقی رہ گئے ان پر میں نے بلائیں نازل کیں سو میں سے نوے مصائب کی طرف مشغول ہوگئے باقی دس رہ گئے میں نے ان سے کہا تم کیا چاہتے ہو نہ تم دنیا کی طرف راغب ہوئے نہ جنت کی طرف اور نہ تم دوزخ سے خوفزدہ ہوئے انہوں نے عرض کی تو بہتر جانتا ہے جو ہم چاہتے ہیں خدا تعالیٰ نے فرمایا میں تم پر ایسے مصائب نازل کرونگا جنکی طاقت برداشت پہاڑوں میں نہ ہوگی کیا تم ان میں ثابت قدم رہو گے انہوں نے جواب دیا اے اللہ جب تو ہمارے ساتھ ایسا سلوک کرنا چاہتا ہے تو ہم اس پر راضی ہیں خدا نے فرمایا تم میرے حقیقی بندے ہو۔

(ابن عساکر، ج ۶، ص ۷۸)

## نمبر 5:

ولی بمعنی صدیق از روئے لغت کی کتاب لسان العرب۔

Marfat.com

صدیق کے معنی سچ بولنے والا اور صادق کے معنی بھی سچ بولنے والا لیکن بعض باریک بین علماء نے صادق اور صدیق میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ صادق وہ جو جھوٹ نہ بولے صدیق وہ جو جھوٹ بول نہ سکے صادق وہ جو مخلوق سے سچ بولے صدیق وہ جو خالق سے سچ بولے صادق وہ جو نفسانیت سے پاک ہو صدیق وہ جو انانیت سے پاک ہو صادق وہ جو جیسا واقعہ دیکھے ویسا بیان کردے اور صدیق وہ کہ جس طرح وہ کہہ دے واقعہ اسی طرح ہو جائے۔ آیئے اسے قرآن و حدیث سے واضح کرتے ہیں۔

جب بادشاہ کے ساقی اور باورچی نے جیل خانے میں حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت میں دو بناوٹی خواب بیان کیے آپ نے تعبیر دی کہ باورچی کو سولی دی جائیگی اور ساقی اپنے عہدے پر بحال ہوگا پھر یہ دونوں بولے ہم نے تو جھوٹ کہا تھا خواب وغیرہ کچھ نہیں دیکھا تو آپ نے فرمایا تم نے خواب دیکھا ہے یا نہیں مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں اب جو کچھ میں نے کہہ دیا ہے واقعہ اسی طرح ہوکر رہے گا اس کا فیصلہ ہو چکا اس میں تبدیلی نہ ہوگی۔ چنانچہ ساقی اپنے عہدے پر بحال کر دیا گیا اور باورچی کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا پھر کچھ عرصہ بعد بادشاہ کے پریشان کن خواب کی تعبیر پوچھنے کے لیے ساقی جیل خانے میں حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس گیا تو اس نے کہا یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا اے یوسف اے صدیق ہمیں خواب کی تعبیر بتاؤ اس نے حضرت یوسف کو صدیق کہا کیونکہ وہ جان گیا تھا کہ یہ جس طرح کہہ دیتے ہیں واقعہ اسی طرح ہو جاتا ہے ثابت ہوا کہ قرآن سے واضح ثبوت ملتا ہے کہ صدیق ہوتا ہی وہ ہے کہ جس طرح وہ کہہ دے واقعہ اسی طرح ہو جائے۔

جنگ احد میں حضرت مالک بن سنان شہید ہو گئے لیکن حضرت ابوبکر

Marfat.com

صدیق کی زبان فیض ترجمان سے نکل گیا کہ مالک پیچھے آرہے ہیں خدا تعالیٰ نے ان کو زندہ کردیا اور وہ واپس مدینہ منورہ تشریف لائے یعنی جس طرح صدیق نے کہا واقعہ اسی طرح ہوگیا۔ (تفسیر نعیمی، ج ۵، ص ۲۲۴)

اب ایک دعوے کا ثبوت ایک اور حدیث سے سنئے۔

حضرت عروہ بن زبیرؓ کہتے ہیں کہ حضرت سعید بن زید اور اروٰی بنت اوس کے درمیان ایک زمین پر جھگڑا ہوگیا اروٰی حضرت سعید کو مروان بن حکم کے پاس لے گئی جو مدینے کا حاکم تھا اور اس نے یہ دعویٰ کیا کہ سعید نے میری زمین کا کچھ حصہ دبالیا ہے سعید نے اس دعویٰ کو سن کر کہا کہ میں اس کی زمین کا کوئی ٹکڑا کیسے لے سکتا ہوں جب کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا کہ جو شخص کسی کی ایک بالشت زمین زبردستی لے گا تو اس زمین کے ساتوں طبقات اس کے گلے میں طوق کی مانند ڈالے جائیں گے مروان نے کہا اس دلیل کے بعد میں تجھ سے کوئی گواہ طلب نہیں کرتا سعید نے یہ سن کر کہا اے اللہ اگر یہ جھوٹی ہے تو اس کو اندھا کردے اور اس کو اسی زمین میں موت دے جس کا یہ دعویٰ کرتی ہے عروہ بن زبیر کا بیان ہے کہ میں نے اسے پہلے وہ عورت اندھی ہوئی اور ایک روز اسی متنازعہ زمین میں جارہی تھی کہ ایک گہرے غار میں گر کر مر گئی۔ (مشکوۃ، ج ۳، ص ۲۱۴)

ہر صحابی ولی ضرور ہوتا ہے اور حضرت سعید بن زید رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں انہوں نے جیسا کہا ویسا ہی ہوگیا معلوم ہوا کہ اللہ کا ولی وہ ہوتا ہے کہ جیسا وہ کہدے واقعہ اسی طرح ہوجائے ولی ساری عمر خدا کی مانتا ہے اس کے ارشادات اور فرامین پر عمل پیرا ہوتا ہے تو پھر خدا اس کو یہ مقام دیتا ہے کہ جو یہ کہدے خدا تعالیٰ وہی کردیتا ہے۔

اب ولی کے کچھ معنی از روئے قرآن بیان کئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

## نمبر 5.

ولی بمعنی دوست خدا فرماتا ہے۔

یٰاَیُّھَاالَّذِیْنَ آمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْاالْکَافِرِیْنَ اَوْلِیَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

اے ایمان والو! مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ۔

حدیث میں ہے کہ بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے ایک نبی کی طرف خدا نے وحی کی کہ میرے بعض بندے ایسے ہوتے ہیں میں انہیں دوست رکھتا ہوں وہ مجھے دوست رکھتے ہیں وہ میرے مشتاق ہوتے ہیں میں انکا مشتاق ہوتا ہوں وہ میرا ذکر کرتے ہیں میں انکا ذکر کرتا ہوں وہ میری طرف دیکھتے ہیں میں انکی طرف دیکھتا ہوں نبی نے عرض کی انکی نشانیاں کیا ہیں فرمایا جس طرح پرندے تھکے ماندے اپنے گھونسلوں کے خواہش مند ہوتے ہیں جب رات آجاتی ہے اندھیرا چھا جاتا ہے فرش وفروش بچھ جاتے ہیں دوست اپنے دوست سے وصل کی چاشنی حاصل کرنے میں مصروف ہوجاتے ہیں تو یہ لوگ تمام خواہشات کو چھوڑ کر اور تمام آسائشوں سے منہ موڑ کر میرے لئے کھڑے ہوجاتے ہیں اپنے سر جھکا لیتے ہیں چہرے پھیلا دیتے ہیں مجھے دردمندانہ یاد کرتے ہیں بعض روتے ہیں، بعض مشاہدہ کرتے ہیں بعض شکایات کرتے ہیں بعض رکوع کرتے ہیں بعض سجدہ کرتے ہیں جو وہ میرے لئے تکالیف اٹھاتے ہیں میں دیکھتا ہوں میں ان کے دل نور تجلی سے بھر دیتا ہوں پھر وہ میری خبریں دینے لگ جاتے ہیں میں ان کو ایسا علم عطا کرتا ہوں جو ان کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوتا۔ (نزہۃ الخاطر ص ۱۰۹)

مشائخ میں سے ایک شیخ سے روایت ہے کہ جب میں فرات کے کنارے سے گزرا ابوحبیب بن سلیم کو نماز پڑھتے دیکھا اور آپکی بکریوں کی نگرانی

Marfat.com

بھیڑیا کر رہا تھا میں نے کہا اس بزرگ کی زیارت کرنی چاہیے اس میں علامات ولایت پائے جاتے ہیں میں ٹھہر گیا جب وہ نماز سے فارغ ہوئے میں نے سلام عرض کیا آپ نے فرمایا صاحبزادے کس کام سے اس طرف آئے ہو میں نے عرض کی حضور کی زیارت کے لیے حاضر ہوا ہوں فرمایا جزاک اللہ میں نے کہا حضرت یہ کیا بات ہے کہ بھیڑیے اور بکریوں کو ایک جگہ دیکھ رہا ہوں فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ بکریوں کا چرواہا اپنے رب کے ساتھ موافق ہو گیا ہے یعنی میری خدا کے ساتھ جب سے دوستی ہو گئی ہے بھیڑیے کی بکریوں کے ساتھ دوستی ہو گئی ہے اس کے بعد انہوں نے اپنا لکڑی کا پیالہ ایک پتھر کے نیچے رکھ دیا اس پتھر سے دو چشمے جاری ہو گئے ایک دودھ کا اور دوسرا شہد کا میں نے یہ دیکھ کر عرض کیا حضور یہ درجہ کس عمل کے بدلے حاصل ہوا فرمایا رسول اکرم ﷺ کی اتباع سے پھر فرمایا صاحبزادے حضرت موسیٰ کی قوم انکی مخالف تھی تو پتھر نے ان کو پانی دیا تھا حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پیارے مصطفیٰ کے مرتبہ کے نہ تھے پھر میں جب حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا پیروکار ہوں تو پتھر مجھے دودھ اور شہد کیوں نہ دے۔

(کشف المحجوب، ص ۲۰۹)

دونوں عالم میں تمہیں مقصود گر آرام ہے
ان کا دامن تھام لو جن کا محمد نام ہے

## نمبر 6.

ولی بمعنی مددگار خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا ○

اللہ اور اسکا رسول اور ایمان والے تمہارے مددگار ہیں۔

Marfat.com

حضرت امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں میں حج کے لیے پیدل جارہا تھا کہ دوران سفر راستہ بھول گیا میں نے یہ کہنا شروع کردیا یاعباداللّٰہ دلونی علی الطریق اے اللہ کے بندوں مجھے راستہ دکھاؤ میں متواتر یہ کہتا رہا حتی کہ مجھے صحیح راستہ نظر آ گیا۔ (شعب الایمان، ج ۶، ص ۱۲۸)

حضرت شیخ جاکیر رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد شیخ جاکیر کی خدمت میں اہل واسط میں سے ایک تاجر آیا اس تاجر کو آپ سے عقیدت ومحبت تھی اس نے عرض کی مجھے اجازت دیں میں بحر ہند کے سفر کے ذریعے تجارت کی غرض سے جانا چاہتا ہوں آپ نے اس تاجر سے فرمایا راستے میں اگر کوئی شدید واقعہ پیش آئے جس کے ٹالنے کی تمہیں قدرت نہ ہو تو میرا نام لے کر پکارنا اس تاجر نے سفر شروع کیا چھ مہینے کے بعد حضرت جاکیر اچانک کھڑے ہوئے اور لوگ آپ کے چاروں طرف بیٹھے تھے آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے تالی بجالی اور فرمایا۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

بعدازاں آپ شمالاً جنوباً چند قدم چلے اور ہم آپ کی یہ کاروائی مشاہدہ کررہے تھے پھر آپ تشریف فرما ہوئے ہم نے اس کا سبب دریافت کیا آپ نے فرمایا وہ تاجر ڈوبنے لگا تھا خدا نے اس کو بچالیا ہم نے وہ دن تاریخ نوٹ کرلی سات مہینے کے بعد وہ تاجر آیا اور آپ کے قدموں پر گر کر کہنے لگا یَا سَیِّدِیْ لَوْلَا اَنْتَ لَهَلَكْنَا فِیْ ذَالِكَ الْیَوْمَ اگر اس دن آپ نہ ہوتے تو ہم ہلاک ہوجاتے اس پر میرے والد نے تبسم فرمایا پھر جب وہ تاجر علیحدگی میں ہم سے ملا تو ہم نے اس سے سارا واقعہ سنا اس نے کہا ہم گہرے سمندر میں سفر کررہے تھے کہ سمندر میں طوفانی موجیں اٹھیں ہم میں سے ہر ایک کو اپنی ہلاکت کا گمان ہوگیا ایسی

Marfat.com

حالت میں میں نے حضرت شیخ جاکیر کا نام لے کر ان کو پکارا ہم نے دیکھا کہ وہ کشتی میں ہمارے ساتھ تشریف فرما ہیں اور انہوں نے اپنی آستیں سے جانب شمال اشارہ کیا ہوا کا طوفان ختم ہوگیا پھر آپ کشتی سے اتر کر پانی کی سطح پر چلنے لگے اور تالی بجائی اور قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

اور شمالاً جنوباً چلے سمندر کا طوفان فرد ہوا آپ برابر پانی کی سطح پر چلتے رہے یہاں تک کہ ہم نے طوفان سے مکمل نجات حاصل کر لی ہم نے قسم کھائی کہ اس وقت اس تاریخ کو آپ ہمارے پاس ہی موجود رہے کہیں گئے نہیں۔

(بہجۃ الاسرار، ص ۱۴۹)

؎ سہارا دیا جب میرے ناخدا نے ہوئی ناؤ سیدھی پھر ارخ ہوا
مالی باغ دی راکھی کردا پھل ہون پکے یا کچے
پیر مریداں دے سر تے رہندے نیتوں ہون جے سچے

## نمبر 7.

ولی کسی قریب خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے وَاللّٰهُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ اللہ تعالیٰ اہل تقویٰ کے قریب ہے حدیث میں آتا ہے۔

اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا لَیْسُوْا بِاَنْبِیَاءٍ وَلَا شُهَدَاءَ یَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِیَاءُ وَالشُّهَدَاءُ بِقُرْبِهِمْ مِنَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ (شعب الایمان، ج ۶، ص ۴۸۷)

ترجمہ: بے شک اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ تو نبی ہیں نہ ہی شہید بلکہ نبی اور شہید قیامت کے روز ان پر رشک کر رہے ہوں گے کہ ان کو خدا کی بارگاہ کا کتنا بڑا قرب حاصل ہے۔ سیدنا غوث اعظم کا ارشاد ہے۔

Marfat.com

اَنَا الْحَسَنِیْ وَالْمَخْدَعُ مَقَامِیْ
وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عِنُقِ الرِّجَالِ

میں امام حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد ہوں میرا مقام مخدع ہے اور اولیاء کی گردنوں پر میرا قدم ہے۔ مخدع قرب خاص کی وہ اعلیٰ وارفع منزل ہے کہ اکابر مشائخ اسکی جھلک بھی نہیں دیکھ پاتے غوث اعظم خدا کی بارگاہ میں کمال قرب کے مرتبے پر فائز ہیں اس کے لئے شیخ عبدالرحمٰن طفسونجی کا یہ واقعہ قابل ذکر ہے۔

ایک مرتبہ آپ اپنے شہر طفسونج میں وعظ فرما رہے تھے دوران وعظ آپ نے فرمایا جس طرح بگلا اپنی گردن کے اعتبار سے تمام پرندوں سے بلند ہے میں اسی طرح اولیاء کرام سے بلند مرتبہ ہوں اس مجلس میں غوث اعظم کے ایک مرید موجود تھے جنکا نام ابوالحسن تھا اس نے اپنی گدڑی اتار پھینکی اور کہا آؤ میرے ساتھ مقابلہ کرو اس پر شیخ عبدالرحمٰن خاموش ہوگئے اور اپنے مریدوں سے کہا اس شخص کا ہر ہر بال عنائت الہیہ سے معمور ہے پھر ان سے پوچھا تمہارا شیخ کون ہے آپ نے جواب دیا شیخ عبدالقادر جیلانی اس پر شیخ عبدالرحمٰن نے کہا زمین پر تو ان کا ذکر سنا ہے مگر درکات قدرت میں جو چالیس سال سے میرا مقام ہے شیخ عبدالقادر جیلانی کو کبھی نہیں دیکھا پھر آپ نے اپنے چند مریدوں کو حکم دیا کہ بغداد جاکر شیخ عبدالقادر جیلانی کی خدمت میں عرض کرنا عبدالرحمٰن آپ کو سلام کہتا ہے اور پوچھتا ہے کہ چالیس سال سے میں درکات قدرت کے مقام میں ہوں مگر وہاں آپ کو کبھی نہیں دیکھا ادھر غوث پاک نے اپنے مریدوں سے فرمایا طفسونج جاؤ راستے میں تمہیں شیخ عبدالرحمٰن کے مرید ملیں گے انہیں واپس لے جانا اور شیخ کو میرا سلام کہنا اور بعازاں یہ کہنا کہ آپ درکات قدرت کے مقام میں ہیں جو اس مقام میں ہو وہ مقام حضرت والے کو نہیں دیکھ سکتا اور جو مقام حضرت میں ہو

Marfat.com

وہ مقام مخدع والے کو نہیں دیکھ سکتا۔

وَاَنَا فِی الْمَخْدَعِ اَدْخَلُ وَاَخْرَجُ مِنْ بَابِ السِّرِّ مِنْ حَیْثُ لَا تَرَانِیْ ○

اور میرا مقام مخدع ہے جہاں پوشیدہ دروازے سے میرا آنا جانا ہے بھلا آپ مجھے وہاں کیسے دیکھ سکتے ہیں۔

مزید تسلی کے لیے ایک نشانی بتاتا ہوں جس سے آپ کو میرے مرتبہ کا اندازہ ہو جائیگا آپ کو فلاں رات خلعت رضا عطا ہوئی اور فلاں رات تشریف فتح سے نوازے گئے اور فلاں رات بارہ اولیاء کرام کی موجودگی میں سبز رنگ کی منقش خلعت ولایت دی گئی یہ خلعتیں میرے ہاتھ سے آپ تک پہنچی تھیں شیخ عبدالرحمٰن نے یہ سب کچھ سنا اور فرمایا۔

صَدَقَ الشَّیْخُ عَبْدُ الْقَادِرُ سُلْطَانُ الْوَقْتِ۔ (بہجۃ الاسرار، ص ۲۷)

وقت کے بادشاہ شیخ عبدالقادر نے سچ فرمایا ہے۔

غوث قطب ارے اریرے عاشق جان اگیرے ہو
جہڑی منزل عاشق پہنچے اوتھے غوث نہ پوندے پھیرے ہو
عاشق وچہ وصال دے جناں لامکانی ڈھیرے ہو
میں قربان تناں توں حضرت باہو جناں ذاتو ذات بسیرے ہو

## نمبر 8.

ولی بمعنی ہادی خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ۔

اللہ مومنوں کا ہادی ہے ان کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاتا ہے۔

Marfat.com

ہمارے نبی کریم پر سلسلہ نبوت ختم ہوگیا آپ کے بعد خدا تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے دوگروہ پیدا فرمائے ظاہری اصلاح کے لیے علماء کرام کو پیدا فرمایا اور باطنی اصلاح کے لیے خدا نے اولیاء کرام کو پیدا فرمایا آجکل جو لوگ راہ ہدایت پر چل رہے ہیں تو یہ صدقہ ہے علماء کرام اور اولیاء کاملین کی تبلیغ کا حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی کے بارے میں مشہور قول ہے کہ آپ کی سینہ بسینہ تبلیغ کے نتیجے میں نوے لاکھ کفار دائرہ اسلام میں داخل ہوئے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کا ایک دلچسپ واقعہ ہے کہ آپ بیمار ہوگئے حتیٰ کے خدام کو بالکل مایوسی ہوگئی اس زمانے میں دہلی میں ایک کافر رہتا تھا جو توجہ سے مرض سلب کرلیتا تھا خدام نے آپ سے عرض کیا اگر اجازت ہو تو اس کو بلالیں حضرت خواجہ صاحب نے فرمایا ہرگز نہیں اس میں سخت فتنہ ہوگا اور میرا کیا ہے زندہ رہا نہ رہا اس کے بعد آپ پر پھر بیہوشی طاری ہوگئی خدام آپ کو اس کافر کے گھر لے گئے اس کے لیے تو حضرت کا تشریف لے جانا موجب فخر ہوگیا فوراً اس نے توجہ کی اور حضرت کا تمام مرض سلب کردیا اسی وقت حضرت کو افاقہ ہوا اور آپ نے دیکھا کہ میں ایک ملحد کے مکان میں ہوں اور مرض بالکل زائل ہوگیا آپ سمجھ گئے خیال آیا اس کو بھی اس نفع کا صلہ دینا چاہیے آپ نے اس سے پوچھا میاں یہ کمال تمہیں کس بات سے حاصل ہوا اس نے کہا صرف ایک بات سے وہ یہ کہ میرے گروہ نے کہہ دیا تھا کہ جس چیز کو جی چاہے وہ نہ کرنا بس یہی مجاہدہ کرتا ہوں خواجہ صاحب نے فرمایا سچ بتانا مسلمان ہونے کو جی چاہتا ہے کہنے لگا نہیں فرمایا پھر اسی قائدے کے مطابق مسلمان ہوجانا چاہیے حضرت کی توجہ کا اثر یہ ہوا کہ وہ ایسا مغلوب ہوا کہ کچھ نہ بن پڑا اور مسلمان ہوگیا اور حضرت کے ہاتھ پر بیعت ہوکر آپ کے ساتھ ہولیا۔ (اشرف المواعظ، ص ۱۷۰)

Marfat.com

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

## نمبر 9

ولی بمعنی کارساز خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے حضرت یوسف علیہ السلام نے خدا کی بارگاہ میں یوں عرض کی۔

اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ

تو میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں مجھے مسلمان ہونے کی حیثیت میں وفات دے اور مجھے نیکوں سے ملادے خدا تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اولیاء کرام خدا کی اجازت سے خدا کی مخلوق کے کارساز ہوتے ہیں ان کے وسیلے سے مخلوق کے بگڑے ہوئے کام درست ہوتے ہیں انکے مصائب و آلام دور ہوتے ہیں چنانچہ حدیث میں ہے کہ:

حضرت عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے بندگان خاص میں تین سو بندے ہیں جو ایسے ہیں جن کے دل حضرت آدم کے دل کے مطابق ہیں چالیس ایسے ہیں جن کے دل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دل کی طرح ہیں سات مقبولان بارگاہ خداوندی ایسے ہیں جن کے دل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دل کے موافق ہیں پانچ محبوب خدا ہیں کہ ان کے دل حضرت جبرائیل علیہ السلام کے دل کے مطابق ہیں تین کے دل حضرت میکائیل کے دل کے مطابق ہیں اور ایک مقدس ہستی ایسی ہے جس کا دل حضرت اسرافیل کے دل کے مطابق ہے جس ایک کا وصال ہو جاتا ہے تو اسکی کمی تین میں سے پوری کی جاتی ہے اور اگر تین میں سے کسی کا وصال ہو جائے تو پانچ میں سے

Marfat.com

ایک کو اسکا قائم مقام مقرر کیا جاتا ہے اور جب پانچ میں سے کسی کا وصال ہو جائے تو سات میں سے ایک شخص کو اسکی جگہ مقرر کیا جاتا ہے جب سات میں سے کسی کی موت ہو جاتی ہے تو چالیس میں سے ایک اسکی جگہ متعین کر دیا جاتا ہے اور اگر چالیس میں سے کوئی وفات پا جائے تو عام لوگوں سے کسی کو اسکی جگہ مقرر کر دیا جاتا ہے ان اولیاء کرام کی برکت سے موت و حیات کا سلسلہ جاری رہتا ہے انکی برکت سے بارش ہوتی ہے دنیا میں سبزہ پیدا ہوتا ہے مصائب و آلام اس امت کے دور ہوتے ہیں۔ (کنز العمال، ج۱۲، ص۱۹۴)

اس حدیث میں ایک نکتہ عجیبہ ہے اور وہ یہ کہ سرور کونین ﷺ نے اولیاء کرام کے قلوب کا انبیاء کرام اور ملائکہ عظام کے قلوب کے مطابق ہونا بیان فرمایا لیکن یہ نہیں فرمایا کہ کسی ولی کا دل حضرت محمد ﷺ کے دل کی طرح ہے کیونکہ خدا نے کسی کا دل ایسا نہیں بنایا جو لطافت نفاست اور نظافت آپ کے دل میں ہے وہ کسی اور کے دل میں نہیں معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو کل کائنات میں بے مثل پیدا کیا ہے۔

تیرا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں

ایک ولی کی کارسازی ملاحظہ فرمائیں۔

ایک بزرگ ابوعمر لوگوں کو قرآن پڑھایا کرتے تھے ایک دن ایک خوبصورت بچے کو دیکھ کر بدنیت ہو گئے فوراً تمام قرآن ذہن سے نکل گیا اور ایک آگ سی لگ گئی ابوعمر دوڑ کر حضرت خواجہ حسن بصری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا حال کہہ سنایا آپ نے فرمایا حج کا وقت ہے پہلے حج کرو بعدازاں مسجد خیف میں جا کر بیٹھ جانا وہاں ایک بزرگ ہے جو محراب میں بیٹھا ہوگا اس کا وقت

Marfat.com

ضائع نہ کرنا جب وہ عبادت سے فارغ ہوتو اس سے دعا کی التجا کرنا چنانچہ ابوعمر نے ایسا ہی کیا بصرہ سے چل کر مکہ میں آئے اور حج کر کے مسجد خفیف میں جا بیٹھے وہاں اس بزرگ کو دیکھا کچھ دیر کے بعد ایک اور سفید پوش بزرگ آئے دونوں نے ملاقات کی ظہر کی نماز کے بعد وہ سفید پوش بزرگ تشریف لے گئے اور باقی لوگ بھی چلے گئے اب وہ بوڑھا بزرگ اکیلا رہ گیا ابوعمر نے پاس جا کر سلام کہا اور اپنا حال سنایا جس کو سن کر وہ بزرگ اندرہ گیں ہو گئے اور آسمان کی طرف نگاہ کی ابھی سر نہیں جھکایا تھا کہ ابوعمر کو سارا قرآن یاد ہو گیا خوشی سے ان کے قدموں میں سر رکھ دیا بوڑھے بزرگ نے پوچھا میرا پتہ تجھے کس نے دیا عرض کی خواجہ حسن بصری نے یہ سن کر انہوں نے کہا حسن بصری نے مجھے رسوا کیا ہے میرا راز فاش کر دیا ہے میں بھی اس کے ساتھ ایسا ہی سلوک کروں گا پھر کہا تم نے سفید پوش بزرگ کو دیکھا تھا عرض کی ہاں فرمایا وہ حسن بصری تھے جو ہر نماز سے پہلے مجھ سے ملاقات کرتا ہے پھر بصرہ میں جا کر وقت پر ساری نمازیں ادا کرتا ہے پھر فرمایا جس کا امام حسن بصری ہو اس کو میری دعا کی کیا ضرورت ہے۔

(تذکرۃ الاولیاء، ص ۳۰)

ہر مشکل دی کنجی یارو ہتھ مرداں دے آئی
ولی نگاہ کرے اک واری مشکل روے نہ کائی

## نمبر 11.

ولی بمعنی وارث خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ۔

Marfat.com

انہوں نے کہا آؤ اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم اس پر اور اس کے اہل پر شب خون ماریں گے اور اس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم تو انکی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے اور ہم ضرور سچے ہیں۔

مسلم شریف کی حدیث ہے کہ

مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهُ۔

جو مرجائے اور اس کے ذمے روزے ہوں تو اسکا وارث اسکی طرف سے روزے رکھے۔قرآن وحدیث سے معلوم ہوا کہ ولی کے معنی وارث کے بھی ہیں کامل ولی اللہ کی عطا سے اللہ کی زمین کے وارث ہوتے ہیں بلکہ خدا کی جنت کے بھی وارث ہوتے ہیں۔دلائل یہ ہیں خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُوْنَ۔

اور البتہ تحقیق ہم نے لوح محفوظ کے بعد زبور میں لکھدیا کہ زمین کے میرے نیک بندے وارث ہیں۔

دوسرے مقام پر خدا فرماتا ہے۔

اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ۔

بے شک زمین اللہ کی ہے اور وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اسکا وارث بنادیتا ہے۔

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر سرکار پاکپتن کا ایک واقعہ سماعت فرمائیں۔

حضرت بابا فرید کا ایک زمین کا پلاٹ تھا کسی شخص نے دعویٰ کیا کہ یہ زمین میری ہے اور حاکم شہر کی عدالت میں مقدمہ کردیا حاکم نے آپ کو بلایا آپ

Marfat.com

نے فرمایا شہر کے لوگوں سے پوچھ لو سب کہیں گے کہ یہ زمین بابا صاحب کی ہے لیکن حاکم شہر نے کہا یا تو کوئی تحریر دکھائیں یا گواہ پیش کریں آپ نے فرمایا نہ میرے پاس زمین کے کاغذات ہیں اور نہ ہی کوئی گواہ پھر آپ نے فرمایا اس حاکم گردن ٹوٹے اس سے کہدو کہ اگر اسے یقین نہیں آتا تو اس قطعہ زمین سے پوچھ لے کہ اس کا مالک اور وارث کون ہے وہ جسکی ملکیت میں ہوگی اسکا نام لے دے گی حاکم شہر حیران ہوا اور اسی وقت سوار ہوکر اس قطعہ زمین پر پہنچا وہاں خلقت کا ہجوم ہوگیا اس جھوٹے مدعی کو حاکم نے اشارہ کیا کہ زمین سے پوچھو اس نے بلند آواز سے پوچھا اے زمین تیرا مالک کون ہے کوئی آواز نہ آئی وہاں بابا صاحب کا ایک خادم موجود تھا اس نے کہا ہمارے پیر صاحب کا حکم ہے کہ تو بول کر جواب دے اچانک آواز آئی اے نادان کیا پوچھتا ہے میں احسن طریقے سے بابا فرید کی ملکیت میں ہوں اور مدت سے میرا تعلق آپ کے ساتھ ہے بلکہ تمام روئے زمین کے مالک بابا صاحب ہیں۔ (سیر الاقطاب، ص ۱۷۰)

اب سنئے کہ خدا کے ولی جنت کے بھی وارث ہیں خدا فرماتا ہے۔

اُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ۔

وہی لوگ جنت الفردوس کے وارث ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

دوسرے مقام پر خدا فرماتا ہے۔

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا۔

یہ جنت ہے کہ ہم اپنے متقی بندوں کو اسکا وارث بنا دیتے ہیں۔

حدیث میں ہے حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ ہر آدمی کے دو مکان ہیں ایک جنت میں اور ایک دوزخ میں اگر آدمی مرکر دوزخ میں چلا جاتا ہے تو اس کا جنتی مکان مومن کو مل جاتا ہے اللہ فرماتا ہے اُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ وہ

Marfat.com

مومن وارث ہیں۔ (شعب الایمان، ج ۱، ص ۳۴۲)

خراسان سے ایک آدمی حضرت حبیب عجمی کے پاس آیا اور کہا میں مکہ جارہا ہوں یہ میرا مال لے لیجئے اور میرے لئے ایک مکان خرید لینا واپسی پر میں آپ سے لے لوں گا حبیب نے وہ سارا مال صدقہ کے طور پر فقیروں میں تقسیم کردیا جب وہ آدمی مکہ سے آیا تو کہنے لگا حضرت چلئے مجھے مکان دکھادیجئے تو آپ نے فرمایا آج تو اس مکان کو نہ دیکھ سکے گا بلکہ وفات کے بعد دیکھے گا اس خراسانی نے کہا مجھے لکھ دیں کہ وہ مکان کیسا ہوگا حبیب نے لکھ دیا کہ وہ اتنا لمبا اور اتنا اونچا ہوگا اور جنت میں ہوگا جب گھر گیا تو گھر والوں نے مکان کے بارے میں پوچھا اس نے کہا مکان خریدا تو ہے لیکن ملے گا وفات کے بعد انہوں نے کہا تو پاگل ہوگیا ہے نہ جانے کہاں سارا مال ضائع کرکے آگیا ہے جب اس خراسانی کا انتقال قریب ہوا تو اس نے گھر والوں سے کہا وہ تحریر میرے مرنے کے بعد میرے کفن میں رکھ دینا جب وہ مرگیا تو گھر والوں نے وہ تحریر اس کے کفن میں رکھ کر اس کو قبر میں دفن کردیا جب حبیب عجمی بصرہ میں صبح بیدار ہوا تو اس نے اس تحریر کو اپنے گھر میں دیکھا اس پر لکھا ہوا تھا اے ابومحمد خدا تعالیٰ نے وہ جنت کا محل میرے حوالے کردیا ہے حبیب صبح کو اس خراسانی کے گھر والوں کے پاس گئے اور ان سے کہا خدا تعالیٰ نے مرنے والے کو جنت میں مکان دے دیا ہے پھر وہ تحریر دکھائی انہوں نے دیکھ کر کہا یہ تو وہی تحریر ہے جو ہم نے مرنے والے کے کفن میں رکھی تھی۔ (ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۵)

خلد تو گھر ہے غلامان محمد کے لیے
اور جہنم دشمنان مصطفیٰ کے واسطے

Marfat.com

# درجات ولایت

ولایت کے تین درجات ہیں ولایت فطری، ولایت وہبی اور ولایت کسبی

## ولایت فطری:

وہ خدا کے برگزیدہ بندے جو پیدائشی ولی ہوتے ہیں ولایت فطری کے مرتبے پر فائز ہوتے ہیں مثلاً حضرت شیخ عدی بن مسافر اپنی والدہ کے شکم میں تھے اور آپکی والدہ کنویں سے پانی نکال رہی تھی اس زمانے کے دو مشہور ولی شیخ عقیل اور شیخ مسلمہ کا اس طرف سے گزر ہوا شیخ مسلمہ نے شیخ عقیل سے کہا جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں تم بھی دیکھ رہے ہو شیخ عقیل نے کہا یہ ہمارا فرزند عدی ہے آؤ ان کو سلام کرتے چلیں دونوں مشائخ قریب آئے اور شیخ مسلمہ نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا عَدِیُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاعَدِیُ اس کے بعد دونوں مشائخ چلے گئے اور سیاحت کرتے ہوئے سات برس کے بعد واپس آئے اور عدی بن مسافر کو لڑکوں کے ساتھ گیند کھیلتے ہوئے دیکھا اور آپ کے پاس آکر سلام کیا آپ نے انہیں تین مرتبہ جواب دیا مشائخ موصوف نے پوچھا کہ تم نے ہمیں تین مرتبہ جواب کیوں دیا آپ نے فرمایا جب میں اپنی والدہ کے شکم میں تھا آپ حضرات نے مجھے دو مرتبہ سلام کیا تھا اگر میں چاہتا تو اس وقت بھی جواب دے سکتا تھا لیکن مجھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لحاظ مانع تھا اس لئے میں نے تمہارے سلام کا جواب تین مرتبہ دیا ہے۔ (قلائد الجواہر، ص ۲۸۸)

## ولایت وہبی:

جن خوش قسمت انسانوں کو اللہ والوں کی نگاہ کی تاثیر کے صدقے

Marfat.com

ولایت ملتی ہے وہ ولایت وہبی کے مرتبے پر فائز ہوتے ہیں۔ مثلاً

شیخ ابوالحسن بیان کرتے ہیں کہ میں شیخ عبدالقادر جیلانی کی خدمت میں رہ کر تعلیم حاصل کرتا تھا اکثر رات کو جاگتا رہتا کہ کہیں آپ کا کوئی کام ہوتو سرانجام دوں ایک رات آپ اپنے گھر سے نکلے میں نے آپکی خدمت میں پانی کا لوٹا بھر کر پیش کیا مگر آپ نے لینے سے انکار کردیا اور سیدھے مدرسہ میں تشریف لائے مدرسہ کا دروازہ خود بخود کھل گیا اور پھر بند ہوگیا آپ باہر نکل گئے میں بھی آپ کے پیچھے ہولیا اس کے بعد آپ بغداد کے دروازے پر پہنچے وہ بھی خود بخود کھل کر بند ہوگیا اس کے بعد ہم ایک شہر میں پہنچے جسے میں نے کبھی نہ دیکھا تھا اس میں پہنچ کر آپ ایک مکان میں داخل ہوئے اس مکان میں چھ افراد تھے انہوں نے آپ کو سلام کیا آپ ذرا آگے چلے اور میں ایک کھمبے کے قریب کھڑا ہوگیا میں نے ایک آدمی کے کراہنے کی آواز سنی کچھ دیر کے بعد وہ آواز بلند ہوئی اس کے بعد ایک آدمی اس کراہنے والے کی طرف گیا اور ایک شخص کو کندھے پر اٹھالایا اس کے بعد ایک اور آدمی جس کی مونچھیں لمبی تھیں آیا اور آپ کے سامنے بیٹھ گیا آپ نے اسکی مونچھیں تراشیں اور اسے ٹوپی پہنائی اور اس کا نام محمد رکھا اور ان اشخاص سے فرمایا مجھے حکم ہوا ہے کہ یہ شخص وفات یافتہ کا قائم مقام ہوگا ان سب نے کہا بسروچشم پھر آپ وہاں سے روانہ ہوئے ہم تھوڑی دیر میں بغداد پہنچ گئے پہلے کی طرح دروازہ خود بخود کھل کر بند ہوگیا اس کے بعد آپ مدرسہ تشریف لائے اور پھر گھر چلے گئے جب صبح کو میں آپ سے پڑھنے بیٹھا تو میں نے رات والے واقعہ کے بارے میں دریافت کیا فرمایا وہ شہر نہاوند تھا وہ چھ ابدال تھے کراہنے والا ساتواں ابدال تھا جو وفات یافتہ ابدال کو کندھے پر اٹھا کر لایا وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے مونچھوں والا قسطنطنیہ کا ایک نصرانی تھا جس کو

Marfat.com

میں نے ابدال بنا کر وفات یافتہ کی جگہ مقرر کیا اب تم وعدہ کرو کہ میری زندگی میں یہ واقعہ کسی سے بیان نہ کرو گے۔ (قلائد الجواہر، ص ۱۵۱)

؎ بلا کر فاسقوں کو دیتے ہیں ابدال کا مرتبہ
ہمیشہ جوش زن رہتا ہے دریائے کرم کا

## ولایتِ کبریٰ:

یہ وہ ولایت ہے جو بندہ مومن کو عبادت ریاضت اور مجاہدے کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہے بندہ مومن فرائض وواجبات کی پابندی کے بعد نوافل کی کثرت کرتا ہے تو خدا کی بارگاہ کا مقرب بن جاتا ہے چنانچہ حدیث قدسی ہے وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کر لیتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو اپنا مقرب بنا لیتا ہے تو اس کو چار انعام دیتا ہے۔ جنکی تفصیل یہ ہے۔

## پہلا انعام:

اس بندے کو اپنا محبوب بنا لیتا ہے اور پھر فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِهَا۔

خدا فرماتا ہے جب میں اس بندے کو محبوب لیتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ وہ بندہ خدا کی صفات کا مظہر بن جاتا

Marfat.com

ہے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر تشریف لے گئے تو ایک درخت سے آواز آئی "اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ" میں اللہ ہوں تمام جہانوں کا رب اس وقت وہ درخت خدا کے کلام کا مظہر بنا ہوا تھا اگر ایک درخت خدا کے کلام کا مظہر بن سکتا ہے تو ولی بھی خدا کی صفات کا مظہر بن سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُہُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ۔

جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت کے دن اس طرح کھڑے ہونگے جیسے وہ آدمی جس کو شیطان نے چھو کر مخبوط الحواس بنا دیا ہو۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان پر جن کا اثر ہو جاتا ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ جس انسان پر جن کا اثر ہو جائے اس کی زبان پر جن بولتا ہے پاؤں انسان کے ہوتے ہیں چلتا جن ہے ہاتھ انسان کے ہوتے ہیں پکڑتا جن ہے اگر انسان جن کی صفات کا مظہر بن سکتا ہے تو خدا کی صفات کا مظہر بھی بن سکتا ہے۔

مذکورہ بالا حدیث قدسی کے تحت امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ:

فَاِذَا صَارَ نُوْرُ جَلَالِ اللّٰہِ سَمْعَہٗ سَمِعَ الْقَرِیْبَ وَالْبَعِیْدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِکَ النُّوْرُ بَصَرَہٗ رَاَی الْقَرِیْبَ وَالْبَعِیْدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِکَ النُّوْرُ یَدًا لَہٗ قَدَّرَ عَلَی التَّصَرُّفِ فِی الصَّعْبِ وَالسَّمْعَلِ وَالْبَعِیْدِ وَالْقَرِیْبِ۔

(تفسیر کبیر زیر آیت ام حسبت)

جب اللہ کے جلال کا نور اس کی سماعت ہو جاتا ہے تو وہ دور نزدیک کی آواز سن لیتا ہے اور جب یہی نور اس کی بصر ہو گیا تو دور و نزدیک کی چیز کو دیکھ لیتا ہے اور جب یہی نور جلال اس کا ہاتھ ہو جائے تو یہ بندہ مشکل اور آسان دور اور قریب چیزوں میں تصرف کرنے پر قادر ہو جاتا ہے مثلاً:

Marfat.com

## دور سے سننا:

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر نہاوند کی طرف بھیجا اور اس پر حضرت ساریہ کو سپہ سالار مقرر فرمایا۔ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے یکا یک آپ نے بلند آواز سے کہا۔ اے ساریہ ذرا پہاڑ کا خیال کرلو اس واقعہ کے چند روز بعد لشکر سے ایک قاصد آیا اور امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ امیر المومنین ہمارے دشمن نے ہم پر حملہ کیا اور ہم کو شکست دی ناگہاں ہم نے ایک پکارنے والے کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا اے ساریہ پہاڑ کی جانب چنانچہ ہم نے پہاڑ کو اپنی پشت پناہ قرار دیا اور پھر خدا تعالیٰ نے دشمنوں کو شکست دی۔
(مشکوٰۃ باب الکرامات)

نہاوند مدینہ سے سولہ سو میل کے فاصلے پر تھا جہاں سے اہل لشکر نے فاروق اعظم کی آواز کو سنا جس نبی کے غلام دور کی آواز سن لیتے ہیں وہ نبی خود بھی دور سے دور کی آواز سن سکتا ہے۔

## دور سے دیکھنا:

مولوی اشرف علی تھانوی نے حضرت محمد بن علی کا واقعہ لکھا ہے کہ ان کے ایک خادم نے افریقہ کا طویل سفر اختیار کیا۔ اس کے گھر والوں کو اطلاع ملی کہ وہ مر گیا ہے۔ وہ بہت شکستہ دل ہوئے اور حضرت محمد بن علی سے اس بات کا ذکر کیا۔ آپ نے کچھ دیر سر جھکایا اور فرمایا وہ افریقہ میں ہے عرض کیا گیا اس کے مرنے کی اطلاع آئی ہے۔ فرمایا میں نے اسے جنت میں دیکھا تو اسے وہاں نہیں پایا اور میرا درویش دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ پھر اس کے زندہ ہونے کی خبر آگئی

Marfat.com

اور ایک عرصہ بعد وہ خود بھی آ گیا۔ (جمال الاولیاء، ص ۱۰۰)

جنت ساتویں آسمان کے اوپر ہے۔ محمد بن علی نے زمین پر رہ کر اتنی دور سے جنت کو دیکھ لیا۔

## دور سے پکڑنا:

ایک مرتبہ حضور غوث اعظم وعظ فرما رہے تھے دوران وعظ آپ کے عمامہ شریف کے ایک دو پیچ کھل گئے۔ آپ نے اس طرف توجہ نہ فرمائی لوگوں نے اپنے عمامے اس مجلس میں اتار پھینکے جب آپ وعظ سے فارغ ہوئے تو آپ نے اپنا عمامہ درست فرما لیا اور ایک خادم ابو القاسم کو فرمایا لوگوں کو ان کے عمامے دے دو وہ فرماتے ہیں تمام لوگوں کے عمامے ان کو واپس کر دیئے مگر ایک دوپٹہ میرے ہاتھ میں رہ گیا اور میں نہیں جانتا تھا کہ یہ کس کا ہے۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہ مجھے دے دو میں نے دے دیا۔ غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ منبر سے اترے اور میرے کندھے کا سہارا لیا اور فرمایا اے ابو القاسم جب لوگوں نے اپنے عمامے مجلس میں ڈال دیئے تو ہماری ایک بہن جو اصفہان میں رہتی ہے نے بھی اپنا دوپٹہ مجلس میں ڈال دیا جب لوگوں کو پگڑیاں واپس کر دی گئیں تو اس نے اصفہان سے اپنا ہاتھ لمبا کر کے میرے کندھے سے اپنا دوپٹہ لے لیا۔

(بہجۃ الاسرار، ص ۹۴)

حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ بغداد میں وعظ فرما رہے تھے اور اصفہان ایران کا شہر ہے اتنی دور سے آپ سے عقیدت رکھنے والی ایک عورت نے اپنا دوپٹہ آپ کی مجلس وعظ میں پھینک بھی دیا اور پھر اپنا ہاتھ لمبا کر دیا کہ بغداد میں حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے کندھے تک پہنچ گیا اور وہاں سے اپنا دوپٹہ لے کر اوڑھ لیا۔

اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی ایک ولیہ کا ہاتھ اتنی دور تک پہنچ سکتا ہے تو نبی کریم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ بھی زمین سے جنت میں پہنچ سکتا ہے۔

## دوسرا انعام:

خدا تعالیٰ اس بندے کو الہام کی نعمت سے سرفراز فرماتا ہے اور الہام کی چار اقسام ہیں۔

(۱) من جانب اللہ براہ راست قلب پر القاء ہوتا ہے اسے علم لدنی کہتے ہیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰہِ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا اَظْھَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَنَابِیْعَ الْحِکْمَۃِ مِنْ قَلْبِہٖ عَلٰی لِسَانِہٖ۔

جس نے چالیس دن اخلاص سے خدا کی عبادت کی خدا اس کے دل میں حکمت کے چشمے جاری کر دیتا ہے جس کا اظہار اس کی زبان سے ہوتا ہے۔

حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا خدا تعالیٰ نے میرے دل میں علم لدنی کے ستر دروازے کھولے ہیں۔ ہر دروازے کی چوڑائی زمین و آسمان کے فاصلے کے برابر ہے۔ (بہجۃ الاسرار، ص ۹۴)

کھلے ہفتاد در اک آن میں علم لدنی کے
خزینہ بن گیا علموں کا سینہ غوث اعظم کا

(الف) جب بغداد میں حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی شہرت عام ہوئی بغداد کے بڑے بڑے سو فقہائے کرام اور علماء عظام نے آپ کا امتحان لینا چاہا اور پروگرام یہ بنایا کہ ہر فقیہ ایک ایک سوال سوچ لے اور ہر فقیہ کا سوال دوسرے سے جداگانہ ہو پھر وہ آپ کی مجلس وعظ میں آ کر بیٹھ گئے۔ آپ نے اپنی گردن کو جھکایا اس کے بعد آپ کے چہرے سے نور کا ایک شعلہ نکلا جو کسی کو نظر آیا اور کسی کو نظر نہ آیا اور ان سو فقہاء کے سینے سے جا کر ٹکرایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ حیران و مبہوت ہو کر رہ گئے اور وہ سب چیخنے چلانے لگ گئے اور اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے اپنے سر ننگے کر

Marfat.com

لئے اور آپ کے منبر کی طرف لپکے اور آپ کے قدموں میں اپنے سر رکھ دیئے اور پوری مجلس میں ہنگامہ برپا ہو گیا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ پورا بغداد تھرتھرا رہا ہے بعد ازاں حضور اعظم نے ہر فقیہ کو اپنے سینے سے لگایا اور ہر ایک سے فرمایا تیرا سوال یہ ہے اور اس کا جواب یہ ہے۔ بعد میں ان سے ان کی کیفیت کے بارے میں پوچھا گیا انہوں نے کہا جب ہم آ کر آپ کی مجلس میں بیٹھے ہمارا سارا علم بھول گیا۔ جب آپ نے اپنے سینے سے لگایا تو ہمارا علم ہمیں واپس مل گیا اور ہمارے سوالوں کے جواب بھی مل گئے۔ (بہجۃ الاسرار، ص ۹۴)

(ب) کبھی فرشتے کے ذریعے کوئی چیز دل پر القاء ہوتی ہے۔ حدیث نبوی ہے۔

اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ مَنْ نَفَثَ فِیْ رَوْعِیْ لَنْ تَمُوْتَ نَفْسٌ حَتّٰی تَسْتَکْمِلَ رِزْقُهَا۔

حضرت جبریل امین علیہ السلام نے یہ بات میرے دل میں ڈال دی کہ کوئی جان نہ مرے گی جب تک اپنا رزق مکمل نہ کرے۔

(ج) کبھی فرشتہ بشکل بشر آ کر کلام کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِکَةُ یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰکِ وَطَهَّرَکِ وَاصْطَفٰکِ عَلٰی نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ۔

ترجمہ: فرشتوں نے حضرت مریم سے کہا اے مریم بے شک اللہ تعالیٰ نے تجھے چن لیا تجھے پاک کیا اور تجھے تمام جہان کی عورتوں سے برگزیدہ کیا۔

دوسرے مقام پر خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

فَاَرْسَلْنَآ اِلَیْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِیًّا۔

ترجمہ: ہم نے جبریل امین علیہ السلام کو سندرست بشری شکل میں مریم کے پاس بھیجا۔

جبریل امین علیہ السلام نے حضرت مریم سے فرمایا۔

قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّکِ لِاَهَبَ لَکِ غُلٰمًا زَکِیًّا۔

Marfat.com

ترجمہ: فرمایا میں تیرے رب کا ایلچی ہوں تجھے پاکیزہ لڑکا دینے آیا ہوں۔

شیخ محقق نے مدارج النبوت میں لکھا ہے کہ فتح مکہ کے روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر اسلام کو عام طور پر اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو خاص طور پر فرمایا کہ اہل مکہ کو قتل نہ کرنا ہاں اگر وہ لڑائی کریں تو ان کے ساتھ ضرور لڑائی کی جائے۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ساتھ عکرمہ بن ابی جہل، صفوان بن امیہ اور سہیل بن عمرو کا آمنا سامنا ہو گیا جانبین سے خوب مقابلہ ہوا۔ اس کے نتیجے میں مشرکین کے اٹھائیس آدمی واصل جہنم ہوئے اور دو مسلمان شہید ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس لڑائی کی اطلاع ہوئی۔ آپ نے فرمایا میں نے تو خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو لڑنے سے منع کیا تھا۔ عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین نے لڑنے میں پہل کی جس کا جواب دینا ضروری ہو گیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا جاؤ جا کر خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے کہہ دو۔ ضَعْ عَنْهُمُ السَّيْفَ ان سے تلوار رکھدو یعنی ان کو قتل نہ کرو۔ اس فرستادہ نے جا کر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے کہا ضَعْ فِيْهِمُ السَّيْفَ ان میں تلوار رکھو یعنی ان کو خوب قتل کرو۔ پس خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس روز مشرکین کے ستر آدمی ٹھکانے لگا دیئے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے اس کی باز پرس کی انہوں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے فرستادہ نے مجھے کہا تھا کہ ضَعْ فِيْهِمُ السَّيْفَ ان کو خوب قتل کرو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرستادہ کو بلا کر کہا میں نے تجھے کیا کہا تھا اور تو نے جا کر کیا کہہ دیا۔ اس نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی طرف چلا تو میں نے ایک آدمی دیکھا جس کا سر آسمان سے ٹکرا رہا تھا اس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا اس نے اپنا ہاتھ میرے سینے پر مارا اور کہا کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے جا کر یہ کہنا کہ ضَعْ فِيْهِمُ السَّيْفَ ورنہ میں اس

Marfat.com

نیزے سے تجھے ہلاک کر دوں گا۔ اس لئے میں نے خالد سے یہ کلمہ کہہ دیا جب نبی کریم ﷺ نے یہ بات سنی تو فرمایا اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا جب اُحد کے دن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو میں نے کہا تھا اگر خدا تعالیٰ مجھے قریش پر غلبہ دے گا تو میں ان کے ستر قتل کر دوں گا۔ آج خدا نے چاہا کہ اس کے رسول کی بات سچی ہو جائے۔ (مدارج النبوت، ج۲، ص۳۸۲)

(د) کبھی الہام بذریعہ کتابت ہوتا ہے اور اس کی کتابت من جانب اللہ ہونے کی علامت یہ ہوتی ہے کہ ہر جانب سے پڑھی جاتی ہے چنانچہ:

شیخ ابن عربی فرماتے ہیں کہ بیت اللہ میں مَیں نے ایک فقیر کو دیکھا کہ مطاف میں ایک ورق نازل ہوا جس پر اس فقیر کے کے متعلق لکھا ہوا تھا کہ تو جہنم سے آزاد کر دیا گیا ہے۔ اس ورق کی عجیب شان تھی وہ یہ کہ جس جانب اس ورق کو پلٹا جاتا تھا کتابت بھی اسی جانب پلٹ جاتی تھی۔ (الیواقیت و جواہر، ص۸۳)

شیخ ابن عربی فرماتے ہیں ایک عورت میرے تلامذہ میں سے تھی اس نے ایک مرتبہ حق تعالیٰ کو خواب میں دیکھا اس کو ایک ورق عطا کیا گیا وہ ورقہ اس کے ہاتھ میں تھا اور مٹھی بند تھی کسی طرح کھلتی نہ تھی۔ میں نے اس سے یہ کہا تو اپنے دل میں یہ نیت کر کہ اگر حق تعالیٰ اس کے ہاتھ کو کھول دے تو فوراً اس کو نگل جاؤں گی۔ اس نے یہ نیت کی اور ہاتھ کو منہ کے قریب کیا قریب کرتے ہی ہاتھ کھل گیا اور وہ ورق خود بخود منہ میں چلا گیا۔ لوگوں نے مجھ سے دریافت کیا تمہیں یہ کس طرح معلوم ہوا میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے مجھے الہام کیا کہ ہماری مرضی یہی ہے کہ ورقہ کے مضمون پر کوئی مطلع نہ ہو اور حق تعالیٰ مجھے کتابت لوح محفوظ اور کتابت مخلوقین کے فرق پر مطلع فرما دیا ہے اور یہ عجیب علم ہے جس کا ہم مشاہدہ کرتے ہیں۔ (الیواقیت والجواہر، ص۸۳)

Marfat.com

## تیسرا انعام:

خدا تعالیٰ جس بندے کو اپنا مقرب بنالیتا ہے اسے صاحب کشف بنا دیتا ہے اور کشف کی بہت سی اقسام ہیں جن مشہور اقسام ملاحظہ فرمائیں۔

## نمبر 1.

خدا تعالیٰ کے بعض بندے وہ ہیں کہ ان کے لئے دنیائے ارواح کے دروازے کھول دیئے جاتے وہ روح کو دیکھتے ہیں اس سے باتیں بھی کرتے ہیں مثلاً عارف کبیر احمد صیاد یمنی نے آسمان کے دروازے کھلے دیکھے آسمان سے فرشتوں کی ایک جماعت سبز حلے پہنے اتری اور ایک قبر کے سرہانے آ کر رکی ایک شخص کو قبر سے نکال کر لباس فاخرہ پہنایا سواری پر سوار کیا اور یکے بعد دیگرے آسمانوں سے گزرتے گئے سب آسمانوں سے گزر کر اس شہسوار نے ستر حجابات کو بھی پار کیا کہتے ہیں میں اس پرواز پر حیران ہوا اور اس بزرگ کو پہچاننا چاہا مجھے بتایا گیا کہ یہ امام غزالی ہیں ان حجابات تک تو میں نے دیکھا لیکن مجھے اس بات کا علم نہیں کہ ان کی انتہا کہاں تک تھی۔ (جامع کرامات، ص ۵۴۶)

حضرت شیخ ابن عربی کو خدا نے یہ طاقت عطا فرما رکھی تھی کہ وہ گذشتہ زمانوں کے انبیاء اور اولیاء کی مقدس روحوں کے مل لیتے تھے اور اس ملاقات کے تین طریقے تھے۔

(۱) اگر چاہتے تو ان کی روح کو اس دنیا میں اتار کر ایسی شکل میں لے آتے جو ان کی دنیا کی صورت کے بالکل مطابق ہوتی۔

(۲) اگر چاہتے تو ان کی روحوں کو خواب میں بلا لیتے۔

(۳) اگر چاہتے تو اپنی صورت کو عالم ارواح میں بدل کر ان سے مل لیتے۔

(جامع کرامات، ص ۵۴۶)

Marfat.com

## نمبر 2.

کچھ خدا کے بندے وہ ہوتے ہیں کہ ان کے سامنے جنت و دوزخ کے حجابات اُٹھ جاتے ہیں مثلاً حضور ﷺ نے حضرت حارثہ بن زید سے پوچھا تو نے کس حال میں صبح کی عرض کی مومن ہونے کی حالت میں فرمایا تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے عرض کی میں دنیا سے الگ ہو گیا۔ میری نظر میں پتھر اور سونا برابر ہیں۔ آج میں نے شب بیداری کی پیٹ کو بھوکا پیاسا رکھا اب حالت یہ ہے وَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى عَرْشِ بِارَزًا وَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى أَهْلِ الْجَنَّةِ يَتَزَاوَرُوْنَ فِيْهَا وَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى أَهْلِ النَّارِ يَتَضَارَعُوْنَ۔

میں خدا کے عرش کو بلا حجاب دیکھ رہا ہوں اہل جنت کو ملاقات کرتے اور اہل دوزخ کو تڑپتے دیکھ رہا ہوں۔ (کشف المحجوب، ص ۱۲۵)

## نمبر 3.

بعض اولیاء کرام وہ ہوتے ہیں کہ ان کی غذا اور پانی وغیرہ فضا میں معلق ہوتے ہیں مثلاً:

حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی ان کے پاس زاد راہ نہ تھا۔ جب وہ مقام روحاء کے قریب پہنچیں تو سخت پیاس لگی۔ ام ایمن نے کہا میں نے سر پر ہوا کی شدید آواز سنی میں نے اپنا سر اوپر اُٹھایا یکا یک میں نے سفید رسی سے بندھا ہوا ایک ڈول دیکھا جو آسمان سے لٹکا ہوا ہے میں نے اس ڈول کو اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ یہاں تک کہ میں نے اسے تھامے رکھا اس میں سے اتنا پانی پیا کہ میں سیراب ہو گئی۔ ام ایمن رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس کے بعد شدید گرمی میں میں روزہ رکھتی اور دھوپ میں پھرتی کہ مجھے پیاس لگے لیکن

Marfat.com

پیاس محسوس نہ ہوتی۔ (خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۸۶)

## نمبر 4.

کچھ وہ شاہسواران حقیقت ہوتے ہیں جو ہواؤں میں اڑتے ہیں مثلاً:

شیخ عبداللہ فرماتے ہیں ایک دن شیخ علی حضور غوث اعظم کی خدمت میں تشریف لائے میں بھی آپ کے ساتھ تھا اس وقت ہم نے دیکھا کہ ایک نوجوان آپ کی دہلیز پر چت پڑا ہے اس نے شیخ ابو الحسن علی سے کہا حضرت آپ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں میری سفارش کیجئے پھر جب ہم آپ کی خدمت میں پہنچے تو بغیر اس کے شیخ ابو الحسن علی نے آپ سے کچھ کہا آپ نے فرمایا میں نے یہ نوجوان آپ کو دے دیا۔ شیخ موصوف باہر آئے میں بھی آپ کے ساتھ تھا آپ نے باہر اس نوجوان کو اطلاع کی کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میری سفارش تیرے حق منظور کر لی ہے۔ یہ نوجوان اس اطلاع کے پاتے دہلیز سے نکلا اور ہوا میں اُڑ کا چلا گیا۔ پھر ہم نے آپ کی خدمت میں آ کر آپ سے دریافت کیا کہ یہ کیا واقعہ تھا آپ نے فرمایا یہ نوجوان ہوا میں اڑتا ہوا بغداد سے گزرا اس نے اپنے دل میں کہا بغداد میں مجھ جیسا کوئی بھی نہیں اس لئے میں نے اس کا حال سلب کر لیا تھا اگر شیخ علی سفارش نہ کرتے تو میں اسے نہ چھوڑتا۔ (قلائد الجواہر، ص ۱۵۵)

## نمبر 5.

کچھ محرمان راز وہ ہیں جن پر لوح محفوظ منکشف ہو جاتی ہے اور وہ اس کی تحریر پڑھ لیتے ہیں مثلاً بابا فرید گنج شکر، حضرت بہاؤ الدین زکریا اور شیخ نجم الدین بیعت کی نیت سے مخدوم شیخ شہاب الدین کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

Marfat.com

حضرت مخدوم نے بابا فرید سے فرمایا تمہارا حصہ خانوادہ چشت میں ہے تمہارے پیر قطب الدین بختیار ہیں جو دہلی میں مقیم ہیں اور باقی دونوں حضرات کو مرید کر لیا ایک بوڑھی دایہ جو مخدوم شہاب الدین کی ملازمہ تھی طشت اور آفتابے لائی تاکہ مہمان ہاتھ دھولیں جب سے پہلے طشت کو بابا فرید نے سنبھالے رکھا آپ کافی دیر تک ہاتھ دھوتے رہے حتیٰ کہ لوٹے کا پانی ختم ہو گیا پھر دیگر دونوں حضرات کے لئے اور پانی لایا گیا انہوں نے بھی ہاتھ دھوئے کھانے کے دوران بابا فرید سے دونوں حضرات نے پوچھا آپ نے آفتاب کا تمام پانی اپنے ہاتھوں پر صرف کر لیا اس کی کیا وجہ تھی۔ آپ نے فرمایا یہ بوڑھی دایہ مخدوم شہاب الدین کی خدمت میں حاضر رہتی ہے اور لوح محفوظ میں اسے دوزخی لکھا ہوا تھا۔ مجھے افسوس ہوا جو شخص ایسے بڑے پیر اور بزرگ کی خدمت کرے وہ دوزخی کیوں ہے۔ میں نے اس حرف کو لوح محفوظ سے دھو دیا ہے اور اس کا نام وہاں سے مٹا کر بہشت والوں میں لکھ دیا ہے پھر دونوں نے اپنے کشف سے تحقیق کی تو واقعہ یونہی تھا۔

(سبع سنابل، ص ۱۳۸)

## چوتھا انعام:

جو مومن خدا کا مقرب بندہ بن جاتا ہے اس کو صاحب کرامات بنا دیا جاتا ہے کرامات کا تعلق انسان کے مختلف اعضاء سے ہے جب وہ اعضاء خدا کی اطاعت کرتے ہیں تو ان سے کرامات کا صدور ہونے لگ جاتا ہے مثلاً:

## آنکھ کی کرامت:

جب آنکھ مسلسل خدا کی اطاعت کرتی ہے اس کے لئے جو شرعاً نامناسب مواقع ہیں ان سے بچتی رہتی ہے تو اسے یہ کرامات ملتی ہیں کہ وہ کثیف

Marfat.com

حجابات کے پیچھے بھی دیکھ لیتی ہے دور کی چیزوں کو دیکھنے لگتی ہے اسے فرشتے نظر آنے لگتے ہیں مثلاً:

(ا) جب حضور داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے لاہور میں مسجد بنائی تو لاہور کے علماء نے اعتراض کیا کہ آپ کی مسجد کا قبلہ درست نہیں آپ نے ان تمام علماء کو بلایا اور ان کو نماز عصر پڑھائی اختتام نماز پر آپ نے فرمایا اے حضرات علماء کرام ذرا دیکھو نا میری مسجد کا قبلہ درست ہے یہ کہہ کر آپ نے قبلہ کی طرف انگلی کا اشارہ کیا سب علماء نے وہیں سے کعبہ کی زیارت کر لی۔

جب صحابہ کرام ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو ان کے چہروں پر بیت اللہ شریف کی جدائی کے آثار نمایاں تھے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد قبا میں ایک طاق (سوراخ) کے ذریعے سے صحابہ کرام کو کعبہ کی زیارت کرائی تھی۔

(مدینۃ الرسول، ص ۹۳)

(ب) حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا آپ کو اپنی ولایت کا علم کب ہوا فرمایا میں دس سال کا تھا اپنے گھر سے مکتب پہنچا تو میں نے فرشتوں کی زیارت کی ان فرشتوں نے مکتب کے لڑکوں سے کہا اللہ کے ولی کے لئے جگہ دے دو۔

(بہجۃ الاسرار، ص ۲۱)

فرشتے مدرسہ تک ساتھ پہنچانے کو جاتے ہیں

یہ دربار الٰہی میں رتبہ غوث اعظم کا

جب حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا قَدَمِیْ هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰہِ میرا یہ قدم ہر ولی کی گردن پر ہے تو خدا تعالیٰ نے آپ کے دل پر تجلی ڈالی اور رسول خدا نے ایک لباس فاخرہ فرشتوں کی ایک جماعت کے ذریعے آپ کے لئے بھیجا اور فرشتوں نے آپ کو وہ لباس اولیاء کرام کی موجودگی میں پہنایا۔

(بہجۃ الاسرار، ص ۸)

Marfat.com

## کان کی کرامت:

اگر کان اطاعت کیش ہو اور نا ملائم باتوں سے بچے ان آوازوں کے سننے کا عادی ہو جائے جن کے سننے سے خدا اور اس کا رسول راضی ہو جاتا ہے اور مکروہ آوازوں سے پرہیز کرے تو وہ فرشتوں کا کلام سنتا ہے دور کی آواز سن لیتا ہے مثلاً:

(۱) ایک روز امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی کنیز زائدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج میں ایک عجیب وغریب بات لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کیا عرض کی میں نے لکڑی کا گٹھا باندھ کر ایک پتھر پر رکھا اچانک میں نے ایک سوار دیکھا جو آسمان سے زمین پر آیا اور اس نے سلام کیا اور کہا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں میرا سلام کہنا اور عرض کرنا رضوان جنت نے عرض کیا ہے کہ آپ کو بشارت ہو کہ بہشت بریں میں آپ کی امت تین طریقوں سے جائے گی۔ ایک گروہ بلا حساب و کتاب دوسرا گروہ آسان حساب سے داخل جنت ہوگا تیسرا گروہ آپ کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوگا یہ گفتگو اس نے ہوا میں معلق رہ کر کی میں گٹھے کو اٹھا نہ سکی اس نے کہا اسے چھوڑ دو پھر اس نے پتھر سے فرمایا یہ گٹھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر میں چھوڑ آؤ وہ پتھر وہ گٹھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر چھوڑ گیا۔ (کشف المحجوب، ص ۴۱۶)

ایک مرتبہ حضرت ابراہیم بن ادھم ایک جنگل میں جا رہے تھے۔ اچانک عالم غیب سے ایک بزرگ ظاہر ہوئے اور آپ کو اسم اعظم کی تعلیم دی جب آپ نے اسم اعظم سیکھ لیا تو اسی وقت عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک ساری مخلوق کو دیکھ لیا بعد ازاں حضرت خضر علیہ السلام تشریف لائے۔ انہوں نے فرمایا اے ابراہیم اسم اعظم سکھانے والا میرا بھائی حضرت الیاس علیہ السلام تھا میں بھی تجھے اس کی اجازت دیتا ہوں اس اسم اعظم کا ورد جاری رکھو۔ عنقریب مطلوب حقیقی

Marfat.com

تک رسائی ہو جائے گی اور آپ ان کاملین میں سے ہیں جو دور و نزدیک کی آوازیں آسانی سے سن لیتے ہیں۔ (سید الاقطاب، ص ۳۹)

## زبان کی کرامت:

اگر بندہ مومن زبان سے ہر وقت ذکر الٰہی کرتا رہے جھوٹ غیبت اور فضول یا وہ گوئی سے پرہیز کرے تو زبان کو یہ کرامت ملتی ہے کہ جو وہ خدا سے مانگتی ہے خدا کی بارگاہ سے وہی مل جاتا ہے مثلاً:

حضرت ذوالنون مصری فرماتے ہیں کہ میں ایک جماعت کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر مصر سے جدہ روانہ ہوا ہمارے ساتھ ایک نوجوان خرقہ پوش بھی سوار ہوا۔ میرے دل میں اس کے پاس بیٹھنے کی خواہش ہوئی مگر اس کی ہیبت سے ہمت نہ پڑتی تھی۔ اس وجہ سے میں اس سے کلام بھی نہ کر سکا اس لئے کہ وہ بڑا بزرگ تھا۔ اس کی ایک ساعت بھی یادِ الٰہی سے غفلت میں نہ تھی۔ ایک روز اہل کشتی میں سے کسی کا ایک جوہر گم ہو گیا مالک نے اس کا الزام اس نوجوان بزرگ پر لگا دیا اور اس کے ساتھ بدسلوکی پر آمادہ ہوا۔ میں نے اس کاروائی سے روکا اور لوگوں کی بدگمانی ظاہر کی اور کہا کہ ان لوگوں کا خیال ہے کہ تھیلی سے جوہر آپ نے نکالا ہے اب آپ فرمائیں کہ کیا کرنا چاہیے یہ سن کر اس نوجوان نے آسمان کی طرف منہ کر کے زبان سے کچھ الفاظ ادا کیے میں نے دیکھا کہ سمندر کی تمام مچھلیاں سطح سمندر پر آ گئیں اور ہر ایک کے منہ میں ایک جوہر تھا۔ آپ نے ایک جوہر لے کر اس کو دے دیا جس کی تھیلی سے جوہر چوری ہوا تھا۔ کشتی کے سب لوگوں نے ان کا یہ کمال دیکھا تو عقیدت مند بن گئے۔ اس کے بعد اس نوجوان نے سطح سمندر پر چلنا شروع کر دیا یہ جوہر چرانے والا ملاحوں میں سے ایک تھا اس

Marfat.com

نے جوہر واپس کر دیا کشتی والے شرمندہ ہوئے۔ (کشف المحجوب، ص ۴۰۲)

## ہاتھ کی کرامت:

اگر بندہ مومن ہاتھ سے رزق حلال کمائے اس ہاتھ سے کسی کو ناحق ازیت نہ دے تو ہاتھ بھی صاحب کرامت ہو جاتا ہے مثلاً:

جب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا اور آپ کا جنازہ اٹھایا گیا تو کسی نے یہ شعر پڑھا۔

اے تماشا گاہ جا نہا روئے تو
تو کجا بہر تماشا می روی

اس پر خواجہ صاحب کا ہاتھ جنازہ سے نمودار ہو کر بلند ہوا۔ امیر خسرو نے شعر پڑھنے والے کو روک دیا کہ کہیں حضرت مخدوم رحمۃ اللہ علیہ جنازہ سے اُٹھ کھڑے نہ ہوں۔ (سبع سنابل، ص ۱۵۱)

## پاؤں کی کرامت:

جب بندہ مومن کے قدم کثرت سے مسجد کی طرف اُٹھتے ہیں نیک محافل میں حاضری ہوتی ہے تو قدم کو یہ کرامت ملتی ہے کہ وہ پانی پر چلنے لگتا ہے اور زمین اس قدموں کے نیچے لپیٹ دی جاتی ہے مثلاً:

(۱) خلیفہ وقت کے دربار میں ہر سال روم سے خراج آیا کرتا تھا ایک مرتبہ قیصر روم نے مال کے ساتھ اپنی قوم کے مذہبی عالموں کو بھیجا اور پیغام دیا کہ تم مسلمانوں سے بحث کرو اگر مسلمان غالب آگئے تو خراج جاری کر دیا جایا کرے گا اور تم غالب آگئے تو مال خراج بند کر دیا جائے گا چنانچہ حسب خواہش قیصر روم علماء کو جمع کیا گیا سب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بحث کریں گے پھر

Marfat.com

خلیفہ کے حکم سے تمام لوگ دریائے دجلہ کے کنارے جمع ہوئے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا جائے نماز لیا اور دریا کی سطح پر چلتے ہوئے درمیان میں پہنچ کر جائے نماز بچھا دی اور فرمایا کہ جس شخص کو بحث کرنی ہے۔ وہ میرے پاس آجائے یہ حال دیکھ کر وہ سب لوگ مسلمان ہو گئے۔ جب قیصر روم کو اس بات کا علم ہوا تو کہنے لگا اچھا ہوا کہ وہ شخص یہاں نہیں آیا ورنہ سب لوگ مسلمان ہو جاتے۔

(تذکرۃ الاولیاء، ص ۱۵۰)

(ب) ایک بزرگ شیخ اسماعیل سے روایت ہے کہ ہم دریائے فرات کے کنارے حضرت شیخ محمد بن عمر کی خدمت میں موجود تھے کہ ایک آدمی ظاہر ہوا شیخ موصوف نے فرمایا یہ شخص میرے متوسلین میں سے ہے یہ ہندوستان کا رہنے والا ہے اس نے وہاں سے دریائے فرات تک کا فاصلہ ایک قدم میں طے کیا ہے اور اب میرے ادب کی وجہ سے ویسے ہی چل رہا ہے۔ تھوڑی دیر میں وہ آ گیا اس نے عرض کی حضرت مجھے بیعت کر لیں آپ نے بیعت کیا ایک رات وہ آپ کے پاس رہا صبح کو ہم شیخ موصوف کے ہمراہ اس کو ایک جنگل میں الوداع کہنے کے لئے گئے حضرت موصوف نے اس کے دونوں شانوں کے درمیان اپنا ہاتھ رکھا اور اچانک اس کو دھکا دیا۔ وہ شخص ہماری نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ شیخ صاحب نے فرمایا جب میں نے دھکا دیا تو اس کا سر ہندوستان میں اس کے گھر کے دروازے سے جا ٹکرایا۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ دریائے فرات عراق میں ہے۔

(جمال الاولیاء، ص ۱۱۴)

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# حسن رفاقت

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔

ترجمہ: اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا اور رسول کا سو وہ ان کے ساتھ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا کہ وہ نبی صدیقین اور شہید اور نیکوکار ہیں اور اچھی ہے ان کی رفاقت۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔

رسول خدا کی اطاعت فرض ہے کیونکہ نبی کا قول وفعل وحی کے مطابق ہوتا ہے۔ حضور ﷺ قول وفعل دونوں میں معصوم ہیں۔ اطاعت کے بارے میں چند آیات ملاحظہ فرمائیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ○

ترجمہ: اور ہم نے کوئی رسول نہ بھیجا مگر اس واسطے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ۔

ترجمہ: جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔

ترجمہ: اور قائم رکھو نماز اور زکوٰۃ دیتے رہو اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

اس آیت میں نکتہ کی بات یہ ہے کہ رسول پاک کی اطاعت کو اقامت

Marfat.com

نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے ساتھ بیان کیا گیا تا کہ معلوم ہو جائے کہ رسول اکرم ﷺ کی اطاعت کا وہی درجہ ہے جو نماز اور زکوٰۃ کا ہے یعنی جیسے نماز پڑھنا اور زکوٰۃ دینا فرض ہے۔ اسی طرح اطاعت رسول بھی فرض ہے اور جیسے نماز و زکوٰۃ کی فرضیت کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے اسی طرح اطاعت رسول کا منکر کافر ہے چنانچہ خدا نے ارشاد فرمایا۔

قُلْ اَطِیْعُوْا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکَافِرِیْنَ○

ترجمہ: آپ فرما دیجئے حکم مانو اللہ کا اور رسول کا پھر اگر اعراض کریں تو اللہ پسند نہیں کرتا کافروں کو۔

اس آیت میں واضح کر دیا گیا کہ جس نے رسول پاک کی اطاعت سے منہ موڑا وہ مسلمان نہیں کافر ہے اور خدا کافروں کو پسند نہیں کرتا۔

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یُدْخِلْہُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہٰرُ خَالِدِیْنَ فِیْہَا وَ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ○

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اللہ اسے ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ○

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ مومن وہ ہے جو خدا اور اس کے رسول کا حکم مانے کیونکہ ایمان کی شرط خدا اور اس کے رسول کی اطاعت ہے۔

جو لوگ خدا اور اس کے رسول کی اطاعت نہیں کرتے بلکہ مخالفت کرتے

Marfat.com

ہیں ان کے انجام کے لئے آیات ملاحظہ فرمائیں۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ○

ترجمہ: جو مخالفت کرے اللہ اور اس کے رسول کی تو بے شک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ○

ترجمہ: جنگ کرو ان لوگوں کے ساتھ جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور حرام نہیں جانتے وہ اس کو جس کو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کیا۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ رسول کریم ﷺ جس چیز کو حرام قرار دیں اس کی حرمت کا وہی حکم ہے جو خدا کی حرام کردہ چیز کا حکم اور جس طرح ان لوگوں سے جنگ کرنا ضروری ہے جو خدا کی حرام کردہ چیز کو حرام نہ جانیں۔ اسی طرح ان لوگوں سے بھی لڑنا ضروری ہے جو رسول کریم کی حرام کردہ شے کو حرام نہ جانیں بلکہ آپ کی مخالفت کریں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ○

ترجمہ: جو لوگ مخالفت کرتے ہیں اللہ کی اور اس کے رسول کی وہ ذلیل ہوئے جیسے کہ ان سے پہلے لوگ ذلیل ہوئے۔

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا○

ترجمہ: اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ کھلی گمراہی میں ہے۔

ومن يعصِ الله ورسوله فإن له نار جهنم خالِدِين فِيها ابدًا○

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم نہ مانے اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے وہاں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔

Marfat.com

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَطِیْعُوْا اللّٰہَ وَاَطِیْعُو الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَکُمْ ○

ترجمہ: اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اعمال اس وقت قبول ہوں گے جب رسول خدا کی اطاعت کی جائے گی۔ آپ کے اوامر و نواہی، اخلاق و اعمال پر عمل کیا جائے جو شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرے گا وہ اپنے سارے اعمال ضائع اور بیکار کر دے گا۔

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یُدْخِلْہُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ وَمَنْ یَّتَوَلَّ یُعَذِّبْہُ عَذَابًا اَلِیْمًا ○ ۔

ترجمہ: جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے گا اس کو خدا باغوں میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور جو پلٹ جائے اسے دردناک عذاب دے گا۔

معلوم ہوا جنت اس کے لئے ہے جو خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور جو نافرمان ہے اس کے لئے جہنم کا دردناک عذاب ہے۔

فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ۔

ترجمہ: اس سے مراد درجہ کی معیت نہیں کیونکہ غیر نبی، نبی کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا اور نہ اس سے مراد معیت مکانی ہے کیونکہ حضرات انبیاء اعلیٰ علیین میں ہوں گے۔ امتی ان سے نیچے ہوں گے بلکہ اس معیت سے مراد ہے کہ یہ لوگ جب چاہیں گے ان حضرات کے دیدار سے اپنی آنکھیں ٹھنڈی کر لیا کریں گے ملاقات اور گفتگو کر لیا کریں گے چنانچہ حدیث میں آتا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

جنتی لوگ اپنے سے بلند درجہ والوں کو ان کے بالا خانوں میں اس طرح

Marfat.com

دیکھیں گے جیسے تم کسی چمکیلے ستارے کو مشرق یا مغرب میں دیکھتے ہو ان میں فاصلہ بہت ہوگا۔ صحابہ کرام نے کہا یہ منزلیں تو نبیوں کے لئے ہی مخصوص ہوں گی کوئی اور وہاں تک کیسے پہنچ سکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ان منزلوں تک وہ بھی پہنچیں گے جو اللہ پر ایمان لائے اور رسولوں کو سچا جانا اور مانا۔ (ابن کثیر، ج ۵، ص ۴۱)

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلند درجات والوں کو نیچے والے لوگ اس طرح دیکھیں گے جیسے لوگ چمکدار ستارے کو افق میں دیکھتے ہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور فاروق اعظم ان بلند درجہ والوں میں سے ہیں۔ (تاریخ بغداد، ج ۴، ص ۶۴)

وہ کون لوگ ہیں جو ان انعام یافتہ نفوس قدسیہ کے ساتھ ہوں گے وہ لوگ یہ ہیں۔

(ا) مسلم شریف میں ہے کہ حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی فرماتے ہیں میں رات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہتا اور پانی وغیرہ لا کر دیا کرتا تھا ایک بار آپ نے مجھ سے فرمایا کچھ مانگ لو میں نے کہا جنت میں آپ کی رفاقت مانگتا ہوں۔ فرمایا اس کے سوا اور کچھ میں نے کہا بس یہی کافی ہے۔ فرمایا میری مدد کثرت سے سجدے کر کے کرو۔

(ب) الترغیب والترہیب میں حدیث ہے کہ ایک شخص نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی میں خدا کو بے شریک مانتا ہوں اور آپ کے رسول ہونے کی گواہی دیتا ہوں۔ پانچوں وقت کی نماز پڑھتا ہوں۔ اپنے مال کی زکوٰۃ دیتا ہوں۔ رمضان کے روزے رکھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا جو مرتے دم تک اسی پر قائم رہے گا۔ وہ قیامت کے دن نبیوں صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا لیکن

Marfat.com

شرط یہ کہ والدین کا نافرمان نہ ہو۔ (الترغیب والترہیب، ج ۲، ص ۱۰۵)

(ج) فرمان نبوی ہے۔ من قرء الف آیة فی سبیل اللہ کتبہ اللہ مع النبیین والصدیقین والشهداء والصالحین۔

(الترغیب والترہیب، ج ۲، ص ۲۶۷)

جس نے خدا کے راستے میں ایک ہزار آیات پڑھیں خدا اس کو نبیوں صدیقوں شہیدوں اور نیک لوگوں میں لکھ دے گا۔

(د) ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو ایک قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ان سے ملا نہیں۔ آپ نے فرمایا المرء مع من احب ہر انسان ان کے ساتھ ہوگا جن کے ساتھ محبت رکھتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مسلمان جتنا اس حدیث سے خوش ہوئے اتنا کسی اور چیز سے خوش نہیں ہوئے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں واللہ میری محبت تو رسول پاک ﷺ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ (شہید) سے ہے تو مجھے امید ہے کہ خدا قیامت کے روز انہی حضرات کے ساتھ مجھے اٹھائے گا۔ (ابن کثیر، ج ۵، ص ۴۱)

(ن) حضرت صخر بن زاشد فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں عبداللہ بن مبارک کو دیکھا ان کی وفات کے بعد میں نے ان سے کہا کیا آپ کی وفات نہیں ہوگئی۔ انہوں نے کہا ہاں میری وفات تو ہو چکی ہے۔ میں نے ان سے دریافت کیا پھر اللہ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔ کہا میرے تمام گناہوں کو معاف فرما کر میری مغفرت فرما دی ہے۔ میں نے پوچھا سفیان ثوری کا کیا ہوا کہا واہ واہ وہ تو مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيْقًا۔ (تاریخ بغداد، ج ۱۰، ص ۱۴۹)

ترجمہ: ان لوگوں کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا نبی صدیق شہید اور

Marfat.com

صالحین اور ان کی رفاقت کیسی اچھی ہے۔

(ی) حضرت حسن بن صالح فرماتے ہیں کہ میرے بھائی نے جس رات وفات پائی اس رات اس نے مجھ سے پانی مانگا میں اس وقت نماز پڑھ رہا تھا۔ اختتام نماز پر میں نے پانی کا پیالہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا میں نے پانی پی لیا ہے میں نے کہا تمہیں پانی کس نے پلایا اس کمرے میں میرے اور تیرے سوا کوئی بھی نہیں۔ اس نے کہا ابھی میرے پاس جبریل امین علیہ السلام آئے اور انہوں نے مجھے پانی پلایا اور مجھے کہا۔

اَنْتَ وَاَخُوْكَ وَاُمُّكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ۔ تو تیرا بھائی تیری ماں ان کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایا۔ (شرح الصدور، ص ۳۳)

وہ نبی صدیق شہید اور نیک لوگ ہیں۔

یہی تھے شمع دیں کے اولیں پرسوز پروانے
صداقت کیش غازی بادۂ غیرت کے مستانے
انہیں روشن چراغوں سے زمانے میں اجالا تھا
خدا کا اور محمد مصطفےٰ کا بول بالا تھا

## النبیین:

اس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے دلائل یہ ہیں۔

(ا) ایک انصاری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا وہ بہت غمزدہ ہے سبب دریافت کیا تو جواب ملا حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تو صبح شام ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ بیٹھتے ہیں۔ دیدار بھی ہو جاتا ہے اور دو گھڑی صحبت

Marfat.com

بھی میسر ہو جاتی ہے لیکن کل قیامت کے دن تو آپ ﷺ نبیوں کی اعلیٰ مجلس میں ہوں گے تو ہم آپ تک پہنچ نہ سکیں گے۔ حضور ﷺ نے کچھ جواب نہ دیا اس پر حضرت جبریل امین علیہ السلام آیت تلاوت لائے۔ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی بھیج کر انہیں یہ خوشخبری سنا دی۔ (ابن کثیر، ج ۵، ص ۶۰)

ایک شخص حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں آپ کو جان و مال اور اہل و عیال اور اپنے بچوں سے بھی زیادہ محبوب رکھتا ہوں میں گھر میں ہوتا ہوں لیکن شوق زیارت مجھے مجبور کر دیتا ہے صبر نہیں ہو سکتا دوڑتا بھاگتا آتا ہوں اور دیدار کر کے چلا جاتا ہوں لیکن جب آپ کی اور اپنی موت یاد آتی ہے اور اس بات کا یقین ہے کہ آپ جنت میں نبیوں کے ساتھ بڑے اونچے درجے میں ہوں گے تو ڈر لگتا ہے کہ پھر میں آپ کے دیدار سے محروم ہو جاؤں گا۔ آپ نے تو کوئی جواب نہ دیا لیکن تلاوت کردہ آیت نازل ہوئی۔

ان دونوں واقعات سے پتہ چلا کہ ان صحابہ کو حضور ﷺ کی جدائی اور فرقت کا تصور تڑپا رہا ہے کہ اگر جنت میں آپ ﷺ کا دیدار نہ ہوا تو ہمارا کیا بنے گا کیونکہ ہمیں تو آپ کے دیدار کے بغیر چین نہیں آتا۔ خدا تعالیٰ نے ان کے چین اور تسلی کے لئے یہ آیت نازل فرمائی وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ..... الخ اس آیت میں گویا فرمایا گیا اے میرے محبوب کے عاشقوں گھبراؤ نہیں ہم جنت میں تمہیں اپنے محبوب کے دیدار فیض آثار سے مشرف فرما دیا کریں گے اور تمہیں غمگین نہ ہونے دیں گے چونکہ ذکر پیارے مصطفےٰ کا چل رہا تھا اس لئے یہاں النبیین سے مراد آپ ہی کی ذات ہے اور جمع کا لفظ بطور تعظیم وارد ہوا ہے۔ خدا وحدہٗ لاشریک ہے لیکن اپنے بارے میں فرمایا۔ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ جمع کا صیغہ استعمال کرنے میں مقصود تعظیم اسی طرح حضور ﷺ کے بارے میں النبیین

Marfat.com

جمع وارد ہوا مطلوب و مقصود تعظیم ہے۔

(ب) دوسری دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تمام نبیوں کے کمالات موجود ہیں تمام انبیاء کے اخلاق وصفات آپ کی ذات میں جمع کر دیئے گئے ہیں مثلاً حضرت آدم علیہ السلام کو خدا نے خلافت عطا فرمائی خدا فرماتا ہے۔ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔

علامہ ابن حجر نے پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق لکھا ہے کہ:

اِنَّہٗ خَلِیْفَۃُ الَّذِیْ جَعَلَ خَزَائِنَ کَرْمَہٗ وَمَوَائِدَ نِعَمَہٗ طَوْعَ یَدَیْہِ وَتَحْتَ اِرَادَتِہٖ یُعْطٰی مِنْھُمَا مَنْ یَّشَاءُ وَیَمْنَعُ مَنْ یَّشَاءُ۔

حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ خلیفہ ہیں کہ جن کے ہاتھوں کے مطیع اور ارادے کے تحت اپنے کرم کے خزانے اور نعمتوں کے دسترخوان کر دیئے ہیں ان میں سے جسے چاہتے ہیں عطا فرماتے ہیں اور جس سے چاہتے ہیں روک لیتے ہیں۔ (جوہر منظم، ص ۴۲)

ابن تیمیہ نے لکھا ہے وَقَدْ اَقَامَہُ اللّٰہُ مَقَامَ نَفْسَہٗ فِیْ اَمْرِہٖ وَنَھْیِہٖ وَاَخْبَارِہٖ بَیَانِہٖ فَلَا یَجُوْزُ اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فِیْ شَیْءٍ مِنْ ھٰذِہِ الْاُمُوْرِ۔

(الصارم المسلول، ص ۴۱)

اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو امر و نہی اطلاع دینے اور بیان میں اپنا قائم مقام بنایا ہے ان میں سے کسی میں بھی اللہ اور رسول میں فرق کرنا جائز نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خدا نے بولی تبدیل کر دی جنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نار نمرود سے نجات پا کر مقام کوثی تشریف لے گئے تو اس وقت آپ کی زبان سریانی تھی۔ نمرود نے

Marfat.com

آپ کے تعاقب میں سپاہی روانہ کئے اور ان سے کہا جو آدمی تمہیں سریانی زبان بولتا ملے اسے گرفتار کر لینا چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دریائے فرات کو عبور فرمایا تو اللہ نے آپ کی زبان عبرانی کر دی اب نمرود کے سپاہی آپ کو ملے تو آپ نے ان سے عبرانی زبان میں گفتگو فرمائی سپاہیوں نے آپ کو چھوڑ دیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبان سریانی تھی مگر آپ نے عبرانی زبان میں گفتگو فرمائی لیکن اس اعجاز کو بھی دیکھئے کہ ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کی زبانیں بدل دیں یعنی خلیل کی زبان خدا نے بدلی اور صحابہ کی زبان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبدیل کر دی چنانچہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چار صحابہ کو قیصر کسریٰ مقوقس اور نجاشی کی طرف قاصد بنا کر بھیجا۔

فَاَصْبَحَ کُلُّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ یَتَکَلَّمُ بِلِسَانِ الْقَوْمِ الَّذِیْ اُرْسِلَ اِلَیْهِمْ۔

(خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱)

ان صحابہ نے صبح کی تو ہر صحابی جس قوم کی طرف قاصد بنا کر بھیجا گیا تھا اسی قوم کی زبان میں کلام کرنے لگا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے آپ کو ایک کنویں میں گرا دیا امام غزالی فرماتے ہیں کہ جب تک آپ اس کنوئیں میں رہے فرشتے پرندوں کی شکل میں آ کر کنوئیں کا طواف کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں حضرت یوسف علیہ السلام کے اکرام کے لئے بھیجا تھا۔ (احسن القصص، ص ۵۴)

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی والدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے شکم اطہر میں تھے تو:

وَکَانَتْ غَمَامَةُ النُّوْرِ تَظِلُّ عَلٰی رَاْسِهَا وَالطُّیُوْرُ تَتَنَزَّلُ مِنَ الْجَوِّ تَتَبَرَّکُ بِفَوَاضِلِهَا۔ (احسن، ص ۲۲)

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے سر پر سفید بادل سایہ کرتا اور پرندے فضا سے

Marfat.com

نازل ہو کر آپ کے دل سے برکت حاصل کرتے یہ جانور دنیا کے جانور نہ تھے بلکہ فرشتے تھے۔ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے منتظر تھے کہ کب شمس الانبیاء تشریف لائیں اور دنیا سے کفر و شرک کی تاریکیاں دور ہوں۔

ناریوں کا دور تھا دل جل رہا تھا نور کا
تم کو دیکھا ہو گیا ٹھنڈا کلیجہ نور کا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی دو شاخیں تھیں جب اندھیری رات ہوتی تو وہ دونوں روشن ہو جاتیں اور ان کی روشنی حد نگاہ تک پہنچ جاتی تھی۔

(النطق المفہوم، ص ۱۰۲)

حضرت قتادہ بن نعمان ایک اندھیری رات میں جب بارش ہو رہی تھی دیر تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے رہے جب جانے لگے تو آپ نے ان کو کھجور کی شاخ عطا فرمائی اور فرمایا اس کو لے جاؤ یہ تمہارے دس ہاتھ آگے دس ہاتھ پیچھے روشنی کرے گی چنانچہ جب حضرت قتادہ چلے تو وہ شاخ خرما ان کے لئے روشن ہو گئی یہاں تک کہ اپنے گھر میں داخل ہو گئے۔ (مجمع الزوائد، ج ۲، ص ۴۰)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے ایک معجزہ کا ذکر اس طرح فرمایا۔

وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ۔

ترجمہ: میں تمہیں خبر دیتا ہوں جو تم کھاتے ہو اور گھروں میں جمع کرتے ہو۔

اس آیت سے پتہ چلا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کے گھروں کے ذخیرے اور کھانے کی اطلاع دے دیتے تھے مگر ہمارے نبی کو خدا نے تمام علم ما کان وما یکون عطا فرما دیا چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ "فاخبرنا بما ھو کائن الی یوم القیامۃ" آپ نے قیامت تک کے تمام حالات و واقعات بیان فرما دیئے۔

Marfat.com

عالم میں کیا ہے جس کی تجھ کو خبر نہیں
ذرہ ہے کونسا تیری جس پر نظر نہیں

## والصدیقین:

یہ کون ہیں شیخ محمد عبدہ فرماتے ہیں۔

هُمُ الَّذِيْنَ زَكَتْ فِطْرَتُهُمْ وَاعْتَدَلَتْ اَمْزِجَتُهُمْ وَصَفَّتْ سَرَائِرُهُمْ حَتّٰى اِنَّهُمْ يَمِيْزُوْنَ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالْخَيْرِ وَالشَّرِّ بِمُجَرَّدِ عُرُوْضِهٖ۔

جن کی فطرت پاکیزہ ہوتی ہے مزاج میں اعتدال ہوتا ہے باطن صاف ہوتا ہے یہاں تک کہ جب ان پر حق و باطل اور خیر و شر پیش ہوتے ہیں تو وہ ان میں تمیز کر لیتے ہیں۔

چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں یہ اوصاف موجود تھے مثال کے طور پر دو احادیث پیش کی جاتی ہیں۔

(۱) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں فتنہ ارتداد پیدا ہوا منکرین زکوٰۃ کلمہ اسلام سے منکر نہ تھے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ضروریات دین میں تاویل مقبول نہیں چونکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں پھر انہوں نے جب یہ کلمہ پڑھ لیا تو انہوں نے اپنا خون اور مال مجھ سے بچا لیا اور ان کا حساب اللہ پر ہے اور مرتدین اس کلمہ کے قائل تھے۔ اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے تو ہم مرتدین سے کیوں لڑیں لیکن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نماز اور زکوٰۃ میں تفریق نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

وَاللّٰہِ لَاُ قَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ۔

ترجمہ: خدا کی قسم میں اس سے ضرور لڑوں گا جو نماز اور زکوٰۃ میں تفریق کرتا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آخرکار ہمیں آپ کے ساتھ مرتدین سے لڑائی لڑنی پڑی اور ایک روایت میں ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں واللہ مجھے معلوم ہو گیا کہ اللہ نے قتال مرتدین کے بارے میں آپ کا سینہ کھول دیا۔ پس میں نے جان لیا کہ آپ حق پر تھے۔ (ازالۃ الخفاء، ج ۲، ص ۵۳)

(ب) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ خلیفہ نہ بنائے جاتے تو خدا کی عبادت نہ کی جاتی۔ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا آپ سے اس کی وجہ پوچھی گئی۔ آپ نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شام کی طرف جیش اسامہ کو روانہ کیا جب وہ مقام ذی خشب تک پہنچا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رحلت فرمائی اور حوائی مدینہ کے کچھ قبائل مرتد ہو گئے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کہا قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اگر بالفرض ازواج نبی کے پیروں میں بیڑیاں پڑ جائیں تب بھی اس لشکر کو واپس نہ موڑوں گا جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانہ فرمایا ہے۔ میں اس جھنڈے کو نہ کھولوں گا جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھا ہے۔ غرض جیش اسامہ کو آپ نے روانہ کیا اس کے بعد وہ لشکر جس قبیلے کے قریب سے گزرا وہ یہ سوچنے پر مجبور ہوا کہ اگر مسلمان کمزور ہوتے تو اتنا بڑا لشکر مدینہ سے باہر نہ نکالتے۔ خدا نے حضرت اسامہ کو فتح سے ہمکنار فرما دیا۔ (ازالۃ الخفا، ص ۵۴)

بعض مفسرین نے فرمایا کہ والصدیقین سے مراد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔ سب سے پہلے آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے ہیں آپ کی تصدیق کی ہے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ خدا تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں فرماتے ہیں۔

Marfat.com

وَالَّذِیْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ اُولٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔

ترجمہ: اور جو سچ لایا اور جس نے سچ کی تصدیق کی وہی لوگ متقی ہیں۔

کہ سچ لانے والے نبی کریم ﷺ ہیں اور تصدیق کرنے والے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ معلوم ہوا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے متقی ہونے کی گواہی خدا دے رہا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ متقی ہیں اور خدا فرماتا ہے۔

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقٰکُمْ۔ تم میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو متقی ہے۔ معلوم ہوا کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تمام صحابہ سے افضل ہیں چنانچہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

ہم نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا تمہارے پاس ایک ایسا آدمی آنے والا ہے میرے بعد خدا نے اس سے بہتر پیدا نہیں فرمایا اور اسے انبیاء کی مثل مرتبہ شفاعت عطا کیا جائے گا۔ تھوڑی دیر کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ نبی کریم ﷺ نے کھڑے ہو کر ان کو چوما اور بغلگیر ہوئے۔ (تاریخ بغداد، ج ۳، ص ۱۲۳)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو عرش کے سامنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے ایک منبر بچھایا جائے گا اور اسی طرح ایک منبر عرش کے سامنے میرے لئے بچھایا جائے گا اور ایک کرسی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے لئے رکھی جائے گی ایک آواز آئے گی واہ صدیق تیری قسمت تجھے حبیب و خلیل کے درمیان جگہ ملی ہے۔

(تاریخ بغداد، ج ۴، ص ۳۸۶)

پس از انبیاء سب سے اونچا ہے نامی
رفیقِ نبی کا مقام اللہ اللہ

Marfat.com

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا صدیق وہ ہے جس نے سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی ہے اور دوسرے تصدیق کرنے والوں کا مقتدا بنا ہے اور وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کرنے کی تبلیغ اسلام شروع کر دی جس کے نتیجے میں حضرت عثمان غنی، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم ایمان لے آئے۔ اس طرح صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان کے لئے مقتدا ثابت ہوئے۔ آپ اس امت کے پہلے مبلغ ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا جس نے کوئی اچھا طریقہ ایجاد کیا اسے اس کا ثواب ہو گا جو اس طریقہ پر عمل کرے گا اس کے برابر بھی موجد کو ثواب لہٰذا آپ نے تبلیغ سب سے پہلے شروع فرمائی۔

آپ کی تبلیغ کے نتیجے میں جو مسلمان ہوئے ان کا بھی آپ کو ثواب ہو گا اور انہوں نے آگے تبلیغ کی اور جتنے لوگ ان کے کہنے سے مسلمان ہوئے ان کے برابر بھی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو ثواب ہو گا۔ لہٰذا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارہ سالہ دور خلافت میں جتنے لوگ مسلمان ہوئے ان کا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو بھی ثواب ہو گا۔

تلاوت کردہ آیت میں نبی کے بعد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے جو اس طرف اشارہ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلیفہ بلا فصل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ایک باغ میں داخل ہو گئے۔ ایک آدمی آیا اور اس نے دروازہ کھٹکھٹایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس کھڑے ہو جاؤ اور دروازہ کھول دو اور آنے والے کو جنت کی بشارت دے دو اور میرے بعد خلافت کی بشارت بھی دے دو میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ان کو یہ بات بتا دوں فرمایا بتا دو میں نے دروازہ کھولا تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تھے میں نے کہا تمہیں بشارت ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت کی۔

Marfat.com

(تاریخ بغداد، ج۹، ص۳۴۰، مسند ابی یحیٰ، ج۷، ص۴۵)

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت فرمائی ایک مرتبہ آپ نے گھر کا سارا مال خدا کی راہ میں قربان کر دیا۔ ہر غزوہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے اور خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ○ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِیْهَا نَعِیْمٌ مُّقِیْمٌ○ خَالِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ اَجْرٌ عَظِیْمٌ○

ترجمہ: جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور ہجرت کی اور خدا کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجے کے اعتبار سے بڑے ہیں۔ وہی لوگ کامیاب ہیں ان کا رب ان کو اپنی طرف سے رحمت اور رضا اور ایسے باغوں کی بشارت دیتا ہے جن میں دائمی نعمتیں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ کے ہاں بہت بڑا اجر ہے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ مہاجرین نے تین کام کیے ایمان قبول کیا۔ ہجرت کی اور خدا کی راہ میں اپنی جانوں اور مالوں سے جہاد کیا پھر ان کو خدا نے انعام بھی تین دیئے خدا نے ان کو اپنی رحمت سے نوازا۔ خدا نے ان کو اپنی رضا کا سرٹیفکیٹ دے دیا اور جنت کے باغوں کی بشارت دے دی اور امت میں اول مہاجر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں لہٰذا آپ بطریق اولیٰ خدا کے ان تینوں انعامات کے حقدار ہیں اور آپ کے لئے اجر عظیم ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ آسمانوں کے ستاروں کے برابر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نیکیاں ہیں اور حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ اِنَّ عُمَرَ حَسَنَةٌ مِّنْ حَسَنَاتِ اَبِیْ بَكْرٍ یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ساری نیکیاں

Marfat.com

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ایک نیکی کے برابر ہیں۔ اس سے اندازہ لگائیں کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی کتنی نیکیاں ہوں گی اور ان کا اجر وثواب کتنا عظیم ہوگا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کو خدا نے یہ اعزاز بخشا کہ خود نبی ہیں آپ کے باپ حضرت یعقوب علیہ السلام نبی ہیں۔ آپ کے دادا حضرت اسحاق علیہ السلام نبی ہیں اور آپ کا پردادا حضرت ابراہیم خلیل اللہ، اللہ کے نبی ہیں۔ اسی طرح خدا تعالیٰ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو یہ عزت بخشی کہ آپ خود بھی صحابی رسول ہیں۔ آپ کے والد ماجد حضرت ابو قحافہ صحابی ہیں۔ آپ کے صاحبزادے عبدالرحمٰن صحابی ہیں اور آپ کے نواسے حضرت عبداللہ بن زبیر صحابی ہیں۔

خدا ان کو کس پیار سے دیکھتا ہے
جو آنکھیں ہیں محو لقائے محمد
میسر تھی امام الانبیاء کی اقتدا ان کو
رسولوں کی تمناؤں کا حاصل مل گیا ان کو

## والشہد ا:

اس سے مراد حضرت فاروق اعظم، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

## حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ:

ان کو ابو لولوٴ مجوسی نے شہید کیا تھا۔ ان کے فضائل بے حد و حساب ہیں۔ علامہ ابن حجر نے لکھا ہے۔ حضرت عمار بن یاسر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابھی میرے پاس حضرت جبریل امین علیہ السلام آئے میں نے ان سے کہا میرے سامنے عمر بن خطاب کے فضائل بیان کرو۔ عرض کی اگر میں اتنی دیر تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل بیان کرتا رہوں جتنی دیر تک حضرت نوح علیہ السلام

Marfat.com

اپنی قوم میں رہے تو ان کے فضائل ختم نہ ہوں اور حضرت عمر، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نیکیوں میں سے ایک نیکی ہے۔ (الصواعق المحرقہ، ص ۸۰)

## حضرت عثمان رضی اللہ عنہ:

ان کو باغیوں نے شہید کیا تھا۔ ان کے فضائل بھی کثرت سے احادیث میں آئے ہیں چنانچہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شفاعت سے ایسے ستر ہزار آدمی بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے جن پر جہنم واجب ہو چکی ہو گی۔

(الصواعق المحرقہ، ص ۱۰۹)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا۔

اِشْتَرٰی عُثْمَانُ الْجَنَّةَ مِنَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مَرَّتَیْنِ حِیْنَ حَفَرَ بِئْرَ رُوْمَةَ وَحِیْنَ جَهَّزَ جَیْشَ الْعُسْرَةِ۔

ترجمہ: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے دو مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جنت خریدی ایک مرتبہ بئر رومہ کھود کر دوسری مرتبہ جیش العسرۃ کے لئے سامان دے کر۔

(الصواعق المحرقہ، ص ۱۱۰)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب مقام حدیبیہ پر بیعت رضوان منعقد ہوئی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس وقت مکہ مکرمہ میں تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عثمان خدا اور اس کے رسول کے کام میں ہے پھر اپنے ایک ہاتھ کو عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ قرار دیا اور دوسرے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا یہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت ہے۔ آپ نے اپنے جس ہاتھ کو عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ قرار دیا وہ باقی صحابہ کے ہاتھوں سے افضل تھا۔ (الصواعق المحرقہ، ص ۱۱۰)

Marfat.com

یہ بیعت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی موت کی خبر مشہور ہونے پر لی گئی اور اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ عہد کیا جائے کہ جب تک عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا بدلہ نہ لیں گے واپس نہ جائیں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم نہ تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ زندہ ہیں تبھی تو آپ نے بیعت لی اگر زندہ ہونے کا یقین ہوتا تو بیعت نہ لیتے لیکن اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علم تھا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ زندہ ہیں اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت لی اور بیعت زندوں کی طرف سے ہوتی ہے نا کہ مردوں کی طرف سے اور بیعت میں حکمت یہ تھی تا کہ پتہ چلے کہ تمام صحابہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خاطر اپنی جانیں قربان کرنے کے لئے تیار ہیں۔

## حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

ان کو عبدالرحمٰن بن ملجم خارجی نے شہید کیا تھا ان کے بارے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اَلنَّظَرُ اِلٰی عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھنا عبادت ہے۔ (الصواعق المحرقہ، ص ۱۲۳)

حضرت سیدہ ام سلمہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّ عَلِیًّا اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَمَنْ اَبْغَضَ عَلِیًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَنِیْ فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰہَ۔

جس نے علی کو دوست رکھا اس نے گویا مجھے دوست رکھا اور جس نے مجھے دوست رکھا اس نے خدا کو دوست رکھا اور جس نے علی سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اس نے خدا سے بغض رکھا۔

حضرت عمار بن یاسر اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہم روایت کرتے

Marfat.com

ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حَقُّ عَلِیٍّ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ حَقُّ الْوَالِدِ عَلَی الْوَلَدِ۔ (الریاض النضرہ)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مسلمانوں پر حق ایسا ہے جیسا باپ کا حق بیٹے پر۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ میں مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ اس طرح حل فرمایا کہ مہاجرین اور انصار کے درمیان سلسلہ اخوت قائم فرما دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوت میں حاضر ہوئے اور رونے لگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رونے کا سبب دریافت فرمایا عرض کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَنْتَ اَخِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔ تو دنیا اور آخرت میں میرا بھائی ہے۔

(جامع ترمذی، ج ۲، ص ۲۱۳)

ایک مرتبہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ملاقات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوئی اور آپ مسکرائے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس مسکراہٹ کی وجہ دریافت فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا۔

لَایَجُوْزُ اَحَدٌ الصِّرَاطَ مَنْ کَتَبَ لَہٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبِ الْجَوَازَ۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رسید کے بغیر کسی شخص کو پل صراط سے گزرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ اے ابوبکر رضی اللہ عنہ کیا میں آپ کو خوش خبری نہ سناؤں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَایَکْتُبُ الْجَوَازَ اِلَّا لِمَنْ اَحَبَّ اَبَابَکْرٍ عَلِیٌّ۔

علی صرف اس کو پل صراط سے گزرنے کی رسید دے گا جسے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے محبت ہوگی۔ (الریاض النضرہ، ج ۱، ص ۲۰۷)

Marfat.com

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پختہ وعدہ کیا ہے۔

لَا یُحِبُّکَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُکَ اِلَّا مُنَافِقٌ۔

(ابن عساکر، ج ۱۷، ص ۳۶۸)

ترجمہ: اے علی صرف ایماندار تجھ سے محبت کرے گا اور تجھ سے وہی بغض رکھے گا جو منافق ہوگا۔

یا شہداء سے مراد وہ شہید ہیں جو غزوہ اُحد میں شہید ہو گئے جن کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا جب تمہارے بھائی اُحد کے دن شہید کیے گئے تو خدا تعالیٰ نے ان کی روحوں کو سبز پرندوں کے جسم میں داخل کر دیا۔ وہ پرندے جنت کی نہروں میں آتے ہیں جنت کے میووں کو کھاتے ہیں اور سونے کی ان قندیلوں میں آرام کرتے ہیں جو عرش الٰہی کے نیچے معلق ہیں ان شہیدوں نے جب اپنے کھانے پینے اور آرام کرنے کی مسرتوں کو حاصل کیا تو کہا کون ہے جو ہمارے بھائیوں کو ہماری طرف سے یہ پیغام پہنچائے کہ ہم جنت میں زندہ ہیں تا کہ وہ جنت کو حاصل کرنے میں بے پروائی سے کام نہ لیں اور لڑائی کے موقع پر سستی نہ کریں۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا میں تمہارے پیغام کو تمہارے بھائیوں کے پاس پہنچا دیتا ہوں چنانچہ خدا تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ۔

ترجمہ: جو اللہ کے راستے میں قتل کر دیئے جائیں ان کو مردہ گمان نہ کرو۔ وہ اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں رزق دیئے جاتے ہیں۔ (مشکوٰۃ، ج ۲، ص ۲۶۲)

اب غزوہ اُحد کے چند شہیدوں کی شہادت کا ذکر سماعت فرمائیں۔

Marfat.com

## حضرت حنظلہ:

غزوہ اُحد میں حضرت حنظلہ کا مقابلہ ابوسفیان کے ساتھ ہوا۔ حضرت حنظلہ نے دوڑ کر ابوسفیان پر وار کرنا چاہا لیکن پیچھے سے شداد بن اسود نے وار کیا جس سے حضرت حنظلہ شہید ہو گئے۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کو بادل کے پانی سے چاندی کے برتنوں میں غسل دے رہے ہیں۔

ان کی بیوی سے دریافت کیا گیا معلوم ہوا کہ حالت جنابت ہی میں جہاد کے لئے روانہ ہو گئے تھے اور اسی حالت میں شہید ہوئے۔ جس روز حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اسی شب ان کی بیوی نے خواب میں دیکھا کہ آسمان کا ایک دروازہ کھلا اور حنظلہ رضی اللہ عنہ اس میں داخل ہو گئے اور داخل ہونے کے بعد دروازہ بند کر دیا گیا بیوی اس خواب سے سمجھ چکی تھی کہ حنظلہ رضی اللہ عنہ اب اس عالم سے رخصت ہونے والے ہیں۔ (خصائص کبریٰ، ج ۱، ص ۲۱۶)

جب غزوہ اُحد ختم ہو گیا اور مشرکین واپس ہوئے تو رسول خدا ﷺ نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کو تلاش کرو اور یہ ارشاد فرمایا اگر ان کو کہیں دیکھ پاؤ تو میرا سلام کہنا اور کہنا کہ رسول خدا ﷺ کہتے ہیں تم اس وقت اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کو تلاش کر لیا۔ ابھی حیات کی کچھ رمق باقی تھی جسم پر تیر اور تلوار کے ستر زخم تھے۔ میں نے رسول پاک ﷺ کا پیغام پہنچایا۔ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ نے جواب دیا رسول اللہ ﷺ پر بھی سلام ہو اور تم پر بھی رسول اللہ ﷺ سے کہہ دینا یا رسول اللہ ﷺ میں اس وقت جنت کی خوشبو سونگھ رہا ہوں۔ علامہ

Marfat.com

ابن قیم نے لکھا ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے بعض برگزیدہ بندوں کو اس دنیا میں جنت کی خوشبو سونگھا دیتا ہے اور جنت کی خوشبو پانچ سو سال کی راہ تک پہنچتی ہے۔

(زرقانی، ج ۲، ص ۴۹)

## عبداللہ بن جحش:

انہوں نے غزوہ اُحد میں دعا مانگی اے اللہ آج میرا ایسے دشمن سے مقابلہ ہو جو بڑا طاقتور ہو اور غضبناک ہو محض تیرے لئے اس سے قتال کرو اور وہ مجھ سے قتال کرے بالآخر وہ مجھے قتل کر دے میری ناک اور میری کان کاٹے اور اے خدا جب میں تجھ سے ملوں تو مجھ سے دریافت کرے اے عبداللہ یہ تیرے ناک اور کان کہاں کٹے تو میں عرض کروں اے اللہ تیری اور تیرے رسول کی راہ میں کٹے اور تو اس وقت کہے سچ کہا سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں شام کو میں نے دیکھا کہ ان کی ناک اور کان کٹے ہوئے ہیں۔ (زرقانی، ج ۲، ص ۵۱)

## حضرت عبداللہ بن حرام:

حضرت جابر کے والد عبداللہ بن حرام بھی اس معرکہ میں شہید ہوئے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کافروں نے ان کا کان اور ناک کاٹ ڈالی جب ان کی لاش رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رکھی گئی تو میں نے باپ کے منہ سے کپڑا اُٹھا کر دیکھنا چاہا صحابہ نے مجھے منع کر دیا پھر دیکھنا چاہا پھر منع کر دیا لیکن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی میری پھوپھی فاطمہ بنت عمرو جب بہت رونے لگی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روتی ہو ان پر تو فرشتوں نے سایہ کیا ہوا ہے۔

ایک دن رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو مغموم دیکھ کر فرمایا کیا ہوا عرض کی والد ماجد شہید ہو گئے ہیں اور آل و عیال پر قرض کا بوجھ چھوڑ گئے

Marfat.com

ہیں۔ فرمایا تجھے ایک خوشخبری سناؤں میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ کیوں نہیں فرمایا آپ نے فرمایا کسی سے بھی خدا نے کلام نہیں فرمایا مگر پس پردہ لیکن اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کیا اور بالمشافہ اس سے کلام فرمایا اور کہا اے میرے بندے کوئی تمنا کر تیرے باپ نے کہا میری تمنا یہ ہے کہ زندہ ہو کر پھر تیرے راستے میں دوبارہ مارا جاؤں خدا نے فرمایا مرنے کے بعد دوبارہ واپسی نہیں۔

(ترمذی شریف)

## حضرت عمرو بن الجموح:

کا واقعہ بھی عجیب ہے ان کے پاؤں میں شدید لنگ تھی چار بیٹے تھے جو ہر غزوہ میں رسول خدا ﷺ کے ہمرکاب رہتے اُحد میں جاتے وقت ان سے کہا میں بھی تمہارے ساتھ چلوں گا بیٹوں نے کہا آپ معذور ہیں اللہ نے آپ کو رخصت دی ہے آپ گھر میں رہیں یہ رسول ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی میرے بیٹے مجھے جنگ میں شریک ہونے سے روکتے ہیں خدا کی قسم میں امید کرتا ہوں کہ میں اسی لنگ کے ساتھ جنت کی زمین کو روندوں گا۔ آپ نے فرمایا اللہ نے تمہیں معذور کیا ہے تم پر جہاد فرض نہیں اور ان کے بیٹوں سے فرمایا کیا حرج ہے اگر تم ان کو روکو شاید اللہ ان کو شہادت نصیب فرمائے چنانچہ وہ جہاد کے لئے نکلے اور شہید ہو گئے۔ انہوں نے گھر سے نکلتے وقت یہ دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً وَلَا تَرُدَّنِیْ اِلٰی اَھْلِیْ خَائِبًا۔ (الاستیعاب، ص ۵۰۲)

ترجمہ: اے اللہ مجھے شہادت کی موت دے اور گھر والوں کی طرف مجھے واپس نہ کر۔

اس غزوہ میں ان کے بیٹے خلاد بن عمرو بھی شہید ہوئے۔ عمرو بن الجموح

Marfat.com

کی بیوی ہندہ جو عبداللہ بن حرام کی بہن تھی نے ارادہ کیا کہ تینوں یعنی اپنے بھائی عبداللہ بن حرام خاوند عمرو بن الجموح اور بیٹے خلاد بن عمرو کو ایک اونٹ پر سوار کر کے مدینہ لے جائیں اور وہیں لے جا کر دفن کر دیں مگر جب مدینہ کا قصد کرتی ہیں تو اونٹ بیٹھ جاتا ہے اور جب اُحد کا رُخ کرتی ہیں تو اونٹ تیز چلنے لگتا ہے۔ ہندہ نے آ کر رسول خدا ﷺ کی بارگاہ میں سارا واقعہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا عمرو بن الجموع نے مدینے سے چلتے وقت کچھ کہا تھا۔ ہندہ نے ان کی دعا کا ذکر کیا آپ نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ اونٹ مدینہ کی طرف چلتا اور بیٹھ جاتا ہے اور یہ فرمایا۔

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ مِنْکُمْ مَنْ لَوْاَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم میں سے کوئی وہ ہیں کہ اللہ پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ ان کی قسم کو پورا کر دیتا ہے۔

اور ان میں سے عمرو بن الجموح بھی ہے میں نے ان کو اسی لنگ کے ساتھ جنت میں چلتا ہوا دیکھا۔ (زرقانی، ج۲، ص۵۰)

## حضرت خثیمہ:

حضرت خثیمہ کے بیٹے سعد غزوہ بدر میں شہید ہو چکے تھے۔ انہوں نے رسول خدا ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی یارسول اللہ مجھے افسوس ہے کہ میں غزوہ بدر میں شریک نہ ہوسکا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ میں نے شمولیت کی سعادت حاصل کرنے کے لئے اپنے بیٹے سے قرعہ اندازی کی مگر یہ سعادت میرے بیٹے سعد کی قسمت میں تھی قرعہ اس کے نام کا نکلا اور اس کو شہادت نصیب ہوئی میں رہ گیا۔

آج شب میں نے اپنے بیٹے کو خواب میں دیکھا ہے نہایت حسین وجمیل شکل میں جنت کے باغات اور نہروں کی سیر وتفریح کرتا پھرتا ہے اور مجھ سے یہ کہتا

Marfat.com

ہے اے باپ تم بھی یہیں آ جاؤ۔ دونوں جنت میں ایک ساتھ رہیں گے۔ میرے پروردگار نے جو مجھ سے وعدہ کیا تھا میں نے اس کو برحق پایا۔ یارسول اللہ ﷺ اس وقت اپنے بیٹے کی مرافقت کا مشتاق ہوں بوڑھا ہو گیا ہوں ہڈیاں کمزور ہو گئی ہیں۔ اب تمنا ہے کہ کسی طرح اپنے رب سے جاملوں یارسول اللہ ﷺ دعا کیجئے خدا مجھے شہادت اور جنت میں سعد کی مرافقت نصیب فرمائے۔ نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی اور یہ غزوہ اُحد میں شہید ہو گئے۔ (زادالمعاد، ج ۲، ص ۹۴)

شہادت پانے والے پا گئے دل کی مرادوں کو
سبق جب نبی کا دے گئے عالی نہادوں کو
وہ منزل مل گئی لائی تھی جس کی جستجو ان کو
شہادت کے لہو نے کر دیا تھا سرخرو ان کو

یا والشہداء سے مراد عام مسلمان ہیں جو جہاد میں کافروں سے لڑتے ہوئے قتل ہو جائیں خدا ان کے بارے میں فرماتا ہے۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔

ترجمہ: جو اللہ کے راستے میں قتل کر دیئے جائیں ان کو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں شعور نہیں۔

اس آیت کے تحت تفسیر مظہری نے لکھا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُعْطِيْ لِاَرْوَاحِهُمْ قُوَّةَ الْاَجْسَادِ فَيَذْهَبُوْنَ مِنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْجَنَّةِ حَيْثُ يَشَاؤُنَ وَ يَنْصُرُوْنَ اَوْلِيَاءَهُمْ وَيُدَمِّرُوْنَ اَعْدَاءَهُمْ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمِنْ اَجْلِ ذَالِكَ الْحَيَاةِ لَا تَاْكُلُ الْاَرْضُ اَجْسَادَهُمْ وَلَا اَكْفَانَهُمْ وَقَالَ الْبَغْوِيُّ اِنَّ اَرْوَاحَهُمْ تَرْكَعُ وَ تَسْجُدُ كُلَّ لَيْلَةٍ تَحْتَ الْعَرْشِ اِلٰى

Marfat.com

یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔ (مظہری، ج۱، ص۱۴۱)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ ان کی روحوں کو جسمانی طاقت عطا فرماتا ہے وہ زمین آسمان اور جنت میں جہاں چاہتے ہیں جاتے ہیں اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں۔ دشمنوں کو برباد کرتے ہیں۔ اگر اللہ چاہے ان کی اس زندگی کی وجہ سے زمین نہ تو ان کے بدن کو اور نہ کفن کو کھاتی ہے۔ اور علامہ بغوی نے کہا۔ ہر رات ان کی روحیں عرش کے نیچے رکوع و سجود کرتی ہیں اور یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

چنانچہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ملک شام کے کسی شہر میں میاں بیوی رہتے تھے اور ان کا لڑکا کسی جنگ میں شہید ہو چکا تھا۔ ایک دفعہ انہوں نے دیکھا کہ ایک گھوڑ سوار آرہا ہے جب قریب ہوا تو مرد نے اپنی بیوی سے کہا یہ تو ہمارا بیٹا ہے باپ نے پوچھا بیٹا کیا تو شہید نہ ہو گیا تھا کہا ہاں میں شہید ہو گیا تھا لیکن آج عمر بن عبدالعزیز کا انتقال ہو گیا۔ تمام شہیدوں نے خدا سے اجازت مانگی کہ ہم ان کے جنازے میں حاضر ہو جائیں۔ ہمیں اجازت مل گئی اور میں نے خدا سے والدین کو سلام کرنے کی اجازت مانگی جو مجھے مل گئی اس لئے آپ دونوں کو سلام کرنے حاضر ہو گیا۔ (شرح الصدور، ص۹۳)

شہید اس دار فانی میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں

زمین پر چاند تاروں کی طرح تابندہ رہتے ہیں

حضرت مقدام بن معدیکرب فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کے ہاں شہید کے لئے چھ انعام ہیں شہید کو اول مرتبہ یعنی خون کا پہلا قطرہ زمین پر گرتے ہی اس کو بخش دیا جاتا ہے۔ اس کا جنتی ٹھکانا اس کو دکھا دیا جاتا ہے وہ عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔ وہ قیامت کی گھبراہٹ سے امن میں رہتا ہے۔

Marfat.com

اس کے سر پر وقار کا ایک ایسا تاج رکھا جائے گا جس کے ایک یاقوت کی قیمت دنیا اور تمام دنیا کی چیزوں سے بہتر ہوگی اس کے نکاح میں ستر حوریں بڑی بڑی آنکھوں والی دی جائیں گی اور اس کے عزیزوں میں سے ستر آدمیوں کے بارے میں اس کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ (مشکوٰۃ، ج ۲، ص ۲۵۸)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی کیا جائے اور اللہ تعالیٰ خوف جانتا ہے جو اس کی راہ میں زخمی کیا جائے تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے زخموں سے خون جاری ہوگا خون کا رنگ تو خون کا سا ہوگا لیکن خوشبو کستوری کی ہوگی۔ (مشکوٰۃ، ج ۲، ص ۲۵۱)

حضرت فضالہ بن عبیدہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کا عمل کرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے مگر جو خدا کی راہ میں محافظت کرتا ہوا مرے اس کا عمل قیامت تک جاری رہتا ہے اور قبر کے فتنے سے امن میں رہتا ہے۔ (مشکوٰۃ، ج ۲، ص ۲۵۶)

ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر جہاد کے لئے بھیجا بعد میں ایک عورت نے حاضر ہو کر اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے دیکھا فلاں فلاں آدمی لائے گئے اور میں اس وقت جنت میں تھی ان کے کپڑے میلے تھے ان کی گردن کی رگوں سے خون جاری تھا پھر ان کو ایک نہر میں غوطہ دیا گیا تو وہ چودھویں رات کے چاند ہو گئے۔ ان کو جنتی پھل کھلائے گئے اتنے میں لشکر سے خبر آئی کہ فلاں فلاں شہید ہو گئے اور یہ وہی بارہ آدمی تھے جن کو عورت نے خواب میں دیکھا تھا۔ (ابن حبان، ج ۷، ص ۶۱۸، مسند امام احمد، ج ۳، ص ۱۳۵)

حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک اعرابی کے خیمے

Marfat.com

کے قریب سے گزرے جو اپنے ساتھیوں سمیت جہاد کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس اعرابی نے اپنے خیمے کا ایک کنارہ اٹھا کر حضور ﷺ کو صحابہ کے ساتھ جاتے دیکھا پوچھا یہ کون ہیں کہا گیا رسول خدا ﷺ ہیں اپنے صحابہ کے ساتھ جہاد کے لئے جا رہے ہیں۔ پوچھا ان کو دنیا کا مال بھی ملتا ہے کہا گیا ہاں مال غنیمت ملتا ہے جو تقسیم کر لیا جاتا ہے وہ اعرابی اپنے اونٹ کو لے کر حضور ﷺ کے ساتھ ہو لیا وہ اپنا اونٹ حضور ﷺ کے قریب کرنے کی کوشش کرتا لیکن صحابہ اسے دور کر دیتے۔ حضور ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو خدا کی قسم یہ جنتی بادشاہوں میں سے ہے پس وہ دشمن سے لڑ کر شہید ہو گیا۔ حضور ﷺ کو خبر دی گئی حضور ﷺ آئے اور خوش ہو کر اس کے سرہانے بیٹھ گئے پھر اس سے منہ پھیر لیا صحابہ نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا میرے خوش ہونے کا سبب یہ تھا کہ خدا نے اس کی روح پر بڑا کرم فرمایا اور اس سے اعراض کی وجہ یہ تھی کہ اس کی جنتی بیوی اس کے پاس آ گئی تھی۔

(الترغیب والترہیب، ج ۲، ص ۳۲۴)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے اس آیت کے بارے میں پوچھا۔

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

ترجمہ: جب صور میں پھونکا جائے گا جو زمین و آسمانوں میں ہیں بے ہوش ہو جائیں گے سوائے ان کے جن کو اللہ چاہے گا۔

جبرئیل امین علیہ السلام نے کہا یہ شہید ہوں گے جن پر بے ہوشی طاری نہ ہو گی۔ اللہ ان کو اس حال میں اٹھائے گا۔ انہوں نے اپنی تلواریں لٹکائی ہوں گی اور عرش کے اردگرد ہوں گے۔ فرشتے ان کے پاس سفید یاقوت کی اونٹنیاں لے

Marfat.com

کر آئیں گے ان کے کجاوے سونے کے ہوں گے اور ان پر سندس استبرق اور ریشم کے کپڑے ہوں گے اور لوگوں کی حدنگاہ تک وہ اونٹنیاں نظر آئیں گی پھر وہ شہید جنت میں جنتی گھوڑوں پر سیر کریں گے۔ پھر کہیں گے آؤ دیکھیں خدا اپنی مخلوق کا کیسے فیصلہ فرماتا ہے۔ اللہ ان سے راضی ہو جائے گا اور جس سے خدا راضی ہو جائے اسے عذاب نہ دیا جائے گا۔ (النھایہ، ج ۲، ص ۳۸۸)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ حضرت حسن کے اردگرد لوگ بیٹھے تھے کہ ایک آدمی آیا جس کی آنکھیں سبز تھیں۔ حضرت حسن نے اس سے کہا آنکھوں کا یہ رنگ پیدائشی ہے یا یہ بیماری کی وجہ سے ہے۔ اس نے کہا اے ابوسعید کیا تم نے پہچانا نہیں پوچھا تم کون ہو اس نے اپنا نام بتایا پھر سب نے پہچان لیا۔ پوچھا یہ قصہ کیا ہے کہا میں کشتی میں سوار ہو کر یمن کی طرف گیا طوفانی ہوا آئی ہماری کشتی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی۔ میں ایک تختے پر بیٹھ کر ایک ساحل پر پہنچا میں چار مہینے پریشان رہا اس عرصے میں درختوں کے پتے اور زمین کی گھاس کھا کر گزر اوقات کرتا رہا اور چشموں کا پانی پیتا رہا پھر میں نے ایک طرف کو چلنا شروع کیا۔ اس نیت سے کہ یا تو ہلاک ہو جاؤں گا یا نجات پا جاؤں گا میں نے ایک محل دیکھا اس کا دروازہ کھٹکھٹایا اندر داخل ہوا تو دیکھا کہ اندر طاق بنے ہوئے ہیں اور ہر طاق میں ایک موتی کا صندوق ہے ہر صندوق مقفل ہے قریب ہی اس کی کنجی ہے میں نے ایک صندوق کھولا تو دیکھا پاکیزہ خوشبو آ رہی ہے اور ریشمی کپڑے میں ایک انسان لپٹا ہوا ہے اور ہر صندوق ایسا ہی تھا میں نے ایک جسم کو حرکت دی تو وہ میت تھی۔ میں نے ان صندوقوں کو بند کر دیا اور اس محل سے باہر آ گیا اور محل کا دروازہ بند کر دیا اور وہاں سے چلا تو راستے میں دو گھوڑ سوار ملے جو بڑے حسین و جمیل تھے۔ انہوں نے میرا قصہ مجھ سے پوچھا میں نے بیان

Marfat.com

کر دیا انہوں نے کہا یہاں سے سیدھا چلا جا ایک درخت کے نیچے ایک خوبصورت شخص نماز پڑھ رہا ہو گا تو اپنا واقعہ اس سے بیان کرنا وہ تیری رہنمائی کرے گا چنانچہ آگے گیا تو ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی۔ میں نے ان کو سلام کیا انہوں نے جواب دیا انہوں نے میرا قصہ سنا تو گھبرائے جب میں نے محل کی بات کی تو کہا تو نے صندوقوں کے ساتھ کیا کیا میں نے کہا میں نے ان کو بند کر دیا اور دروازے بھی بند کر دیئے پھر ان کی گھبراہٹ دور ہو گئی اور کہا بیٹھ جاؤ ایک بادل گزرا اس نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ انہوں نے کہا کہاں کا ارادہ ہے اس بادل نے کہا فلاں جگہ جا رہا ہوں۔ اسی طرح بادل کے بعد بادل گزرتے رہے یہاں تک کہ ایک بادل آیا اس سے پوچھا تو اس نے کہا میں بصرہ جا رہا ہوں اس بزرگ نے کہا نیچے اتر آؤ وہ اتر آیا کہا اس شخص کو اس کی منزل تک لے جاؤ جب میں بادل پر سوار ہو گیا تو میں نے اس بزرگ سے پوچھا اس خدا کا واسطہ دے کر آپ سے پوچھتا ہوں جس نے آپ کو یہ عزت دی ہے کہ وہ محل کیسا ہے اور دو گھوڑ سوار کون تھے اور آپ کون ہیں فرمایا اس محل میں صندوقوں میں وہ لوگ ہیں جو سمندر میں شہید ہو جاتے ہیں اللہ نے کچھ فرشتوں کو مقرر کیا ہے جو ان کو سمندر سے اُٹھا کر اس محل میں صندوقوں میں بند کر دیتے ہیں اور ریشمی کفنوں میں لپیٹ دیتے ہیں اور وہ دو گھوڑ سوار خدا کے دو فرشتے ہیں جو ان شہیدوں کو صبح و شام سلام کرنے آتے ہیں اور میں خضر ہوں اور میں نے خدا سے دعا مانگی ہے کہ میرا حشر تمہارے نبی کی امت کے ساتھ ہو پھر اس آدمی نے کہا جب میں بادل پر سوار ہوا تو مجھے بڑی گھبراہٹ ہوئی اور میں اس طرح کا ہو گیا جیسا کہ تم مجھے دیکھ رہے ہو۔ (شرح الصدور، ص ۱۰۹)

حضرت شداد بن الھادی سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی

Marfat.com

بارگاہ میں آ کر مسلمان ہوا اور آپ کی اتباع کی اور آپ کے ساتھ ہجرت کی غزوہ خیبر یا حنین کے موقع پر مال غنیمت تقسیم کیا گیا اور حضور ﷺ نے اس اعرابی کا حصہ صحابہ کے سپرد کر دیا کیونکہ وہ ان کے اونٹ چرا رہا تھا۔ صحابہ نے جب اس اعرابی کو اس کے حصے کا مالِ غنیمت دیا تو پوچھنے لگا یہ مال کیسا ہے کہا گیا خدا اور اس کے رسول کی طرف سے ہے وہ اعرابی مال لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں مال کے لئے مسلمان نہیں ہوا میں تو اس لئے مسلمان ہوا ہوں کہ مجھے یہاں تیر لگے اور اشارہ کیا اپنے گلے کی طرف اور میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ حضور ﷺ نے فرمایا اگر تو سچا ہے تو خدا تعالیٰ تیری مراد پوری کر دے گا تھوڑی مدت بعد اس کا مقابلہ دشمن کے ساتھ ہوا اس کے گلے پر آ کر تیر لگا اور وہ شہید ہو گیا۔ حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا یہ وہی ہے صحابہ نے عرض کی ہاں پھر نبی کریم ﷺ نے اپنے جبہ میں اس کو کفن دیا اور اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور خدا کی بارگاہ میں دعا مانگی یا اللہ یہ تیرا بندہ ہے تیرے راستے میں اس نے ہجرت کی اور شہادت کی موت آئی اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں۔ (مصنف عبدالرزاق، ج ۵، ص ۲۷۶)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے صحابہ سے دریافت فرمایا تم شہید کسے سمجھتے ہو۔ انہوں نے عرض کی جو خدا کے راستے میں قتل ہو جائے فرمایا پھر تو میری امت میں شہید بہت کم ہوں گے فرمایا خدا کی راہ میں قتل ہونا شہادت ہے پیٹ کی حالت میں مرنا شہادت ہے پانی میں ڈوب کر مرنا شہادت ہے طاعون کی بیماری میں مرنا شہادت ہے ایک حدیث میں ہے۔

مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَهْلِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔ (سنن کبریٰ، ج ۸، ص ۱۸۷)

Marfat.com

ترجمہ: جو مال کی حفاظت کرتے ہوئے مر جائے وہ شہید ہے جو اپنے اہل کی حفاظت کرتا ہوا قتل ہو وہ شہید ہے اور جو اپنی جان کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہے۔

ایک روایت میں ہے جو ہمیشہ باوضو رہتا ہے وہ اس حال میں مر جائے تو وہ بھی شہید ہے خلوص نیت سے شہادت کی دعا کرنے والا شہید ہے۔ طلب علم میں فوت ہونے والا شہید ہے۔ (الترغیب، ج۱، ص ۹۷)

اب تک تین ہستیوں کا ذکر ہوا ہے نبی، صدیق اور شہید اور ایک حدیث میں ہے کہ خدا نے جنت میں ایک موتی کا مکان بنایا ہے جس میں ستر ہزار محل ہیں ہر محل میں ستر ہزار مکان ہیں ہر مکان میں ستر ہزار کمرے میں یہ مکان نبی، صدیق، شہید اور عادل حاکم کے لئے ہیں۔ (شعب الایمان، ج ۵، ص ۴۱۲)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں ایک وادی ہے سفید کستوری کی جب جمعہ کا دن ہوگا تو خدا تعالیٰ اپنی کرسی سے نزول اجلال فرمائے گا پھر کرسی نور کے منبروں کو ڈھانپ لے گی اور انبیاء علیہم السلام ان منبروں پر تشریف فرما ہوں گے پھر وہ منبر سونے کی کرسیوں کو ڈھانپ لیں گے پھر صدیق اور شہید آ کر ان کرسیوں پر بیٹھ جائیں گے پھر باقی اہل جنت آ کر کستوری کے ٹیلوں پر بیٹھ جائیں گے۔ پھر اللہ ان سب کو اپنے دیدار سے مشرف فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں وہ ہوں جس نے تم سے سچ فرمایا اور تم پر اپنی نعمت مکمل فرمائی۔ (النھایہ، ج ۲، ص ۳۵۸)

حضرت قیس بن ابی حازم فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خطبہ ارشاد فرمایا آپ نے فرمایا جنت عدن میں ایک محل ہے جس کے پانچ سو دروازے ہیں اور ہر دروازے پر پانچ ہزار حوریں ہیں جن کی آنکھیں موٹی ہوں گی اس محل میں نبی داخل ہوگا پھر آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی طرف متوجہ ہوئے اور

Marfat.com

فرمایا اے قبر والے تجھے مبارک ہو یا صدیق داخل ہو گا پھر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی قبر کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے ابوبکر تجھے مبارک ہو یا شہید داخل ہو گا۔ پھر اپنی ذات کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے عمر تجھے شہادت کیسے ملے گی پھر فرمایا جس اللہ تعالیٰ نے مجھے مکہ سے نکال کر مدینہ کی ہجرت کی توفیق دی وہ اس بات پر قادر ہے کہ مجھے شہادت کی موت دے۔ (کنز العمال، ج ۱۴، ص ۶۴۴)

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں حق کے نام پر
اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کر دیا

والصالحین سے مراد باقی سارے صحابہ یعنی مہاجرین اور انصار۔

## مہاجرین اور انصار:

خدا فرماتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ○

ترجمہ: اور جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کے راستے میں جہاد کیا اور جنہوں نے ٹھکانا دیا اور مدد کی وہ سچے مومن ہیں ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار سے دو صفیں بنانے کو کہا پھر آپ نے حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم کا ہاتھ پکڑا اور دونوں صفوں کے درمیان چلے۔ مسکرائے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مسکرانے کی وجہ دریافت کی آپ نے فرمایا بے شک جبریل علیہ السلام نے مجھے خبر دی کہ ساتوں آسمان کے فرشتوں کے سامنے اللہ تعالیٰ نے مہاجرین اور

Marfat.com

انصار پر فخر فرمایا اور اے علی اور عباس (رضی اللہ عنہم) تم دونوں پر خدا نے ان فرشتوں کے سامنے فخر کیا جنہوں نے اللہ کا عرش اُٹھا رکھا ہے۔

(کنز العمال، ج ۱۱، ص ۵۳۸، تاریخ بغداد، ج ۳، ص ۳۲۸)

## مہاجرین:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جانتے ہو کہ جنت میں سب سے پہلے کون داخل ہوگا وہ فقرائے مہاجرین ہیں جو قیامت کے دن جنت کے دروازے پر آئیں گے اور دروازہ کھلوائیں گے۔ خازن جنت ان سے کہے گا تمہارا حساب ہو گیا وہ کہیں گے کس چیز کا حساب دیں ہماری تلواریں خدا کے راستے میں ہمارے کندھے پر رہیں حتیٰ کہ ہم وفات پا گئے پس ان کے لئے جنت کا دروازہ کھول دیا جائے گا اور یہ لوگ چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ (کنز العمال، ج ۱۲، ص ۲۰)

ایک حدیث میں ہے کہ مہاجرین جنت کے دروازے پر آئیں گے اور جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے خازن ان سے کہے گا تم کون ہو وہ کہیں گے ہم مہاجرین ہیں ان سے کہا جائے گا تمہارا حساب ہو گیا ہے وہ اپنے گھٹنے کے بل ہو کر خدا کی بارگاہ میں عرض کریں گے۔ اے خدا ہمارا یہ حساب ہوگا کہ ہم نے مال اور اہل و عیال چھوڑے خدا ان کو سونے کے پر عطا کرے گا جن میں زبرجد اور یاقوت جڑے ہوں گے اور وہ ان سے اڑ کر اپنے جنتی ٹھکانوں میں پہنچ جائیں گے اور وہ اپنے جنتی مکانوں کو دنیا کی نسبت زیادہ پہچانیں گے۔ (کنز العمال، ج ۱۲، ص ۲۱)

ایک حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن ایک قوم آئے گی جس کا نور آفتاب کی مانند ہوگا۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا وہ ہم ہوں گے فرمایا نہیں تمہارے لئے خیر کثیر ہے یہ وہ فقرائے مہاجرین ہوں گے جو زمین کے مختلف

Marfat.com

حصوں سے اکٹھے ہوں گے۔ (کنز العمال، ج ٦، ص ٣٨١)

## انصار:

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کا ایک قبیلہ تھا جس کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب بھی کبھی ان میں سے کوئی فوت ہو جاتا تو اس کی قبر پر بارش ہوتی تھی ایک مرتبہ ان کا ایک غلام فوت ہوا لوگوں نے کہا دیکھو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے نتیجے میں اس کی قبر پر بارش ہوتی ہے یا نہیں کیونکہ کسی قوم کا غلام اس میں سے ہوتا ہے۔ پس اسے جب دفن کیا گیا تو اس کی قبر پر بھی بارش ہوئی۔ (کنز العمال، ج ١٤، ص ٦٥)

میسر تھی امام الانبیاء کی اقتدا ان کو
رسولوں کی تمناؤں کا حاصل مل گیا ان کو

یا والصالحین سے مراد وہ اولیاء کرام ہیں جو شریعت کی پابندی کرتے ہیں مثلاً

## حضرت عمرو بن قیس:

حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے عمرو بن قیس سے قرأت سیکھی انہوں نے مجھے فرائض کی تعلیم دی میں جب بازار میں آپ کو تلاش کرنے نکلتا تو آپ گھر میں قرأت قرآن میں مشغول ہوتے جب کبھی گھر میں نہ ملتے تو کوفہ کی کسی مسجد میں قیام کی حالت میں رو رہے ہوتے اور بعض اوقات کسی قبرستان میں گریہ وزاری میں مصروف ملتے جب ان کا انتقال ہوا تو تمام اہل کوفہ نے اپنے دروازے بند کر دیئے اور ان کے جنازے میں شریک ہوئے۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ میری نماز جنازہ ابو حیان پڑھائیں پس ابو حیان نے چار تکبیروں سے نماز جنازہ پڑھائی لوگوں نے ایک آواز سنی کہ محسن عمرو بن قیس آرہا

Marfat.com

ہے لوگوں نے اچانک دیکھا کہ سارا میدان سفید پرندوں سے بھر گیا لوگ ان حسین وجمیل پرندوں کو دیکھ کر خوش ہوئے اور تعجب کرنے لگے ابو حیان نے کہا تعجب نہ کرو یہ فرشتے ہیں جو عمرو بن قیس کی نماز جنازہ کے لئے حاضر ہوئے ہیں۔

(حلیلۃ الاولیاء، ج ۵، ص ۱۰۱)

## حضرت بشر حافی:

قاسم بن منبہ فرماتے ہیں کہ میں نے بشر حافی کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا فرمایا خدا نے مجھے بخش دیا ہے اور فرمایا میں نے قیامت تک کے تیرے محبوں کو بخش دیا۔ احمد دورقی کہتے ہیں کہ میرا ایک ہمسایہ مر گیا میں نے خواب میں اس پر دو حلے دیکھے وجہ پوچھی تو اس نے کہا بشر حافی ہمارے قبرستان میں دفن ہوا۔ ان کی برکت سے ہر صاحب قبر کو دو حلے عنایت ہوئے۔ (شرح الصدور، ص ۱۲۱، ۱۲۰)

## حضرت یزید بن ہارون:

حضرت یزید بن ہارون نے چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی ہے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو کسی نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کیا آپ کے پاس نکیرین آئے تھے فرمایا ہاں آئے تھے اور انہوں نے مجھ سے سوال کیا۔ مَنْ رَبُّكَ مَا دِيْنُكَ مَنْ نَبِيُّكَ تیرا رب کون ہے تیرا دین کیا ہے تیرا نبی کون ہے میں نے کہا مجھ جیسے آدمی سے سوال کرتے ہو جو ساری زندگی لوگوں کو ان سوالوں کے جواب سکھاتا رہا۔ انہوں نے کہا تو نے سچ کہا ہے۔ دلہن کی طرح سو جا تجھ پر کوئی خوف نہیں۔ (تاریخ بغداد، ج ۱۴، ص ۳۴۷)

آپ کو ایک آدمی نے خواب میں دیکھا اور کہا آپ کی وفات نہیں ہو گئی تھی۔

Marfat.com

قَالَ اَنَا فِیْ قَبْرِیْ، قَبْرِیْ رَوْضَۃٌ مِّنْ رِیَاضِ الْجَنَّۃِ۔

(تاریخ بغداد، ج ۱۴، ص ۳۴۷)

میں قبر میں ہوں اور میری قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

## حضرت خواجہ عثمان ہارونی:

آپ جب نماز پڑھتے تو غیب سے آواز آتی مانگو کیا مانگتے ہو عرض کرتے تجھ سے تجھی کو مانگتا ہوں۔ جواب آتا تسلی رکھو تمہاری دعا قبول کی کچھ اور مانگو عرض کرتے امت مصطفٰے کی مغفرت فرما دے۔ آواز آئی میں نے تیری دعا پر تیس ہزار مسلمان بخش دیئے۔ آپ ہر نماز کے بعد دعا مانگتے تو اتنے لوگوں کی بخشش کی بشارت ملتی۔ (سید الاقطاب، ص ۹۴)

## حضرت عبدالواحد بن زید:

حضرت عبدالواحد بن زید نے تین راتیں خدا کی بارگاہ میں عرض کی جو جنت میں میرا ساتھی ہوگا مجھے دنیا میں دکھا۔ ایا حائے خدا نے آپ کے دل پر الہام کیا۔ میمونہ سودا، جنت میں تیرا ساتھی ہے عرض کیا کہاں رہتی ہے۔ فرمایا کوفہ میں انہوں نے کوفہ میں جا کر لوگوں سے دریافت کیا۔ انہوں نے کہا وہ مجنونہ ہے ہماری بکریاں چراتی ہے۔ انہوں نے پتہ پوچھا لوگوں نے بتا دیا یہ وہاں گئے تو دیکھا کہ نماز پڑھ رہی ہے اور سامنے ایک پانی کا برتن ہے اور بکریاں بھیڑیوں کے ساتھ ہیں نہ بکریوں کو بھیڑیئے کھاتے ہیں اور نہ بھیڑیوں سے بکریاں ڈرتی ہیں۔ جب میمونہ نے عبدالواحد کو دیکھا تو نماز میں اختصار کیا پھر کہا اے عبدالواحد واپس چلا جا ملاقات کی یہ جگہ نہیں بلکہ جنت ہے انہوں نے پوچھا تجھے کیسے پتہ چلا

Marfat.com

کہ میں عبدالواحد ہوں میمونہ نے کہا روحیں خدا کا جمع شدہ لشکر ہیں جن کا عالم ارواح میں تعارف ہوتا ہے وہ دنیا میں بھی ایک دوسرے کو جان لیتے ہیں۔

(حلیۃ الاولیاء، ج ۴، ص ۱۵۸)

یا صالحین جمع ہے صالح کی اور یہ لفظ صلاحیت سے بنا ہے یعنی قابلیت اب صالحین کا معنیٰ ہو گیا۔ خدا کے وہ برگزیدہ بندے جو قرب خداوندی کی صلاحیت و قابلیت رکھتے ہیں مثلاً:

ایک مرتبہ عبدالرحمٰن طفسونجی نے دوران وعظ اپنے بلند مرتبہ کا ذکر کیا وہاں حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مرید تھے جن کا نام ابوالحسن علی بن احمد تھا۔ اس نے اپنی گدڑی اتار پھینکی اور شیخ عبدالرحمٰن سے کہا آؤ میرے ساتھ مقابلہ کر لو۔ اس پر شیخ عبدالرحمٰن خاموش ہو گئے اور اپنے مریدین سے کہا اس شخص کا ہر بال عنایت الٰہیہ سے معمور ہے۔ پھر ان سے پوچھا تمہارا شیخ کون ہے اس نے جواب دیا شیخ عبدالقادر جیلانی اس پر شیخ عبدالرحمٰن نے کہا زمین پر تو میں نے ان کا ذکر سنا ہے مگر درکات قدرت میں جو چالیس سال سے میرا مقام ہے۔ شیخ عبدالقادر کو میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ پھر آپ نے چند مریدوں کو حکم دیا کہ بغداد جاؤ اور حضرت عبدالقادر سے پوچھو کہ میں چالیس سال سے مقام درکات قدرت میں ہوں مگر وہاں آپ کو کبھی دیکھا نہیں ادھر غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مریدوں سے کہا طفسونج جاؤ راستے میں تمہیں شیخ عبدالرحمٰن کے مرید ملیں گے انہیں واپس لے جانا اور شیخ کو میرا سلام کہنا اور کہنا کہ آپ درکات قدرت کے مقام میں ہیں جو اس مقام میں ہو وہ مقام الحضرت والے کو نہیں دیکھ سکتا اور جو مقام الحضرت میں ہو وہ مقام مخدع والے کو نہیں دیکھ سکتا۔

وَاَنَا فِی الْمَخْدَعِ اَدْخُلُ وَاَخْرُجُ مِنْ بَابِ السِّرِّ مِّنْ حَیْثُ لَا تَرَانِیْ۔

Marfat.com

اور میرا مقام مخدع ہے جہاں مخفی دروازے سے میرا آنا جانا ہوتا ہے مجھے آپ کیسے دیکھ سکتے ہیں۔

مزید تسلی کیلئے ایک نشانی بتاتا ہوں جس سے آپ کو میرے مرتبے کا اندازہ ہو جائے گا۔ آپ کو خلدی رات خلعت رضا عطا کی گئی اور فلاں رات بارہ اولیاء کرام کی موجودگی میں سبز رنگ کی منقش خلعت ولایت دی گئی یہ خلعتیں میرے ہاتھ سے آپ تک پہنچی تھیں۔ شیخ عبدالرحمٰن نے یہ یہ پیغام سنتے ہی کہا صَدَقَ الشَّیْخُ عَبْدُالْقَادِرُ سُلْطَانُ الْوَقْتَ۔ وقت کے سلطان شیخ عبدالقادر نے سچ فرمایا ہے۔

غوث قطب ارے اریے عاشق جان اگیرے ہو
جیہڑی منزل عاشق پہنچے اوتھے کوئی نہ پوندے پیرے ہو
عاشق وچہ وصال دے رہندے جناں لا مکان ڈیرے ہو
میں قربان تنہاں توں باہو جناں ذاتو ذات بسیرے ہو

❁❁❁

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# علاماتِ محبت

قُلْ اِنْ کَانَ آبَاءُکُمْ وَاَبْنَاءُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَاَزْوَاجُکُمْ وَ عَشِیْرَتُکُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَهَا وَمَسَاکِنُ تَرْضَوْنَهَا اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِہٖ فَتَرَبَّصُوْ حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ وَاللّٰہُ لَایَهْدِیْ الْقَوْمَ الْفَاسِقِیْنَ۔

ترجمہ: تم فرما دو اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا کنبہ اور تمہارا وہ مال جو تم کماتے ہو اور تمہارا کاروبار جس کے نقصان کا تمہیں اندیشہ ہے اور تمہارے مکانات جو تمہیں پسند ہیں اللہ اور اس کے رسول اور اللہ کے راستے میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ پیارے ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ کا امر (عذاب) آئے اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَ وَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (بخاری)

ترجمہ: تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اسے باپ اور بیٹے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ ﷺ مجھے سوائے میری جان کے ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی بھی مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ مجھے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز

Marfat.com

نہ جانے۔ عرض کی قسم ہے مجھے اس خدا کی جس نے آپ پر کتاب نازل کی ہے۔آپ مجھے میری جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا

اَلْاٰنَ یَا عُمَرُ اے عمر (رضی اللہ عنہ) اب تمہارا ایمان کامل ہوا ہے۔

(شفا شریف، ج ۲، ص ۱۵)

ایک اور حدیث میں یوں فرمایا ہے۔

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ نَفْسِہٖ وَاَھْلِیْ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ اَھْلِہٖ وَ عِتْرَتِیْ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ عِتْرَتِہٖ وَذُرِّیَّتِیْ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ ذُرِّیَّتِہٖ۔

(کنز العمال، ج ۱، ص ۳۴)

ترجمہ: تم میں سے کوئی بھی مومن نہیں جب تک میں اسے اس کی جان سے عزیز تر نہ ہو جاؤں میری اہل اسی کی اہل سے میری عزت اس کی عزت سے میری اولاد اس کی اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہو جائے۔

خدا کے ماننے والا مسلمان ہو نہیں سکتا
بجز حب نبی کامل ایماں ہو نہیں سکتا

ترجمہ: ایک آدمی حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ قیامت کب قائم ہو گی؟ فرمایا تو نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے۔ عرض کی میں نے اس کے لئے کوئی زیادہ نماز روزے اور صدقات سے تیاری نہیں کی بلکہ

وَلٰکِنِّیْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ۔ (بخاری)

میں خدا اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں فرمایا تو اس کے ساتھ ہے جو تجھے محبوب ہے۔

اب وہ علامات بیان کی جاتی ہیں جن سے رسول خدا ﷺ کی محبت کامل ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

## علامات نمبر 1

# اطاعت۔آیات قرآن

## آیت نمبر 1:

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ○

ترجمہ: ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسی واسطے کہ اللہ کے فرمانے سے اس کی اطاعت کی جائے۔

## آیت نمبر 2:

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور حاکموں کی اطاعت کرو۔

## آیت نمبر 3:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزاً عَظِيْمًا○

ترجمہ: جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ بڑی مراد کو پا گیا۔

## آیت نمبر 4:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيْقاً۔

ترجمہ: اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے وہ ان کے ساتھ ہو گا جن پر اللہ نے انعام کیا وہ نبی صدیق شہید اور صالح لوگ ہیں اور اچھی ہے ان کی رفاقت۔

## آیت نمبر 5:

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ○

Marfat.com

ترجمہ: اور جو دے رسول تم کو وہ لے لو اور جس سے منع کرے اس سے رک جاؤ

## احادیث

### حدیث نمبر 1:

مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ۔

(ابن ماجہ، ص ۲)

ترجمہ: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے خدا کا حکم نہ مانا۔

### حدیث نمبر 2:

کُلُّ اُمَّتِیْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ اِلَّامَنْ اَبٰی قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَنْ یَّاْبٰی قَالَ مَنْ اَطَاعَنِیْ دَخَلَ الْجَنَّۃَ وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ اَبٰی۔

ترجمہ: میری ساری امت جنت میں داخل ہو گی سوائے اس کے جس نے انکار کیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! انکار کون کرتا ہے۔ فرمایا جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہو گیا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے انکار کیا۔

محمدؐ کی محبت ہے سند آزاد ہونے کی
خدا کے دامن توحید میں آباد ہونے کی

### حدیث نمبر 3:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیند کی حالت میں چند فرشتے آئے فرشتوں نے کہا تمہارے ان صاحب کی ایک مثال ہے اس مثال کو بیان کرو۔ بعض فرشتوں نے کہا آپ تو سوئے ہوئے ہیں بعض

Marfat.com

نے کہا حضور اکرم ﷺ کی آنکھیں سوتی ہیں دل بیدار رہتا ہے۔

دل پاک بیدار اور چشم خفتہ
نرالا تھا عالم میں سونا تمہارا

فرشتوں نے کہا حضور اکرم ﷺ کی مثال اس آدمی جیسی ہے جس نے ایک مکان بنا کر اس میں عام دعوت کے لئے دسترخوان بچھایا اور کھانا چنا اور ایک بلانے والے کو بھیجا بس جس نے بلانے والے کا کہا مانا گھر میں داخل ہوا کھانا کھایا اور جس نے بلانے والے کا کہا نہ مانا نہ گھر میں داخل ہوا اور نہ دسترخوان سے کھایا پھر فرشتوں نے کہا اس کی تفسیر آپ کے لئے بیان کرو تا کہ حضور اکرم ﷺ اس کو سمجھ لیں کسی فرشتے نے کہا آپ تو سو رہے ہیں اور کسی نے کہا آپ کی آنکھ سوتی ہے اور دل بیدار رہتا ہے۔ تب فرشتوں نے بیان کیا کہ وہ مکان جنت ہے اور بلانے والے حضرت محمد ﷺ ہیں۔

فَمَنْ اَطَاعَ مُحَمَّدًا فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصٰى مُحَمَّدًا فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ

ترجمہ: پس جس نے حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے محمد ﷺ کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔

(مشکوٰۃ، ص ۲۱)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت اور جنت کی جملہ نعمتیں پیدا کرنے والا خدا ہے اور جنت کو آباد کرنے والے مصطفےٰ ﷺ ہیں۔

تعجب کی جا ہے کہ فردوس اعلیٰ
بنائے خدا اور بسائے محمدؐ
تماشہ تو دیکھو کہ دوزخ کی آتش
جلائے خدا اور بجھائے محمدؐ

Marfat.com

## حدیث نمبر 4:

محیصہ اور خویصہ دو بھائی تھے۔ محیصہ مسلمان ہو چکا تھا لیکن خویصہ ابھی مسلمان نہ ہوا تھا کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا تم میں سے جو کوئی کسی یہودی پر قابو پائے اسے قتل کر دے۔ ایک یہودی تاجر تھا جس کا نام ابن سنینہ تھا یہ ان دونوں بھائیوں کی امداد کیا کرتا تھا جس سے ان کی تنگیء معاش دور ہوتی تھی۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سن کر محیصہ نے اس یہودی کو قتل کر دیا۔ جب حویصہ کو پتہ چلا تو اس نے اپنے چھوٹے بھائی محیصہ کو مارنا شروع کیا اور کہا اے دشمن خدا تم نے اس محسن کو قتل کر دیا تھا جس کے مال سے تیرے پیٹ میں چربی پیدا ہوئی اس پر محیصہ نے کہا میں نے اس کے قتل کا حکم اس یہودی سے سنا ہے ہے کہ اگر وہ مجھے یہ حکم دیتا کہ میں تجھے قتل کر دوں تو میں یہ کام بھی کر گزرتا اس پر خویصہ نے محیصہ سے کہا اگر محمد (ﷺ) تجھے میرے قتل کا حکم کرتے تو کیا واقعی تو مجھے قتل کر ڈالتا۔ محیصہ نے کہا خدا کی قسم! واقعی میں ایسا کر ڈالتا۔ خویصہ نے کہا تعجب کی بات ہے کہ تیرا دین اس حد تک پہنچ گیا ہے پھر اسی دن خویصہ بھی مسلمان ہو گیا۔ (دلائل النبوۃ، ج ۲، ص ۲۰۰)

## حدیث نمبر 5:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ احزاب میں ایک رات آندھی اس قدر شدت سے آئی کہ نہ اس سے پہلے کبھی اتنی آئی او نہ اس کے بعد اندھیرا اس قدر تھا کہ اپنا ہاتھ بھی نظر نہ آتا تھا اور ہوا اتنی سخت تھی کہ اس کا شور بجلی کی طرح گرج رہا تھا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے لوگوں کے حالات کی تحقیق شروع کی اتنے میں آپ میرے پاس سے گزرے اس وقت میرے پاس نہ دشمن سے بچاؤ کے لئے کوئی ہتھیار تھا نہ سردی سے بچاؤ کے لئے کوئی کپڑا۔ صرف ایک چھوٹی سی

Marfat.com

چادر تھی جو میری بیوی کی تھی میں اس کو اوڑھے ہوئے زمین سے چمٹا بیٹھا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کون ہے؟ میں نے عرض کیا حذیفہ۔ مگر مجھ سے سردی کے مارے اٹھا نہ گیا اور شرم کے مارے زمین سے چمٹ گیا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اٹھ کھڑے ہو اور دشمن کے جتھے میں جا کر ان کی خبر لاؤ کہ کیا ہو رہا ہے میں اس وقت گھبراہٹ اور خوف کی وجہ سے خستہ حال تھا مگر تعمیل ارشاد کے لئے اٹھ کھڑا ہوا اور فوراً چلا گیا جب میں جانے لگا تو آپ ﷺ نے میرے لئے یہ دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ اَحْفِظْهُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ یَمِیْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَمِنْ تَحْتِهٖ وَمِنْ فَوْقِهٖ ○

ترجمہ: یا اللہ! اس کی حفاظت فرما سامنے سے پیچھے سے دائیں سے اور بائیں سے نیچے سے اور اوپر سے۔

حضور اکرم ﷺ کی اس دعا سے میرا خوف اور سردی دور ہو گئی۔ اور ہر قدم پر یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا میں گرم حمام میں چل رہا ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے چلتے وقت فرمایا تھا کہ وہاں کوئی چھیڑ چھاڑ نہ کرنا میں وہاں پہنچا تو دیکھا کہ آگ جل رہی ہے اور لوگ سینک رہے ہیں۔ اتنے میں آوازیں آنی شروع ہوئیں کہ واپس چلو واپس چلو ہوا کی تیزی کی وجہ سے چاروں طرف سے پتھر ان کے خیموں پر برس رہے تھے۔ خیموں کی رسیاں ٹوٹتی جاتی تھیں اور جانور ہلاک ہو رہے تھے۔ ابو سفیان جو اس وقت مشرکین کا سردار تھا آگ سینک رہا تھا میں نے چاہا کہ اس کو نمٹا تا چلوں لیکن نبی کریم ﷺ کا ارشاد یاد آ گیا کہ کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی۔ مشرکین کو شبہ ہو گیا کہ ہم میں کوئی جاسوس گھس آیا ہے انہوں نے کہا کہ آپس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ لو میں نے جلدی سے ایک آدمی کا ہاتھ پکڑ کر پوچھا تم کون ہو اس نے کہا میں فلاں ہوں۔ میں وہاں سے واپس ہوا راستے

Marfat.com

میں مجھے بیس سوار عمامے باندھے ملے۔ انہوں نے کہا اپنے آقا سے کہنا اللہ نے دشمنوں کا انتظام کر دیا ہے۔ بے فکر رہیں میں واپس پہنچا تو حضور اکرم ﷺ ایک چھوٹی سی چادر اوڑھے نماز پڑھ رہے تھے میں نے دشمنوں کے سارے حالات بیان کئے۔ حضور اکرم ﷺ نے مجھے اپنے پاؤں کے قریب لٹا لیا اور اپنی چادر کا کچھ حصہ مجھ پر ڈال دیا میں نے اپنے سینے کو حضور اکرم ﷺ کے قدموں کے تلوؤں سے چمٹا لیا۔ (درمنثور)

## حدیث نمبر 6:

حضرت ربیعہ بن ابو عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے دن حضور اکرم ﷺ منبر پر جلوہ فرما ہوئے تو فرمایا بیٹھ جاؤ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ ابھی مسجد سے باہر ہی تھے۔ آپ ﷺ نے جب نبی کریم ﷺ کا فرمان سنا تو وہیں مسجد کے باہر ہی بیٹھ گئے۔ جب حضور اکرم ﷺ کو اس بات کا علم ہوا تو عبداللہ بن رواحہ سے فرمایا: زَادَكَ اللّٰهُ طَاعَةً اللہ تیرے جذبہ اطاعت میں اضافہ فرمائے۔ (مصنف عبدالرزاق، ج ۳، ص ۲۱۱)

جو لوگ نبی کریم ﷺ کا حکم نہیں مانتے آپ کی اطاعت سے روگردانی کرتے ہیں ان کا انجام یہ ہوتا ہے کہ خدا فرماتا ہے:

## آیت نمبر 1:

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَ نُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا۔

ترجمہ: اور جو کوئی مخالفت کرے رسول کی جب کہ کھل چکی اس پر سیدھی راہ اور چلے سب مومنوں کے راستے کے خلاف تو ہم حوالہ کریں گے اس کو وہی طرف جو اس نے اختیار کی اور ڈالیں گے ہم اس کو دوزخ میں اور وہ بہت بری جگہ پہنچا۔

Marfat.com

## آیت نمبر 2:

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔

ترجمہ: وہ لوگ جو آپ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں کہیں انہیں فتنہ میں مبتلا نہ کر دیا جائے یا انہیں دردناک عذاب میں گرفتار کر دیا جائے۔

## آیت نمبر 3:

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

ترجمہ: بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل ہوئے جیسے ان سے پہلے لوگ ذلیل ہوئے تھے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ۔

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ سب ذلیل ہیں۔

# احادیث

## حدیث نمبر 1

ہشام بن حجیر سے روایت ہے کہ طاؤس عصر کی نماز کے بعد دوگانہ پڑھا کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عباس نے ان کو فرمایا کہ یہ دوگانہ ترک کر دو اس پر طاؤس نے کہا کہ ممانعت ان دو رکعتوں کی اس لئے ہے کہ کہیں لوگ غروب آفتاب تک نفل پڑھنے کا انہیں ذریعہ نہ بنائیں یہ سن کر حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ اب مجھے معلوم نہیں کہ تمہیں ان دو رکعتوں کے پڑھنے پر عذاب دیا جائے گا یا اجر

Marfat.com

ملے گا جب خدا کا ارشاد ہے:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ۔

ترجمہ: کسی مومن مرد اور مومنہ عورت کا یہ کام نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ فرما دیں تو اس کے بعد بھی ان کو کوئی اختیار باقی رہے۔

(المستدرک، ج ۱، ص ۱۱۰)

## حدیث نمبر 2:

علامہ بدر الدین عینی نے لکھا ہے کہ دو شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لئے حاضر خدمت ہوئے جو حق پر تھا۔ آپ نے اس کے حق میں فیصلہ کر دیا جس کے خلاف ہوا اس نے کہا میں اس پر راضی نہیں تو اس کے ساتھی نے کہا پھر تم کیا چاہتے ہو اس نے کہا ہم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس جائیں گے دونوں وہاں گئے جس کے حق میں فیصلہ ہوا تھا اس نے کہا جھگڑے کا فیصلہ کرانے ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ آپ نے میرے حق میں فیصلہ فرما دیا۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا فیصلہ وہی رہے گا جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس کے ساتھی نے اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور کہا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس چلو۔ وہاں گئے جس کے حق میں فیصلہ ہوا تھا اس نے کہا ہم نے مقدمہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا۔ آپ نے اس کے خلاف میرے حق میں فیصلہ دے دیا اس نے تسلیم نہیں کیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے پوچھا اس نے کہا ہاں اسی طرح ہوا ہے۔ یہ سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اندر گئے اور ننگی تلوار لے کر باہر آئے اور اس شخص کی گردن اڑا دی جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کو تسلیم نہیں کیا تھا۔

Marfat.com

خدا تعالیٰ نے یہ آیت اتاری:

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْنَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ۔

(عمدۃ القاری، ج٦، ص ١٨)

ترجمہ: تیرے رب کی قسم وہ لوگ مومن نہیں جب تک کہ اپنے جھگڑوں میں تجھے حاکم تسلیم نہ کرلیں۔

خدا تعالیٰ اپنی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت نہ کرنے والوں کا انجام یہاں فرماتا ہے کہ:

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَا اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَ۔

ترجمہ: جس دن وہ اوندھے منہ آگ میں ڈالے جائیں گے تو وہ کہیں گے کہ کاش ہم اللہ کی اطاعت کرتے اور رسول کی اطاعت کرتے۔

## علامت نمبر 2۔۔"اتباع"

### حدیث نمبر 1:

حضرت حفص بن عاصم فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم عبداللہ بن عمر کے ساتھ سفر میں تھے انہوں نے ہمیں نماز پڑھائی پھر ہم ان کے ساتھ چل دیئے وہ بھی چل پڑے اب انہوں نے منہ موڑ کر دیکھا تو لوگ نماز پڑھ رہے تھے۔آپ تعجب سے پوچھنے لگے یہ لوگ کیا کر رہے ہیں میں نے عرض کیا نفل پڑھ رہے ہیں۔فرمایا اگر مجھے نفل پڑھنا ہوتے تو (نماز قصر نہ کرتا) پوری پڑھتا اے میرے بردار زادے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا انہوں نے سفر میں دو رکعتوں سے زیادہ نماز نہیں پڑھی یہاں تک کہ وفات پا گئے پھر میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعتوں سے زیادہ نماز نہ پڑھی۔ پھر میں حضرت عمر

Marfat.com

فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعتوں سے زائد نماز نہ پڑھی۔ پھر میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا انہوں نے بھی دو رکعتوں سے زائد نماز نہ پڑھی یہاں تک کہ یہ سب حضرات وفات پا گئے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ○

ترجمہ: تمہارے لئے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں بہترین نمونہ ہے۔

(ابن ماجہ، ص ۷۵)

## حدیث نمبر 2:

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی ایک انگوٹھی بنوائی اور استعمال کے وقت اس کا نگینہ اندر رکھتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی انگوٹھیاں بنوالیں پھر آپ منبر پر تشریف لائے اور انگوٹھی اتار کر فرمایا میں اس انگوٹھی کو استعمال کیا کرتا تھا اور نگینہ اندر کی جانب رکھتا تھا پھر اسکو پھینک دیا اور فرمایا خدا کی قسم! اب کبھی بھی اس کو استعمال نہ کروں گا۔ لوگوں نے بھی انگوٹھیاں اتار دیں۔ (بخاری، ج ۲، ص ۹۸۴)

## حدیث نمبر 3:

حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے آپ نے اپنی نعلین مبارک اتار کر اپنے بائیں جانب رکھ دیں لوگوں نے جب یہ دیکھا تو انہوں نے بھی اپنے جوتے (آپ کی اتباع میں) اتار دیئے پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تو دریافت فرمایا تم نے اپنے جوتے کیوں اتار دیئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ہم نے آپ کو جوتے اتارتے دیکھا تو خود بھی اتار دیئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے خبر دی کہ ان میں کچھ آلائش لگی ہوئی ہے۔

(مسند امام احمد، ج ۳، ص ۲۰)

Marfat.com

## حدیث نمبر 4:

صلح حدیبیہ کے موقع پر جب قریش مکہ نے مسلمانوں کو حرم میں داخل ہونے سے روک دیا تو نبی کریم ﷺ نے ان کو احرام کھولنے کا حکم دیا بعض حضرات کو عمرہ کئے بغیر احرام کھولنے میں تردد ہوا یہ بات نبی کریم صل ﷺ پر گراں گزری۔آپ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے سارا واقعہ بیان کیا وہ چونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جذبہ اتباع رسول سے واقف تھیں انہوں نے کہا آپ خود نائی کو بلوا کر حلق کرالیں بس اب کیا تھا ادھر آپ نے حلق کرانا شروع کیا ادھر سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ کی اقتداء میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش شروع کر دی۔ حالت یہ ہوگئی کہ حلق کے لئے حجام نہیں ملتا تھا۔(مسند امام احمد، ج۴، ص۳۲۶)(سنن کبریٰ، ج۵، ۲۱۵)، (مصنف ابن ابی شیبہ، ج۱۴، ص۴۳۴)

## حدیث نمبر 5:

حضرت اسلم فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حجر اسود کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا سن لے خدا کی قسم میں جانتا ہوں تو پتھر ہے نہ کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے نہ نفع اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہ دیکھا ہوتا کہ تجھے بوسہ دے رہے ہیں تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا۔ اس کے بعد اسے بوسہ دیا پھر فرمایا کہ کعبہ کے تین چکروں میں اکڑ کر چلنے سے ہمیں کیا واسطہ یہ تو ہم لوگوں نے مشرکین کو دکھلانے کے لئے کیا تھا اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو ہلاک کر دیا اس کے بعد فرمایا مگر یہ ایسی چیز ہے جس کو سرکار دو عالم ﷺ نے کیا ہے لہذا اس کے ترک کرنے کو ہم اچھا نہیں سمجھتے۔(البدایہ والنہایہ، ج۵، ص۱۵۳)

Marfat.com

## حدیث نمبر 6:

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ عرفات میں تھا۔ کوچ کا وقت آیا میں نے ان کے ساتھ کوچ کیا وہ امام کے قریب آئے اس کے ساتھ ظہر اور عصر کی نماز پڑھی اس کے بعد ٹھہرے رہے میں اور میرے ساتھی بھی۔ جب امام نے کوچ کیا تو ہم سب نے بھی ان کے ساتھ کوچ کیا یہاں تک کہ جب عبداللہ بن عمر ایک تنگ راستے پر پہنچے جو دو پہاڑیوں کے درمیان تھا اونٹ بٹھایا ہم نے بھی اونٹ بٹھایا ہمارا خیال تھا کہ عبداللہ بن عمر نماز کا ارادہ کر رہے ہیں تب اس غلام نے جو ان کی اونٹنی پکڑے ہوئے تھا بتایا کہ یہ نماز کا ارادہ نہیں کر رہے۔ بات یہ ہے کہ یہاں پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ پہنچ کر قضائے حاجت فرمائی تھی یہ قضائے حاجت کے لئے ٹھہرے ہیں۔ (الترغیب والترہیب، ج ۱، ص ۴۷)

## حدیث نمبر 7:

حضرت امیہ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے پوچھا وطن میں اور حالت جنگ میں نماز کا طریقہ قرآن میں مذکور ہے لیکن سفر میں نماز (قصر کرنے کا) طریقہ قرآن میں نہیں ملتا۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف مبعوث فرمایا ہمیں کسی چیز کا علم نہیں تھا ہم وہی کرتے ہیں جو ہم نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے۔ (ابن ماجہ، ص ۷۴)

## حدیث نمبر 8:

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ یُدِیْرُ نَاقَتَہٗ فِیْ مَکَانٍ فَسُئِلَ فَقَالَ لَا اَدْرِیْ اِلَّا اَنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَفْعَلُہٗ فَفَعَلْتُہٗ ○ (نسیم الریاض، ج ۳، ص ۳۳۷)

Marfat.com

حضرت عبداللہ ایک مقام پر اونٹنی پر سوار ہو کر دائرہ بنا رہے تھے ان سے اس کی حکمت دریافت کی گئی انہوں نے کہا مجھے کچھ پتہ نہیں میں نے تو اس مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چکر لگاتے دیکھا ہے سو میں بھی چکر لگا رہا ہوں۔

## حدیث نمبر 9:

حضرت عبید بن جریج کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے پوچھا میں نے آپ کو چار کام ایسے کرتے دیکھا ہے جو آپ کے اصحاب میں سے اور کوئی نہیں کرتا۔ حضرت ابن عمر نے پوچھا وہ کیا کام ہیں انہوں نے کہا میں نے دیکھا کہ آپ کعبہ کے چار کونوں میں سے صرف دو کونوں کو مس کرتے ہیں۔ (حجر اسود اور رکن یمانی) اور میں نے آپ کو بغیر بالوں کی کھال کی جوتی پہنے دیکھا ہے اور میں نے آپ کو زرد رنگ کا خضاب لگاتے دیکھا ہے اور میں نے دیکھا کہ آپ مکہ میں تھے لوگوں نے چاند دیکھتے ہی احرام باندھ لیا اور آپ نے یوم الترویہ (آٹھ ذوالحجہ) سے پہلے احرام نہیں باندھا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ارکان کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف دو رکنوں (حجر اسود اور رکن یمانی) کو مس کرتے دیکھا ہے اور رہی بغیر بالوں کے کھال کی جوتی تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چمڑے کی جوتی پہنے دیکھا جس میں بال نہیں ہوتے اور آپ اسی میں وضو کرتے تو میں بھی ایسے چمڑے کی جوتی پہننا پسند کرتا ہوں اور رہا زرد رنگ کا خضاب تو اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو زرد خضاب کرتے دیکھا ہے تو مجھے بھی زرد خضاب لگانے سے محبت ہے۔ رہا آٹھ ذوالحجہ کو احرام باندھنا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی روز احرام باندھتے دیکھا ہے جب آپ کی اونٹنی آپ کو لے کر چلتی۔ (بخاری، ج ۱ ص ۲۸)

Marfat.com

## حدیث نمبر 10:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک سفر میں ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک نہر سے گزرنے کا اتفاق ہوا اس نہر میں بارش کا پانی تھا اور لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نہر کا پانی پی لو کسی نے بھی نہ پیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نہر کا پانی نوش فرمایا بعدازاں تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس نہر کا پانی پی لیا۔ (مسند امام احمد، ج ۳، ص ۲۱)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے دیوانے تھے جو کام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھتے فوراً وہ کام کرنا شروع کر دیتے وجہ اور حکمت دریافت نہ کرتے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے کئی مرتبہ اپنی سنت کی اہمیت کی وضاحت کے ساتھ بیان فرمائی ایک مرتبہ فرمایا:

مَنْ اَحْیَا سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ کَانَ مَعِیْ فِی الْجَنَّةِ○

ترجمہ: جس نے میری سنت کو زندہ کیا اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔

ایک جگہ فرمایا۔

مَنْ تَمَسَّکَ بِسُنَّتِیْ فِیْ عَهْدِ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةُ شَهِیْدٍ○

جس نے میری امت کے فساد کے دور میں میری سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھا اسے سو شہیدوں کے برابر اجر ملے گا۔ ایک اور مقام پر فرمایا عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ میری اور میرے خلفاء راشدین کی سنت کو لازم پکڑو۔

دونوں عالم میں تمہیں مقصود گر آرام ہے
ان کا دامن تھام لو جن کا محمدؐ نام ہے

Marfat.com

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ○

ترجمہ: تم فرما دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو یعنی میری سنت پر عمل کرو تم خدا کے محبوب بن جاؤ گے۔

پتہ چلا کہ جو نبی کریم ﷺ کی سنت پر عمل کرتا ہے اسے خدا کی طرف سے یہ انعام ملتا ہے کہ خدا اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہے اور خدا کا کسی سے محبت کرنا کوئی معمولی اعزاز نہیں وہ بندہ مومن بڑا خوش قسمت ہے جس کو خدا اپنا محبوب بنا لیتا ہے لہذا ہمیں چاہئے کہ ہر وقت نبی کریم ﷺ کی سنت کا خیال رکھیں کھانے، پینے، سونے، جاگنے، سفر و حضر میں آپ کی سنت پر عمل پیرا ہوں تا کہ اللہ کا محبوب رسول ہم سے راضی ہو جائے۔

اگر جنت میں جانے کا ارادہ ہو تمامی کا
گلے میں پہن لو کرتہ محمدؐ کی غلامی کا

## علامت نمبر 3۔ دیدار کا شوق

### حدیث نمبر 1:

ایک آدمی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آپ مجھے اپنے اہل و عیال اور مال سے زیادہ محبوب ہیں جب بھی آپ مجھے یاد آتے ہیں تو مجھے آپ کے دیدار کے بغیر چین نہیں آتا۔ یہاں آ کر آپ کے دیدار فیض آثار سے مشرف ہو جاتا ہوں۔ آج مجھے اپنی اور آپ کی وفات کا خیال آیا تو ذہن میں یہ بات گھر کر گئی کہ آپ ﷺ تو جنت میں انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ ہوں گے اور اگر میں خدا کے فضل سے جنت میں پہنچ بھی گیا تو آپ کو دیکھ نہ پاؤں گا۔ اس وقت خدا نے یہ آیت نازل کی۔

Marfat.com

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُوْلٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ أُوْلٰئِكَ رَفِيْقاً ○

ترجمہ: اور جو اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرتا ہے اسے ان لوگوں کی ہمراہی ملے گی جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا وہ نبی صدیق شہید اور نیک لوگ ہیں اور ان کی رفاقت اچھی ہے۔ (شفا شریف، ج ۲، ص ۱۶)

## حدیث نمبر 2:

احد کی لڑائی میں مسلمانوں کو اذیت بھی بہت ہوئی اور شہید بھی بہت ہوئے۔ جب مدینہ میں یہ وحشت اثر خبر پہنچی تو عورتیں پریشان ہو کر تحقیق حال کے لئے گھر سے نکل پڑیں۔ ایک انصاری عورت نے مجمع کو دیکھا تو بے تابانہ پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ کیسے ہیں اس مجمع میں کسی نے کہہ دیا کہ تمہارے والد کا انتقال ہو گیا ہے انہوں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا اور پھر بے قراری سے حضور اکرم ﷺ کی خبر دریافت کی۔ اتنے میں کسی نے خاوند کے انتقال کی خبر سنائی اور کسی نے بیٹے کی وفات کی خبر دی ایک آدمی نے بھائی کے انتقال کی خبر دی کہ یہ سب شہید ہو گئے ہیں مگر انہوں نے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ کیسے ہیں؟ لوگوں نے جواب دیا حضور اکرم ﷺ خیریت سے تشریف لا رہے ہیں اس کو اطمینان نہ ہوا کہنے لگی مجھے بتاؤ وہ کہاں ہیں؟ لوگوں نے اشارہ کر کے بتایا کہ اس مجمع میں ہیں یہ دوڑی ہوئی گئی اور اپنی آنکھوں کو حضور اکرم ﷺ کی زیارت سے ٹھنڈا کیا اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ! آپ کی زیارت ہو جانے کے بعد ہر مصیبت ہلکی اور معمولی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا پیرا پکڑ کر عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں جب آپ زندہ ہیں تو مجھے کسی کی ہلاکت کی پرواہ نہیں۔ (تاریخ الخمیس)

Marfat.com

محمدؐ ہے متاع عالم ایجاد سے پیارا
پدر مادر برادر جان و مال املاک سے پیارا

## حدیث نمبر 3:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں مجھ سے سب سے زیادہ محبت کرنے والے لوگ میرے بعد ہوں گے ان میں سے کسی ایک شخص کی یہ تمنا ہوگی کہ کاش اس کے تمام اہل اور مال کے بدلہ میں اس کو میری زیارت ہو جائے۔ (مسلم شریف، ج ۲، ص ۳۷۹)

شراب عشق احمد میں عجب پرکیف مستی ہے
کہ جاں دے کر اگر اک بوند مل جائے تو سستی ہے

نماز میں اصل یہ ہے کہ قیام کے وقت نگاہ سجدہ گاہ پر ہو رکوع میں پیروں پر اور قعدہ میں اپنی گود میں۔ لیکن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جب نماز کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے ہوتے تو ان کی نگاہیں صرف اور صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوتیں تھیں کیونکہ نماز کے آداب اپنی جگہ پر لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار وہ عبادت ہے کہ کائنات میں کسی عبادت کا یہ مرتبہ اور مقام نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَتٌ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا دیار عبادت ہے۔ اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ الْعَالِمِ عِبَادَۃٌ عالم کا دیدار کرنا عبادت ہے۔ اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ الْوَالِدَیْنِ عِبَادَۃٌ والدین کا دیدار کرنا عبادت ہے۔ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان امتیوں کا دیدار عبادت ہے تو پھر آپ کا دیدار کتنی بڑی عبادت ہو گی حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ نماز میں سلام پھیرتے وقت آپ کے رخ زیبا کی سفیدی دیکھتے تھے۔ حضرت خباب سے ابو معمر نے پوچھا کہ حضور ظہر اور عصر میں قرات کرتے تھے کہا ہاں کہا کیسے پتہ چلا فرمایا کہ ہم آپ کی ڈاڑھی مبارک

Marfat.com

ہلتی دیکھتے تھے۔ معلوم ہوا عین نماز میں حضور اکرم ﷺ کی طرف دیکھتے تھے۔

## حدیث نمبر 4:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرکار دو عالم ﷺ کے ایام علالت میں پیر کے دن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔ جب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین صف باندھے کھڑے تھے ناگاہ حضور اکرم ﷺ حجرہ سے باہر نکلے آپ نے پردہ اٹھایا اور ہمیں دیکھنے لگے جس وقت آپ کھڑے تھے آپ کا چہرہ ورق قرآن کی طرح لگتا تھا پھر آپ مسکرائے آپ کے چہرے کو دیکھ کر ہم اس قدر خوش ہوئے کہ خدشہ تھا کہ ہم نماز توڑ دیں۔ (بخاری، ج ۱، ص ۹۳)

اس حدیث پر غور فرمائیں کہ مسجد نبوی میں حضور اکرم ﷺ کا حجرہ قبلہ رخ کھڑے ہوں تو بائیں جانب ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین قبلہ رخ کھڑے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بجائے قبلہ کے آپ کی جانب دیکھ رہے ہیں کیونکہ وہ جانتے تھے کہ کعبہ صرف ظاہری قبلہ ہے حقیقی قبلہ تو آپ کی ذات ہے نیز ایک وجہ یہ بھی ہے کہ علامہ محمود آلوسی بغدادی نے تفسیر روح المعانی میں لکھا ہے۔ حضور سرور کائنات ﷺ کی ذات مقدمہ خدا کا قبلہ ہے کیونکہ قبلہ کا معنی ہے توجہ کا مرکز۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نماز کی حالت میں خدا کے قبلے کی طرف دیکھتے رہتے تھے کیونکہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اَلنَّظْرُ اِلَی الْکَعْبَۃِ عِبَادَۃٌ کعبہ کو دیکھنا عبادت ہے جب ظاہر قبلہ کو دیکھنا عبادت ہے تو خدا کے قبلہ کو دیکھنا کتنی بڑی عبادت ہوگی۔

## علامت نمبر 4۔ کثرت سے ذکر کرنا

محبت کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ نبی کریم ﷺ کا اکثر ذکر زبان پر جاری رہے حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا مَنْ اَحَبَّ شَیْئاً

Marfat.com

اَکْثَرَ ذِکْرَہٗ جو شخص کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا بکثرت ذکر کرتا ہے اللہ تعالیٰ حضور اکرم ﷺ کا محب ہے اس نے قرآن میں اکثر مقامات پر آپ کا ذکر کیا ہے اور فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ○

اللہ اور اس کے سارے فرشتے آپ پر درود بھیجتے ہیں۔ فرشتے آپ کے لئے خدا سے طلب رحمت کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ آپ پر رحمت نازل فرماتا ہے نیز خدا فرماتا ہے ورفعنالك ذكرك اور ہم نے آپ کے لئے آپ کا ذکر بلند کر دیا۔

دنیا میں کسی نہ کسی جگہ آفتاب غروب ہو رہا ہے اور جہاں آفتاب غروب ہو رہا ہے وہاں اذان میں اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھا جا رہا ہے اسی طرح دنیا میں ہر وقت کسی نہ کسی جگہ طلوع فجر کا وقت ہے اور فجر کی اذان ہو رہی ہے اور بہ آواز بلند آپ کا نام پڑھا جا رہا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہر لمحہ روئے زمین پر آپ کا ذکر بلند ہو رہا ہے اور قیامت تک آپ کا ذکر بلند ہوتا رہے گا۔

آپ پر کثرت سے درود شریف پڑھنا آپ کی محبت کی علامت ہے کیونکہ اس میں آپ کا ذکر کثرت سے آتا ہے ابوبکر محمد بن عمر نے کہا میں ابوبکر بن مجاہد کے پاس بیٹھا ہوا تھا اچانک شبلی آ گئے تو ابوبکر بن مجاہد ان کے لئے کھڑے ہو گئے اور ان سے معانقہ کیا اور ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ میں نے کہا اے میرے سردار بغداد کے تمام لوگ تو شبلی کو دیوانہ کہتے ہیں اور آپ نے اس کی اس قدر تعظیم کی ہے انہوں نے کہا میں نے اس کے ساتھ وہی کیا جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو کرتے ہوئے دیکھا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے ایک دن خواب میں دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں شبلی آئے اور آپ کھڑے ہو گئے اور اس کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا میں نے عرض کی یا

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ شبلی کی اس قدر عزت افزائی فرما رہے ہیں آپ نے فرمایا یہ شخص ہر نماز کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس تم میں سے ایک شاندار رسول آئے ان پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے وہ تمہاری بھلائی بہت چاہنے والے ہیں اور مومنوں پر مہربان اور رحم کرنے والے ہیں۔

اس آیت کی تلاوت کے بعد تین مرتبہ اس طرح درود شریف پڑھتا ہے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ پھر جب میرے پاس شبلی آئے تو میں نے ان سے پوچھا کہ آپ ہر نماز کے بعد کیا پڑھتے ہیں تو انہوں نے اسی طرح بیان کیا۔

(جلاء الافہام، ص ۲۵۷) (القول البدیع، ص ۱۷۳)

حضرت عبداللہ بن عمر کا پاؤں سن ہو گیا ان سے ایک آدمی نے کہا

اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ فَانْتَشَرَتْ ○

اس کو یاد کرو جس سے تمہیں محبت ہے انہوں نے یا محمد کہا تو ان کا پاؤں درست ہو گیا۔

(القول البدیع، ص ۲۲۵) (الادب المفرد، ص ۱۴۲، شفا شریف، ج ۱، ص ۱۸)

ہم عشق نبی میں ہجر کے دن اس طرح گزارہ کرتے ہیں
منہ کر کے مدینے کی جانب آقا کو پکارا کرتے ہیں

جب حضرت آدم علیہ السلام کی وفات قریب ہوئی تو آپ نے اپنے بیٹے حضرت شیث علیہ السلام کو وصیت کی۔ جب بھی تم خدا کا ذکر کرو تو ساتھ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بھی ضرور کرنا اس لئے کہ میں نے ان کا نام ساق عرش پر لکھا دیکھا

Marfat.com

اور میں اس وقت روح اور مٹی کی درمیانی منزل میں تھا پھر مجھے سیر کرائی گئی میں نے ہر آسمان پر آپ کا نام لکھا دیکھا اور جنت کے تمام محلات پر اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا دیکھا جنتی چوباروں حوروں کے سینوں پر اور شجر طوبیٰ کے پتوں پر اور سدرہ کے پتوں پر اور فرشتوں کی آنکھوں میں آپ کا نام لکھا دیکھا لہذا اکثر ان کا ذکر کرنا کیونکہ ملائکہ ہر وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہیں۔ (فتاویٰ حدیثیہ، ص ۱۵۶)

حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ ایک صبح ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ کے ایک چوک میں کھڑے تھے کہ ہمیں ایک اعرابی دکھائی دیا جس نے اونٹ کی مہار پکڑی ہوئی ہے وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر کھڑا ہو گیا اور ہم صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اردگرد کھڑے ہو گئے اس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان الفاظ میں سلام کیا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ اتنے میں ایک اور آدمی آیا۔ اس نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس اعرابی نے اونٹ چوری کیا ہے اس پر اونٹ بولنے لگا اور آپ اس کی بات سننے کے لئے خاموش ہو گئے۔ جب آپ نے اونٹ کی بات سن لی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی سے فرمایا یہ اونٹ تیرے جھوٹا ہونے کی گواہی دے رہا ہے لہذا تم چلے جاؤ۔ یہاں سے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس اعرابی کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا جب تو میری طرف آیا تھا تو تو نے زبان سے کیا کہا تھا عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں میں نے یہ دعا مانگی تھی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا تَبْقٰى صَلَاةٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا تَبْقٰى بَرَكَةٌ اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى سَلَامٌ اَللّٰهُمَّ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتّٰى لَا تَبْقٰى رَحْمَةٌ ○

Marfat.com

آپ نے فرمایا یہی وجہ ہے کہ اونٹ نے بول کر تیری طرف سے عذر خواہی کی اور اس درود وسلام پر اتنے فرشتے آگئے تھے کہ افق کے کنارے بھر گئے تھے۔ (طبرانی کبیر، ج ۵، ص ۱۴۱)

## علامت نمبر 5۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کے دشمنوں سے دشمنی رکھی جائے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ○

ترجمہ: جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں آپ ان کو اللہ اور ان کے رسول کے ساتھ عداوت رکھنے والوں کے ساتھ محبت والا نہ پائیں گے خواہ وہ ان کے باپ ہوں یا بیٹے یا بھائی یا قریبی رشتہ دار

### حدیث نمبر 1:

علامہ محمود آلوسی بغدادی نے لکھا ہے کہ غزوہ بنو عبد المصطلق میں رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے ایک گستاخانہ کلمہ کہا جس کا قرآن میں ذکر ہے۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ○

ترجمہ: (منافقین) کہتے ہیں اگر اب ہم مدینہ کی طرف لوٹ کر گئے تو ضرور وہاں سے عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا۔

عبداللہ بن ابی کا بیٹا حضرت عبداللہ مخلص مومن اور صحابی تھا ان کو جب یہ علم ہوا کہ عبداللہ بن ابی نے یہ گستاخانہ کلمہ کہا ہے تو انہوں نے مدینہ کے قریب پہنچ کر اپنے باپ پر تلوار سونت لی اور کہا خدا کی قسم میں تلوار کو اس وقت تک میان میں نہ ڈالوں گا جب تک تم یہ نہ کہو گے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عزت والے ہیں اور

Marfat.com

میں ذلت والا ہوں اور جب تک عبداللہ بن ابی نے یہ نہیں کہا اس نے چھوڑا نہیں اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اس نے کہا میں تمہیں مدینہ میں داخل نہ ہونے دوں گا جب تک تم رسول اللہ ﷺ سے مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت حاصل نہیں کرو گے تاکہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ عزت والا کون ہے اور ذلت والا کون ہے اس عبداللہ بن ابی نے رسول پاک ﷺ سے اجازت حاصل کی تب وہ مدینہ میں داخل ہوا۔

جب عبداللہ بن ابی نے یہ گستاخانہ کلمہ کہا تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کی آپ مجھے اجازت دیں میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا چھوڑ دو لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد ﷺ اپنے اصحاب کو قتل کر رہے ہیں۔ (تفسیر روح المعانی، ج ۲۸، ص ۱۱۵)

ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ جنگ بدر میں حضرت ابو عبیدہ نے اپنے باپ کو قتل کر دیا۔ حضرت مصعب بن عمیر نے اپنے بھائی کو قتل کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص کو قتل کیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے کئی رشتہ داروں کو قتل کیا۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مقابلے کے لئے اپنے بیٹے کو للکارا۔

(شرح شفاء، ج ۳، ص ۳۶۸)

## حدیث نمبر 2:

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کعب بن اشرف کو قتل کرنے کے لئے کون تیار ہے۔ فانہ قد آذی اللہ ورسولہ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دی ہے۔ حضرت محمد بن مسلمہ کھڑے ہو گئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ! کیا آپ پسند کرتے ہیں کہ میں اسے قتل کر ڈالوں فرمایا ہاں عرض کی مجھے اجازت دیں کہ میں اس کے ساتھ ہیرا پھیری کی بات کروں۔ آپ نے فرمایا ہاں اجازت ہے محمد بن مسلمہ کعب کے

Marfat.com

پاس آئے اور اس سے کہنے لگے اس مرد یعنی حضور نے ہم سے صدقہ طلب کیا ہے اور ہمیں مشقت میں ڈال دیا اور میں تیرے پاس قرض مانگنے آیا ہوں۔ کعب نے کہا اللہ کی قسم تم اس سے اور بھی ملال میں پڑو گے محمد نے کہا چونکہ ہم ان کی اتباع کر چکے ہیں لہذا ہم سے نہیں چاہتے کہ ان کو چھوڑ دیں جب تک دیکھیں اس کا انجام کیا ہوتا ہے۔ محمد نے کہا میں نے ارادہ کیا ہے کہ تو مجھے قرض دے کعب نے کہا کہ گروی کیا رکھو گے۔ انہوں نے کہا تیرا کیا ارادہ ہے کعب نے کہا تم اپنی عورتیں میرے ہاں گروی رکھو۔ انہوں نے جواب دیا تو تمام اہل عرب سے زیادہ حسین و جمیل ہے کیا تیرے ہاں اپنی عورتیں گروی رکھیں۔ کعب نے کہا کہ اپنی اولاد میرے ہاں گروی رکھ دو محمد نے جواب دیا ہمارے بیٹوں کو طعنہ دیا جائے گا کہ فلاں کچھ کھجوروں کے بدلے گروی رکھا گیا تھا تو یہ ہم پر عار ہے ہاں ہم تیرے ہاں ہتھیار گروی رکھیں گے۔ کعب نے کہا اچھا ٹھیک ہے پھر اس سے عہد باندھا کہ وہ اس کے پاس حارث ابو عبس اور عباد بن بشر کو بھی لے کے آئے گا چنانچہ یہ سب رات کو کعب کے پاس پہنچے اور اس کو بلایا وہ ان کی طرف اترا۔ کعب کی بیوی نے کہا میں ایسی آوازیں سنتی ہوں گویا کہ وہ خون بہانے والے کی آواز ہے۔ کعب نے جواب دیا یہ تو محمد بن مسلمہ اور اس کا دودھ شریک بھائی ابو نائلہ ہے بے شک کریم کو اگر رات کے وقت نیزے کی ضرب کے لئے بھی بلایا جائے تو وہ جواب دے گا۔ محمد نے اپنے ساتھیوں سے کہا جب وہ آئے گا میں اپنا ہاتھ اس کے سر کی طرف بڑھاؤں گا پھر جب میں اس پر قابو پالوں تو تم ہوشیاری سے اپنی تلواروں سے اسے قتل کر دینا کعب اس حال میں اترا کہ اس نے کپڑا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالا ہوا تھا انہوں نے اسے کہا تجھ سے خوشبو آرہی ہے کہنے لگا مستورات عرب سے زیادہ خوشبو والیاں میرے نیچے ہیں۔ محمد نے کہا مجھے اجازت دے کہ میں تیرے سر کو سونگھوں۔ اس نے کہا ہاں، محمد نے اپنے ساتھیوں کو بھی

Marfat.com

سونگھایا پھر اجازت لے کر دوبارہ سونگھا اور اس پر قابو پا لیا ساتھیوں سے کہا اسے قتل کر دو انہوں نے اسے قتل کر دیا پھر حضور اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہو کر سارے واقعہ کی خبر دی۔ (بخاری، ج ۲، ص ۵۷۶، مسلم شریف، ج ۲، ص ۱۱۰)

## حدیث نمبر 3:

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے ایک نابینا کی کنیز ام ولد تھی اور وہ حضور اکرم ﷺ کو سب وشتم کیا کرتی تھی۔ اندھے نے اسے روکا لیکن وہ باز نہ آئی۔ نابینا صحابی نے اسے جھڑکا وہ پھر بھی نہ رکی ایک رات وہ کنیز حضور کی شان میں بے ادبی کرنے لگی وہ نابینا ایک ہتھیار لے کر آیا اور اس عورت کے پیٹ میں رکھا اور خود اس کے اوپر چڑھ گیا اور اس طرح اس عورت کو قتل کر دیا۔ جب صبح ہوئی تو حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں یہ واقعہ پیش ہوا حضور اکرم ﷺ نے لوگوں کو جمع کیا اور فرمایا میں اس مرد کو قسم دیتا ہوں کہ وہ کھڑا ہو جائے جس نے یہ قتل کیا ہے۔ میرا اس پر حق ہے اس پر وہ نابینا صحابی کھڑا ہو گیا اور لوگوں کو پھاندتا ہوا اس حال میں آیا کہ وہ کانپ رہا تھا حتیٰ کہ حضور ﷺ کے آگے بیٹھ گیا۔ عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! اس کنیز کا میں مالک ہوں اور میں نے اس کا کام تمام کیا ہے وہ آپ ﷺ کو گالیاں دیتی تھی میں نے اسے روکا وہ نہ رکی میں نے اسے جھڑکا وہ باز نہ آئی اس سے میرے دو بیٹے ہیں موتیوں کی طرح اور وہ میری رفیقہ تھی۔ گزشتہ رات وہ آپ کی شان میں گستاخی کرنے لگی میں نے تلوار اس کے پیٹ پر رکھ دی اور خود اوپر چڑھ گیا۔ حتیٰ کہ میں نے اسے قتل کر دیا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے حاضرین مجلس خبردار تم گواہ ہو جاؤ اس عورت کا خون رائیگاں گیا۔

(ابوداؤد، ج ۲، ص ۳۴۳) (نسائی، ج ۲، ص ۱۵۱)

Marfat.com

## حدیث نمبر 4:

غزوۂ بدر کے بعد نبی کریم ﷺ نے اسیران بدر کے بارے میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مشورہ طلب فرمایا سب سے پہلے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے عرض کی یا رسول اللہ یہ آپ کی قوم کے لوگ ہیں ان میں سے بعض آپ کے عزیز و اقارب ہیں ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دیں شاید ان میں سے کوئی مسلمان ہو جائے اور اسلام کو تقویت پہنچے اس طرح ان کے فدیے سے بھی دین کو تقویت پہنچے گی۔

حضور ان قیدیان جنگ پر احسان فرمائیں
کہ شاید بعض ان میں سے کبھی ایمان لے آئیں

بعدازاں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ یہ اسلام کے دشمن ہیں انہوں نے آپ ﷺ کو جھٹلایا ہے۔ آپ کو آپ کے وطن مالوف سے نکالا ہے لہذا فدیہ لینے کی بجائے ان کو قتل کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو فدیہ سے بے نیاز کر دیا ہے۔ حضرت حمزہ عباس کو حضرت علی عقیل رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اور مجھے میرا رشتہ دار دیجئے میں اس کی گردن مار دوں۔

مناسب ہے کہ مسلم دین پر ہر چیز کو وارے
کہ ہر شخص اپنے رشتہ دار کو خود ہاتھ سے مارے

## علامت نمبر 6۔ صحابہ سے محبت کرنا:

نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کرنا بھی آپ کی محبت کی ایک علامت ہے۔

## حدیث نمبر 1:

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خدا

Marfat.com

تعالیٰ میرے صحابہ میں سے چار سے محبت کرتا تھا اور اس نے مجھے بھی حکم دیا ہے کہ میں ان سے محبت کروں صحابہ نے عرض کی وہ کون ہیں فرمایا علی المرتضٰی ابو ذر غفاری سلمان فارسی اور مقداد بن اسود۔ (مسند امام احمد، ج ۵، ص ۳۵۱)

## حدیث نمبر 2:

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

مَامِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِیْ یَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بَعَثَ قَائِدًا وَ نُوْرًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ○

ترجمہ: میرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے جو شخص جس زمین میں مرے گا وہاں سے اس حال میں اٹھایا جائے گا کہ وہ وہاں کے لوگوں کے لئے جنت کی طرف قائد ہوگا اور ان کے لئے نور ہوگا۔

## حدیث نمبر 3:

نبی پاک ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَرَضَ عَلَیْکُمْ حُبَّ اَبِیْ بَکْرٍ وَ عُمَرَ وَ عُثْمَانَ وَ عَلِیٍّ کَمَا فَرَضَ عَلَیْکُمُ الصَّلَاةَ وَالصِّیَامَ وَالْحَجَّ وَالزَّکٰوةَ فَمَنْ اَبْغَضَ وَاحِدًا مِنْهُمْ فَلَا صَلَاةَ وَلَا صِیَامَ لَهٗ وَلَا حَجَّ لَهٗ وَلَا زَکٰوةَ لَهٗ وَیَحْشُرُ یَوْمَ الْقِیَامَتِ مِنْ قَبْرِهٖ اِلَی النَّارَ ○

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ تم پر صدیق اکبر، حضرت عمر، حضرت عثمان، اور حضرت علی رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت فرض کر دی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے تم پر نماز روزہ حج اور زکوٰۃ فرض فرما دی جو ان چاروں میں سے کسی ایک سے بغض رکھے گا اس کی نماز روزہ حج اور زکوٰۃ قبول نہیں اور وہ قیامت کے دن قبر سے سیدھا دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا۔ (مسند الفردوس، ج ۱، ص ۱۰۱)

Marfat.com

## حدیث نمبر 4:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے جو ابو بکر رضی اللہ عنہ سے محبت کرتا ہے وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہو گا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کرتا ہے وہ آپ کے ساتھ ہو گا جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے محبت کرتا ہے وہ آپ کے ساتھ ہو گا جو میرے ساتھ محبت کرتا ہے وہ میرے ساتھ ہو گا جو ان چاروں سے محبت کرتا ہے تو یہ چاروں جنت کی طرف اس کے قائد ہوں گے۔

(کنز العمال، ج ۱۳، ص ۲۴۳)

## حدیث نمبر 5:

عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ قیامت کے دن کچھ لوگ خدا کی بارگاہ میں کھڑے کئے جائیں گے اللہ فرمائے گا فرشتو ان کو دوزخ کی طرف لے جاؤ۔ فرشتے ان کو جہنم کے قریب کر دیں گے اور مالک جہنم ان کو پکڑنے لگے گا اللہ تعالیٰ رحمت کے فرشتوں سے فرمائے گا ان کو واپس لے آؤ ان کو واپس لے آؤ وہ دیر تک خدا کی بارگاہ میں کھڑے رہیں گے۔ پھر اللہ فرمائے گا اے میرے بندو گناہوں کی بنا پر تمہیں دوزخ کی طرف لے جایا گیا اور اب میں نے تمہارے سارے گناہ اس لئے معاف کئے کہ تم ابو بکر اور عمر رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کرتے تھے۔ (کنز العمال، ج ۱۳، ص ۱۷)

## علامت نمبر 7۔ اہلبیت سے محبت

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلبیت سے محبت بھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی نشانی ہے ان سے محبت کرنے سے خدا کا نبی خوش ہو جاتا ہے چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 1:

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک ضرورت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ گھر سے اس حال میں آئے کہ آپ ایک چیز کے اندر لپٹے ہوئے تھے۔ جس سے میں ناواقف تھا جب میں آپ سے اپنی ضرورت عرض کر چکا اور اپنی حاجت سے فارغ ہو گیا تو میں نے پوچھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ! آپ کیا چیز لئے ہوئے ہیں۔ آپ نے اس چیز کو کھول دیا تو وہ امام حسن اور امام حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے جو آپ کی دونوں بغلوں میں تھے۔ پھر آپ نے فرمایا یہ دونوں میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ میں ان سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر اور جو شخص ان سے محبت کرے تو اس سے محبت کر۔ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۷۵)

## حدیث نمبر 2:

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امام حسن اور امام حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں جس شخص نے ان دونوں سے محبت کی میں اس سے محبت کرتا ہوں اور جس سے میں محبت کروں اس سے اللہ محبت کرتا ہے اور جس سے اللہ تعالیٰ محبت کرے خدا اس کو جنت نعیم میں داخل کرے گا اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اس نے اللہ تعالیٰ سے بغض رکھا اور جس نے اللہ سے بغض رکھا خدا اسے جہنم میں دائمی عذاب میں مبتلا کرے گا۔

(طبرانی کبیر، ج ۳، ص ۳۰)

## حدیث نمبر 3:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

قُلْ لَّا اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْراً اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی ○

ترجمہ: اے محبوب تم فرما دو میں تبلیغ پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا مگر یہ کہ میرے رشتہ داروں سے محبت کرو۔

صحابہ کرام رضوانِ اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی آپ کے رشتہ دار کون ہیں جن کی محبت ہم پر فرض ہے فرمایا وہ علی، فاطمہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ان کے دو بیٹے یعنی امام حسن اور امام حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں۔

(طبرانی کبیر، ج ۳، ص ۴۷)

## حدیث نمبر 4:

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا سے محبت کرو کہ وہ تمہیں اپنی نعمتوں سے پالتا ہے اور مجھ سے محبت کرو خدا کی محبت کی وجہ سے اور میری اہلبیت سے محبت کرو۔ میری محبت کی وجہ سے (طبرانی کبیر، ج ۳، ص ۴۶)

## حدیث نمبر 5:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم علیہ السلام نے حسن اور حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔

مَنْ اَحَبَّنِیْ وَاَحَبَّ ھٰذَیْنِ وَاَبَاھُمَا وَاُمَّھُمَا کَانَ مَعِیْ فِیْ دَرَجَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ○

ترجمہ: جس نے مجھ سے اور ان دونوں سے ان کے باپ اور ان کی والدہ سے محبت کی وہ قیامت کے دن میرے درجہ میں ہوگا۔ (ترمذی)

## حدیث نمبر 6:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں جب شہر مدائن فتح ہوا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مسجد میں

Marfat.com

چرمی فرش بچھا کر اس پر مال غنیمت جمع کیا سب سے پہلے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا اے امیر المومنین اللہ تعالیٰ نے جو ہمارا حق مقرر فرمایا ہے وہ عطا کرو۔ آپ نے ان کو ایک ہزار درہم عطا فرمائے۔ ان کے جانے کے فوراً بعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے ان کو بھی ایک ہزار درہم دیئے پھر ان کے جانے کے بعد ان کے اپنے صاحبزادے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ آئے ان کو پانچ سو درہم دیئے۔ انہوں نے عرض کی یا امیر المومنین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں میں جوان تھا اور آپ کے ساتھ رہ کر کافروں سے جہاد کرتا تھا۔ حسنین رضوان اللہ علیہم اجمعین اس وقت بچے تھے اور مدینہ کی گلیوں میں کھیلا کرتے تھے۔ آپ نے ان کو ہزار ہزار درہم دیئے ہیں اور مجھے پانچ سو درہم دیئے ہیں۔ آپ نے فرمایا بیٹا پہلے وہ مقام اور فضیلت حاصل کرو جو امامین کریمین کو حاصل ہے پھر ہزار درہم کا مطالبہ کرنا ان کے باپ علی المرتضیٰ ہیں ان کی ماں فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا ہیں نانا اللہ کا رسول نانی خدیجۃ الکبریٰ چچا جعفر طیار پھوپھی ام ہانی ماموں ابراہیم خالہ رقیہ ام کلثوم دختران پیغمبر اسلام یہ سن کر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے۔

اس واقعہ کی خبر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو پہنچی۔ انہوں نے فرمایا میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اہل جنت کے چراغ ہیں ان کے اس فرمانے کی خبر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہوئی وہ مسلمانوں کا ایک گروہ لے کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دروازے پر آئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ باہر تشریف لائے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اے علی رضی اللہ عنہ! تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا عمر رضی اللہ عنہ اہل جنت کا چراغ ہیں انہوں نے کہا ہاں میں نے آپ سے سنا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ حدیث لکھ کر اپنے ہاتھ سے لکھ کر عطا کریں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے لکھا۔

یہ وہ بات ہے جس کے ضامن ہوئے علی المرتضیٰ واسطے عمر بن خطاب

Marfat.com

کے کہ رسول خدا نے فرمایا ان سے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ان سے اللہ تعالیٰ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اہل جنت کے چراغ ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان لے لیا اور اپنی اولاد کو وصیت کی میری وفات کے بعد یہ میرے کفن میں رکھ دینا چنانچہ آپ کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے وہ فرمان آپ کے کفن میں رکھ دیا گیا۔

(الریاض النضرۃ، ج ۱، ص ۲۸۲)

اللہ اللہ نبی کا گھرانہ یہ گھرانہ وراء الوریٰ ہے
اس میں حسنین ہیں فاطمہ ہے اس گھرانے میں مشکل کشا ہے
کعبۂ عشق کا ہوں نمازی ان کی نظر عنایت پہ راضی
میری تربت پہ لکھ دینا کاتب پنج تن کا میں ادنیٰ گدا ہوں

## علامت نمبر 8۔ آپ کی امت سے محبت:

نبی کریم کی امت کے افراد سے محبت بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی علامت ہے آپ کی امت کو بڑے فضائل حاصل ہیں چند احادیث پیش خدمت ہیں۔

### حدیث نمبر 1:

جب قیامت کے دن اللہ ساری مخلوق کو جمع فرمائے گا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی وہ لمبا سجدہ کریں گے پھر ان سے کہا جائے گا اپنے سر کو اٹھاؤ میں نے تمہاری تعداد کے مطابق کافروں کو تمہارا فدیہ بنا کر ان کو دوزخ میں داخل کر دیا۔ (کنز العمال، ج ۱۲، ص ۱۵۸)

### حدیث نمبر 2:

اَهْلُ الْجَنَّةِ مِائَةٌ وَّعِشْرُوْنَ صَفًّا ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَالْاَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ ○

Marfat.com

ترجمہ: اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی اسی صفیں اس امۃ کی باقی چالیس صفیں تمام امتوں کی ہوں گی۔ (کنز العمال ج ۱۲، ص ۱۶۷)

## حدیث نمبر 3:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن ایک بڑی جماعت ظاہر ہو گی جن کے اعضاء چمک رہے ہوں گے ان کا نور مثل آفتاب ہو گا اور انہوں نے آسمان کے کناروں کو گھیر رکھا ہو گا ایک منادی ندا کرے گا اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُ آواز آئے گی ہر نبی امی ہے کہا جائے گا محمد ﷺ اور ان کی اُمت اور یہ جماعت بغیر حساب وعذاب داخل جنت ہو جائے گی۔ پھر ایک اور بڑی جماعت ظاہر ہو گی ان کا نور مثل چاند کے ہو گا اور ان کے اعضاء چمک رہے ہوں گے اور انہوں نے آسمان کے کناروں کو گھیر رکھا ہو گا ایک منادی پکارے گا اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُ آواز آئے گی ہر نبی امی ہے کہا جائے گا محمد رسول اللہ ﷺ اور ان کی امت یہ جماعت بھی بغیر حساب وعذاب جنت میں داخل ہو جائے گی پھر ایک اور بڑی جماعت ظاہر ہو گی جن کے اعضا چمک رہے ہوں گے ان کا نور بڑے ستارے کی مانند ہو گا ایک منادی ندا کرے گا اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُ آواز آئے گی ہر نبی امی ہے کہا جائے گا محمد ﷺ اور ان کے امتی پھر یہ جماعت بھی بغیر حساب اور عذاب کے جنت میں داخل ہو جائے گی پھر خدا تعالیٰ نزول اجلال فرمائے گا پھر میزان رکھا جائے گا اور مخلوق کا حساب ہو گا۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۱۷۳)

## حدیث نمبر 4:

حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا اس امت کا حشر قیامت کے دن تین اقسام پر ہو گا ایک قسم وہ ہو گی جو بغیر حساب داخل جنت ہو گی دوسری قسم وہ ہو گی جو آسان حساب کے بعد داخل جنت ہو گی اور تیسری قسم وہ ہو گی جن پر پہاڑوں کی

Marfat.com

طرح گناہوں کا بوجھ ہوگا اور وہ اس بوجھ کی وجہ سے دبے جا رہے ہوں گے وہ گھسٹتے ہوئے چلیں گے اللہ تعالیٰ علم ہونے کے باوجود فرشتوں سے پوچھے گا یہ کون ہیں وہ کہیں گے اے ہمارے رب یہ تیرے وہ بندے ہیں جو تیری عبادت کرتے تھے اور تیرا شریک نہ ٹھہراتے تھے اللہ فرمائے گا ان کے گناہ یہود و نصاریٰ پر لاد دو اور ان کو میری رحمت سے جنت میں داخل کر دو۔ (کنز العمال، ج ۱۲، ص ۱۶۹)

## حدیث نمبر 5:

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ کی مخلوق میں تین سو آدمی (اولیاء کرام) ایسے ہیں جن کے دل مثل قلب آدم علیہ السلام ہیں چالیس ایسے ہیں جن کے دل مثل قلب حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں سات ایسے ہیں جن کے دل مثل قلب حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں پانچ ایسے ہیں جن کے دل مثل قلب حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں اور تین ایسے ہیں جن کے دل مثل قلب حضرت میکائیل علیہ السلام ہیں اور ایک ایسا ہے جس کا دل مثل قلب حضرت اسرافیل علیہ السلام ہے جب ایک کا انتقال ہو جاتا ہے تو اس کی کمی تین میں سے پوری کی جاتی ہے اور جب تین میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی کمی پانچ میں سے پوری کی جاتی ہے اور اگر پانچ میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی کمی سات میں سے پوری کی جاتی ہے اور اگر سات میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی کمی چالیس میں سے پوری کی جاتی ہے اور چالیس میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی کمی تین سو میں سے پوری کی جاتی ہے اور اگر تین سو میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کی کمی عوام الناس سے پوری کی جاتی ہے انہیں کی برکت سے موت و حیات کا سلسلہ جاری ہے بارش برستی ہے سبزہ پیدا ہوتا ہے اور مصائب و آلام دور ہوتے ہیں۔ (کنز العمال، ج ۱۲، ص ۱۹۴)

Marfat.com

## حدیث نمبر 6:

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اَکرِمُوا العُلَمَاءَ فَاِنَّھُم وَرَثَۃُ الاَنبِیَاءِ فَمَن اَکرَمَھُم فَقَد اَکرَمَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ○

علماء کی عزت کرو یہ انبیاء کے وارث ہیں جس نے ان کی عزت کی اس نے اللہ اور رسول کی عزت کی۔ (مسند الفردوس)

اس امت کے اولیاء کرام علماء عظام صدیقین اور شہداء اور صلحا وہ مقدس ہستیاں ہیں جن کی زیارت عبادت ہے خدا اور رسول کی بارگاہ کے مقبول ہیں ان سے محبت کرنے والا خوش نصیب ہے ان کے فیوض و برکات سے بے شمار لوگ مستفید اور مستفیض ہو جاتے ہیں اتنے نیک لوگ کسی اور نبی کی امت میں نہیں یہ امت بے مثل ہے کیونکہ ان کا رسول بے مثل ہے۔

## علامت نمبر 9:

روزانہ قرآن کی تلاوت کرنا اور اس کے احکامات پر عمل کرنا بھی نبی کریم ﷺ کی محبت کی علامت ہے چند احادیث پیش خدمت ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

## حدیث نمبر 1:

اِذَا خَتَمَ الْعَبْدُ الْقُرْآنَ صَلّٰی عَلَیْہِ عِنْدَ خَتْمِہٖ سِتُّوْنَ اَلْفُ مَلَکٍ○

(کنز العمال، ج ۱، ص ۵۱۰)

ترجمہ: جب بندہ قرآن ختم کرتا ہے تو ساٹھ ہزار فرشتے اس کے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں۔

## حدیث نمبر 2:

صاحب قرآن جب قرآن ختم کرتا ہے تو اس کی ایک دعا خدا کی بارگاہ

Marfat.com

میں قبول ہوتی ہے اور اس کے لئے جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے جو اتنا بلند ہو گا کہ اس کی جڑ سے ایک کوا اڑنا شروع کرے تو بڑھاپے تک اس کی شاخ تک نہیں پہنچ سکتا۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۱۳)

## حدیث نمبر 3:

جو آدمی دن کے شروع میں قرآن ختم کرے تو شام تک فرشتے اس کے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں اور اگر دن کے آخری حصہ میں قرآن ختم کرے تو صبح تک فرشتے دعائے رحمت کرتے ہیں۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۱۴)

## حدیث نمبر 4:

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے جو قرآن اور میرے ذکر میں مشغول رہا اسے میں مانگنے والوں سے زیادہ دیتا ہوں اور اللہ کے کلام کی فضیلت تمام کلاموں پر ایسی ہے جیسے اللہ کی فضیلت تمام مخلوق پر۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۲۰)

## حدیث نمبر 5:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَحَفِظَهٗ فَاسْتَظْهَرَهٗ وَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهٗ فِیْ عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبَ النَّارَ ○

(کنز العمال، ج ۱، ص ۵۲۱)

جس نے قرآن پڑھا حفظ کیا اور یاد رکھا اور اس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام جانا اللہ اسے جنت میں داخل کرے گا اور اس کے گھر والوں میں سے دس ایسے آدمیوں پر اس کی شفاعت قبول فرمائے گا جن پر جہنم واجب ہو چکی ہو گی۔

## حدیث نمبر 6:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَعَمِلَ بِمَا فِیْهِ اُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ضَوْءُهٗ

Marfat.com

اَحْسَنَ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِیْ بُیُوْتِ الدُّنْیَا لَوْ کَانَ فِیْکُمْ فَمَا ظَنُّکُمْ بِالَّذِیْ عَمِلَ بِھٰذَا۔ (کنز العمال، ج۱، ص ۵۲۱)

جس نے قرآن پڑھا اور اس کے احکام پر عمل کیا اس کے والدین کو ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی آفتاب سے بہتر ہو گی اگر وہ آفتاب تمہارے گھروں میں۔ پس کیا خیال تمہارا اس کے متعلق جو خود عامل ہے۔

## حدیث نمبر 7:

اَفْضَلُ عِبَادَۃِ اُمَّتِیْ قِرَاءَۃُ الْقُرْآنَ نَظْرًا (کنزل العمال، ج۱، ص ۵۲۶)

ترجمہ: میری امت کی زیادہ فضیلت والی عبادت قرآن کو دیکھ کر پڑھنا ہے۔

## حدیث نمبر 8:

نبی کریم ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔

یَاعَلِیُّ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلِّمْہُ النَّاسَ فَاِنْ مِتَّ حَجَّتِ الْمَلَائِکَۃُ اِلٰی قَبْرِکَ کَمَا تَحُجُّ النَّاسُ اِلٰی بَیْتِ اللّٰہِ ○ (کنزل العمال، ج۱، ص ۵۳۱)

ترجمہ: اے علی (کرم اللہ وجہہ)! قرآن پڑھو اور لوگوں کو پڑھاؤ جب تمہاری وفات ہو گی فرشتے تمہاری قبر کا اس طرح حج کریں گے جس طرح کعبہ کا حج کرتے ہیں۔

## حدیث نمبر 9:

مَنْ تَلَا آیَۃً مِنْ کِتَابِ اللّٰہِ کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَمَنِ اسْتَمَعَ الْاٰیَۃَ مِنْ کِتَابِ اللّٰہِ کَتَبَتْ لَہٗ حَسَنَۃً مُضَاعِفَۃً ○ (کنز العمال، ج۱، ص ۵۳۴)

ترجمہ: جس نے کتاب اللہ سے ایک آیت کی تلاوت کی قیامت کے دن اس کے لئے نور ہو گا اور جس نے کتاب اللہ سے ایک آیت سنی اس کے لئے دگنی نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 10:

مَنْ قَرَاَ مِائَتَیْ آیَةً فِیْ کُلِّ یَوْمٍ نَظْرًا شَفَّعَ فِیْ سَبْعَةِ قُبُوْرٍ حَوْلَ قَبْرِہٖ
(کنز العمال، ج ۱، ص ۵۳۷)

ترجمہ: جو روزانہ دو سو آیات دیکھ کر پڑھے اس کی قبر کے اردگرد سات اہل قبور کے حق میں اس کی شفاعت قبول کی جائے گی۔

## حدیث نمبر 11:

مَنْ قَرَاَ اَلْفُ آیَةٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَتَبَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مَعَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِکَ رَفِیْقًا ○
(کنز العمال، ج ۱، ص ۵۳۷)

ترجمہ: جس نے فی سبیل اللہ ایک ہزار آیات تلاوت کیں اسے قیامت کے دن نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالحین کی ہمرائی میں لکھ دیا جائے گا اور ان کی رفاقت بہت اچھی ہے۔

## حدیث نمبر 12:

قرآن اپنے پڑھنے والے کے لئے بہترین شفیع ہے۔ قیامت کے دن قرآن کہے گا اے میرے رب اسے تاج کرامت سے مشرف فرما اسے عزت کا تاج پہنا دیا جائے گا پھر کہے گا یا اللہ اس میں زیادتی کر خدا اسے عزت کا لباس پہنا دے گا پھر کہے گا یا الٰہی زیادتی فرما اس سے اس طرح راضی ہو جا کہ اس کے بعد کوئی شے اس کو نقصان نہ دے (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۴۰)

## حدیث نمبر 13:

جو نماز میں کھڑے ہو کر قرآن پڑھے اسے ہر حرف کے بدلے سو نیکیاں

Marfat.com

ملتی ہیں جو نماز میں بیٹھ کر پڑھے اسے پچاس نیکیاں ملتی ہیں اور جو نماز کے علاوہ پڑھے اسے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۴۱)

## حدیث نمبر 14:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے معاذ اگر تو سعادت کی زندگی بسر کرنا چاہتا ہے اور شہادت کی موت چاہتا ہے حشر کے دن نجات، خوف کے دن امن، تاریکی کے دن روشنی، گرمی کے دن سایہ، پیاس کے دن سیرابی، قیامت کے دن اپنا میزان بھاری اور گمراہی کے دن ہدایت چاہتا ہے۔

فَاَدْرِسُ الْقُرْآنَ فَاِنَّهٗ ذِكْرُ الرَّحْمٰنِ وَحِرْزٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ وَرُجْحَانٌ فِي الْمِيْزَانِ ○

ترجمہ: قرآن پڑھو یہ رحمٰن کا ذکر ہے شیطان سے بچاتا ہے اور میزان کو بھاری کرتا ہے۔ (کنز العمال، ج ۱، ص ۵۴۵)

## حدیث نمبر 15:

مومنوں کے گھر عرش کی طرف چراغ کی مانند ہیں اور ساتوں آسمان کے مقرب فرشتے ان کو پہچانتے ہیں اور کہتے ہیں هٰذَا النُّوْرُ مِنْ بُيُوْتَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّتِيْ يُتْلٰى فِيْهَا الْقُرْآنَ ○ (ج ۱، ص ۵۵۴)

ترجمہ: یہ روشنی مومنوں کے ان گھروں کی ہے جن میں قرآن پڑھا جاتا ہے۔

ان احادیث کے پڑھنے سے آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ قرآن کی تلاوت کے کس قدر فائدے ہیں لیکن لوگوں کی اکثریت غفلت کا شکار ہے وہ دن رات دنیا کمانے کی فکر میں رہتے ہیں اور اس کے لئے ہر جائز اور ناجائز طریقہ استعمال کرتے ہیں۔ آخرت کی فکر بہت کم لوگوں کو ہے قرآن میں دین و دنیا کی کامیابی کا راز مضمر ہے لیکن ہم روزانہ اخبار تو پڑھ لیتے ہیں ٹی۔ وی پر خبروں کا

Marfat.com

پروگرام تو دیکھ لیتے ہیں مگر یہ کبھی کسی کے حاشیہ خیال میں بھی نہیں کہ ہمارے دن کی ابتداء قرآن کی تلاوت سے ہونی چاہیے۔ قرآن کی تلاوت تمام دنیاوی تفکرات کا علاج ہے سکون واطمینان کا ذریعہ ہے۔ معاشی بدحالی کا مداوا ہے ذرا ماضی کے آئینے میں جھانک کر دیکھو جن خوش نصیب لوگوں نے قرآن کو پڑھا، سمجھا اور اس کے احکامات کی پابندی کی دنیا کے ہر میدان میں کامیابی نے ان کے قدم چومے اور آج ہم نے قرآن سے منہ موڑ لیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کفار، یہود، ہنود مسلمانوں کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھتے ہیں۔

وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر
ہم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر

خدا تعالیٰ مسلمانوں کو توفیق عطا فرمائے کہ وہ قرآن کو پڑھیں سمجھیں اور اس کے رہنما اصولوں کے مطابق زندگی بسر کریں۔

## علامت نمبر 10۔ رسول خدا کی تعظیم وتوقیر کرنا:

رسول اللہ ﷺ کی تعظیم و توقیر بھی آپ سے محبت کی علامت ہے۔ قرآن کے انداز بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان کے بعد نبی کریم ﷺ کی تعظیم کا حکم دیا گیا ہے چند آیات ملاحظہ فرمائیں۔

### آیت نمبر 1:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ○

ترجمہ: تاکہ تم لوگ ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر اور تعظیم وتوقیر کرو رسول اللہ ﷺ کی۔

Marfat.com

## آیت نمبر 2:

فَالَّذِيْنَ آمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوْا النُّوْرَ الَّذِيْ اُنْزِلَ مَعَهٗ اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے ان پر اور ان کی تعظیم کی اور ان کی مدد کی اور پیروی کی اس نور کی جو ان کے ساتھ اتارا گیا یہی لوگ نجات یافتہ ہیں۔

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ نبی کریم ﷺ کی تعظیم و توقیر کے بغیر نجات ممکن نہیں۔

## آیت نمبر 3:

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ .....الخ

ترجمہ: اے ایمان والو! نبی کریم ﷺ کی آواز سے اپنی آوازوں کو اونچا نہ کرو۔

اس آیت میں ادب سکھایا گیا کہ اپنی آوازوں کو نبی کی آواز سے اونچا نہ کرو ورنہ تمہارے عمل ضائع ہو جائیں گے۔

## آیت نمبر 4:

وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ ○

ترجمہ: اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان کی تعظیم کرو۔

## آیت نمبر 5:

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ○

ترجمہ: اے ایمان والو! پیش دستی نہ کرو اللہ اور اس کے رسول کے روبرو اور اللہ سے ڈرو۔

مقصود اس آیت سے یہ ہے کہ مسلمانوں کو ادب سکھایا جائے کہ کسی قول

Marfat.com

وفعل میں رسول خدا سے پہل نہ کریں۔

## آیت نمبر 6:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

ترجمہ: اے ایمان والو! راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور اکرم ﷺ ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سنو اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نبی کریم ﷺ کی مجلس میں بیٹھ کر آپ ﷺ کا وعظ سنا کرتے جب کوئی بات اچھی طرح سمجھ میں نہ آتی تو عرض کرتے راعنا یعنی ہماری رعایت کیجئے اور مکرر فرمایئے لیکن یہودی کہتے راعینا یعنی اے ہمارے چرواہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اس بات کو سمجھ گئے اور ان گستاخوں سے کہنے لگے اے دشمنان خدا اب اگر میں نے تم سے یہ لفظ سنا تو بخدا میں تم کو قتل کر دوں گا وہ بولے تم خود بھی تو یہی کہتے ہو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی جس کے معنے ہیں کہ اے مسلمانو! تم یہ لفظ راعنا چھوڑ دو اور اس کی جگہ انظرنا کہا کرو اور اول ہی سے غور سے سنا کرو تا کہ تمہیں مکرر کہنے کی ضرورت نہ ہو اور یہودی جو بری نیت سے اور گستاخی کی غرض سے راعینا کہتے ہیں وہ کافر ہیں ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کے نزدیک نبی کریم ﷺ کی تعظیم کو ملحوظ خاطر نہ رکھنے والا گستاخ واجب القتل ہے۔ اس آیت میں بھی پہلے ایمان کا ذکر ہوا بعد میں نبی کی بارگاہ کا ادب واحترام سکھایا گیا۔

حضور سرور کائنات اعظم شعائر اللہ ہیں اور خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ○

ترجمہ: جو اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتا ہے تو یہ دلوں کا تقویٰ ہے۔

Marfat.com

## حدیث:

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک بار میں مسجد نبوی میں کھڑا تھا کسی نے مجھے کنکری ماری میں نے دیکھا تو وہ عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب تھے انہوں نے کہا جاؤ ان دو آدمیوں کو لے آؤ۔ جب میں ان دونوں کو آپ کے پاس لے گیا تو پوچھا تم کون ہو انہوں نے کہا ہم طائف کے رہنے والے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تم اس شہر کے رہنے والے ہوتے تو میں تمہیں سزا دیتا اس لئے کہ تم مسجد نبوی میں آواز بلند کرتے ہو۔ (بخاری)

اس حدیث سے پتہ چلا کہ مسجد نبوی میں بلند آواز سے بات کرنا بے ادبی ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کو کنکری مار کر اپنی طرف متوجہ کیا۔ آواز نہیں دی اس لئے کہ وہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحیات ابدی تشریف رکھتے ہیں۔ اندازہ لگایئے کہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کتنا ادب واحترام کرتے ہیں۔

ادب نبی تھیں تو مومن ہوویں بے ادب سدون کمینے
بے ادباں دی بخشش ناہیں توڑے مرن او وچہ مدینے

جب ملائکہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا اور شیطان نے انکار کر دیا شیطان تھا ناری رہتا تھا نوریوں میں، تھا دوزخی رہتا تھا جنتیوں میں تھا مردود رہتا تھا مقبولوں میں اس کا ناری دوزخی اور مردود ہونا اس وقت معلوم ہوا جب اس نے نبی کی تعظیم کا انکار کیا۔ اب یہاں سے دو گروہ شروع ہو گئے ایک گروہ مقبولوں کا جنہوں نے نبی کی تعظیم کی دوسرا گروہ مردود شیطان کا جس نے نبی کی تعظیم کا انکار کیا نتیجہ یہ نکلا جو نبی کی تعظیم کرے وہ مقبول اور جنتی اور جو نبی کی تعظیم وتوقیر نہ کرے وہ مردود اور دوزخی ہے۔ ہمیں چاہئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب واحترام ملحوظ خاطر رکھیں اور آپ کی بے ادبی کرنے والے شیطانوں سے دور رہیں یہی ایمان کا تقاضا ہے۔

Marfat.com

## علامت نمبر 11۔تبرکات کا ادب واحترام:

نبی کریم ﷺ کے تبرکات کا ادب واحترام بھی نبی کریم ﷺ سے محبت کی ایک علامت ہے چند احادیث سنئے۔

### حدیث نمبر 1:

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں ایک عورت ایک چادر لے کر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! یہ چادر میں نے اپنے ہاتھوں سے بنی ہے اور آپ کے لئے لائی ہوں۔آپ ﷺ نے قبول فرمائی پھر اسے بطور تہبند باندھ کر ہماری طرف تشریف لائے۔صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے ایک نے دیکھ کر عرض کی کیا ہی اچھی چادر ہے یا رسول اللہ ﷺ یہ مجھے پہنا دیجئے۔حضورؐ اکرم ﷺ نے فرمایا بہت اچھا۔چنانچہ کچھ دیر کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مجلس سے اٹھ کر چلے گئے پھر واپس آئے تو چادر لپٹی ہوئی آپ کے پاس تھی وہ آپ نے اس سائل صحابی کے پاس بھیج دی۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس سے کہا کہ تو نے چادر کا سوال کر کے اچھا نہیں کیا حالانکہ تجھے معلوم ہے کہ آپ کسی کا سوال رد نہیں فرماتے اور اس وقت حضور اکرم ﷺ کو اس کی ضرورت تھی۔اس آدمی نے کہا:

وَاللّٰهِ مَا سَاَلْتُهَا اِلَّا لِتَكُوْنَ كَفَنِيْ يَوْمَ اَمُوْتُ ○

(بخاری، ج۱، ص۲۲۱)

ترجمہ: خدا کی قسم! میں نے یہ سوال اس لئے کیا ہے کہ جب میری وفات ہوگی تو اس کو بطور کفن لوں گا۔

حضرت سہل فرماتے ہیں وہی چادر اس کا کفن بنی۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 2:

علامہ جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر کے پاس حضور نبی کریم ﷺ کے کچھ موئے مبارک اور کچھ ناخن کے تراشے تھے جب ان کی وفات قریب ہوئی تو آپ نے وصیت فرمائی کہ یہ چیزیں میرے منہ اور آنکھوں پر رکھ دینا اور پھر میرا معاملہ ارحم الراحمین کے سپرد کر دینا۔ (تاریخ الخلفاء، ص ۱۵۲)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ ان تبرکات کو اپنے ساتھ اس لئے لے گئے کہ ان کی برکت سے خدا میری تقصیرات کو معاف فرما دے گا اور میری قبر میں خدا کی رحمت نازل ہو گی کیونکہ جہاں انبیاء علیہم السلام کے تبرکات ہوں وہاں خدا کی رحمت نازل ہوتی ہے چنانچہ خطیب بغدادی نے لکھا ہے کہ:

حضرت تمیم داری نے حضور ﷺ سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! میں نے روم کے شہر اطا کیہ میں جتنی بارش ہوتی دیکھی ہے اتنی کسی شہر میں نہیں دیکھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس شہر میں ایک غار میں تورات، عصائے موسیٰ علیہ السلام، الواح کے ٹکڑے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا دستر خوان موجود ہے۔ جب بادل ان تبرکات کے بالمقابل آتا ہے تو اپنی تمام برکات وہاں نازل کر دیتا ہے۔ (تاریخ بغداد، ج ۹، ص ۴۷۱)

لہٰذا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نبی کریم ﷺ کے تبرکات اس لئے قبر میں اپنے ساتھ لے جاتے تا کہ ان تبرکات کی برکات قبر میں نصیب ہوں۔

## حدیث نمبر 3:

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے مجھے خالد بن سفیان کو قتل کرنے کے لئے بھیجا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں اسے قتل کر کے واپس آیا۔ آپ نے مجھے ایک عصا مبارک عطا فرمایا اور ارشاد

Marfat.com

فرمایا اس کے ساتھ جنت میں چلے جانا وہ عصا حضرت عبداللہ کے پاس رہا جب ان کی وفات ہوئی تو ان کی وصیت کے مطابق وہ عصا ان کے کفن میں رکھ دیا گیا پھر ان کو دفن کر دیا گیا۔ (مجمع الزوائد، ج ٦، ص ٢٠٣)

## حدیث نمبر 4:

حضرت ابو عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ احمد بن فضلویہ بڑے زاہد اور غازی تھے اور بڑے تیر انداز تھے ان کے پاس ایک کمان تھی جس کو حضور اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک میں پکڑا تھا فرماتے ہیں۔

مَامَسَسْتُ الْقَوْسَ بِيَدِيْ اِلَّا عَلٰى طَهَارَةٍ مُنْذُ بَلَغَنِيْ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ اَخَذَا الْقَوْسَ بِيَدِهٖ۔ (شفا شریف، ج ٢، ص ٤٤)

ترجمہ: جب سے مجھ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس کمان کو ہاتھ میں لیا ہے میں نے اس کو بے وضو نہیں چھوا۔

اس عظیم الشان مجاہد کی عقیدت و محبت کا اندازہ کیجئے کہ اس کمان کو بغیر وضو ہاتھ نہیں لگاتے جس کو نبی کریم ﷺ کا ہاتھ لگ چکا تھا اسی ادب و احترام کا نتیجہ تھا کہ وہ اس فن میں مشہور اور نیک نام ہو گئے۔

شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے پاس حضور ﷺ کے کچھ تبرکات تھے انہوں نے ان کو ایک کمرے میں محفوظ رکھا تھا اور ہر روز ایک بار ان کی زیارت کیا کرتے تھے۔ اگر کوئی نیک اور شریک آدمی ان کے پاس آتا تو اس کو بھی ان کی زیارت کراتے تھے اور فرماتے تھے کہ میری میراث یہی ہے اللہ ان کی برکات سے تمہیں بھی عزت دے۔ کہتے ہیں کہ اس کمرے میں ایک چارپائی، چمڑے کا تکیہ جس میں خرما کی چھال بھری ہوئی تھی

Marfat.com

ایک جوڑہ موزہ، لحاف اور چکی اور ایک ترکش جس میں چند تیر تھے لحاف میں حضور علیہ السلام کے سر کی چکنائی کا اثر تھا ایک شخص کو سخت بیماری لاحق ہوگئی۔ جس سے شفا نہ ہوتی تھی حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خدمت میں التماس کی گئی تو آپ کی اجازت سے اس کی چکنائی میں سے کچھ دھو کر بیمار کی ناک میں ٹپکا دیا گیا وہ شفایاب ہوگیا۔ (مدارج النبوت)

## حدیث نمبر 5:

حضرت اسماء بنت صدیق اکبر رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پاس حضور نبی کریم ﷺ کا ایک جبہ تھا وہ فرماتی ہیں کہ اس جبہ کو حضور اکرم ﷺ پہنا کرتے تھے ہم اسے دھو کر بیماروں کو وہ پانی پلاتے ہیں تو ان کو شفا ہو جاتی ہے۔

(مسلم۔ ابن ماجہ)

الغرض نبی کریم ﷺ کے تبرکات کا ادب واحترام باعث سعادت ہے اور آپ کی محبت کی علامت ہے۔

❁❁❁

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# "بے مثل رسول" (حصہ اول)

قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰی اِلَیَّ اَنَّمَا اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ○

ترجمہ: تم فرما دو کہ ظاہری صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہے۔

مخلوق کی دو اقسام میں مکلف اور غیر مکلف، مکلف مخلوق غیر مکلف سے افضل ہے۔ مکلف مخلوق چار طرح کی ہیں۔ ملائکہ، انسان، جن اور شیطان اور باقی مخلوق غیر مکلف ہے۔

## ملائکہ:

ان کے اجسام ہوائی ہیں اور روحیں نورانی ہیں اس لئے یہ ہوا میں تیزی سے اڑتے ہیں ان میں عرش کو اٹھانے کی طاقت ہے اس لئے کہ ہوا چیزوں کو اٹھا لیتی ہے۔ یہ عالم سموات کے ساکن ہیں۔

## شیاطین:

یہ کافر ہیں خدا فرماتا ہے۔ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ ○ وہ یعنی شیطان کافروں میں سے تھا یہ انسان کے دشمن ہیں خدا فرماتا ہے:

وَکَذٰلِکَ جَعَلْنَا لِکُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا شَیٰطِیْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ ○

اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے دشمن بنائے انسان اور جن شیطان میں سے اور یہ ناری مخلوق ہے۔ ابلیس نے کہا تھا خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ تو نے مجھے آگ سے اور اسے مٹی سے پیدا فرمایا۔

Marfat.com

## جن:

ان میں سے بعض مومن اور بعض کافر ہیں۔

## انسان:

انسان کی ابتداء حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی ہے۔ یہ پہلے انسان، پہلے آدمی اور پہلے خلیفہ ہیں۔ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ انسان جن اور شیطانوں سے افضل ہیں اور جہاں تک انسانوں اور فرشتوں کا تعلق ہے اس کے بارے میں امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے ایک مخلوق وہ ہے جس کو خدا نے نہ عقل دی ہے نہ شہوت مثلاً نباتات اور دوسری مخلوق وہ ہے جس کو خدا نے شہوت تو دی ہے عقل نہیں مثلاً حیوانات اور تیسری مخلوق وہ جس کو خدا نے عقل دی ہے شہوت نہیں۔ مثلاً فرشتے اور چوتھی مخلوق ہے جس کو خدا نے عقل اور شہوت دونوں دی ہیں مثلاً اگر انسان کی شہوت عقل پر غالب آ جائے تو یہ حیوانات سے بدتر ہو جاتا ہے۔ خدائے تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ○

ترجمہ: ہم نے بہت سے جنوں اور انسانوں کو جہنم کے لئے پیدا کیا ہے ان کے دل ہیں لیکن فقاہت نہیں۔ آنکھیں ہیں ان سے دیکھتے نہیں، کان ہیں لیکن ان سے سنتے نہیں، وہ حیوانات کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں وہی لوگ غافل ہیں۔

اور اگر انسان کی عقل شہوت پر غالب آ جائے تو یہ فرشتوں سے افضل ہو

Marfat.com

جاتا ہے۔ انبیاء علیہم السلام انسانیت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوتے ہیں ان کی عقل کا شہوت پر غلبہ ہوتا ہے اس لئے وہ فرشتوں سے افضل ہوتے ہیں۔ دلائل ملاحظہ فرمائیں۔

## انبیاء فرشتوں سے افضل ہیں

### دلیل اول:

خدا فرماتا ہے وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْا اِلَّا اِبْلِيْسَ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کو سجود ملائکہ بنانا حضرت آدم علیہ السلام کے افضل ہونے کی دلیل ہے۔

### دلیل دوم:

خدا تعالیٰ فرماتا ہے وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں خلافت الٰہیہ کیلئے آدم علیہ السلام کا انتخاب ہوا، نا کہ فرشتہ کا جو اس بات کی بین دلیل ہے۔ خدا کا نبی حضرت آدم علیہ السلام تمام فرشتوں سے افضل ہے۔

### دلیل سوم:

خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کا علم سکھا دیا۔

خدا تعالیٰ نے جو علم حضرت آدم علیہ السلام کو دیا وہ فرشتوں کو نہ دیا اور یہ بھی حضرت آدم علیہ السلام کی دلیل افضلیت ہے۔

Marfat.com

## دلیل چہارم:

خدا تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی آدَمَ وَ نُوْحًا وَّ آلَ اِبْرَاھِیْمَ وَ آلَ عِمْرَانَ عَلَی الْعَالَمِیْنَ ○ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام، نوح علیہ السلام اور آل ابراہیم (علیہ السلام) اور آل عمران (علیہ السلام) کو تمام عالمین سے چن لیا۔

عالم ماسوا اللہ کو کہتے ہیں معلوم ہوا کہ ان متذکرہ انبیاء کا انتخاب دلیل افضلیت بر ملائکہ ہے۔

پس ثابت ہوا کہ انبیاء علیہم السلام تمام فرشتوں سے افضل ہیں۔

## انبیاء تمام انسانوں سے افضل ہیں

انبیاء علیہم السلام قوت جسمانیہ اور قوت روحانیہ کے اعتبار سے دیگر تمام انسانوں سے افضل ہوتے ہیں۔ قوت جسمانیہ میں دو چیزیں ہیں مدرکہ اور متحرکہ پھر قوت مدرکہ کی دو اقسام ہیں۔ ظاہری حواس اور باطنی حواس

## قوت باصرہ:

خدا تعالیٰ ارشاد فرمایا ہے:

وَ کَذٰلِکَ نُرِیْ اِبْرَاھِیْمَ مَلَکُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ○

اور اسی طرح ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو زمین و آسمانوں کی سلطنت دکھلا دی اس کے تحت علامہ علاؤ الدین نے لکھا ہے۔

اُقِیْمَ عَلٰی صَخْرَۃٍ وَ کُشِفَ لَہٗ عَنِ السَّمٰوٰتِ حَتّٰی رَاَی الْعَرْشَ وَالْکُرْسِیَّ وَمَا فِی السَّمٰوٰتِ وَکُشِفَ لَہٗ عَنِ الْاَرْضِ حَتّٰی نَظَرَ اِلٰی اَسْفَلِ الْاَرْضِیْنَ وَ رَاٰی مَا فِیْھَا مِنَ الْعَجَائِبِ ○

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ایک پتھر پر کھڑا کیا گیا اور ان کے لئے آسمان

Marfat.com

کھول دیئے گئے یہاں تک کہ انہوں نے عرش و کرسی اور جو کچھ آسمانوں میں ہے دیکھ لیا اور آپ کے لئے زمین کھولی گئی یہاں تک تمام زمینوں کے نیچے کو دیکھ لیا اور ان عجائبات کو دیکھا جو زمینوں میں ہیں۔

## قوت سامعہ:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے تین میل کے فاصلے سے چیونٹی کی آواز کو سن لیا۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

حَتّٰی اِذَا اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ یّٰاَیُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا یَحْطِمَنَّكُمْ سُلَیْمٰنُ وَ جُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ○ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا ○

یہاں تک کہ وادی نمل میں آئے ایک چیونٹی نے کہا اے چیونٹیو اپنے بلوں میں چلی جاؤ کہیں سلیمان (علیہ السلام) اور اس کا لشکر تمہیں بے خبری میں روند نہ ڈالیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اس کی اس بات سے مسکرائے۔

## قوت شامہ:

جب حضرت یوسف علیہ السلام کا کرتہ مصر سے چلا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں موجود ہو کر اس کرتے کی خوشبو کو سونگھ لیا اور کہا کہ مجھے یوسف علیہ السلام کے کرتے کی خوشبو آ رہی ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ ان کے باپ نے کہا مجھے یوسف (علیہ السلام) کی خوشبو آتی ہے۔

## قوت ذائقہ:

حضرت جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ ایک یہودیہ نے خیبر کے مقام

Marfat.com

پر ایک بکری کا گوشت بھون کر اس میں مہلک زہر ملا دیا اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں بطور ہدیہ پیش کیا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کی دستی لے کر کھائی اور آپ ﷺ کے ساتھ کچھ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی وہ زہر آلو گوشت کھایا پھر رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا کھانے سے ہاتھ اٹھا لو اور اس یہودیہ کو بلا بھیجا۔ آپ ﷺ نے اس یہودیہ سے کہا کیا تم نے اس گوشت میں زہر ڈالا اس نے دریافت کیا آپ ﷺ کو کس نے بتایا ہے۔ فرمایا میرے ہاتھ کی دستی نے مجھے خبر دی ہے۔ اس نے اقرار کیا کہ ہاں میں نے اس میں زہر ملایا ہے۔ آپ ﷺ نے پوچھا کیوں؟ کہا اس لئے کہ اگر آپ ﷺ نبی ہیں تو یہ آپ ﷺ کو نقصان نہ دے گا اور اگر نبی نہیں تو ہمیں آپ ﷺ سے امن مل جائے گا۔ آپ ﷺ نے اسے معاف فرما دیا۔ (سنن کبریٰ، ج ۸، ص ۴۶)

## قوت لامسہ:

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نار نمرود میں ڈالا گیا تو نار نمرود گلزار ہو گئی اور اس نے آپ کو جلایا نہیں بلکہ سلامتی کے ساتھ ٹھنڈی ہو گئی۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰهِیْمَ ○

اے آگ سلامتی کے ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی ہو جا۔

پس ثابت ہوا کہ خدا کا نبی حواس خمسہ کے اعتبار سے دیگر انسانوں سے افضل ہوتا ہے۔

## باطنی حواس:

نبی کے باطنی حواس میں سے عقل روح اور دل کا ذکر کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

## عقل:

اگر دنیا بھر کی ریت کا ایک جگہ ڈھیر لگا دیا جائے اور اس میں سے ایک ذرہ الگ کر دیا جائے تو ایک ذرے کے برابر تمام انسانوں کی عقل ہے اور باقی تمام دنیا کی ریت کے ڈھیر کے برابر رسول اکرم ﷺ کی عقل ہے۔

شیخ محقق نے لکھا ہے کہ عقل کے سو حصے ہیں ایک حصہ عقل تمام انسانوں کو دیا گیا ہے اور باقی ننانوے حصے عقل حضور ﷺ کو عطا کی گئی ہے۔

حضور نبی کریم ﷺ کے غلاموں کی عقل ملاحظہ فرمائیں۔

امام احمد بن حنبل کو نبی کریم ﷺ کی دس لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام ابو زرعہ کو سرور کائنات ﷺ کی سات لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام بخاری کو رسول اکرم ﷺ کی چھ لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام محمد الجعابی کو نبی الانبیاء ﷺ کی چار لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام مسلم کو حضور سرور کونین ﷺ کی تین لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام عبدالغنی کو رسول پاک ﷺ کی ایک لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں۔

امام ابن النباری کو تیرہ صندوق کتابوں کے بھرے ہوئے زبانی یاد تھے۔

امام زہری نے اسی دن میں سارا قرآن حفظ کر لیا تھا۔

امام شافعی نے پانچ دن میں سارا قرآن یاد کر لیا تھا۔

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے مکہ مکرمہ میں فتوحات مکیہ لکھی اور عراق تشریف لائے۔ لوگوں نے فتوحات کے بارے میں آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اس کا نسخہ مکہ مکرمہ میں ہے۔ لوگوں نے کہا فتوحات مکیہ کے بغیر ہمارا گزارہ نہیں۔ آپ نے اپنے حافظہ کی بنا پر ساری فتوحات ان کو لکھوا دیں جب اس

Marfat.com

کتاب کو مکہ مکرمہ والے نسخہ سے ملایا گیا تو من وعن کتاب پہلی کتاب سے ملتی جلتی تھی۔

حضرت محمد بن یوسف یمنی نے فقہ حنفی کی ضخیم کتاب ہدایہ شریف سن کر یاد کر لی۔ (جامع کرامات، ص ۵۳۴)

اندازہ لگا لیجئے کہ جس نبی کے امتیوں کی قوت عقلیہ کا یہ کمال ہے اس نبی کی اپنی عقل کا کمال کیا ہوگا۔ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)

## روح:

شیخ محی الدین عربی نے فتوحات مکیہ میں لکھا ہے کہ:

اَلْقُطْبُ الْوَاحِدُ فَهُوَ رُوْحُ مُحَمَّدٍ ﷺ وَهُوَ الْحَمْدُ لِجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَالْاَقْطَابِ مِنْ حِيْنَ النَّشْءِ الْاِنْسَانِيِّ اَیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ○

قطب واحد حضرت محمد ﷺ کی روح ہے اور وہ ابتدائے انسانیت سے قیامت تک تمام انبیاء مرسلین اور تمام اقطاب کی مدد کرنے والی ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی نے مکتوبات شریف میں لکھا ہے کہ عالم ارواح میں حضور علی السلام کی روح تمام نبیوں کی ارواح کی تربیت کرتی رہی ہے اور حضرت علی المرتضیٰ کی روح تمام اولیاء کی روحوں کی تربیت کرتی رہی ہے۔

## قلب:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ○

Marfat.com

اگر یہ قرآن ہم پہاڑ پر نازل کرتے تو ضرور دیکھتا جھکا ہوا پاش پاش ہوتا اللہ کے خوف سے۔ اگر قرآن پہاڑ پر نازل ہوتا تو وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا لیکن وہی قرآن نبی کریم کے دل پر نازل کیا گیا خدا فرماتا ہے۔

فَاِنَّه نزله علٰی قلبك بِاِذنِ اللّٰهِ ○

ترجمہ: اس نے خدا کے اذن سے قرآن آپ کے دل پر نازل کیا۔

## قوت متحرکہ:

حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب میں حجاب کبریا کے نزدیک پہنچا تو آواز آئی اے میرے حبیب گزر جایئے میں نے خیال کیا تو میں حجاب سے پار تھا۔ پھر میں خطاب سنتا تھا اُدنُ مِنِّی میرے نزدیک آجاؤ اس پر میں ایک قدم اٹھاتا تھا تو ہر قدم پر اتنا فاصلہ طے کر لیتا تھا جتنا کہ زمین سے اب تک طے کیا تھا ایک ہزار بار اُدنُ مِنِّی کا خطاب سنا اور ہر قدم پر اتنا ہی فاصلہ طے ہوتا گیا یہاں تک کہ خدا کی بارگاہ خاص میں حاضری ہوئی۔

ادھر سے پیہم تقاضے آیا ادھر تھا مشکل قدم بڑھانا
جلال و ہیبت کا سامنا جمال و رحمت ابھارتے تھے

## قوت روحانیہ:

انبیاء کا باطن نہایت پاکیزہ ہوتا ہے وہ گناہ کے تصور سے بھی پاک ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ○

اور اس عورت نے اس کا ارادہ کیا اور وہ بھی ارادہ کر لیتا اگر اپنے رب کی دلیل نہ دیکھتا حضرت یوسف علیہ السلام کو زلیخا جب ساتویں کوٹھڑی میں لے گئی

Marfat.com

اور برے ارادے کا اظہار کیا تو آپ نے اپنے رب کی دلیل دیکھی اور اس دلیل کے بارے میں امام فخر الدین رازی نے کہا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے۔

اِنَّهٗ تَمَثَّلَ يَعْقُوْبُ فَرَآهُ عَاضًّا اَصَابِعَهٗ وَيَقُوْلُ اَتَعْمَلُ عَمَلَ الْفُجَّارِ وَاَنْتَ مَكْتُوْبٌ فِيْ زُمْرَةِ الْاَنْبِيَاءِ ○

حضرت یوسف علیہ السلام پر حضرت یعقوب علیہ السلام متمثل ہوئے اور منہ میں انگلی ڈالے ہوئے ہیں اور کہہ رہے ہیں کیا تو فاجروں کی طرح عمل کرے گا حالانکہ تو زمرہ انبیاء میں لکھا ہوا ہے۔

اس سے پتہ چلا کہ اللہ کے نبی فواحش و منکرات سے متنفر ہوتے ہیں ان کا دامن گناہ کے تصور سے پاک ہوتا ہے۔

ایک روایت میں ہے تَمَثَّلَ لَهٗ يَعْقُوْبُ فَضَرَبَ فِيْ صَدْرِهٖ فَخَرَجَتْ شَهْوَتُهٗ مِنْ اَنَامِلِهٖ ○ حضرت یعقوب علیہ السلام نے متمثل ہو کر حضرت یوسف علیہ السلام کے سینے پر ہاتھ مارا تو انگلیوں کے راستے سے شہوت خارج ہو گئی۔

نظر پیا یعقوب پیغمبر منہ وچہ انگلی پائی
نال دہائیاں منع کریندا روندا نال جدائی

الشیخ من عبدہ نے صدیقین کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے۔

هُمُ الَّذِيْنَ زَكَتْ فِطْرَتُهُمْ وَاعْتَدَلَتْ اَمْزِجَتُهُمْ وَصَفَتْ سَرَائِرُهُمْ حَتّٰى اِنَّهُمْ يَمِيْزُوْنَ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالْخَيْرِ وَالشَّرِّ بِمُجَرَّدِ عُرُوْضِهٖ ○

ان کی فطرت پاکیزہ ہوتی ہے مزاج میں اعتدال ہوتا ہے ان کا باطن پاکیزہ ہوتا ہے یہاں تک کہ جب ان کے سامنے حق و باطل نیکی اور برائی پیش ہوتی ہے تو فوراً تمیز کر لیتے ہیں۔

Marfat.com

جب صدیقین کی فطرت اس قدر پاکیزہ ہوتی ہے تو پھر انبیاء کی باطنی طہارت کا کیا کمال ہوگا۔

## افضل الانبیاء

ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہیں۔ سید المرسلین ہیں۔ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

## دلیل اول:

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ○

ترجمہ: اس آیت کے تحت امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے۔

فَلَمَّا كَانَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ لَزِمَ اَنْ يَّكُوْنَ اَفْضَلُ مِنْ كُلِّ الْعَالَمِيْنَ ○

جب آپ تمام جہانوں کے لئے رحمت ہیں تو لازم ہوا کہ آپ تمام جہانوں سے افضل ہیں۔ (کبیر، ج ۲، ص ۳۰۰)

آپ تمام جہانوں سے افضل ہیں۔

اور جہانون میں انبیاء علیہم السلام بھی ہیں اس لئے آپ تمام انبیاء سے افضل ہیں۔

## دلیل دوم:

انبیاء علیہم السلام کو جو کچھ مانگے سے ملا ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بن مانگے عطا ہوا مثلاً

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا سے مانگا وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ یا اللہ قیامت کے دن مجھے رسوا نہ کرنا، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ نعمت بن مانگے عطا ہوئی۔ خدا

Marfat.com

فرماتا ہے۔ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا مَعَہٗ○ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نبی اور ایمانداروں کو رسوا نہ کرے گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا کی رضا چاہی خدا فرماتا ہے۔ وَعَجِلْتُ اِلَیْكَ رَبِّ لِتَرْضٰی میں نے تیری طرف اس لئے جلدی کی تا کہ تو راضی ہو جائے اور حبیب کی رضا خدا چاہتا ہے ارشاد ہوتا ہے وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی اور عنقریب تیرا رب تجھے اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے بارے میں فرمایا گیا لَا تَتَّبِعِ الْهَوٰی فَیُضِلَّكَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ○ خواہش کی پیروی نہ کر کہ تجھے بہکا دے خدا کی راہ سے اور حبیب کے بارے میں فرمایا وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتا مگر جو وحی ہوتی ہے۔

نبی کے لبوں پر خدا بولتا ہے
کلام خدا ہے کلام محمد

## بے مثل رسول:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے روزوں سے منع فرمایا۔ ایک صحابی نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ بھی تو وصال کے روزے رکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ اَیُّكُمْ مِثْلِیْ تم میں سے میری مثل کون ہے اِنِّیْ اَبِیْتُ یُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَیَسْقِیْنِیْ میں اس حال میں رات گزارتا ہوں کہ میرا رب مجھے کھلاتا پلاتا ہے۔ (مسلم شریف)

خدا تعالیٰ نے اپنے بارے میں ارشاد فرمایا لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ کون ہے جو اس کی مثل ہو اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَیُّكُمْ مِثْلِیْ معلوم ہوا خدا بھی بے

Marfat.com

مثل اور مصطفےٰ ﷺ بھی بے مثل۔ وہ خدائی میں بے مثل یہ رسالت و نبوت میں بے مثل لیکن اسماعیل دہلوی نے لکھا ہے۔

اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی ولی اور جن و فرشتہ جبریل اور محمد ﷺ کے برابر پیدا کر ڈالے۔

(تقویۃ الایمان، ص ۲۱)

حضور اکرم ﷺ کے برابر کا موجود ہونا کذب الٰہی کو مستلزم ہے یعنی اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ خدا تعالیٰ دوسرا محمد پیدا کر سکتا ہے تو خدا کا کلام جھوٹ ہو جائے گا۔ خدا فرماتا ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ○ حضرت محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) تم میں سے کسی کے باپ نہیں وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔

کیونکہ دوسرا محمد پیدا ہونے سے پھر حضور خاتم النبیین نہیں رہیں گے۔ لہذا اسماعیل کا یہ دعویٰ سراسر باطل اور بے بنیاد ہے کہ خدا دوسرا محمد پیدا کر سکتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ آپ بے مثل نبی ہیں آپ کی نظیر ناممکن ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا: میرا رب مجھے کھلاتا پلاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھے جنت کے کھانے کھلائے جاتے ہیں۔ امام رازی نے لکھا ہے کہ آپ کو جمال رب کا دیدار ہوتا ہے جو آپ کو کھانے پینے کی ضرورت سے بے نیاز کر دیتا تھا حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے میں قحط کے ایام میں لوگ آپ کا دیدار کرتے تو چوبیس گھنٹے تک بھوک اور پیاس سے بے نیاز ہو جاتے جب نبی کے دیدار فیض آثار کا یہ کمال ہے تو جو خدا کا دیدار کرتا ہو گا اس کو بھوک اور پیاس کیسے لگ سکتی ہے۔ اس قول کا ایک مطلب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ مجھ میں کھانے پینے والے آدمی جیسی قوت و طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے بھی دو ہاتھ نبی کے بھی دو ہاتھ ہماری بھی دو آنکھیں نبی کی بھی دو آنکھیں ہمارے بھی دو کان نبی کے بھی دو کان لہذا ہم نبی کی مثل ہیں۔ ایسے تمام لوگوں سے ہوم ہاتھ تو دو دکھا دو گے یعنی وہ ہاتھ کہاں سے لاؤ گے جو چاند کو شق کر دے دو آنکھیں تو دکھا دو گے لیکن وہ آنکھ کہاں سے لاؤ گے جو بلا حجاب خدا کا دیدار کرے تم دو کان تو دکھا دو گے لیکن وہ کان کہاں سے لاؤ گے جو خالق کائنات کا کلام سن سکیں۔

بعض لوگ یہ آیت پیش کرتے ہیں قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ۔ يُوْحٰى اِلَيَّ کہہ دو کہ میں تمہاری مثل بشر ہوں۔ میری طرف وحی کی جاتی ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ امام فخر الدین رازی نے اس آیت کے تحت لکھا ہے۔

وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمَّا بَيَّنَ كَمَالَ كَلَامِ اللّٰهِ اَمَرَ مُحَمَّدًا بِاَنْ يَّسْلُكَ طَرِيْقَةَ التَّوَاضُعِ فَقَالَ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ○

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے کمال کو ظاہر کرنا چاہا تو عاجزی کے راستے پر چلنے کا حکم دیا اور فرمایا کہہ دو میں تم جیسا بشر ہوں۔

معلوم ہوا قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ بطور عاجزی آپ سے کہلوایا گیا اور جو کلام نبی بطور انکساری کہے وہ امتی کو کہنے کا حق نہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔

(ا) حضرت آدم علیہ السلام نے کہا رَبَّنَا ظَلَمْنَا اے ہمارے رب ہم نے ظلم کیا اب ہم ان کو ظالم نہیں کہہ سکتے۔

(ب) حضرت یونس علیہ السلام نے کہا اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ میں ظالموں میں سے ہوں ہم حضرت یونس علیہ السلام کو ظالم نہیں کہہ سکتے۔

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون سے فرمایا فَعَلْتُهَا اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ

Marfat.com

جب میں نے فرعونی کو مار ڈالا تو اس وقت میں ضالین میں سے تھا۔

کیا ہم حضرت موسیٰ علیہ السلام کو گمراہ کہہ سکتے ہیں ہرگز نہیں۔

جب ہم حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت یونس علیہ السلام کو ظالم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو گمراہ نہیں کہہ سکتے اگر نہیں تو دائرہ اسلام سے خارج۔ اسی طرح قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بطور انکساری کہلوایا گیا ہمیں کہنے کا حق نہیں۔ لیکن اگر کوئی کہے کہ ہمیں حق حاصل ہے اور ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی مثل کہہ سکتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ مولوی اشرف علی تھانوی نے لکھا ہے۔

ایک بار ایک صاحب ملنے کے لئے آئے ان کے پاس اس وقت بھری ہوئی بندوق تھی۔ بار بار جی میں آتا تھا کہ ان سے کہہ دوں کہ خدا کے لئے خبر کر کے میرے وجود سے دنیا کو پاک کر دو کیونکہ فرعون و ہامان سے بھی بدتر ہوں۔ (حیات اشرف، ص ۸۶)

نیز مولوی اشرف علی تھانوی نے کہا ہے۔

میں تو واقعی اپنے کو کلب (کتا) اور خنزیر سے بدتر سمجھتا ہوں۔

(الافاضات، ج ۴، ص ۷۹)

ایک مرتبہ مولانا محمد یعقوب دیوبندی نے کہا۔

یہ شیخ زادے کی قوم بڑی ہی خبیث ہوتی ہے ایک طالب علم نے عرض کیا حضرت آپ بھی تو شیخ زادے ہیں تو بے تکلف فرمایا میں بھی خبیث ہوں۔ (الافاضات، ج ۵، ص ۲۸۷)

مولوی اشرف تھانوی نے نانوتوی قاسم نانوتوی کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ:

Marfat.com

"دنیا میں اس سے زیادہ ذلیل وخوار کوئی ہستی نہیں۔"

(ارواح ثلاثہ، ص ۲۸۰)

ان عبارات پر غور کریں کہ مولوی اشرف علی نے کہا میں فرعون و ہامان کتے اور خنزیر سے بھی بدتر ہوں مولوی یعقوب نے کہا میں بھی خبیث ہوں اور قاسم نانوتوی ذلیل وخوار تھا۔ اب اگر ہم اہلسنت و جماعت ان مولویوں کے بارے میں یہ الفاظ استعمال کریں تو دیوبندی ناراض ہوں گے اور کہیں گے کہ انہوں نے بطور عجز و انکساری یہ الفاظ استعمال کئے ہیں ہم یہ الفاظ ان کے بارے میں استعمال کرنے کا تمہیں حق نہیں دیتے تو ہم اہل سنت و جماعت جواباً کہیں گے قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ حضور اکرم ﷺ سے تواضعاً کہلوایا گیا ہم بھی تمہیں حق نہیں دیتے کہ تم آیت سے یہ نتیجہ نکالو کہ حضور اکرم ﷺ ہماری مثل ہیں۔

جب ہم قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو اپنی مثل بشر کہنا طریقہ کفار ہے چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے،

(ا) فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا ۝

ترجمہ: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے کافروں نے کہا ہم تو تجھے اپنی مثل بشر دیکھتے ہیں۔

(ب) مَا اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

ترجمہ: قوم ثمود نے حضرت صالح علیہ السلام سے کہا تو تو ہم جیسا بشر ہے کوئی نشانی لے آ اگر تو سچا ہے۔

(ج) وَمَا اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝

اہل مدین نے حضرت شعیب علیہ السلام سے کہا۔

تو ہماری مثل بشر ہے اور ہم تمہیں جھوٹا گمان کرتے ہیں۔

Marfat.com

(د) فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُوْنَ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ○

فرعون اور اس کی قوم نے حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے بارے میں کہا۔ کیا ہم اپنی مثل دو بشروں پر ایمان لے آئیں ان کی قوم تو ہماری بندی کرنے والے ہیں انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا اور وہ ہلاک ہو گئے۔

(ن) قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ○

کافروں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہا تم تو ہماری مثل بشر ہو۔

(ی) وَاَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ○

ابو جہل اور اس کے ساتھیوں نے حضور علیہ السلام کے بارے میں کہا اور ظالموں نے سرگوشی کی کہ نہیں ہے یہ مگر تمہاری مثل بشر۔

ان آیات بینات سے پتہ چلا کہ بعض انبیاء علیہم السلام کے زمانے کے کفار نے ان کو اپنی مثل بشر کہا نتیجہ یہ نکلا کہ نبیوں کو اپنی مثل بشر کہنا کافروں کا طریقہ فرعونیوں کا شعار ہے کسی مومن امتی نے آج تک اپنے نبی کو اپنی مثل بشر نہیں کہا۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ نبی کو بشر یا اپنی مثل بشر خدا نے خود یا انبیاء نے یا کفار نے کہا ہے یا پھر شیطان نے کہا۔

خدا نے فرمایا: اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ○

جب کہ تیرے رب نے فرشتوں سے فرمایا میں مٹی سے بشر (آدم) کو پیدا کرنے والا ہوں۔

انبیاء نے کہا: قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ○

ان کو ان کے رسولوں نے کہا ہم تو تمہاری مثل بشر ہیں۔

Marfat.com

کافروں نے کہا: قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ○

کافروں نے کہا تم تو ہماری مثل بشر ہو۔

شیطان نے کہا: جب شیطان نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کیا تو خدا نے اس سے وجہ پوچھی اس نے جواب دیا۔ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ میں بشر کو سجدہ کیوں کروں۔

جو لوگ نبی کو صرف بشر یا اپنی مثل بشر کہتے اور سمجھتے ہیں وہ بتائیں کیا وہ خدا ہیں؟ ہرگز نہیں۔ کیا وہ رسول ہیں؟ بالکل نہیں۔ اب باقی کافر رہ جاتے ہیں کافر یا شیطان اب وہ خود فیصلہ کریں اگر کافروں میں ہونا چاہتے ہیں تو ان کی مرضی اور اگر شیطان بننا چاہتے ہیں تو ان کو مبارک ہو کیسا اچھا ساتھی تلاش کیا ہے۔ لیکن ذرا اس بات پر غور فرمالیں کہ شیطان نے جنت میں رہ کر نبی کو صرف بشر کہا خدا نے اسے جنت سے نکال دیا تو جو دنیا میں رہ کر نبی کو صرف بشر یا اپنی مثل بشر کہے گا خدا اس کو جنت میں کیسے جانے دے گا۔

خدا تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم کا سایہ پیدا نہیں کیا کیونکہ سایہ اصل کی مثل ہوتا ہے اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہوتا تو وہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل ہوتا اور خدا کو یہ منظور ہی نہیں کہ کوئی چیز حضور کی مثل ہو اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا۔

نظر آیا اسے سایہ میں بھی محبوب کا ثانی
خدا نے اس لئے رکھا نہیں سایہ محمدؐ کا

خدا تعالیٰ کا ذاتی نام: اللہ ہے اور اس لفظ کے اوپر یا نیچے کوئی نکتہ نہیں جو اس طرف اشارہ ہے کہ نہ اوپر والی مخلوق میں خدا کا شریک اور نہ نیچے والی مخلوق میں خدا کا شریک ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذاتی نام ''محمد'' ہے اس لفظ کے بھی نہ اوپر کوئی نکتہ ہے نہ نیچے جو اس طرف اشارہ ہے کہ نہ اوپر والی مخلوق میں آپ کی مثل

Marfat.com

ہے اور نہ نیچے والی مخلوق میں کوئی آپ کی مثل ہے۔ خدا کی ساری مخلوق میں آپ بے مثل ہیں۔

تیرا مسند ناز ہے عرش بریں تیرا محرم راز ہے روح امین
تو ہی سرور ہر دو جہاں ہے شہا تیرا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

خالق کائنات کا بھی ذاتی نام ایک ہے اور ساری مخلوق میں ہر انسان کا ذاتی نام ایک ہوتا ہے لیکن حضور اکرم ﷺ کے دو ذاتی نام ہیں۔ زمین پر آپ کا ذاتی نام محمد ﷺ ہے۔ آپ ہی کی ایک ذات اقدس ہے جس کے دو ذاتی نام ہیں جو اس طرف اشارہ ہے۔ آپ خدا کی وہ مخلوق ہیں جس کی مثل کوئی مخلوق نہیں۔

محبوب خدا کا کوئی ہم پایہ نہیں ہے
اس شان کا مرسل کوئی آیا نہیں ہے
بے مثل نے محبوب بھی بے مثال بنایا
وہاں جسم نہیں ہے تو یہاں سایہ نہیں ہے

## عقلی دلائل:

### نمبر 1:

جب نبی کریم ﷺ کی ولادت ہوئی تو آپ نے دنیا میں آتے ہی سجدہ کیا اور سجدہ سے سر اٹھا کر انگشت شہادت آسمان کی طرف کی اور کہا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ یہ کلمہ حضور ﷺ کا خاصہ ہے اگر آپ کے سوا کوئی اور اس اعتقاد سے یہ کلمہ پڑھے تو کافر ہو جائے۔ معلوم ہوا ہمارا کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے اور نبی کا کلمہ اور ہے۔

Marfat.com

## نمبر 2:

امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ مسجد میں داخل ہوئے۔ آپ نے ایک آدمی کو سوتے ہوئے دیکھا۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ اسے وضو کے لئے جگا دو۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اسے بیدار کر دیا۔ پھر عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! آپ تو اعمال صالحہ میں سبقت کرنے والے ہیں۔ آپ نے خود کیوں نہ جگایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر میرے جگانے پر بیدار نہ ہوتا تو کافر ہو جاتا اور تیرے جگانے پر یہ بیدار نہ ہوتا تو کافر نہ ہوتا۔ جب نبی ﷺ اور علی کرم اللہ وجہہ میں اتنا فرق ہے تو پھر کون ہے جو نبی کی مثلیت کا دعویٰ کرے۔

## نمبر 3:

نبی اگر اذان دے اور کوئی مسلمان نماز کے لئے نہ آئے تو وہ کافر ہو جائے جبکہ عام آدمی کا یہ حکم نہیں تو مثلیت کیسی؟ یہی وجہ ہے نبی کریم ﷺ نے کسی شہر یا آبادی میں اذان نہیں دی۔ صرف ایک مرتبہ سفر میں اذان کہی ہے۔

وہ رحمۃ للعالمین اور تو سراپا بغض و کیں
پھر کس طرح آئے یقین تو بھی بشر وہ بھی بشر

## نمبر 4:

عام مسلمانوں پر پانچ نمازیں فرض تھیں اور علامہ شامی نے لکھا ہے کہ نبی کریم ﷺ پر تہجد کی نماز بھی فرض تھی۔ گویا آپ پر چھ نمازیں فرض تھیں پھر مثلیت کیسی؟

Marfat.com

## نمبر 5:

نماز عصر کے بعد نفل نماز ہمارے لئے جائز نہیں لیکن علامہ یعقوب شیرازی نے لکھا ہے وَکَانَ یُدَاوِمُ عَلٰی رَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ آپ عصر کے بعد دو رکعتیں ہمیشہ پڑھا کرتے تھے لیکن وَیُکْرِہُ فِیْ حَقِّ غَیْرِہٖ (سفر السعادت، ج ۱، ص ۸۱) لیکن دوسروں کے لئے مکروہ ہیں لہذا امثلیت کیسی؟

## نمبر 6:

نماز پڑھتے ہوئے ہم اگر کسی کو سلام کریں تو نماز فاسد ہو جاتی ہے اور ہم نماز میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام نہ کریں تو نماز ناقص ہے۔ التحیات پڑھتے ہوئے ہم کہتے ہیں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ○

تو شر ہے وہ خیر البشر یکساں کہاں ہیں خیر و شر
ہے فرق ان میں کس قدر تو بھی بشر وہ بھی بشر

## نمبر 7:

ہم اگر کسی نمازی کو نماز کی حالت میں بلائیں تو اس کا آنا واجب ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی نمازی کو بلائیں تو اس کا آنا واجب ہے۔ ایک مرتبہ حضرت سعید بن معلیٰ نماز پڑھ رہے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلایا انہوں نے نماز جلدی سے ختم کی اور حاضر خدمت ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب تک کہاں تھے عرض کی نماز پڑھ رہا تھا۔ فرمایا کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا۔ قرآن میں ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ ○

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر حاضر ہو جاؤ۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں اس چیز کے لئے بلائیں جو تم کو زندگی بخشے۔۔۔۔ مقام

Marfat.com

غور ہے اتنے فرق کے ہوتے ہوئے مثلیت کا دعویٰ درست کیسے ہوسکتا ہے؟

## نمبر 8:

ایک دفعہ نبی کریم ﷺ نے بھول کر پانچ رکعتیں پڑھا دیں جب سلام پھیرا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی کیا نماز میں اضافہ ہو گیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ عرض کی آپ ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں اس پر قبلہ کی جانب ہوئے اور دو سجدے کئے پھر سلام پھیر دیا۔

(طبرانی صغیر ج ۱، ص ۱۰۵) (مسلم، ج ۱، ص ۲۱۳)

اس سے دو باتوں کا پتہ چلا۔

(۱) حضور اکرم ﷺ نے پانچ رکعتیں پڑھانے پر اپنا رخ کعبہ سے پھیر لیا پھر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے یاد دلانے پر قبلہ رخ ہو کر دو سجدے کئے اور سلام پھیرا اس سے آپ کی نماز فاسد نہیں ہوتی اور نماز کی حالت میں ہمارا رخ اگر قبلہ سے پھر جائے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے پھر مثلیت کیسی؟

(۲) نماز کی حالت میں نبی کریم ﷺ سے کلام کیا جائے تو نماز ٹوٹتی نہیں اگر غیر نبی سے کلام کیا جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ پھر مثلیت کیسی؟

## نمبر 9:

کوئی آدمی احرام کی حالت میں نکاح نہیں کر سکتا۔ حضور اکرم ﷺ کی حدیث ہے:

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ اَنْ يَّتَزَوَّجَ اَوْ يُزَوَّجَ اَوْ يَنْحَرُ حَتّٰى يَفْرَغُ مِنْ اِحْرَامِهٖ۔

نبی کریم ﷺ نے احرام کی حالت میں نکاح اور قربانی کرنے سے منع فرمایا۔ (طبرانی کبیر، ج ۱۲، ص ۱۹۵)

Marfat.com

لیکن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَھُوَ مُحَرَّمٌ ○ (طبرانی کبیر، ج ۱۲، ص ۶۵)

رسول اللہ ﷺ نے احرام کی حالت میں نکاح کیا۔ آپ ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے اسی حال میں نکاح کیا۔

## نمبر 10:

عام مسلمان کی وفات کے بعد اس کی بیوی عدت گزارنے کے بعد دوسرے مسلمان سے شادی کر سکتی ہے لیکن نبی ﷺ کی زوجہ آپ کے وصال کے بعد کسی دوسرے مسلمان سے شادی نہیں کر سکتی۔ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَلَآ اَنْ تَنْکِحُوْٓا اَزْوَاجَہٗ مِنْ بَعْدِہٖٓ اَبَدًا ○

ترجمہ: اور نبی کے بعد اس کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح نہ کرو۔

ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ رسول پاک ﷺ کی ازواج مطہرات مومنوں کی مائیں ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے۔ وَاَزْوَاجُہٗٓ اُمَّھٰتُھُمْ اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

اتنے بڑے فرق کے ہوتے ہوئے مثلیت کا دعویٰ بے بنیاد ہے۔

## نمبر 11:

ہمارے لئے شادیوں میں قید ہے۔ کوئی مومن چار سے زائد شادیاں نہیں کر سکتا۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ جن عورتوں کو تم پسند کرتے ہو ان سے نکاح کر دو سے تین سے اور چار سے۔

جو آدمی چار سے زائد شادیاں جائز سمجھ کر کرتا ہے وہ دائرہ اسلام سے

Marfat.com

خارج ہے۔ لیکن نبی کریم ﷺ کے لئے شادیوں میں کوئی قید نہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے نکاح میں بیک وقت نو ازواج مطہرات رہی ہیں پھر مثلیت کا دعویٰ کیسے درست ہوسکتا ہے۔

## نمبر 12:

اگر نبی کریم ﷺ کسی عورت سے نکاح کی رغبت کریں اور وہ عورت بے شوہر کے ہے تو اس پر واجب ہے کہ وہ اپنے آپ کو آپ ﷺ کے نکاح میں دے دے اور سر تسلیم خم کر دے اور اس کے ساتھ کسی دوسرے مومن کو منگنی کرنا حرام ہے اور اگر وہ عورت شوہر والی ہے تو شوہر پر طلاق دینا فوری واجب ہے تا کہ آپ ﷺ اس سے نکاح کر سکیں۔ (خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۶۳۹)

مگر ہم میں سے کسی کا یہ حکم نہیں پھر مثلیت کیسی۔

وہ مظہر صدق و صفا تو پیکر مکر و دغا
کچھ سوچ بھی بہر خدا تو بھی بشر وہ بھی بشر

## نمبر 13:

کوئی بھی مسلمان اہل کتاب یعنی یہودی اور عیسائی عورت سے شادی کر سکتا ہے لیکن یہ بات حضور علیہ السلام کے اختصاص میں ہے کہ کتابیہ کا نکاح آپ ﷺ کو حرام ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی کی زوجہ مومنوں کی ماں بن جاتی ہے اور یہودی اور عیسائی عورتیں یہ صلاحیت نہیں رکھتیں کہ وہ مومنوں کی مائیں بنیں اور نہ ہی ان کو یہ سزاوار ہے کہ وہ جنت میں آپ کی بیویاں بنیں۔

(خصائص، ج ۲، ص ۶۲۱)

Marfat.com

## نمبر 14:

بغیر ولی گواہ اور مہر کے نکاح جائز نہیں لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں شرطوں کے بغیر حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا ہے۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو صحابہ نے کہا ہم نہیں جانتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی ہے یا ام ولد یعنی کنیز کی حیثیت سے رکھا ہے۔ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا اگر آپ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو پردہ کرائیں گے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شادی کی ہے اور اگر پردہ نہ کرائیں گے تو مطلب یہ ہو گا کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیز ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو پردہ کرایا جس کا صاف مطلب یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی ہے اور شادی ولی، گواہ اور مہر کے بغیر تھی۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی آزادی آپ کا مہر قرار پایا اور گواہ اس کے لئے ہوتے ہیں کہ بوقت انکار نکاح کام آئیں اور نبی نکاح کر کے انکار نہیں کرتا اور جس سے نبی نکاح کرنے اگر وہ آپ کی تکذیب کرے تو کافر ہو جائے اور ولی کی ضرورت اس لئے نہ تھی کہ نبی امت کے حق میں تمام اولیاء سے بڑھ کر ولی ہے۔ (خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۶۴۲)

نمبر 15: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ رَبِّیْ اَنْ اُزَوِّجُ وَاَتَزَوَّجُ اِلَّا اَھْلُ الْجَنَّۃ (زرقانی، ج ۳، ص ۲۱۰)

اللہ تعالیٰ نے انکار کیا کہ میں اپنی کسی بیٹی اور اپنا نکاح کروں مگر یہ کہ وہ جنتی ہو۔

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ کی جملہ ازواج مطہرات اور آپ ﷺ کے داماد تمام جنتی ہیں اور آپ ﷺ کی صاحبزادیاں یقیناً جنتی ہیں جبکہ عام مسلمان کا یہ حکم نہیں ہے۔

## نمبر 16:

ارشاد نبوی ﷺ ہے:

مَاتَزَوَّجْتُ شَيْئًا مِنْ نِسَائِیْ وَلَا زَوَّجْتُ مِنْ بَنَاتِیْ اِلَّابِوَحْیٍ جَاءَنِیْ بِهٖ جِبْرِیْلُ عَنْ رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ۔ (زرقانی، ج ۳، ص ۲۱۹)

میں نے اپنی اور اپنی کسی بیٹی کی شادی بذریعہ وحی کی ہے جو جبریل علیہ السلام میرے رب کی طرف سے لائے۔

ہے کوئی مسلمان جو یہ دعویٰ کرے کہ میری یا میری کسی بیٹی کی شادی وحی الٰہی سے ہوئی ہے۔ ہرگز کوئی نہیں پھر مماثلت کیسی؟

## نمبر 17:

بغیر ولی ایجاب وقبول بغیر مہر اور گواہوں کے نکاح منعقد نہیں ہوتا لیکن جب حضرت زید رضی اللہ عنہ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی اور عدت پوری ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم جا کر زینب رضی اللہ عنہا کو میری طرف سے نکاح کا پیغام دے دو۔ انہوں نے یہ پیغام حضرت زینب رضی اللہ عنہا تک پہنچایا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں خدا سے استخارہ کرلوں یہ کہہ کر وہ نماز پڑھنے کھڑی ہوئیں ادھر حضور اکرم ﷺ پر یہ وحی نازل ہوئی فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا جب زید رضی اللہ عنہ نے اس سے غرض پوری کرلی تو ہم نے اس کی شادی آپ ﷺ سے کردی۔

Marfat.com

چنانچہ اسی وقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بغیر اطلاع کئے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے آئے۔ یہاں پر طبرانی نے لکھا ہے کہ اس وقت حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے بال کھلے تھے فرماتی ہیں میں نے دل میں اِنَّہٗ اَمْرٌ مِّنَ السَّمَاءِ آسمان سے حکم نازل ہوا ہے فرمائی ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بغیر منگنی اور گواہوں کے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شادی اور نکاح کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے اور گواہ جبریل علیہ السلام ہیں۔ (طبرانی کبیر، ج ۲۴، ص ۳۹)

کیا پوری دنیا کے مسلمانوں میں کوئی ایسا ہے جس کی شادی اس طرح ہوئی؟ ہرگز نہیں۔ لہٰذا مثلیت کا دعویٰ غلط ہے۔

## نمبر 18:

جب حضور علیہ السلام مدینہ طیبہ تشریف لائے تو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں ٹھہرے۔ اس قیام کے دوران جب آپ کھانا تناول فرماتے تھے تو بچا ہوا کھانا ابو ایوب رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیتے تھے وہ کھاتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کا نشان دیکھ لیتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں سے کھانا کھایا ہے۔ ایک دن ابو ایوب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اس کھانے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کا نشان نہیں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کھانے میں لہسن تھا۔ عرض کی کیا لہسن حرام ہے؟ فرمایا نہیں تم میری مثل نہیں میرے پاس فرشتہ آتا ہے۔ (خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۶۱۳)

## نمبر 19:

حضرت مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بنی ہشام بن مغیرہ نے مجھ سے اجازت مانگی ہے کہ وہ اپنی

Marfat.com

لڑکی کی شادی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا کہ میں ان کو ہرگز اجازت نہ دوں گا مگر ہاں جبکہ علی رضی اللہ عنہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دیں۔ میری بیٹی میرے گوشت کا ٹکڑہ ہے جو چیز اس کو ناپسند اور اذیت دیتی ہے وہ مجھے بھی ناپسند اور اذیت دیتی ہے۔ دنیا کے کسی مسلمان کی بیٹی کا یہ حکم نہیں لہذا مماثلت نہ ہوئی۔

## عجیب استدلال:

### نمبر 1:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے گر پڑے جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب زخمی ہو گئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی دن بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ (مسلم شریف)

لیکن معراج کی رات آپ براق پر سوار تھے جس کا قدم حد نگاہ پر پڑتا تھا۔ اتنی تیز رفتار سواری سے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گرے نہیں لیکن گھوڑے سے گر پڑے اس میں حکمت یہ تھی کہ گھوڑے سے گر پڑے اس طرف اشارہ تھا کہ میں صاحب کمالات ہونے کے باوجود خدا نہیں اور براق سے نہ گرے یہ اس طرف اشارہ تھا کہ اے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں تمہارے جیسا بھی نہیں۔

### نمبر 2:

حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم اخیر عمر میں دردسر اور بے ہوشی کے مرض میں مبتلا ہوئے اور اس مرض کے دوران خالق حقیقی سے جا ملے اس کے باوجود آپ نے کئی بیماروں کو شفایاب کیا مثلاً جب سانپ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ایڑھی پر ڈس لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن لگا کر ٹھیک کر دیا۔ (مشکوٰۃ، ص ۵۶۲)

Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آنکھیں دکھنے آ گئیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن لگایا وہ ٹھیک ہو گئیں۔ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۴)

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی آنکھ کا ڈھیلا نکل گیا اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن لگا کر ڈھیلا ان کی آنکھ میں رکھ دیا تو وہ پہلے سے بھی زیادہ روشن ہو گئی۔ (کتاب الاصابہ، ج ۳، ص ۲۲۵)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بیماروں کو لعاب دہن سے ٹھیک کر دیا اور گویا اس طرف اشارہ فرما دیا کہ میں تم جیسا نہیں اور خود بے ہوشی کے مرض میں مبتلا رہ کر یہ سمجھا دیا کہ میں خدا جیسا نہیں۔

ممکن میں یہ قدرت کہاں واجب میں عبدیت کہاں
برزخ ہیں وہ سحر نہاں یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

## نمبر 3:

غزوۂ احد میں عتبہ بن ابی وقاص نے سنگ باری کی جس سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دانت کو صدمہ پہنچا اور آپ کا ہونٹ زخمی ہوا جس سے خون نکلا۔ لیکن معراج کی رات آپ کا شق صدر ہوا تو خون نہیں نکلا۔ لَمْ یَسِلِ الدَّمُ خون نہ نکلا۔ غزوۂ احد میں ہونٹ سے خون کا نکلنا اس طرف اشارہ تھا کہ میں خدا نہیں اور شق صدر کے وقت خون کا نہ نکلنا اس طرف اشارہ تھا کہ میں تم جیسا بھی نہیں ہوں۔

## نمبر 4:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہود عالم تھا اس کے رسول خدا پر چند دینار تھے اس نے آپ سے تقاضا کیا۔ آپ نے اس سے فرمایا

Marfat.com

اے یہودی! میرے پاس کچھ نہیں کہ میں تجھے دوں اس نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس وقت تک تجھ سے جدا نہ ہوں گا جب تک آپ میرا قرض ادا نہ کر دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھا میں تیرے پاس بیٹھ جاتا ہوں چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سامنے بیٹھ گئے اور اسی مقام پر آپ نے ظہر، عصر، مغرب عشاء اور فجر نماز ادا فرمائی۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی اسے دھمکاتے اور نکال دینے کا خوف دلاتے تھے جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو محسوس کیا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کو دھمکاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منع کیا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک یہودی آپ کو روک سکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا تعالیٰ نے مجھے منع فرمایا ہے کہ میں اس شخص پر ظلم کروں جو ہماری پناہ اور ذمہ میں ہے پھر جب دن چڑھ گیا تو یہودی نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ گواہی دیتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے رسول ہیں۔ اور میرے مال کا آدھا حصہ خدا کی راہ میں صدقہ ہے اور خدا کی قسم میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو سلوک کیا ہے صرف اس لئے کہ دیکھوں جو صفات تورات میں مذکور ہیں آپ میں پائی جاتی ہیں کہ نہیں۔ تورات میں لکھا ہے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) بن عبداللہ مکہ میں پیدا ہوں گے۔ طیبہ کی طرف ہجرت کریں گے ان کی حکومت شام میں ہوگی۔ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۱۵۳)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرا باپ عبداللہ بن عمرو شہید ہو گیا اور ان پر قرض تھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرض خواہوں سے کہہ دیں کہ کچھ قرض معاف کر دیں ان سے کہا گیا وہ نہ مانے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ہر قسم کی کھجور اتار کر اس کا ڈھیر لگا لو اور مجھے اطلاع کر دو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا اور بارگاہ

Marfat.com

نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ڈھیر پر تشریف فرما ہو گئے۔ پھر فرمایا اب تول تول کر قرض خواہوں کو دیتے جاؤ۔ میں نے سب کا قرض ادا کر دیا جو کھجوریں باقی بچیں ان کو دیکھا گیا تو یوں محسوس ہوا کہ ڈھیر میں سے کچھ بھی کم نہ ہوا۔

(مسند ابی یعلیٰ، ج ۳، ص ۴۳۱، مسند امام احمد، ج ۳، ص ۳۶۵)

یہودی کو قرض بروقت ادا نہ کر سکنا اس طرف اشارہ تھا کہ میں خدا نہیں اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا قرض ادا کر دینا اس طرف اشارہ تھا کہ میں تم جیسا بھی نہیں۔

## نمبر 5:

تاریخ بغداد میں لکھا ہے کہ ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پیاس کا غلبہ ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابی ابن ملکان سے کہا جاؤ کہیں سے پانی تلاش کر کے لاؤ۔ وہ گئے دیکھا کہ آسمان سے ایک پرندہ اترا اس نے ریت کے چھوڑے سے ٹیلے پر بیٹھ کر اپنی چونچ سے ریت کو کریدا پھر اڑ گیا۔ حضرت ابن ملکان نے اسی جگہ سے ریت کریدی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہاں سے میٹھے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا۔ آپ نے خود بھی پیا اور رسول خدا کے لئے برتن میں پانی بھر لیا اور آپ کی بارگاہ میں پیش کر دیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن ملکان پانی والا ہاتھ میرے دل پر رکھ دو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا تو ان کا ہاتھ اندھیرے میں چمکتا تھا۔ (تاریخ بغداد)

غزالی زماں مولانا احمد سعید کاظمی نے لکھا ہے کہ معراج کی رات خدا تعالیٰ نے اٹھارہ سال کی شب کر دی اب مقام غور ہے کہ اتنے عرصہ میں آپ کو پیاس نہ لگی۔ پیاس محسوس ہونا اس طرف اشارہ ہے کہ میں خدا نہیں اور اٹھارہ سال تک کے عرصہ میں پیاس نہ لگنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ میں تم جیسا نہیں۔

Marfat.com

نمبر 6:

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خیبر سے واپسی پر رات کا وقت تھا میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ آپ کو اونگھ آ گئی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر جھکے تو میں نے جگائے بغیر آپ کو سہارا دیا حتیٰ کہ آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ پھر چلتے رہے یہاں تک کہ رات ڈھل گئی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر جھک گئے تو میں نے جگائے بغیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہارا دیا حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے ہو کر سواری پر بیٹھ گئے۔ یہاں تک کہ رات کا آخری حصہ آ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پھر سواری پر پہلی دو بار سے زیادہ جھک گئے۔ قریب تھا کہ گر پڑتے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہارا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اقدس اٹھا کر پوچھا۔ تم کون ہو؟ میں نے عرض کی ابو قتادہ (رضی اللہ عنہ)۔ پوچھا کب سے میرے ساتھ چل رہے ہو؟ میں نے عرض کی پوری رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلتا آ رہا ہوں۔ فرمایا خدا تمہاری حفاظت کرے جس طرح تم نے اپنے نبی کی حفاظت کی ہے۔

(مسلم کتاب المساجد)

لیکن معراج کی رات اٹھارہ سال لمبی رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نیند نہیں آئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نیند کا غلبہ ہونا اس طرف اشارہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خدا نہیں ہیں اور اٹھارہ سال لمبی رات نیند نہ آنا اس طرف اشارہ ہے کہ میں تم جیسا نہیں ہوں بلکہ بے مثل ہوں۔

تیرا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثال ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں

Marfat.com

(حصہ دوم)

# بے مثل رسول

حضور سرور کونین ﷺ بے مثل رسول ہیں مسند امام احمد میں حدیث ہے:

اُعْطِیْتُ مَالَمْ یُعْطِ اَحَدٌ مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ قَبْلِیْ○

ترجمہ: مجھے جو کچھ بھی عطا کیا گیا وہ پہلے کسی نبی کو عطا نہ ہوا۔

یعنی ہر وہ چیز جو مجھے عطا کی گئی اس کی پہلے انبیاء میں مثال نہیں ملتی۔

نتیجہ یہ نکلا کہ آپ ﷺ ذات و صفات کے اعتبار سے، رسالت کے اعتبار سے بے مثل ہیں۔ آپ ﷺ کو کتاب قرآن ملا تو بے مثل، آپ ﷺ کو معراج ہوا تو بے مثل، آپ ﷺ کی ازواج مطہرات بے مثل ہیں، آل و اصحاب ملے تو بے مثل، اولیاء علم ملے تو بے مثل اور امت ملی تو بے مثل غرضیکہ ہر وہ چیز جس کا بالواسطہ یا بلا واسطہ آپ ﷺ سے تعلق ہو گیا وہ بے مثل ہو گئی۔ تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

## ذات بے مثل:

حضور ﷺ کے قامت زیبا کا سایہ نہ تھا خدا تعالیٰ نے آپ کے جسد اقدس کو ایسا لطیف و نظیف اور پاکیزہ و برگزیدہ بنایا تھا کہ اس میں مادی کثافت بالکل نہ تھی۔ آپ ﷺ مادی کثافتوں سے پاک اور سراپا نور تھے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے: "وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا" ایک اور جگہ فرمایا "قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ" چونکہ آپ ﷺ نور تھے اس لئے آپ ﷺ کا سایہ نہ تھا۔

حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دعا مانگی۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ وَنُوْرًا فِیْ قَبْرِیْ وَنُوْرًا مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَنُوْرًا مِنْ خَلْفِیْ وَنُوْرًا عَنْ یَمِیْنِیْ، وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِیْ وَنُوْرًا مِنْ فَوْقِیْ وَنُوْرًا مِنْ تَحْتِیْ وَنُوْرًا فِیْ سَمْعِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ شَعْرِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَشَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ طَمْعِیْ وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ وَنُوْرًا فِیْ عِظَامِیْ اَللّٰھُمَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا ○ (ترمذی شریف)

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے میرے دل میں نور کر دے اور میری قبر میں نور کر دے، میرے آگ نور میرے پیچھے نور میرے دائیں اور بائیں نور، میرے اوپر نیچے نور اور میرے کانوں میں نور، میری آنکھوں میں نور، میرے بالوں میں نور، میری جلد میں نور میرے گوشت میں نور، میرے خون میں نور، میری ہڈیوں میں نور کر دے اے اللہ میرے لئے بہت زیادہ نور کر دے اور مجھ کو نور عطا کر اور میرے لئے نور کر دے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ:

(ا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر ہر عضو نور ہے۔ اندر باہر، اوپر نیچے، دائیں بائیں، آگے پیچھے نور ہی نور ہے تو پھر سایہ کیسے ہو سکتا ہے کیونکہ یہ ایک امر مسلمہ ہے کہ جو چیز ہر جہت سے نور ہو اس کا سایہ نہ ہو گا۔

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑہ نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا

(ب) شیطان انسان کے پاس چھ اطراف سے آ کر حملہ کرتا ہے۔ آگے پیچھے، دائیں بائیں اور اوپر نیچے سے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان چھ اطراف سے نور ہیں اور نور میں ٹھنڈک ہوتی ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا ہے اور ٹھنڈک سے آگ بجھ جاتی ہے لہذا یہی وجہ ہے کہ شیطان حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آنے سے ڈرتا ہے۔

Marfat.com

(ج) جب آپ کے کان میں نور آ گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ ﷺ دور کی آواز کو سن لیتے ہیں چنانچہ حدیث میں ہے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُصَلِّيْ عَلَيَّ اِلَّا بَلَغَنِيْ صَوْتُهٗ حَيْثُ كَانَ قُلْنَا وَ بَعْدَ وَفَاتِكَ قَالَ وَبَعْدَ وَفَاتِيْ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَامَ الْاَنْبِيَاءِ ○ (جلاء الافہام، ص ۶۳)

کہیں سے بھی کوئی بندہ مجھ پر درود شریف پڑھے تو اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے۔

ہم نے عرض کی وفات کے بعد بھی؟ فرمایا ہاں وفات کے بعد بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔

(د) آپ کی آنکھوں میں نور آ گیا تو آپ دور کی چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ○

ترجمہ: تو ان فرشتوں کو دیکھ رہا ہے جو فرش کے گرد جمع ہو کر اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھتے ہیں۔

جو نگاہ فرش سے عرش تک پہنچ جاتی ہے اس سے دنیا کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہ سکتی چنانچہ حدیث میں ہے کہ

مَا مِنْ شَيْءٍ لَمْ اَكُنْ اُرِيْتُهٗ اِلَّا قَدْ رَاَيْتُهٗ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا حَتَّى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ ○

ترجمہ: کوئی شے ایسی نہیں جو مجھ کو نہ دکھائی گئی ہو مگر میں نے اسے اس مقام پر دیکھ لیا یہاں تک کہ جنت اور دوزخ کو بھی۔

Marfat.com

جنت ساتویں آسمان کے اوپر اور دوزخ ساتویں زمین کے نیچے ہے۔
پتہ چلا کہ تحت الثریٰ سے لے کر ساتویں آسمان کے اوپر جنت تک کوئی چیز آپ ﷺ پر پوشیدہ نہیں۔

سر عرش پر ہے تری گزر دل عرش پر ہے تری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں وہ جو تجھ پر عیاں نہیں

(ن) ملا علی قاری نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے:

نُوْرُ الْقَلْبِ كَاشِفٌ عَنِ الْمَعْلُوْمَاتِ ○

یعنی دل میں نور آنے سے آپ ﷺ کے علم میں اضافہ ہوا۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عائش سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

رَاَيْتُ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَوَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَوَجَدْتُّ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ○ (مشکوٰۃ)

میں نے اپنے رب کو اچھی صورت میں دیکھا۔ رب تعالیٰ نے اپنا دست قدرت میرے سینے پر رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں محسوس کی پس میں نے زمین و آسمان کی تمام چیزوں کو جان لیا۔

خدا نے کیا تجھ کو آگاہ سب سے
دو عالم میں جو کچھ خفی و جلی ہے

(ی) حدیث زیر بحث سے یہ نتیجہ نکالنا کہ نبی کریم ﷺ اس دعا سے پہلے نور نہ تھے سراسر غلط ہے اس لئے کہ خدا فرماتا ہے:

اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

بے شک تو صراط مستقیم پر ہے۔

Marfat.com

اِنَّكَ لَتَهْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○

بے شک تو سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صراط مستقیم کے مرتبے پر فائز تھے اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز میں پڑھتے تھے۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ معلوم ہوا صراط مستقیم پر رہ کر صراط مستقیم کی دعا مانگتے تھے اسی طرح نور ہو کر نور کی دعا مانگی۔

## صفات بے مثل:

### قوت باصرہ:

امام بخاری نے روایت کی ہے کہ:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِیْ هٰهُنَا وَاللّٰهِ مَا یَخْفٰی عَلَیَّ رُكُوْعُكُمْ وَلَا خُشُوْعُكُمْ وَاِنِّیْ لَاَرَاكُمْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِیْ ○

(بخاری، ج ۱، ص ۲-۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں صرف سامنے دیکھتا ہوں۔ قسم بخدا نہ مجھ پر تمہاری نماز کی ظاہری حالت پوشیدہ ہوتی ہے اور نہ باطنی خشوع و خضوع۔ بیشک میں تمہیں پیٹھ کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت باصرہ کی یہ صفت دائمی ہے عارضی نہیں اس لئے کہ۔

(۱) نماز کے اندر یا باہر تمام کائنات کو دیکھنا خدا کی ایک عظیم نعمت ہے اور قانون خدا یہ ہے کہ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّكُمْ اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہاری

Marfat.com

نعمتوں میں اضافہ کروں گا اور رسول پاک ﷺ سے بڑھ کر کوئی شکرگزار نہیں۔
لہذا آپ کی نعمت قوت باصرہ میں روز افزوں ترقی تو ممکن ہے کمی نہیں ہوسکتی۔

(ب) خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا آپ دعا فرمائیں اے اللہ میرے علم میں زیادتی عطا فرما۔

مقام غور ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا مقصود یہ ہے کہ رسول خدا کے علم میں اضافہ ہو اور کائنات کو ہر طرف سے دیکھنا علم کا سبب ہے اور ہمیشہ دیکھنا علم میں زیادتی کا سبب ہے تو اللہ تعالیٰ رسول پاک ﷺ کے علم میں زیادتی کا خواہاں ہے لہذا آپ ﷺ کا دائمی طور پر دیکھنا زیادتی علم کے لئے ضروری ہے۔

(ج) کوئی نعمت ہمیشہ کے لئے نہ دینے کی چار وجوہات ہوسکتی ہیں۔

## پہلی وجہ:

دینے والے میں نعمت دینے سے کوئی کمی آجاتی ہے۔
اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں کسی بھی وقت کسی نعمت میں کمی کا تصور بھی جائز نہیں کیونکہ کمی متصور ہوتی تو اللہ نعمت دیتا ہی نہیں۔

## دوسری وجہ:

نعمت لینے والا اس کا اہل نہیں۔
رسول خدا سے بڑھ کر کون ہے جو خدا کی نعمت کا اہل ہو۔

## تیسری وجہ:

نعمت لینے والا نعمت دینے والے کی مرضی کے خلاف کر دیتا ہے اور وہ ناراض ہو جاتا ہے اور نعمت واپس لے لیتا ہے۔
یہ وجہ بھی درست نہیں اس لئے کہ رسول کا مقام تو یہ ہے کہ:

Marfat.com

قُلْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰی اِلَیَّ ○

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں کہ میں تو اللہ کی وحی کے بغیر کام نہیں کرتا نیز خدا خود اپنے محبوب کی رضا چاہتا ہے۔

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ○

عنقریب آپ کا خدا آپ کو اتنا دے گا کہ آپ کو راضی کرے گا۔

فَتَرْضٰی نے ڈالی ہیں باہیں گلے میں
کہ ہو جائے راضی طبیعت کسی کی
فترضیٰ کی یہ پیاری پیاری صدا ہے
کہ ہو گا قیامت میں چاہا تمہارا

چوتھی وجہ:

نعمت لینے والے سے زیادہ کوئی اور محبوب ہے۔

یہ وجہ بھی درست نہیں اس لئے آپ سے بڑھ کر خدا کا اور کوئی محبوب ہے ہی نہیں۔ ان کی محبوبی کا تو یہ حال ہے کہ خدا فرماتا ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ○

آپ فرمادیں اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ خدا کے محبوب بن جاؤ گے۔

جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرنے والے خدا کے محبوب ہیں تو خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے کتنے محبوب ہوں گے۔

(د) معراج کی رات حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!

قَلْبٌ سَدِیْدٌ فِیْهِ عَیْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ ○

Marfat.com

دل مبارک ہر قسم کی کجی سے پاک ہے اس میں دو آنکھیں ہیں جو دیکھتی ہیں اور دو کان ہیں جو سنتے ہیں۔

یہ آنکھیں دور کی چیزوں کو دیکھنے کے لئے اور کان دور کی آوازوں کو سننے کے لئے ہیں جس طرح ظاہری آنکھوں کا دیکھنا دائمی ہے اور ظاہر کانوں کا سننا دائمی ہے اسی طرح دل کی آنکھوں کا دیکھنا اور کانوں کا سننا دائمی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ:

اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ○

ترجمہ: میں وہ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور وہ سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے۔

## قوت سامع:

خدا تعالیٰ نے اپنے محبوب کو قوت سامعہ بھی بے مثال عطا فرمائی ہے اس وقت ساری دنیا میں مسلمان موجود ہیں اور اپنے اپنے ملک میں اپنی اپنی مساجد میں نمازیں ادا کرتے ہیں اور نماز میں جب التحیات پڑھتے ہیں تو کہتے ہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ○

ترجمہ: اور سلام کا جواب دینا فرض ہے کیونکہ خدا فرماتا ہے:

وَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا○

ترجمہ: اور جب تمہیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ جواب میں کہو یا وہی کہہ دو۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ حضور اکرم ﷺ ہر سلام کرنے والے کا جواب دیتے ہیں اور سلام کے جواب سے پہلے سلام کا سننا ضروری ہے اس لئے پتہ چلا کہ حضور اکرم ﷺ ساری دنیا کے مسلمانوں کے درود و سلام کو سنتے ہیں اور اس کا

Marfat.com

جواب بھی دیتے ہیں۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول خدا کی بارگاہ میں عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی نبوت کی نشانی جس وجہ سے میں آپ کے دین میں داخل ہوا ہوں یہ ہے کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھولے میں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاند سے باتیں کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاند کو انگلی کا جدھر اشارہ کرتے تھے وہ ادھر ہو جاتا تھا۔ فرمایا: میں اس سے باتیں کرتا تھا اور وہ مجھ سے باتیں کرتا تھا اور وہ مجھے رونے سے منع کرتا تھا اور جب وہ عرش کے نیچے سجدہ میں گرتا تھا تو میں اس کی آواز سنتا تھا۔ (تفسیر مظہری، ج ۶، ص ۵۱۲)

کھیلتے تھے چاند سے بچپن میں آقا اس لئے
وہ سراپا نور تھے یہ تھا کھلونا نور کا
چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

## رسالت بے مثل:

حضور سرور کائنات تمام انسانوں کے رسول ہیں۔ خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۝

ترجمہ: تم فرما دو اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سارے انبیاء کے بھی رسول ہیں۔ خدا فرماتا ہے۔

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ ۝

یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب و

Marfat.com

حکمت دوں پھر ایسا رسول آئے جو اس کی تصدیق کرنے والا ہو جو تمہارے ساتھ ہے تو تم ضرور اس پر ایمان لانا۔

معلوم ہوا کہ انبیاء کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہمارے رسول اکرم ﷺ پر ایمان لائیں کیونکہ آپ ان کے لئے بھی رسول بن کر آئے ہیں۔

انبیاء سے کروں عرض کیوں مالکو
کیا نبی ہے تمہارا ہمارا نبی

آپ ﷺ تمام فرشتوں کے بھی رسول بن کر آئے ہیں۔ دلائل یہ ہیں۔

## دلیل اول:

حضرت اسرافیل علیہ السلام اہل آسمان کے مؤذن ہیں جب آپ اذان دیتے ہیں تو ساتوں آسمانوں کے فرشتے آپ کی اذان سنتے ہیں۔ حضرت میکائیل علیہ السلام بیت المعمور میں تمام فرشتوں کی امامت کراتے ہیں۔

(الحاوی، ج ۲، ص ۱۴۲)

اس سے معلوم ہوا کہ فرشتے وہی اذان دیتے ہیں جو ہماری اذان ہے اور ہماری طرف امامت کراتے ہیں اس لئے کہ وہ بھی ہمارے نبی کے امتی ہیں۔

## دلیل دوم:

حضرت سلمان فارسی سے روایت ہے کہ:

اِذَا کَانَ الرَّجُلُ فِیْ اَرْضٍ فَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ صَلّٰی خَلْفَہٗ مَلَکَانِ فَاِنْ اَذِنَ وَاَقَامَ صَلّٰی خَلْفَہٗ مِنَ الْمَلَائِکَۃِ مَالَا یَرٰی طَرَفَاہُ یَرْکَعُوْنَ بِرُکُوْعِہٖ وَیَسْجُدُوْا بِسُجُوْدِہٖ وَیُؤْمِنُوْنَ عَلٰی دُعَائِہٖ ○ (الحاوی، ج ۲، ص ۱۴۳)

جب کوئی آدمی کسی زمین میں ہوتا ہے اور نماز قائم کرتا ہے تو اس کے

Marfat.com

پیچھے دو فرشتے نماز ادا کرتے ہیں۔ اگر وہ اذان کہہ کر نماز قائم کرتا ہے تو دونوں طرف حد نگاہ تک فرشتے اس کے پیچھے نماز ادا کرتے ہیں۔ اس کے رکوع کے ساتھ رکوع سجدے کے ساتھ سجدہ کرتے ہیں اور اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔

## دلیل سوم:

حضرت آدم علیہ السلام ہندوستان میں نازل ہوئے۔ آپ پر وحشت طاری ہوئی۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام امین نازل ہوئے انہوں نے اذان کہی اور اذان میں دو مرتبہ کہا اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حضرت جبرائیل علیہ السلام امین کی یہ شہادت اس بات کی دلیل ہے کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جبرائیل علیہ السلام کے بھی رسول بن کر آئے ہیں۔

## دلیل چہارم:

حدیث میں آیا ہے:

فَاَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ اَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرَائِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَاَمَّا وَزِيْرَايَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرَ ○ (مشکوٰۃ)

میرے دو وزیر اہل آسمان سے حضرت جبرائیل امین علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام ہیں اور دو وزیر اہل زمین سے صدیق اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہم ہیں۔

وزیر بادشاہ کے ہوتے ہیں اور اس کے متبعین سے ہوتے ہیں لہذا جس طرح حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں حضرت جبرائیل امین اور میکائیل علیہم السلام بھی آپ کے امتی ہیں۔

اللہ اللہ شہ کونین جلالت تیری
فرش کیا عرش پہ جاری ہے حکومت تیری

Marfat.com

بلکہ حضور علیہ السلام ساری مخلوق کے رسول ہیں۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَاۙ ○

پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر وہ کتاب نازل فرمائی جو حق

باطل کے درمیان فرق کرتی ہے تاکہ وہ تمام جہانوں کا نذیر یعنی نبی بن جائے۔

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی

ان کا ان کا تمہارا ہمارا نبی

جب ساری مخلوق کے رسول ہیں تو سب کی زبان جانتے ہیں خدا فرماتا ہے:

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ ○

ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان دے کر بھیجا ہے۔

## دلیل اول:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ انور پر ہر ملک کا باشندہ اپنی اپنی زبان میں بات کرتا ہے اور آپ سب کے سنتے ہیں۔ کوئی فرشتہ ترجمان نہیں ہوتا۔

## دلیل دوم:

مختلف زبانیں بولنے والے خدا کے برگزیدہ بندے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کی زبان میں کلام فرماتے ہیں جس سے پتہ چلا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کی زبان جانتے ہیں۔

## ازواج بے مثل:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ ○

اے نبی کی عورتو تم دوسری عورتوں کی طرح نہیں ہو۔

Marfat.com

چند ازواج مطہرات کا ذکر ملاحظہ ہو۔

## حضرت خدیجۃ الکبریٰ:

(ا) جب حضرت جبرائیل امین علیہ السلام کی آمد شروع ہوئی تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا اگر ممکن ہو تو جس وقت وہ فرشتہ آپ کے پاس آئے مجھے ضرور مطلع فرمائیں چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام امین آپ کے پاس آئے تو آپ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو مطلع فرمایا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی آپ میری آغوش میں آ جائیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی آغوش میں آ گئے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنا سر کھول دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کیا آپ اس وقت بھی حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بشارت ہو خدا کی قسم! یہ فرشتہ ہے۔ شیطان نہیں۔ اگر شیطان ہوتا تو نہ شرماتا۔

(فتح الباری، ج ۸، ص ۵۵۳)

اس واقعہ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا وفور عقل ثابت ہوتا ہے۔

(ب) جاہلیت کے ایک عہد میں مکہ کی عورتیں جمع ہوئیں ان میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی موجود تھیں یکا یک ایک آدمی ظاہر ہوا اور بلند آواز سے ندا دی۔

اے عورتو! تمہارے شہر میں عنقریب ایک نبی ظاہر ہو گا جس کا نام احمد ہو گا جو عورت تم میں سے اس کی بیوی بن سکے تو ضرور ایسا کر گزرے۔ سب عورتوں نے اس ندا دینے والے کو سنگریزے مارے مگر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ایسا نہیں کیا اور خاموش ہو گئیں۔ بعد میں آپ کا نکاح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔

(کتاب الاصابہ، ج ۴، ص ۲۸۳)

Marfat.com

(ج) بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ کے لئے کھانا لا رہی ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں تو ان کو پروردگار کی طرف سے اور پھر میری طرف سے سلام کہہ دیں اور ان کو جنت کے ایک محل کی بشارت دے دیں جس میں کوئی شور وغل نہ ہو گا اور نہ ہی اس میں کسی قسم کی مشقت اور تکلیف ہو گی۔

نسائی کی روایت میں ہے کہ آپ نے جواب میں فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ خود ہی سلام ہے البتہ جبرائیل علیہ السلام پر سلام ہو اور خدا کی برکتیں اور رحمتیں ہوں۔

## حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا:

آپ کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! یہ جبرائیل (علیہ السلام) تمہیں سلام کہتے ہیں۔ میں نے عرض کی: ان پر بھی سلام رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

(۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردوں میں سے بہت لوگ کمال کو پہنچے اور عورتوں میں سے سوائے حضرت مریم علیہا السلام اور آسیہ زوجہ فرعون کے سوا کوئی عورت کمال کو نہیں پہنچی اور عائشہ (رضی اللہ عنہا) کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت تمام کھانوں پر۔

(۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سوا کسی باکرہ سے نکاح نہ فرمایا۔

Marfat.com

(۴) نکاح سے پیشتر فرشتہ میری تصویر لے کر نازل ہوا اور آپ ﷺ کو دکھلا کر کہا یہ آپ ﷺ کی بیوی ہے۔

(۵) رسول خدا ﷺ سب سے زیادہ مجھ سے محبت کرتے تھے۔

(۶) جو شخص سب سے زیادہ پی کو محبوب تھا میں اس کی بیٹی ہوں۔

(۷) میری براءت کی آیات آسمان سے نازل ہوئیں۔

(۸) میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا میرے سوا کسی نے نہ دیکھا۔

(۹) جب حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر آتے تو میں اور آپ ﷺ ایک لحاف میں ہوتے۔

(۱۰) میری باری کے دو دن اور دو راتیں تھیں۔

(۱۱) انتقال کے وقت آپ ﷺ کا سر اقدس میری گود میں تھا۔

(۱۲) آپ ﷺ میرے حجرے میں مدفون ہوئے۔

(مجمع الزوائد، ج ۹، ص ۲۴۱)

## آل رسول بے مثل:

(ا) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہم کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا:

مَنْ اَحَبَّنِیْ وَاَحَبَّ هٰذَیْنِ وَاَبَاهُمَا وَاُمَّهُمَا كَانَ مَعِیْ فِیْ دَرَجَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ○

جس نے مجھ سے اور ان دونوں سے ان کے باپ اور ماں سے محبت کی وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجہ میں ہوگا۔ (اسد الغابہ، ج ۴، ص ۲۹)

(ب) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ ہمیں

Marfat.com

ملنے کے لئے تشریف لائے اور رات ہمارے ہاں قیام فرمایا اور امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہم دونوں سوئے ہوئے تھے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور مشکیزے سے پانی لائے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے ہاتھ بڑھا کر پانی پینا چاہا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نہ دیا بلکہ امام حسن رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ آپ سے کہا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاید آپ امام حسن رضی اللہ عنہ سے زیادہ محبت کرتے ہیں فرمایا نہیں بلکہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے پہلے پانی مانگا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ (رضی اللہ عنہا)!

اِنِّیْ وَاِیَّاکَ وَھٰذَانِ وَھٰذَا الرَّاقِدُ یَعْنِیْ عَلِیًّا فِیْ مَکَانٍ وَّاحِدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ○

میں اور تو اور یہ دونوں اور یہ سونے والے علی (رضی اللہ عنہ) قیامت کے دن ایک جگہ ہوں گے۔ (اسد الغابہ، ج ۵، ص ۲۶۹)

اللہ اللہ نبی کا گھرانہ یہ گھرانہ وراء الوراء ہے
اس میں حسنینؓ ہیں فاطمہؓ ہے اس گھرانے میں مشکل کشا ہے
کعبہ عشق کا ہوں نمازی ان کی نظر عنایت پر راضی
میری تربت پہ لکھ دینا کاتب پنجتن کا یہ ادنیٰ گدا ہے

(ج) سترہ ہجری کا سال تباہی و بربادی کا سال کہلاتا ہے۔ لوگوں نے کئی مرتبہ نماز استسقیٰ ادا کی لیکن بارش نہ ہوئی۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کل میں ان لوگوں کے وسیلے سے بارش کی دعا کروں گا جن کے وسیلے سے ضرور بارش ہو گی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے جا کر حضرت عباس کا دروازہ کھٹکھٹایا، انہوں نے کہا کون؟ فرمایا عمر ہوں۔ پوچھا کیا کام ہے فرمایا بارش کی دعا کرنی ہے انہوں نے کہا ذرا ٹھہرو بنی ہاشم سے کہہ دو بہترین لباس زیب تن کر کے باہر نکلیں اور خوشبو لگائیں

Marfat.com

پھر اس طرح باہر نکلے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے آگے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ دائیں بائیں حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے پیچھے باقی بنو ہاشم۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا اے عمر رضی اللہ عنہ ہمارے ساتھ کوئی اور شامل نہ ہو پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نماز کی جگہ پہنچ کر خدا کی حمد و ثناء بیان کی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ موسلا دھار بارش ہونے لگی اور لوگ بھیگتے ہوئے اپنے گھروں کو واپس ہوئے۔ (صواعق محرقہ، ص ۱۷۸)

جب ہجرت کی رات حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے بستر پر سوئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں گئے اور مکہ سے باہر ایک غار میں ٹھہرے اس شب کفار کا ارادہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کا تھا۔ خدا تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام سے فرمایا میں نے تمہارے درمیان بھائی چارہ قائم کیا ہے اور تمہاری زندگی ایک دوسرے سے دراز کی ہے بتاؤ تم میں سے کون ہے جو اپنے بھائی پر اپنی زندگی کا ایثار کرے اور مرنے کو تیار ہو دونوں اپنی اپنی زندگی بارگاہ الٰہی سے طلب کرنے لگے۔ خدا کی طرف سے ارشاد ہوا اے جبرائیل علیہ السلام و میکائیل علیہ السلام دیکھو علی المرتضٰی اپنی زندگی کی قربانی کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر لیٹ گیا ہے کیونکہ ان دونوں کے درمیان سلسلہء اخوت قائم ہوا ہے۔

اب تم دونوں جاؤ اور دشمنوں سے ان کی حفاظت کرو چنانچہ دونوں آپ کی حفاظت کے لئے آئے ایک سرہانے کی طرف اور ایک پاؤں کی طرف کھڑا ہو گیا اور زبان حال سے کہنے لگے۔

مَنْ مِّثْلُكَ يَاابْنَ اَبِىْ طَالِبٍ اِنَّ اللّٰهَ يُبَاهِىْ بِكَ عَلٰى مَلَائِكَتِهٖ○

اے علی (کرم اللہ وجہہ)! تمہاری مثل کون ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ تم

Marfat.com

پر فرشتوں کے سامنے فخر کر رہا ہے۔

اس وقت یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاةِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ○

اللہ کے بعض بندے وہ ہیں جو اس کی رضا جوئی میں اپنی جان بیچتے ہیں اور اللہ اپنے بندوں پر شفقت کرنے والا ہے۔

اس واقعہ میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ایثار کی ایک عظیم مثال ہے کہ انہوں نے یہ جانتے ہوئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر لیٹنا خطرے سے خالی نہیں پھر بھی اپنی جان کی قربانی پیش کر دی کیونکہ:

حوصلہ ہارے نہ انسان پریشانی میں
ہر بنا کام بگڑ جاتا ہے نادانی میں
ڈوب سکتی نہیں کبھی موجوں کی طغیانی میں
جن کی کشتی ہو محمدؐ کی نگہبانی میں

## صحابہ بے مثل:

صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان میں نازل شدہ چند آیات ملاحظہ فرمائیں۔

### آیت نمبر 1:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آوَوْا وَّنَصَرُوْا أُولٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ○

ترجمہ: اور وہ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کے راستے میں جہاد کیا اور جنہوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی وہی لوگ سچے مومن ہیں ان کے لئے مغفرت ہے

Marfat.com

اور عزت کی روزی ہے۔

## آیت نمبر 2:

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

ترجمہ: مہاجرین اور انصار میں سے سبقت لے جانے والے پہلے اور وہ جنہوں نے نیکی کے ساتھ ان کی اتباع کی اللہ ان سے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے اور ان کے لئے باغات تیار کئے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔

## آیت نمبر 3:

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ○

ترجمہ: اللہ نے تمہارے لئے ایمان محبوب کر دیا اور اسے دلوں میں مزین کر دیا اور تمہارے لئے کفر فسق اور نافرمانی مکروہ کر دی۔ وہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِيْ يَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بَعَثَ قَائِدًا وَنُوْرًا لَّهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ○

ترجمہ: میرا صحابی جس زمین میں فوت ہو گا اس زمین والوں کے لئے قائد اور نور ہو گا قیامت کے دن۔ (مشکوٰۃ)

Marfat.com

# چند بے مثل صحابہ

## حضرت مصعب بن عمیر:

یہ وہ صحابی رسول تھے کہ مینڈھے کی کھال کی پوستین پہنتے تھے جوان سے ہمکلام ہوتی تھی۔ چنانچہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

نَظَرَ النَّبِیُّ ﷺ اِلٰی مُصْعَبِ بْنِ عُمَیْرٍ مُقْبِلًا وَعَلَیْهِ اَهَابَ کَبْشٍ قَدْ تَنْطِقُ بِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ اُنْظُرُوْا اِلٰی هٰذَا الَّذِیْ قَدْ نَوَّرَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ ○

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو آتے ہوئے دیکھا ان پر ایک مینڈھے کی کھال تھی جو ان سے باتیں کرتی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس آدمی کو دیکھو۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے دل کو نور سے منور کر دیا ہے۔

(حلیۃ الاولیاء، ج ۴، ص ۱۰۸)

## حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ:

ان کے بارے میں علامہ ابن حجر نے لکھا ہے کہ ابو عمر بن عبدالبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

کَانَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ مِنْ فُضَلَاءِ الصَّحَابَةِ وَفُقَهَائِهِمْ یَقُوْلُ عَنْهُ اَهْلُ الْبَصْرَةِ اِنَّهٗ کَانَ یَرَی الْحَفِظَةَ وَکَانَتْ تُکَلِّمُهٗ ○

(کتاب الاصابہ، ج ۳، ص ۲۶)

حضرت عمران بن حصین بڑے جلیل القدر تھے اور فقہاء صحابہ میں سے تھے۔ اہل بصرہ خود حضرت عمران سے ناقل ہیں کہ وہ کراماً کاتبین کو دیکھا کرتے تھے اور ان سے باتیں کرتے تھے۔

Marfat.com

## حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ:

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنی قوم کی طرف بھیجا کہ میں ان کو خدا اور رسول کی طرف بلاؤں اور احکام اسلام ان کے سامنے پیش کروں میں وہاں پہنچ کر اپنے کام میں مشغول ہو گیا۔ اتفاقاً ایک خون سے بھرا پیالہ لے کر میرے سامنے آ بیٹھے اور حلقہ باندھ کر کھانے کے ارادے سے بیٹھے اور مجھ سے کہنے لگے آؤ تم بھی کھاؤ میں نے کہا تم کیا غضب کر رہے ہو میں تو ان کے پاس سے آ رہا ہوں جو اس کا کھانا ہم سب پر حرام کرتے ہیں۔ تب وہ سب میری طرف متوجہ ہوئے اور کہا پوری بات کہو۔ میں نے یہ آیت پڑھ دی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ۔۔۔۔الخ یعنی تم پر مردار اور خون حرام کر دیا گیا ہے۔ میں بہت دنوں تک وہاں رہا اور انہیں پیغام اسلام پہنچاتا رہا لیکن وہ ایمان نہ لائے۔ ایک دن میں سخت پیاسا ہوا میں نے ان سے پانی مانگا اور کہا پیاس کے مارے میرا برا حال ہو رہا ہے مجھے تھوڑا سا پانی پلا دو۔ لیکن کسی نے مجھے پانی نہ دیا بلکہ کہا ہم تجھے یونہی پیاس سے تڑپا تڑپا کر ماریں گے میں غمناک ہو کر دھوپ میں تپتے ہوئے سنگریزوں پر اپنا کمبل اوڑھے پڑا رہا۔ اتفاقاً میری آنکھ لگ گئی تو خواب میں دیکھتا ہوں کہ ایک شخص بہترین جام لئے میرے پاس آیا اس میں خوش ذائقہ مزیدار پینے کی چیز تھی۔ وہ جام اس نے میرے ہاتھ میں دے دیا میں نے خوب پیٹ بھر کر پی لیا پھر میری آنکھ کھل گئی۔ خدا کی قسم مجھے مطلق پیاس نہ تھی بلکہ بعد میں بھی پیاس نے کبھی ستایا نہیں۔ میرے جاگنے کے بعد وہ آپس میں کہنے لگے آخر تو یہ تمہاری قوم کا سردار ہے تمہارا مہمان بن کر آیا ہے۔ اتنی بے رخی بھی ٹھیک نہیں کہ اسے ایک گھونٹ پانی بھی نہ دیں چنانچہ اب یہ لوگ میرے پاس

Marfat.com

کچھ پانی لے کر آئے میں نے کہا اب مجھے حاجت نہیں میرے رب نے مجھے پلا دیا ہے یہ کہہ کر میں نے ان کو اپنا پیٹ بھرا دکھا دیا اس کرامت کو دیکھ کر وہ سارے مسلمان ہو گئے۔ (ابن کثیر، ج ٦، ص ٣٩)

## حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ:

ایک مرتبہ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر تیار فرمایا۔ اس کا افسر حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں میں بھی اس لشکر میں موجود تھا جب ہم جنگ کے لئے آگے بڑھے تو دشمن کو ہماری اطلاع ہوگئی۔ انہوں نے پانی کے تمام آثار مٹا دیئے۔ گرمی بہت سخت تھی ہمیں اور ہماری سواریوں کو پیاس نے نڈھال کر دیا تھا۔ جب سورج ڈھلا تو علاء بن حضرمی نے دو رکعت نماز پڑھائی پھر دعا کے لئے ہاتھ پھیلا دیئے۔ آسمان پر بادل کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ ابھی انہوں نے ہاتھ ہٹائے بھی نہ تھے کہ سہانی ہوا چلنے لگی۔ بادل اٹھے اور موسلا دھار بارش ہونے لگی۔ تالاب جوہڑ اور وادیاں پانی سے لبریز ہو گئیں۔ ہم نے خوب سیر ہو کر پانی پیا اور جانوروں کو بھی پلایا۔ پھر ہم دشمن سے مقابلہ کے لئے آگے بڑھے جو سمندری خلیج سے ایک جزیرے کی طرف بڑھ چکا تھا۔ حضرت علاء بن حضرمی نے اس خلیج پر آ کر کہا یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا کَرِیْمُ اور فرمایا خدا کا نام لے کر اتر پڑو۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پانی صرف سواریوں کے پاؤں تر کر رہا تھا۔

پھر حضرت علاء کا وصال ہو گیا ہم نے ان کو دفن کر دیا کسی نے ہم سے کہا یہ زمین مردوں کو جوں نہیں کرتی ہم نے کہا یہ بات تو اچھی نہیں کہ ان کو درندے کھائیں۔ ہم نے ان کو نکالنے کے لئے قبر کھودی تو وہ حد نگاہ تک نور سے

Marfat.com

معمور تھی ہم نے دوبارہ قبر پر مٹی ڈال دی۔ (جامع کرامات، ص ۴۳۶)

## اوس اور خزرج کا باہمی تفاخر:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ انصار کے دو قبیلوں اوس اور خزرج نے باہمی تفاخر کیا۔ قبیلہ اوس کے لوگوں نے کہا ہمارا قبیلہ وہ ہے کہ اس میں غسیل ملائکہ حضرت حنظلہ ہیں اس میں حضرت سعد بن معاذ ہیں جن کی وفات پر اللہ کا عرش لرزہ براندام ہو گیا۔ حضرت عاصم بن ثابت بھی اس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے جن کی لاش کی حفاظت بھڑوں نے کی۔ حضرت خزیمہ بن ثابت ہمارے قبیلے کے وہ شخص ہیں جن کی ایک کی شہادت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کے برابر کر دی۔

اہل خزرج نے کہا ہمارے قبیلے کے چار حضرات وہ ہیں کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں قرآن جمع کیا تھا اور وہ یہ ہیں۔

حضرت زید بن ثابت۔ ابو زید۔ ابی بن کعب اور حضرت معاذ بن جبل

(ابن عساکر، ج ۵، ص ۱۳۶)

## حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ:

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی آدَمَ فِیْ عِلْمِہٖ وَاِلٰی نُوْحٍ فِیْ فَھْمِہٖ وَاِلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِیْ حِلْمِہٖ وَاِلٰی یَحْیٰی فِیْ زُھْدِہٖ وَاِلٰی مُوْسٰی وَ بَطْشَہٗ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ ○ (الریاض النضرہ، ج ۲، ص ۲۹۰)

جو حضرت آدم علیہ السلام کے علم کو حضرت نوح علیہ السلام کی عقل کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بردباری کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کے زہد کو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی

Marfat.com

قوت کو دیکھنا چاہے وہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

## حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ غار ثور میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر پیاس کا غلبہ ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ غار کے دروازے پر چلے جاؤ اور پانی پی لو۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے وہاں آ کر شہد سے میٹھا دودھ سے زیادہ سفید اور کستوری سے زیادہ خوشبو دار پانی پیا۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے بشارت دوں کہ یہ پانی وہ ہے خدا نے جنتی نہروں کے متوکل فرشتے سے فرمایا جنت الفردوس سے ایک نہر کا رخ غار کے دروازے کی طرف کر دو تا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ پانی پی لیں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! خدا کی بارگاہ میں میرا یہ مقام ہے فرمایا ہاں۔ بلکہ اس سے بھی افضل وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ لَایَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مُبْغِضُکَ وَلَوْ کَانَ لَہٗ عَمَلُ سَبْعِیْنَ نَبِیًّا قسم ہے اس ذات کی جس نے حق کے ساتھ مجھے بھیجا تجھ سے دشمنی رکھنے والے کے عمل ستر انبیاء کے برابر نہ ہوں وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (الریاض النظرۃ، ج ۱، ص ۹۵)

## اولیاء بے مثل:

## خواجہ ناصر الدین ابو محمد چشتی:

آپ اپنی والدہ کے پیٹ ہی میں اہل نعمت ہو گئے تھے۔ ان کی والدہ فرماتی ہیں کہ ابو محمد چار مہینے کے میرے پیٹ میں تھے جب میرے پیٹ میں حرکت کرتے تھے اور میرے پیٹ سے میرے کان میں ذکر لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ کی آواز آتی تھی۔ خواجہ ناصر الدین کے پیر و مرشد خواجہ ابو احمد نے فرمایا کہ جس رات ابو محمد پیدا ہوئے میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ

Marfat.com

فرما رہے ہیں کہ اے ابو احمد تمہیں بشارت ہو آج تمہارا ایک مرید دنیا میں آ رہا ہے جو پیدائش کے وقت سات مرتبہ بلند آواز سے کہے گا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ جسے تمام حاضرین مجلس سنیں گے تم انہیں روزانہ دیکھنے جانا اور کہنا کہ پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں سلام فرمایا ہے۔ خواجہ ابو احمد بیدار ہوئے اتنے میں ابو محمد چشتی کی والدہ کی طرف سے ایک آدمی آیا، اور خبر دی کہ اسی ساعت ایک لڑکا پیدا ہوا ہے جس نے تمام حاضرین کے سامنے بلند آواز سے سات مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا ہے۔ شیخ ابو احمد چشتی نے وضو کیا اور شیخ ابو محمد چشتی کے مکان پر تشریف لے گئے۔ ابو محمد کی والدہ نے آپ کو شیخ ابو احمد کے پاس بھیج دیا ابو احمد چشتی نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ وَلِیَّ اللّٰہِ انہوں نے جواب دیا وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا شَیْخُ اَبُوْ اَحْمَدَ آج رات کا خواب بیان کیجئے۔ شیخ ابو احمد نے کہا کہ مصطفےٰ علیہ السلام نے آپ کو سلام بھیجا ہے۔ آپ نے سنا تو یوں جواب دیا وَالسَّلَامُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

شیخ ابو محمد چشتی روزانہ چند مرتبہ ہنستے تھے۔ آپ کی والدہ نے یہ بات خواجہ ابو احمد چشتی سے کہی انہوں نے فرمایا کہ شیطان ملعون کی یہ عادت ہے کہ وہ بچوں کے کان مسل دیتا ہے اور وہ روتے ہیں جب شیطان تمہارے بچے کے پاس آتا ہے تو ایک فرشتہ اسے طمانچہ مارتا ہے تمہارا بچہ مادر زاد سعید ہے اسے دیکھتا ہے تو ہنسنے لگتا ہے۔ (سبع سنابل، ص ۴۲۵)

## خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ:

جب آپ کی عمر چار سال چار مہینے چار دن کی ہوئی تو آپ کی والدہ نے آپ کو خواجہ معین الدین کے پاس بغرض تعلیم بھیج دیا۔ انہوں نے آپ کی تختی

Marfat.com

لے کر لکھنا چاہا تو غیب سے آواز آئی کہ ٹھہرو حمید الدین ناگوری آرہے ہیں وہی ہمارے قطب الدین کی تختی لکھیں گے۔ دوسرے ہی لمحے میں خواجہ حمید الدین ناگوری تشریف لے آئے خواجہ معین الدین نے دیکھا تو تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے اور تختی آپ کے ہاتھ میں دی۔ حضرت قاضی حمید الدین ناگوری نے حضرت قطب الدین بختیار کاکی سے پوچھا کہ کہاں سے لکھوں انہوں نے جواب دیا لکھئے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ـــــ الخ

قاضی حمید الدین نے فرمایا یہ تو پندرھواں پارہ ہے تم نے قرآن کہاں سے پڑھا ہے جواب دیا میری والدہ کو پندرہ پارے یاد ہیں میں نے توفیق الٰہی سے وہاں سے دیکھ کر یاد کر لئے۔

حمید الدین ناگوری نے آپ کو چار روز میں قرآن پڑھایا اور چلے گئے۔

(سبع سنابل، ص ۴۳۹)

## حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ:

حضور داتا صاحب نے لکھا ہے کہ آپ کا درجہ یہاں تک بلند ہوا کہ ایک مرتبہ حضرت حسن بصری آپ کی عبادت گاہ میں آئے نماز عشاء کی تکبیر ہو رہی تھی اور جماعت کھڑی ہو چکی تھی حضرت حسن بصری نے آپ کی اقتداء میں نماز کی نیت باندھ لی مگر جب دیکھا کہ حضرت حبیب عجمی کی زبان سے مخارج قرآن صحیح نہیں نکل رہے نماز تو آپ نے پڑھ لی مگر یہ محسوس ہوا کہ ان کے مخارج صحیح نہیں ہیں شام کو جب سوئے تو خواب میں جمال الٰہی سے مشرف ہوئے عرض کی الٰہی تیری رضا کس چیز میں ہے جواب ملا اے حسن اگر میرے حبیب کے پیچھے

Marfat.com

نماز اس طرح پڑھتا کہ تیری نیت درست ہوتی تو میں تجھ سے راضی ہو جاتا۔
(کشف المحجوب، ص ۲۰۶)

## محمد بن علی حکیم ترمذی:

حضرت ابوبکر وراق روایت کرتے ہیں کہ ایک روز محمد بن علی حکیم ترمذی نے اپنی تصانیف میں سے چند جز مجھے دیئے اور فرمایا یہ دریائے جیحوں میں ڈال دو جب میں باہر آیا تو میں نے دیکھا کہ وہ خبر نہایت عمدہ علمی جواہر پارے ہیں۔ میرے دل نے نہ چاہا کہ ان کو دریا میں ڈال دوں میں نے وہ جز دریا میں ڈالنے کی بجائے اپنے پاس رکھ لئے اور واپس آ کر عرض کی آپ کے ارشاد کی تعمیل کر دی ہے انہوں نے مجھ سے پوچھا جب تو نے وہ جز دریا میں ڈالے تو تو نے کیا دیکھا میں نے جواب دیا کچھ نہیں دیکھا۔ فرمایا تو پھر تو نے وہ جز دریا برد نہ کیا۔ میں حیران ہوا کہ دریا میں جز ڈالنے سے کیا نظر آنا تھا جس کی وجہ سے مجھ پر حکم لگا دیا گیا کہ تو نے وہ جز دریا میں نہ ڈالے۔ آخر کار میں نے وہ جز دریا برد کر دیئے۔ ان اجزاء کا دریا میں ڈالنا تھا کہ دریا پھٹا اور ایک صندوق برآمد ہوا اور اس کا ڈھکنا کھلا اور اس میں جز داخل ہو گئے پھر صندوق کا منہ بند ہو گیا اور وہ دریا میں چلا گیا اور پانی کی سطح ہموار ہو گئی۔ میں حاضر ہوا اور اطلاع دی کہ وہ اجزاء دریا برد کر آیا ہوں۔ اس کے بعد جو دیکھا وہ بھی بیان کر دیا پھر میں نے اس راز کے بارے میں دریافت کیا فرمایا۔ ہم نے علم طریقت میں ایک کتاب لکھی تھی جو عقول انسانی سے فوق [illegible] حضرت خضر علیہ السلام نے کہا کہ یہ کتاب ہمیں دے دو چنانچہ انہیں کے حکم سے وہ صندوق [illegible] سے وہ کتاب ان کے پاس پہنچ گئی۔ (کشف المحجوب، ص ۲۱۳)

Marfat.com

## امت بے مثل:

(ا) حدیث میں آیا ہے کہ ایک دفعہ رسول اکرم ﷺ مسجد میں بیٹھے تھے ایک پرندہ آکر مسجد کی دیوار پر بیٹھ گیا۔ اس کی چونچ میں رائی کے برابر مٹی تھی وہ پرندہ چیخنے لگا اور رسول اکرم ﷺ سن کر مسکرانے لگے لوگوں نے وجہ دریافت کی آپ نے فرمایا: یہ پرندہ کہتا ہے جس طرح میری چونچ کی یہ مٹی دریائے قلزم کو گدلا نہیں کر سکتی اسی طرح آپ کی امت کے گناہ خدا کی رحمت کو متغیر نہیں کر سکتے کیونکہ اللہ کی رحمت سمندر سے بہت بڑی ہے اور اللہ کے نزدیک گناہ اس مٹی سے بہت کم ہیں۔ (احسن القصص، ص ۱۷۸)

(ب) حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے امت احمد کو آواز دی تو انہوں نے اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں اور اپنی ماؤں کے رحموں سے لبیک کہہ کر جواب دیا۔ خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِشَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَاِنْ ذُنُوْبُهٗ اَكْثَرُ مِنْ زُبُدِ الْبَحْرِ ○

(مظہری، ج ۷، ص ۱۶۸)

جو قیامت کے دن اس گواہی کے ساتھ میرے پاس آئے گا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ میرے بندے اور میرے رسول ہیں وہ جنت میں داخل ہوگا اگرچہ اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں۔

(ج) حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا کی بارگاہ میں عرض کی یارب میں الواح میں لکھا ہوا پاتا ہوں کہ ایک امت ہوگی جو ہمیشہ

Marfat.com

اچھی باتیں سکھائے گی اور بری باتوں سے روکتی رہے گی۔ اے خدا وہ امت میری امت کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ امت احمد کی امت ہے پھر کہا اے اللہ ان الواح سے ایک ایسی امت کا پتہ چلتا ہے جو سب سے آخری امت ہو گی لیکن سب سے پہلے جنت میں داخل ہو گی وہ میری امت کر دے۔ اللہ نے فرمایا وہ احمد کی امت ہے پھر عرض کی الواح میں ایک ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو کتاب کو حفظ کرے گی اور زبانی اس کی تلاوت کرے گی۔ وہ امت مجھے عطا کر دے فرمایا وہ تو احمد کی امت ہے۔ پھر عرض کی ایک ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو تیری ہر کتاب پر ایمان لائے گی اور گمراہوں کافروں حتیٰ کہ کانے دجال سے بھی لڑیں گے وہ امت مجھے عطا کر دے فرمایا وہ تو احمد کی امت ہے پھر عرض کی الٰہی الواح میں ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں وہ اپنے نذرانے اور صدقات آپس میں کھائیں گے حالانکہ اس امت سے پہلے لوگوں کے صدقات کی قبولیت کی نشانی یہ ہوتی تھی کہ آسمان سے آگ آ کر اسے کھا جاتی تھی اللہ ان کے صدقات امیروں سے لے کر غریبوں کو دے گا۔ یا رب وہ میری امت کر دے فرمایا یہ احمد کی امت ہے پھر کہا یا رب میں الواح میں ایک ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو صرف نیکی کا ارادہ کرے گی تو نیکی مل جائے گی اور اگر وہ نیک کام کرے گی تو دس سے لے کر سات سو تک نیکیاں مل جائیں گی۔ اے رب وہ میری امت بنا دے فرمایا وہ احمد کی امت ہے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی الٰہی میں الواح میں ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو مرتبہء شفاعت پر فائز کی جائے گی خدایا وہ میری امت بنا دے فرمایا وہ تو احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وہ الواح ہاتھ سے رکھ دیئے اور بارگاہ خداوندی میں عرض کی الٰہی مجھے اس احمد کی امت سے بنا دے۔ (ابن کثیر، ج۹، ص ۲۵)

Marfat.com

(د) حضرت زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدا پھر قید خانے بھیجا پھر قید خانے سے نکال کر مصر کی بادشاہت دی اس طرح خدا نے مومن کی جان و مال کو خریدا اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ○ پھر دنیا کے قید خانے میں قید کیا اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ اور قیامت کے روز دنیا کے قید خانے سے نکال کر جنت کی بادشاہت عطا فرمائے گا۔

(ع) جب حضرت نوح علیہ السلام کی قوم آپ پر ایمان نہ لائی تو آپ نے خدا تعالیٰ سے یوں دعا مانگی رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْکَافِرِیْنَ دَیَّاراً○

ترجمہ: یا اللہ! زمین پر کافروں کو بستا ہوا نہ چھوڑ۔

اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور عرض کی آپ نے کافروں کے لئے عذاب کی دعا مانگی ہے تو مومنوں کی مغفرت کی دعا بھی کریں۔آپ نے دعا مانگی۔ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا○

اے میرے رب میری میرے والدین کی اور جو میرے گھر میں مومن ہو کر داخل ہو جائے اس کی مغفرت فرما دے۔

پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور کہا۔

اُدْعُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ یَکُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِکَ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ○

ان مومن مردوں اور عورتوں کے لئے بھی دعا کرو جو آپ کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے ہوں گے۔

آپ نے پھر مانگی رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ○

اے میرے رب! میری اور میرے والدین کی اور جو میرے گھر میں

Marfat.com

مومن ہو کر داخل ہو جائے اور مومن مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرما دے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے جو دعا کافروں کی ہلاکت کی مانگی خدا نے وہ قبول فرمائی اور اللہ کی رحمت سے قوی امید ہے کہ جو دعا آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی مغفرت کی مانگی ہے وہ بھی خدا تعالیٰ اپنے کرم سے ضرور قبول فرمائیں گے۔ (معارج، ج ۱، ص ۷۸)

(غ) جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں سوار ہوئے تو آپ نے کہا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖيهَا وَمُرْسٰهَا جب اس نام کی برکت سے کشتی چلنے لگی تو آپ نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجَانَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ پھر جب کشتی سے باہر تشریف لائے تو فرمایا يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ گویا خدا تعالیٰ حضرت نوح علیہ السلام کو تین چیزیں عطا فرمائیں جن سے وہ اور ان کے امتی طوفان آب سے نجات پا گئے خدا نے اپنے فضل سے مسلمانوں کو بھی بسم اللہ، الحمد للہ اور سلام تینوں چیزیں عطا فرمائیں تا کہ یہ طوفان عذاب سے نجات پا جائیں۔

(معارج، ج ۱، ص ۸۰)

(ف) پانچ پیغمبروں کو ان کی قوم کا بھائی کہا گیا تفصیل یہ ہے:

وَقَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ ○

ترجمہ: ان کے بھائی نوح علیہ السلام نے ان سے کہا۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ○

ترجمہ: اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو بھیجا۔

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صَالِحًا ○

ترجمہ: اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو بھیجا۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ○

Marfat.com

ترجمہ: اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو بھیجا۔

وَاِذَا قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ ○

ترجمہ: اور جب ان کے بھائی لوط علیہ السلام نے ان سے کہا۔

لیکن سرور کائنات کو مسلمانوں کا بھائی نہ کہا گیا بلکہ قوم مسلم کا تن و جان کہا گیا۔ خدا فرماتا ہے لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ البتہ تحقیق آیا رسول تمہاری جانوں میں سے۔

وجہ یہ ہے کہ بھائی بھائی کا دشمن ہو سکتا ہے جیسے کہ قابیل ہابیل کا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی ان کے دشمن ہو گئے لیکن کوئی اپنی جان کا دشمن نہیں ہوتا بلکہ اپنی جان کی خیر مانگتا ہے اس لئے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کی ہمیشہ مغفرت کے لئے دعا مانگی ہے۔ (معارج، ج ۱، ص ۸۵)

(ن) جب قوم عاد پر ہوا کا عذاب آیا تو حضرت ہود علیہ السلام نے اپنے مومن امتیوں کے گرد ایک دائرہ کھینچ لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ دائرہ ایک عظیم قلعہ ثابت ہوا اور تمام مومن مرد اور عورتیں ہوا کے طوفان سے نجات پا گئے۔ خدا تعالیٰ نے ہم مسلمانوں کو بھی ایک عظیم قلعہ عطا فرمایا ہے اور وہ یہ کہ:

جب حضرت امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم خچر پر سوار ہو کر نیشاپور سے گزرے تو ان کے چہرے پر نقاب تھا جب نیشاپور کے بازار سے آپ کی سواری گزری تو دو عظیم محدث امام ابو زرعہ رازی اور امام اسلم طوسی آئے اور آپ کی رکابیں تھامیں اور عرض کی۔ آپ اپنے رخ انور کی زیارت بھی کرائیں اور کوئی ایسی حدیث سنائیں جس کی تمام سند میں آپ کے خاندان سے ہوں آپ نے اپنے رخ زیبا کو بے نقاب بھی کیا اور یوں گویا ہوئے کہ مجھ سے میرے والد امام موسیٰ کاظم نے بیان کیا ان سے ان کے والد امام جعفر صادق نے روایت کیا ان سے

Marfat.com

ان کے والد امام باقر نے بیان کیا ان سے ان کے والد زین العابدین نے بیان کیا ان سے ان کے والد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ان سے ان کے والد حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ان سے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے روایت کی ان سے رب العالمین نے فرمایا:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصْنِیْ فَمَنْ قَالَهَا دَخَلَ حِصْنِیْ وَاَمَنَ مِنْ عَذَابِیْ ○

لا الٰہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جس نے اس کلمہ کو اپنی زبان سے ادا کیا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو گیا اور میرے عذاب سے بچ گیا۔ (احسن، ص ۹۴)

## معراج بے مثل:

کئی انبیاء علیہم السلام کو معراج جیسی عظیم نعمت سے سرفراز فرمایا گیا لیکن ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج بے مثل ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات بے حجاب خدا تعالیٰ کا دیدار کیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ کی روایت میں ہے کہ:

اَنَّ مُحَمَّدًا رَاٰی رَبَّهٗ مَرَّتَیْنِ مَرَّةً بِبَصَرِهٖ وَمَرَّةً بِفُؤَادِهٖ ○ (طبرانی)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ خدا کا دیدار کیا ہے ایک مرتبہ سر کی آنکھ سے اور ایک مرتبہ دل کی آنکھ سے۔

دیدار خدا کے لئے کتنی طاقتور آنکھ کی ضرورت ہے اس کے لئے حضرت عکرمہ شاگرد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت عکرمہ فرماتے ہیں کہ تمام انسانوں جنوں چوپایوں اور پرندوں کی بصارت ایک ہی شخص کی آنکھوں میں کر دی جائے پھر سورج کے سامنے جو ستر پردے ہیں اگر ان میں سے ایک پردہ ہٹا دیا جائے تو ناممکن ہے کہ یہ آدمی دیکھ سکے حالانکہ

Marfat.com

سورج کا نور کرسی کے نور کا ستر واں حصہ ہے اور کرسی کا نور عرش کے نور کا ستر واں حصہ ہے اور عرش کا نور جو پردے خدا کے سامنے ہیں ان میں سے ایک پردے کے نور کا ستر واں حصہ ہے اندازہ لگا لو کہ معراج کی رات خدا نے حضور اکرم ﷺ کی آنکھ کو کتنا طاقتور بنا دیا ہو گا۔

## خدا تعالیٰ کے دیدار کے اسرار:

### نمبر 1:

نبی کریم ﷺ نے معراج کی رات خدا تعالیٰ کا دیدار کیا اور یہ بڑے حوصلے کی بات ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایک صفت کی تجلی کی گئی تو وہ بے ہوش ہو گئے اور طور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو گیا اور آپ ﷺ نے عین ذات کو اس طرح دیکھا کہ دکھانے والے نے بھی داد دی اور فرمایا مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی۔ اللہ تعالیٰ کا کلام ایسا پرجلال ہے کہ اگر اس کو وہ پہاڑ پر نازل کرتا تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتا اور آپ کے سینہ پر تیئس سال تک لگاتار کلام الٰہی نازل ہوتا رہا اور آپ ﷺ کے اطمینان اور استقامت میں کوئی فرق نہیں آیا، سلام ہو ان آنکھوں پر جنہوں نے اس ذات کے جلووں کو محویت سے دیکھا جس کی صفت کے جلووں کو بھی کوئی سہار نہیں سکتا اور آفرین ہو اس دل پر جس پر تیئس سال کلام الٰہی نازل ہوتا رہا اور اس کی استقامت میں فرق نہیں آیا۔

### نمبر 2:

علماء نے بیان کیا ہے کہ دنیا میں ہم اللہ تعالیٰ کو اس لئے نہیں دیکھ سکتے کہ ہماری آنکھیں فانی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات باقی ہے اور فانی آنکھوں سے باقی ذات کو نہیں دیکھا جا سکتا اور جنت میں (اگر خدا کے فضل و کرم سے جنت

Marfat.com

میں چلے گئے ) اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیں گے کیونکہ وہاں ہم باقی ہوں گے اور باقی آنکھوں سے باقی ذات کو دیکھا جا سکتا ہے، اور نبی کریم ﷺ نے دنیا میں اپنی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھا تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کو جو آنکھیں جنت میں عطا فرمائے گا وہ آنکھیں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو دنیا میں عطا کر دی ہیں۔

## نمبر 3:

کسی واقعہ کو سچوں سے سن کر بیان کرنا یہ بھی سچ ہے اور کسی واقعہ کو دیکھ کر بیان کرنا یہ بھی سچ ہے اور یہ اس سے اعلیٰ درجہ کا سچ ہے، تمام فرشتوں، نبیوں اور ولیوں نے کہا اللہ موجود ہے اور ایک ہے اور سچ کہا لیکن کسی نے کسی سے سن کر کہا اور سیدنا محمد مصطفےٰ ﷺ نے کہا اللہ ہے اور ایک ہے۔ آپ نے بھی سچ کہا لیکن آپ کا سچ اعلیٰ درجہ کا ہے کیونکہ آپ ﷺ نے دیکھ کر کہا ہے۔ معلوم ہوا سارے انبیاء صادق ہیں لیکن آپ ﷺ ایسا صادق پوری کائنات میں نہیں ہے۔

## نمبر 4:

زیارت بھی ایک عبادت ہے، ماں باپ، علماء اور صالحین کی زیارت عبادت ہے۔ کعبۃ اللہ کی زیارت عبات ہے، قرآن مجید کی زیارت عبادت ہے اور سب سے افضل عبادت سیدنا محمد مصطفےٰ ﷺ کی زیارت ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ کو حالت ایمان میں ایک نظر دیکھنے سے انسان صحابی بن جاتا ہے، اور کوئی بڑی سے بڑی عبادت بھی مرتبہ صحابیت کو نہیں پا سکتی تو جب نبی کی زیارت کا یہ مرتبہ ہے تو خدا کی زیارت کا کیا مقام ہوگا! اس لئے سارے انبیاء علیہم السلام نے اللہ کی عبادت کی ہے لیکن جیسی عبادت سیدنا محمد مصطفےٰ ﷺ نے کی ہے ایسی عبادت کسی نے نہیں کی، کیونکہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کی ہے، انسان،

Marfat.com

جن، فرشتے اور سارے نبی عابد ہیں لیکن جیسے آپ ﷺ عابد ہیں، ایسا کوئی عابد نہیں ہے۔

## نمبر 5:

شہادت دو قسم کی ہوتی ہے، سن کر اور دیکھ کر، جو شہادت سن کر دی جائے وہ فرع ہے اور شہادت دیکھ کر دی جائے وہ اصل ہے، جو شہادت سن کر دی جائے وہ تب مقبول ہوتی ہے جب اس کی انتہا اس شہادت پر ہو جو دیکھ کر شہادت دے، اور اگر سب سن کر شہادت دیں اور کوئی دیکھ کر شہادت دینے والا آخر میں نہ ہو تو سب شہادتیں ناتمام ہوں گی، حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک تمام نبیوں اور رسولوں نے اللہ تعالیٰ کی شہادت دی اور سن کر شہادت دی۔ اگر آخر میں کوئی ایسا گواہ نہ آتا جو دیکھ کر شہادت دیتا تو یہ تمام شہادتیں نامکمل اور ناتمام ہوتیں، سیدنا محمد مصطفےٰ ﷺ نے شب معراج اللہ تعالیٰ کو دیکھا اور دیکھ کر اللہ کی شہادت دی، اگر آپ ﷺ اللہ کا دیدار نہ کرتے تو تمام سابق نبیوں اور رسولوں کی شہادتیں ناتمام رہتیں، آپ ﷺ نے شب معراج اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔ تو تمام انبیاء کی شہادتیں مکمل ہو گئیں۔ اللہ تعالیٰ کی گواہی تو سب نبیوں نے دی لیکن آپ ﷺ جیسا گواہ کوئی نہیں۔ تمام نبیوں کی گواہی فرع ہے اور آپ ﷺ کی گواہی اصل ہے اور شب معراج اللہ کا دیدار کرنے سے واضح ہو گیا کہ پوری کائنات میں آپ ﷺ جیسا صادق کوئی نہیں نہ آپ ﷺ جیسا شاہد اور عابد ہے۔

❁❁❁

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# ''فضائل حرمین شریفین''

لَا اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِھٰذَا الْبَلَدِ ○

ترجمہ: مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو۔

اس شہر سے مراد مکہ معظمہ کا شہر ہے جس کی قسم یاد فرمائی گئی ہے اور قسم یاد فرمانے کی وجہ یہ ہے کہ س شہر میں اللہ کا محبوب جلوہ فرما ہے معلوم ہوا کہ مکہ مکرمہ کو جو عزت ملی ہے تو یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کی برکت ہے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی اور آپ مدینہ طیبہ چلے گئے تو پھر وہ شہر آپ کے قدموں کی برکت سے مشرف ہو گا اور خدا تعالیٰ نے مدینہ کی زمین کو ارض اللہ یعنی اللہ کی زمین کہا ہے خدا تعالیٰ فرماتا ہے اَلَمْ تَکُنْ اَرْضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃً فَتُھَاجِرُوْا فِیْھَا کیا اللہ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے۔

ہے جمال حکمت و عرفاں مدینۃ الرسول
حسن افزا ہے رخ ایماں مدینۃ الرسول

ایک حدیث میں آیا ہے کہ مکۃ خیر بلاد اللہ مکہ تمام شہروں سے افضل ہے

ایک روایت میں آیا ہے کہ

اَحَبُّ اَرْضُ اللّٰہِ مَکَّۃَ اللہ کی تمام زمین سے زیادہ محبوب مکہ ہے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مکہ سے باہر نکلے تو فرمایا اے بلد کریمہ تو سب شہروں سے میرے نزدیک محبوب ہے اگر میری قوم مجھے اس شہر سے باہر نہ نکالتی تو میں اس زمین سے باہر نہ جاتا۔ یہ بات دلالت کرتی ہے کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے اس کی محبوبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مسلم ہے اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے وقت فرمایا تھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَخْرَجْتَنِیْ مِنْ اَحَبِّ الْبُقَاعِ اِلَیَّ فَاَسْکِنِّیْ فِیْ اَحَبِّ الْبُقَاعِ اِلَیْکَ ○

ترجمہ: یا اللہ تو نے مجھے اس جگہ سے نکالا جو مجھے محبوب تھی اب مجھے وہ جگہ رہنے کے لئے دے جو تجھے محبوب ہے۔

خدا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ عطا فرمایا معلوم ہوا کہ مکہ اگر نبی کا محبوب ہے تو مدینہ خدا کا محبوب ہے خدا کی محبوب جگہ نبی کی محبوب جگہ سے افضل ہے لہٰذا مدینہ مکہ سے افضل ہے۔ (جذب القلوب، ص ۳۲)

حضرت سلیمان بن زہیر فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یمن فتح ہوگا تو بعض لوگ وہاں کے حالات سنیں گے اور پھر اپنے اہل وعیال اور ان کو جوان کے کہنے میں آجائیں لے کر وہاں چلے جائیں گے وَالْمَدِیْنَۃُ خَیْرٌ لَّھُمْ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ حالانکہ مدینہ ان کے لئے بہتر ہے اگر وہ جانیں اسی طرح شام فتح ہوگا لوگ وہاں کے حالات سن کر اپنے اہل وعیال سمیت وہاں چلے جائیں گے۔ وَالْمَدِیْنَۃُ خَیْرٌ لَّھُمْ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ حالانکہ مدینہ ان کے لئے بہتر ہے اگر وہ جانیں اور عراق فتح ہوگا لوگ وہاں کے حالات سنیں گے اور اپنے اہل و عیال کو لے کر وہاں چلے جائیں گے وَالْمَدِیْنَۃُ خَیْرٌ لَّھُمْ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ حالانکہ ان کے لئے مدینہ بہتر ہے اگر وہ جانیں۔ (مسلم، ص ۴۴۵)

مکہ معظمہ وہ مقدس شہر ہے جس کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعائیں مانگی ہیں خدا فرماتا ہے:

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ ھٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَھْلَہٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ ○

Marfat.com

اور جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا اے میرے رب تو اس شہر کو امن والا بنا دے اور اس شہر کے رہنے والوں کو پھلوں سے روزی دے اس دعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم ہوا وہ اپنے پروں پر شام سے کچھ زمین اٹھا لائے اور سات مرتبہ اسے خانہ کعبہ کا طواف کرا دیا پھر اسے مکہ سے کچھ فاصلے پر رکھ دیا اسی لئے اس کا نام طائف ہو گیا۔ یہاں پر قسم قسم کے نفیس پھل پیدا ہوتے رہتے ہیں جس سے مکہ معظمہ کی منڈی پھلوں سے بھری رہتی ہے۔ (تفسیر عزیزی)

ایک اور مقام پر ارشاد ہوتا ہے۔

رَبَّنَا اِنِّیْ اَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْ اِلَیْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ یَشْکُرُوْنَ ○

اے ہمارے رب میں نے اپنی بعض اولاد کو ایسی وادی میں آباد کیا جس میں زراعت نہیں ہوتی تیرے عزت والے گھر کے پاس اے ہمارے رب تا کہ وہ نماز قائم کریں لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کر دے اور ان کو رزق دے پھلوں تا کہ وہ تیرا شکر ادا کریں۔

کہ اے مالک عمل کو تابع ارشاد کرتا ہوں
میں بیوی اور بچے کو یہاں آباد کرتا ہوں
اسی سنسان وادی میں انہیں روزی کا ساماں دے
اسی بے برگ سامانی کو شان صد بہاراں دے

مدینے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی ہے ارشاد ہوتا ہے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ عَبْدُكَ خَلِیْلُكَ وَنَبِیُّكَ وَاِنِّیْ عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ وَاَنَّهٗ دَعَاكَ

Marfat.com

لِمَكَّةَ وَاَنَا اَدْعُوْكَ لِمَدِيْنَةَ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَمِثْلُهٗ مَعَهٗ○

(مشکوٰۃ، ص ۲۳۱)

ترجمہ: یا اللہ ہمارے مدینہ میں برکت دے ہمارے صاع میں برکت دے اے اللہ بے شک ابراہیم علیہ السلام تیرا بندہ تیرا خلیل اور تیرا نبی ہے اور میں بھی تیرا بندہ اور نبی ہوں اس نے مکہ کے لئے دعا کی اور میں مدینہ کے لئے دعا کرتا ہوں۔ جیسے کہ اس نے مکہ کے لئے دعا کی اور اس کے ساتھ اس کی مثل اور

اجابت نے بڑھ کر گلے سے لگایا
بڑی ناز سے جب دعائے محمدؐ

مکہ میں چند مقامات پر دعائیں قبول ہوتی ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

کعبہ کے اندر۔ حجر اسود اور کعبہ کے دروازے کے درمیان ملتزم پر۔ حجر اسود کے پاس۔ مقام ابراہیم علیہ السلام کے پاس۔ صفا اور مروہ پر آپ زمزم پیتے وقت۔ زمزم کے کنویں کے پاس۔ میزاب کے نیچے۔ مزدلفہ میں۔ عرفات میں۔ منیٰ میں۔ جمرات کے پاس۔ رکن یمانی کے پاس آپ زمزم پیتے وقت، مدینہ میں مندرجہ ذیل مقامات پر دعا قبول ہوتی ہے۔

## مسجد الاجابت:

مسلم شریف میں ہے کہ ایک مرتبہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا گزر اس مسجد کی طرف ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اس میں نماز پڑھی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل دعا مانگی جب وہاں سے واپس ہوئے تو فرمایا میں نے اپنے پروردگار سے تین دعائیں کی ہیں ایک یہ کہ میری امت کو قحط میں مبتلا کر کے نہ مار اور دوسرا یہ کہ ان کو عذاب قبر میں مبتلا نہ کرنا اور تیسری یہ کہ میری امت آپس میں قتال نہ کرے

Marfat.com

پہلی دو دعائیں قبول ہوئیں۔ تیسری دعا سے منع کر دیا گیا اور فرمایا تیری امت کی ہلاکت تلوار سے ہوگی چونکہ اس مسجد میں آپ ﷺ کی دعائیں قبول ہوئی ہیں اس لئے اس مسجد کا نام مسجد الاجابت ہے۔

## مسجد فتح:

غزوہ احزاب کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے اس مسجد میں تین دن اتوار پیر اور منگل دعا مانگی ہے۔ خدا نے آپ ﷺ کو فتح کی بشارت دی۔ حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں مجھے جب کوئی مشکل پیش آتی ہے میں اس مسجد میں جا کر دعا مانگتا ہوں میری مشکل حل ہو جاتی ہے۔

## روضہء انور:

حضرت ابو جوزا کہتے ہیں مدینہ والے قحط میں مبتلا کر دیئے گئے انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر شکایت کی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تم نبی کریم ﷺ کی قبر شریف پر جاؤ اور حجرۂ قبر کی چھت میں کئی روشندان کھول دو تاکہ قبر شریف اور آسمان کے درمیان کوئی حجاب نہ رہے چنانچہ لوگوں نے ایسا ہی کیا اور خوب بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ گھاس اگ آئی اور اونٹ فربہ ہو گئے اس سال کا نام ارزانی کا سال رکھا گیا۔ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۱۶)

نہ انکار کریں اج ساقی موسم بڑا سہانا
مستی در رچ مینہ برسا دے نہیں پیاس دا کوئی ٹھکانہ
تیرے کول شراب پرانی میرا روگ وی بہت پرانا
ساقی ہس ہس ٹال نہ سانوں اساں رساں پیتیاں بانجہ نہیں جانا

Marfat.com

مکہ معظمہ میں اگر ایک نماز پڑھی جائے تو اس کا ثواب ایک لاکھ کے برابر ہوتا ہے۔ ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے کہ گھر میں نماز پڑھیں تو ثواب ایک کے برابر ہوتا ہے محلہ کی مسجد میں نماز پڑھیں تو ثواب پچیس کے برابر ہوتا ہے اور جامع مسجد میں نماز پڑھیں تو ثواب پانچ سو کے برابر ہوتا ہے اور مسجد اقصیٰ اور مدینہ میں نماز پڑھیں تو ثواب پچاس ہزار کے برابر ہوتا ہے اور مکہ میں نماز پڑھیں تو ثواب ایک لاکھ کے برابر ہوتا ہے۔

اب سنئے کہ مدینہ میں مسجد نبویؐ میں نماز پڑھنے کا ثواب کتنا ہے حضور اکرم ﷺ کی حدیث ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِیْنَۃِ ضِعْفِیْ مَاجَعَلْتَ بِمَکَّۃَ مِنَ الْبَرَکَتِ (بخاری)

اے اللہ جتنی برکت تو نے مکہ میں رکھی ہے اس سے دو ضعف برکت مدینہ میں کر دے۔

عربی میں ضعف کہتے ہیں دگنے کو اور دو ضعف چوگنا ہو گیا۔

اس دعا میں برکت مطلق ہے برکت میں کوئی قید نہیں لگائی گئی۔ مطلب یہ کہ یہ برکت کھانے میں ہو سکتی ہے مشروبات میں پھلوں میں بھی اور عبادت کے ثواب میں بھی ہو سکتی ہے اگر ثواب کی برکت مراد لی جائے تو اب اس حدیث کا معنیٰ یہ ہو جائے گا کہ یا اللہ جتنی ثواب کی برکت مکہ میں رکھی ہے اس سے چار گنا برکت مدینہ میں رکھ دے اور مکہ میں ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ کے برابر ہے لہذا اس کا چار گنا ثواب مدینہ میں ہو گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مدینہ میں مسجد نبویؐ میں ایک نماز پڑھیں تو چار لاکھ نمازوں کا ثواب ہوتا ہے۔

نیز مکہ میں اگر ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ کے برابر ہے تو مکہ میں ایک

Marfat.com

گناہ کا وبال بھی ایک لاکھ کے برابر ہوگا اور جہاں تک مدینہ کا تعلق ہے مدینہ میں ایک بدی کا گناہ بھی ایک ہے اور وہ بھی امید ہے کہ حضور ﷺ کی شفاعت سے معاف ہو جائے گا کیونکہ آپ کی حدیث ہے حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَمَمَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ میری حیات بھی تمہارے لئے بہتر ہے اور وفات بھی بہتر ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کی حیات تو ظاہر ہے کہ ہمارے لئے بہتر ہے لیکن موت کیسے بہتر ہے فرمایا:

اَعْمَالُکُمْ تَعْرِضُ عَلَیَّ فَاِنْ رَاَیْتُ خَیْرًا حَمِدْتُ اللّٰہَ وَاِنْ رَاَیْتُ غَیْرَ ذَالِکَ اَسْتَغْفَرْتُ لَکُمْ ○

تمہارے اعمال مجھ پر پیش ہوں گے اگر ان میں بھلائی ہوگی تو خدا کی حمد بیان کروں گا اور اگر کچھ اور ہوا یعنی گناہ ہوئے تو تمہارے لئے گناہوں کی معافی کی دعا کروں گا۔

محمد بن حرب ہلالی کہتے ہیں میں نے مدینہ میں حاضر ہو کر زیارت قبر شریف کا شرف حاصل کیا اور اس کے مقابل بیٹھ گیا اچانک ایک اعرابی آیا اور زیارت کی اور عرض کی اے خیر رسل حق تعالیٰ نے آپ ﷺ پر ایک کتاب نازل کی اور اس میں فرمایا وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَلَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوْا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا اور وہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں تو تیرے پاس آ جائیں اللہ سے معافی مانگیں اور رسول ان کے لئے استغفار کریں تو اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا پالیں گے۔

میں آپ کے حضور اپنے گناہوں کا استغفار کرنے اور آپ کی شفاعت حاصل کرنے آیا ہوں پھر وہ اعرابی چلا گیا۔ میں نے حضور اکرم ﷺ کو خواب میں

Marfat.com

دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس اعرابی کے پاس جا کر اس کو بشارت دے دو کہ حق تعالیٰ نے میری شفاعت سے اس کی مغفرت کی اور اس کے گناہ بخش دیئے گئے۔

(جذب القلوب، ص ۳۲۹)

ادھر آؤ خدا کے ڈھونڈنے والو ادھر آؤ
خدا ملتا ہے جس منزل پہ وہ منزل مدینہ ہے
مجرم بلائے آئے ہیں جاؤ اک ہے گواہ
پھر رد ہو کب یہ شان کریموں کے در کی ہے

مکہ میں کعبہ ہے کعبہ سے متعلقہ چند مفید معلومات ملاحظہ فرمائیں۔

## کعبہ کی بنیاد:

جب حضرت آدم علیہ السلام زمین پر نازل ہوئے تو عرض کی الٰہی کیا وجہ ہے کہ میں فرشتوں کی آواز نہیں سنتا خدا نے فرمایا اس کی وجہ تمہاری لغزش ہے اب تو زمین پر میرے لئے ایک گھر بنا اور اس کا طواف کر جس طرح آسمان کے فرشتے بیت المعمور کا طواف کرتے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام نے پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے کعبہ تعمیر کیا وہ پانچ یہ تھے۔ حراء۔ لبنان۔ جودی۔ طور سینا۔ طور زیتا۔

ایک حدیث میں چار پہاڑ جنتی ہیں احد۔ ورقان۔ طور۔ لبنان
چار دریا جنتی ہیں نیل۔ فرات۔ سیحان۔ جیحان
چار جنگیں جنتی ہیں بدر۔ احد۔ خندق۔ حنین (جذب القلوب، ص ۳۹۲)

کعبہ کی تعمیر میں پانچ پیغمبروں نے حصہ لیا ہے حضرت آدم علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

## کعبہ کا دیدار:

مَنْ نَظَرَ اِلَی الْکَعْبَۃِ اِیْمَانًا وَ تَصْدِیْقًا تَحَاتَتْ عَنْہُ الذُّنُوْبَ کَمَا یَتَحَاتَ الْوَرَقُ مِنَ الشَّجَرِ ○

جو ایمان اور تصدیق سے کعبہ کی طرف دیکھے اس کے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں جس طرح درخت سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

(شفاء الغرام، ج ۱، ص ۱۸۳)

مَنْ نَظَرَ اِلَی الْکَعْبَۃِ اِیْمَانًا وَّ تَصْدِیْقًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِہٖ کَیَوْمَ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ

ترجمہ: جو ایمان اور تصدیق سے کعبہ کو دیکھے وہ گناہوں سے اُس طرح پاک ہو جاتا ہے جیسے آج ماں کے بطن سے پیدا ہوا۔

اَلنَّظْرُ اِلَی الْبَیْتِ عِبَادَۃٌ وَتُکْتُبُ لَہٗ بِھَا حَسَنَۃٌ وَ تُصَلِّیْ عَلَیْہِ الْمَلَائِکَۃُ مَادَامَ یَنْظُرُ اِلَیْہِ ○ (مصنف، ج ۵، ص ۱۳۵)

کعبہ کو دیکھنا عبادت ہے اس کے لئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے جب بندہ کعبہ کو دیکھتا رہتا ہے فرشتے اس کے لئے رحمت کی دعا مانگتے رہتے ہیں۔

کعبہ کی طرف دیکھنے سے ایک سال کے قیام، رکوع اور سجود کا ثواب ملتا ہے۔ (عزیزی، ج ۱، ص ۴۶۲)

جو زیارت کعبہ کے شوق میں روتا ہے اس کے لئے خدا فرشتوں سے فرماتا ہے دیکھو میرا یہ بندہ میرے گھر کے شوق میں کیسے روتا ہے میں نے اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے۔

اَلنَّظْرُ اِلَی الْبَیْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَۃِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الدَّائِمِ الْمُجَاھِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ○

Marfat.com

ترجمہ: کعبہ کی طرف نظر اس آدمی کی عبادت سے افضل ہے جس نے ساری زندگی دن کو جہاد کیا روزہ رکھا۔

ایک حدیث میں آیا کہ روزانہ کعبہ پر ایک سو بیس رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ (ص عزیزی)

ساٹھ رحمتیں طواف کرنے والوں کے لئے چالیس رحمتیں نماز پڑھنے والوں کے لئے اور بیس رحمت ان کے لئے جو کعبہ کا دیدار کرتے ہیں۔

## کعبہ کا طواف:

حضرت کعب احبار فرماتے ہیں قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بیت اللہ سے افضل کوئی جگہ نہیں اس کی ایک زبان دو ہونٹ ہیں اور وہ کلام کرتا ہے اس کا ایک دل ہے جس سے وہ سمجھتا ہے ایک آدمی نے کہا بھلا پتھر بھی کلام کرتا ہے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کعبہ نے خدا کی بارگاہ میں شکایت کی یا اللہ میری زیارت کرنے والے لوگ بہت تھوڑے ہیں اللہ نے کعبہ کی طرف وحی کی میں ایسے تہجد گزار بندے پیدا کروں گا جو تیری طرف اس طرح لپکیں گے جیسے کبوتری اپنے انڈوں کی طرف لپکتی ہے جو تیرا سات مرتبہ طواف کرے گا اس کو ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا۔

(مصنف، ج ۵، ص ۱۴)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُبَاھِیْ بِالطَّائِفِیْنَ اللہ طواف کرنے والوں پر فخر کرتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

اَکْرَمَ سُکَّانُ الْاَرْضِ الَّذِیْنَ یَطُوْفُوْنَ حَوْلَ بَیْتِہٖ○

(شفاء الغرام، ج ا، ص ۱۸۰)

زمین کے زیادہ باعزت لوگ وہ ہیں جو اللہ کے گھر کا طواف کرتے ہیں۔

ایک حدیث میں ہے جو گھر سے بیت اللہ کا ارادہ کر کے نکلا تو ہر قدم رکھنے اور اٹھانے سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے جب غسل کر کے احرام کا ارادہ کرتا ہے تو گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے جیسے آج ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا اور جب لَبَّیْکَ کہتا ہے تو خدا اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے جب مسجد حرام میں داخل ہو کر طواف کرتا ہے تو ہر طواف کے بدلے ستر برس کی عبادت کا ثواب ہوتا ہے جب حجر اسود کو چومتا ہے تو گویا جنت کے دروازے کو چومتا ہے جب صفا اور مروہ کی سعی کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کی نیکیاں لکھتے ہیں جب عرفات میں کھڑا ہوتا ہے تو خدا اسے دوزخ سے آزاد کر دیتا ہے اور اس کے گناہ نیکیوں میں تبدیل کر دیتا ہے۔

گھر سے طواف کی نیت سے نکلنے والا ایسا ہے جیسے دریائے رحمت میں جانے والا اور طواف کرنے والا ایسا ہے جیسے دریائے رحمت میں غوطے لگانے والا۔ دوران طواف قدم اٹھانے پر پانچ سو نیکیاں ملتی ہیں اور قدم زمین پر رکھنے سے پانچ سو گناہ معاف ہو جاتے ہیں طواف کر کے مقام ابراہیم کے سامنے دو رکعتیں پڑھنے والا ایسا ہے جیسے آج ماں کے بطن سے پیدا ہوا ایک فرشتہ کہتا ہے ازسرنو عمل شروع کر پہلے گناہ معاف ہو گئے ہیں اور اس کے عزیز و اقارب میں سے ستر کے حق میں اس کی شفاعت قبول ہو گی۔ (عزیزی، ج ا، ص ۴۶۰)

حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد ماجد امام محمد باقر

Marfat.com

کے ساتھ مکہ میں موجود تھا میرے والد حجر اسود کے قریب نماز پڑھ رہے تھے اتنے میں ایک آدمی آیا جس کے سر کے بال سفید تھے وہ میرے والد کے پہلو میں بیٹھ گیا میرے والد نے نماز ختم کی تو اس آدمی نے کہا اللہ آپ پر رحم فرمائے مجھے بتایئے کہ بیت اللہ کی تعمیر کا سبب کیا ہے میرے والد نے پوچھا آپ کون ہیں اس نے کہا میں اہل مغرب سے ایک آدمی ہوں۔ میرے والد نے فرمایا بیت اللہ کی تعمیر کا سبب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں انہوں نے کہا وہ خونریز ہوگا فسادی ہوگا اس پر خدا ان سے ناراض ہوگیا انہوں نے خدا کے عرش کا طواف کیا وہ راضی ہوگیا پھر اللہ نے فرمایا زمین پر میرے لئے ایک گھر بناؤ تاکہ میرے وہ بندے اس کا طواف کریں جن سے میں ناراض ہو جاؤں جب وہ اس کا طواف کریں گے تو میں ان سے راضی ہو جاؤں گا پھر میرے والد نے کہا یہ آنے والا خضر تھا۔

(شفاء العزام، ص ۱۸۱، کتاب الاصابہ، ج ۱، ص ۴۴۱)

ایک حدیث میں ہے جو نماز فجر اور عصر کے بعد طواف کرے خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِہٖ کَیَوْمِ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ (مسند الفردوس، ج ۲، ص ۵۱) وہ گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے جیسے آج ماں کے بطن سے پیدا ہوا۔

ایک حدیث میں ہے جو بیت اللہ کا طواف کرے اسے ہر قدم کے بدلے ایک نیکی ملتی ہے ایک گناہ معاف ہو جاتا ہے اور جنت میں ایک درجہ بلند ہو جاتا ہے۔ (شفاء الغرام، ج ۱، ص ۱۷۵)

جو شخص بارش میں طواف کرے اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

Marfat.com

## کعبہ کی نشانیاں:

جو پرندے بیمار ہوتے مثلاً کبوتر وہ اپنے آپ کو کعبہ کی چھت پر گرا دیتے ہیں تو ان کو شفا مل جاتی ہے۔

صحت یافتہ پرندہ کعبہ کے اوپر سے نہیں گزرتا بلکہ ایک طرف سے ہو کر گزر جاتا ہے کعبہ پر بیٹ نہیں کرتا جو چھوٹا بچہ بولتا نہ ہو اس کی زبان کے ساتھ کعبہ کے تالے کی کنجی لگا دو وہ بولنے لگ جائے گا بیمار جانور اپنے آپ کو کعبہ کے محاذ میں کھڑا کر دیتے ہیں تو شفایاب ہو جاتے ہیں۔ کعبہ جب سے بنا ہے کبھی طواف سے خالی نہیں ہوا۔

گنجائش سے زیادہ آدمی کعبہ کے کمرے میں داخل ہو جائیں تو گنجائش ہو جاتی ہے۔ کعبہ ہمیشہ جابر بادشاہوں کی زیادتی سے محفوظ رہا۔

(شفاء الغرام، ج۱، ص ۱۸۵)

## کعبہ کے اندر:

جو کعبہ کے اندر داخل ہوا اور نماز پڑھی وہ نیکی میں داخل ہو گیا اس کے گناہ بخش دیئے گئے کعبہ کے اندر نماز پڑھنے سے گناہ سے ایسے پاک جیسے آج ماں کے بطن سے پیدا ہوا۔ جو کعبہ کے اندر داخل ہو گیا وہ خدا کی حفاظت میں آ گیا اور جو خدا کی امان میں آ گیا بخشا گیا۔ (شفاء الغرام، ج۱، ص ۱۵۷)

مدینہ میں اگرچہ کعبہ نہیں لیکن وہ امام الانبیاء ہیں جنہوں نے کعبہ کو کعبہ بنایا ہے اگر آپ نہ ہوتے تو کعبہ بھی نہ بنتا۔ اعلیٰحضرت فرماتے ہیں:

ہوتے کہاں خلیل و بنا کعبہ و منیٰ
لولاک والے صاحبی سب تیرے گھر کی ہے

Marfat.com

بلکہ اگر مکہ میں کعبہ ہے تو مدینہ میں کعبے کا بھی کعبہ سرور کونین ہیں دلائل سنئے۔

(۱) فتح مکہ کے موقع پر حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نے کعبہ کی چھت پر چڑھ کر بحکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذان دی اور دوران اذان حضور کعبہ کا طواف کر رہے تھے۔ طواف کی حالت میں جدھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرا ہوتے ہیں بلال رضی اللہ عنہ کا رخ بھی دوران اذان ادھر ہی مڑتا جاتا ہے اس لئے کہ آپ کعبہ کے بھی کعبہ ہیں۔

(طبقات ابن سعد)

(۲) حضرت سعید بن معلیٰ نماز پڑھ رہے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا وہ نماز کے اختتام پر حاضر خدمت ہوئے فرمایا اب تک کہاں تھے عرض کی نماز پڑھ رہا تھا فرمایا کیا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی کہ:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ ○

ترجمہ: اے ایمان والو اللہ اور رسول کے بلانے پر حاضر ہو جاؤ۔

اس سے معلوم ہوا کہ نمازی پر لازم ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر نماز چھوڑ کر حاضر ہو جائے بہت سے فقہاء نے لکھا ہے کہ نمازی حالت نماز میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر حاضر ہو جائے جو خدمت فرمائیں اس کو پورا کرے وہ پھر بھی نماز ہی میں ہے کیونکہ اگرچہ اس کا رخ کعبہ سے پھر گیا ہے مگر اس نبی کی طرف پھرا ہے جو کعبہ کا بھی کعبہ ہے۔

(۳) کعبہ قیامت کے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرے گا جو اس بات کی دلیل ہے کہ آپ کعبہ کے بھی کعبہ ہیں۔ چنانچہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن فرشتے کعبہ کو دلہن کی مانند سجا کر محشر کی طرف لے چلیں گے راستے میں نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور آئے گی کعبہ بزبان فصیح کہے گا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جواب دیں گے وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا بَيْتَ اللّٰهِ تیرے ساتھ میری امت نے کیا سلوک کیا اور اب تو ان کے ساتھ کیا سلوک کرے گا۔ کعبہ عرض کرے گا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تیری امت میں سے جو میری زیارت کے لئے آیا میں اس کے لئے کافی ہوں میں اس کی شفاعت کروں گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف سے بے فکر ہو جائیں اور جو میری زیارت کے لئے نہیں پہنچ سکے ان کی شفاعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما دیں۔ (عزیزی، ج ۱، ص ۴۶۳)

(۴) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے کعبہ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ حُرْمَةً مِّنْكَ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اللہ کے نزدیک مومن کی عزت تجھ سے زیادہ ہے۔

(ابن ماجہ، ص ۲۸۲)

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مومن امتی کی عزت خدا کے نزدیک کعبہ سے زیادہ ہے تو پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو یقیناً کعبہ سے کہیں افضل ہیں۔

(۵) کعبہ نے حضور غوث اعظم، خواجہ معین الدین چشتی، خواجہ مودود چشتی، حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی کا طواف کرنے کے لئے ان کے پاس آیا ہے کعبہ جس نبی کے غلاموں کا طواف کرتا ہے وہ نبی کیوں نہ کعبہ کا بھی کعبہ ہوگا اعلیٰحضرت فرماتے ہیں اے غوث اعظم:

سارے اقطاب جہاں کرتے ہیں کعبہ کا طواف
کعبہ کرتا ہے طواف در والا تیرا
اور پروانے ہیں جو ہوتے ہیں کعبے پہ نثار
شمع اک تو ہے کہ پروانہ کعبہ تیرا

Marfat.com

مکہ میں حج ہوتا ہے جس کا ثواب یہ ہے کہ:

(ا) پیدل حج کا ثواب یہ ہے کہ ہر قدم کے بدلے سات سو نیکیاں اور سوار کا ثواب یہ ہے کہ سواری کے ہر قدم پر ستر نیکیاں ہیں۔ (کنز العمال، ج ۵، ص ۵)

(ب) جس نے خدا کے لئے حج کیا اور عورت کی طرف مائل نہ ہوا اور نہ ہی فسق و فجور کی طرف مائل ہوا وہ گناہ سے ایسے پاک ہو گیا جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ (کنز العمال، ج ۵، ص ۷)

(ج) حاجی کو اگر آتے جاتے کوئی تکلیف پہنچے تو گناہ کا کفارہ بن جاتی ہے اور ہر قدم کے بدلے دس لاکھ نیکیاں ملتی ہیں اور اگر بارش کا سامنا ہو تو بارش کے ہر قطرے کے بدلے ایک شہید کا ثواب ملتا ہے۔

(د) جو مکہ سے پیدل حج کے لئے جائے تو خدا تعالیٰ ہر قدم کے بدلے سات سو نیکیاں لکھ دیتا ہے اور ایک نیکی حرم کی نیکی کے برابر اور حرم کی ایک نیکی ایک لاکھ نیکی کے برابر۔ (کنز العمال، ج ۵، ص ۱۵)

(ن) تین کاموں کے اختتام پر مرنے والا جنتی رمضان کے روزے رکھ کر مرنے والا حج کے بعد مرنے والا اور عمرہ کے بعد مرنے والا۔

(مصنف، ج ۵، ص ۹)

(و) جو مکہ سے آتے جاتے فوت ہو جائے تو خدا تعالیٰ ہر سال ستر حج اور ستر عمرے کا ثواب دیتا ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اپنے گھر والوں میں سے ستر کی شفاعت کرے گا تو خدا اس کی شفاعت کو قبول فرما کر ان سب کو جنت میں داخل فرما دے گا۔

(ی) ایک انصاری آپ سے کچھ پوچھنے آیا آپ نے فرمایا سَلْ عَنْ حَاجَتِكَ

Marfat.com

وَاِنْ شِئْتَ اَخْبَرْتُكَ اپنی حاجت کے بارے میں سوال کرو اور اگر تم چاہو تو میں بتا دوں تم کیا پوچھنا چاہتے ہو عرض کی یہ بات تو میرے لئے تعجب کی ہو گی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تو یہ پوچھنے آیا ہے کہ جب تو گھر سے بیت اللہ کے ارادے سے نکلے تو تیرے لئے کیا ثواب ہے۔ وقوف عرفہ اور رمی جمار کا کیا ثواب ہے۔ انصاری نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میرے آنے کا یہی مقصد ہے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جب تو گھر سے بیت اللہ کے ارادے سے نکلے تو تیری سواری کے ہر قدم پر ایک نیکی ملتی ہے ایک گناہ معاف ہو جاتا ہے جہاں تک وقوف عرفہ کا تعلق ہے اس دن خدا آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور فرشتوں کے سامنے اہل عرفہ پر فخر فرماتا ہے اور فرماتا ہے میرے بندے دور دراز سے میری رحمت کی امید پر آئے ہیں اور میرے عذاب سے ڈر کر آئے ہیں حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں اگر دیکھ لیں تو ان کی کیا کیفیت ہو اگر اہل عرفہ مثل ریت کے ذروں کے ہوں۔ اور ان کے ایام دنیا کے برابر یا بارش کے قطروں کے برابر گناہ ہوں۔ میں نے گناہوں کو معاف کر دیا رمی جمار سے سات ہلاکت میں ڈالنے والے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اور سر منڈانے سے ہر بال کے بدلے میں نیکی ملتی ہے۔ طواف کرنے سے گناہ سے اس طرح پاک جیسے آج ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔ (مصنف، ج ۵، ص ۱۶)

مدینہ طیبہ میں اگرچہ حج نہیں ہوتا مگر حج کا ثواب ضرور مل جاتا ہے چنانچہ حدیث میں ہے مَنْ خَرَجَ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ فِيْ مَسْجِدِيْ حَتّٰى يُصَلِّيَ فِيْهِ كُنْ بِمَنْزِلَةِ حَجَّةٍ ○ (وفاء الوفا، ص ۳۰۱)

جو گھر سے میری مسجد میں نماز کے ارادے سے نکلا اور آ کر نماز ادا کی تو اس کو ایک حج کے برابر ثواب ملے گا۔

Marfat.com

ایک حدیث میں مَنْ حَجَّ اَیْ مَکَّۃَ ثُمَّ قَصَدَنِیْ فِیْ مَسْجِدِیْ کَتَبَ لَہٗ حَجَّتَانِ مَبْرُوْرَتَانِ ○ (جذب القلوب، ص ۳۰۱)

جس نے مکہ میں حج کیا پھر میری مسجد کا ارادہ کیا اس کے لئے دو حج لکھ دیئے جاتے ہیں۔

اگر مکہ میں فرشیوں کا حج ہوتا ہے تو مدینہ میں عرشیوں کا حج ہوتا ہے

حدیث میں ہے۔

حضرت کعب احبار فرماتے ہیں روزانہ صبح ستر ہزار فرشتے نازل ہوتے ہیں اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو گھیر لیتے ہیں اور انوار قبر سے برکت حاصل کرنے کے لئے بازوؤں کو پھیلا دیتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں یہاں تک کہ جب شام ہو جاتی ہے تو یہ فرشتے آسمان پر چلے جاتے ہیں اور اتنے ہی فرشتے دوسرے آ جاتے ہیں اور صبح تک اسی طرح حاضری دیتے ہیں۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب کہ قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کھلے گی اور آپ ستر ہزار فرشتوں کے جھرمٹ میں خدا تعالیٰ کے پاس چلے جائیں گے۔

(مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۷۱۹)

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگیء زلف رخ آٹھوں پہر کی ہے
جو ایک بار آئے دوبارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

## کعبہ کی حفاظت:

(۱) یمن کا بادشاہ تبع اول ایک مرتبہ ایک لشکر جرار لے کر یمن سے نکلا اس کا

Marfat.com

لشکر ایک لاکھ تیس ہزار گھوڑ سواروں اور ایک لاکھ تیرہ پیدل فوج پر مشتمل تھا اپنے وزراء میں سے ایک وزیر کو اپنے ساتھ لیا وہ جس شہر سے گزرتا وہاں کے لوگ اس کی بڑی تعظیم کرتے اور اس شہر کے دس صاحب فراست حکماء کا انتخاب کر کے ان کو ساتھ لے لیتا جب وہ مکہ کے قریب پہنچا تو وہاں کے لوگوں نے اس کی کوئی قدر و منزلت نہ کی اس نے اپنے کسی ساتھی سے اس کی وجہ دریافت کی۔ اس نے کہا یہ لوگ جاہل عربی ہیں اور ان کے ہاں بیت اللہ ہے جس کو کعبہ کہتے ہیں اس پر یہ لوگ فخر کرتے ہیں اور یہ لوگ بتوں کے پجاری ہیں۔ تبع نے اپنے لشکر سمیت مکہ کے قریب پڑاؤ ڈالا اور تبع نے دل میں خیال کیا کہ کعبہ کو منہدم کر دیا جائے۔ یہاں کے مردوں کو قتل کر دیا جائے اور ان کی عورتوں اور بچوں کو غلام بنا لیا جائے بس یہ سوچنا تھا کہ اس کی آنکھوں، کانوں اور ناک سے گندہ پانی بہنا شروع ہو گیا اس سے اس قدر بدبو آنے لگی کہ کوئی اس کے قریب نہ جاتا اس نے اپنے وزیر کو کہا کہ تمام حکماء کو اکٹھا کرو اور میری بیماری کے بارے میں ان سے مشورہ کرو سب کو جمع کیا گیا انہوں نے کہا یہ کوئی آسمانی آفت ہے اس کا علاج ہم نہیں کر سکتے بادشاہ کی حالت زیادہ خراب ہونے لگی۔ یہاں تک کہ رات آ گئی اس کے لشکر میں سے ایک عالم اس کے وزیر کے پاس آیا اور کہا اگر بادشاہ میرے سامنے سچ بولے تو میں اس کا علاج کر سکتا ہوں وزیر خوش ہو گیا اور اسے بادشاہ کے پاس لے گیا عالم نے بادشاہ سے پوچھا آپ سچ بتائیں کہ آپ نے دل میں کیا ارادہ کیا ہے۔ بادشاہ نے کہا بیت اللہ کو منہدم کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ ان کے مردوں کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ عورتوں بچوں کو غلام بنانے کا ارادہ کیا تھا۔ اس عالم نے کہا بس تیری بیماری کی یہی وجہ ہے۔ بادشاہ نے کہا میں نے یہ سارے مکروہ خیال دل سے نکال دیئے۔ اسی وقت بادشاہ صحت یاب ہو گیا۔ پھر اس نے

Marfat.com

کعبہ کو غلاف پہنایا۔ (ابن عساکر، ج ۳، ص ۳۳۲)

(ب) ابرہہ ایک لاکھ فوج لے کر کعبہ کو منہدم کرنے کی غرض سے مکہ پر حملہ آور ہوا۔ لیکن اس کا لشکر بیت اللہ کے قریب پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے ابابیلوں کا لشکر بھیجا۔ ہر پرندے کے پاس تین تین کنکریاں تھیں۔ ایک ایک چونچ میں اور دو دو پنجوں میں۔ انہوں نے کنکریوں کا مینہ برسا دیا۔ جس پر وہ کنکری گرتی وہ ہلاک ہو جاتا۔ ہزاروں اسی جگہ ڈھیر ہو گئے اور ہزاروں اس ہولناک عذاب کو دیکھ کر بھاگ گئے اور راستے میں گر گر کر مر گئے ابرہہ کے جسم میں آگ سی لگ گئی اس کا دل پھٹ گیا اور واصل جہنم ہو گیا اس طرح لشکر کو خدا نے ہلاک کیا اور اپنے گھر کی حفاظت کی۔

بلندی سے ابابیلوں نے پھینکے اس طرح پتھر
کہ چھلنی کی طرح سے چھد گئی وہ فوج بد اختر

(ج) جب یزید کی فوج کے سپہ سالار نے کعبہ کو نقصان پہنچانے کی غرض سے منجنیق نصب کی تو ایک سفید بادل اٹھا کوہ ابوقبیس کی طرف سے اس میں سے بجلی نکلی جس نے اس منجنیق اور اس کے ساتھ ستر آدمیوں کو جلا دیا۔

(مصنف، ج ۵، ص ۱۳۸)

## مدینہ میں روضہء انور کی حفاظت:

(ا) ۵۵۷ھ کا واقعہ ہے کہ سلطان نور الدین نے ایک رات تین مرتبہ خواب دیکھا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے سامنے کھڑے دو آدمیوں کی طرف اشارہ فرما کر ارشاد فرمایا ان دو شریر انسانوں کا انتظام کرو سلطان نے اپنی خواص میں سے بیس آدمی ساتھ لئے بہت سا مال لیا اور سولہ دن کے بعد شام سے مدینہ پہنچ گئے تو لوگوں میں صدقات و خیرات اور انعامات تقسیم کرنے شروع کئے سبھی لوگ آئے

Marfat.com

لیکن وہ دو شریر حاضر نہ ہوئے۔ تجسس کرنے سے وہ بھی مل گئے۔ سلطان دیکھتے ہی پہچان گیا ان سے پوچھا کہاں رہتے ہو انہوں نے جگہ بتائی سلطان وہاں گیا دیکھا کہ ایک جگہ مال کا ڈھیر لگا ہوا ہے اور ایک چٹائی بچھائی ہوئی ہے سلطان نے چٹائی اٹھائی تو روضہ شریف تک ایک سرنگ نظر آئی ان دونوں کو سزا دی پھر انہوں نے بتایا کہ وہ نصرانی ہیں نبی کریم ﷺ کے جسد شریف سے گستاخی کرنے کی نیت سے یہ سرنگ لگائی ہے سلطان نے ان دونوں کو قتل کر دیا بعد میں جلا دیا اور روضہ کے گرد ایک خندق کھود کر اس میں سیسہ پگھلا کر ڈال دیا تا کہ آئندہ کسی کو ایسی جرات نہ ہو۔ (جذب القلوب، ص ۱۸۳)

(ب) [illegible] حکام مصر نے یہ پروگرام بنایا کہ نبی کریم ﷺ صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے جسم مبارک مدینہ سے مصر منتقل کر دیئے جائیں اس کام کے لئے انہوں نے ایک آدمی کی ڈیوٹی لگائی جس کا نام ابو الفتوح تھا یہ آدمی اس غرض سے مدینہ طیبہ پہنچا۔ اہل مدینہ کو اس بات کی خبر ہو گئی ان میں سخت ہیجان پیدا ہوا قریب تھا کہ اس ابو الفتوح کو قتل کر دیا جاتا لیکن کسی وجہ سے ایسا نہ کر سکے۔ اس رات ابو الفتوح کا منصوبہ تھا کہ ان مقدس بزرگوں کے جسم نکالے جائیں اس رات سخت آندھی آئی اس طوفان میں اونٹوں اور گھوڑوں کے پالان زمین پر گیند کی طرح لڑھکتے پھرتے تھے۔ ابو الفتوح اس طوفانی آندھی سے خوفزدہ ہو کر بھاگ گیا۔ (جذب القلوب، ص ۱۸۵)

(ج) حلب کے رافضیوں کا گروہ امیر مدینہ سے ملا اور اس کو بہت سا مال و دولت دے کر اس بات پر رضامند کر لیا کہ وہ صدیق اور فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے اجسام مبارک روضہ انور سے نکالنے کی اجازت دے اس نے حرم

Marfat.com

شریف کے دربان سے کہا کہ یہ لوگ رات کو مسجد میں آئیں گے ان سے تعرض نہ کرنا جب نماز عشاء ہو گئی اور سب نمازی چلے گئے تو چالیس آدمی مع ضروری سامان آ پہنچے دربان نے دروازہ کھول دیا اور خود ایک کونے میں بیٹھ کر رونے لگا جب یہ رافضی منبر شریف تک پہنچے تو مع اپنے سامان کے زمین میں دھنس گئے۔

(جذب القلوب، ص ۱۸۶)

## دو جنتی پتھر:

مکہ معظمہ میں دو پتھر ایسے ہیں جو جنتی ہیں حدیث میں ہے کہ:

اَلرُّكْنُ وَالْمَقَامُ يَاقُوْتَتَانِ مِنْ يَوَاقِيْتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللّٰهُ نُوْرَهُمَا وَلَوْلَمْ يَطْمِسْ نُوْرًا هِيَ لِاِضَاءِ تَامًّا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ○

ترجمہ: حجر اسود اور مقام ابراہیم جنتی پتھروں میں سے دو پتھر ہیں اللہ نے ان کے نور کو محو کر دیا اگر اللہ ان کے نور کو محو نہ کرتا تو یہ مشرق اور مغرب کے درمیان تمام چیزوں کو روشن کر دیتے۔

## حجر اسود:

ایک حدیث میں ہے۔

نَزَلَ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ اَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ وَاِنَّمَا سَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِيْ آدَمَ ○ (ترمذی)

حجر اسود جنت سے نازل ہوا اور وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا انسان کے گناہوں نے اسے سیاہ کر دیا ایک حدیث میں ہے حجر اسود کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

وَاللّٰهِ لَيُجِيْئَنَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهٗ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا وَلِسَانٌ يَنْطِقُ

Marfat.com

بِهٖ يَشْهَدُ عَلٰى مَنِ اسْتَلَمَهٗ بِحَقٍّ ○ (مرقاۃ، ج۵، ص۳۲۰)

خدا تعالیٰ کی قسم اللہ حجرِ اسود کو قیامت کے دن اس حال میں اٹھائے گا کہ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے یہ دیکھے گا ایک زبان ہو گی جس سے یہ کلام کرے گا جس نے اس کو حق کے ساتھ چوما ہو گا اس کے حق میں گواہی دے گا۔

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حجرِ اسود کو بوسہ دیا اور فرمایا:

اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اِنَّكَ حَجَرٌ مَا تَنْفَعُ وَلَا تَضُرُّ وَلَوْلَا اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يُقَبِّلُكَ مَاقَبَّلْتُكَ ○

میں جانتا ہوں تو ایک پتھر ہے نہ نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے چومتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے کبھی نہ چومتا۔

اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا یا امیر المومنین یہ پتھر نقصان بھی دے سکتا ہے اور نفع بھی انہوں نے پوچھا آپ کو کیسے معلوم ہے فرمایا کتاب اللہ سے اور وہ اس طرح کہ جب خدا نے عالم ارواح میں تمام روحوں سے فرمایا اَلَسْتَ بِرَبِّكُمْ تو سب نے قَالُوْا بَلٰی کہہ کر رب کی ربوبیت کا اقرار کیا خدا نے اس عہد و پیمان کو ایک ورق پر لکھا اور حجرِ اسود سے فرمایا اپنا منہ کھولو اس نے منہ کھولا خدا نے وہ تحریر اس کے منہ میں ڈال دی وہ نگل گیا اللہ نے فرمایا اے پتھر قیامت کے دن ان کی گواہی دینا جو تیرے پاس اس عہد کو پورا کرتے ہوئے آئیں گے میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا قیامت کے دن حجرِ اسود آئے گا اور اس کی زبان بہت تیز ہو گی اور یہ ہر آدمی کی گواہی دے گا جس نے ایمان کے ساتھ چوما ہو گا لہٰذا یہ نفع بھی دے سکتا ہے اور نقصان بھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اس قوم میں نہیں رہنا چاہتا جس میں علی رضی اللہ عنہ نہ ہوں۔

(مرقاۃ، ج۵، ص۳۲۵، نسیم الریاض، ج۳، ص۳۳۶)

Marfat.com

جب قوم قرامطہ مکہ پر غالب آ گئی تو انہوں نے مسجد حرام اور چاہ زمزم کو لوگوں کی لاشوں سے بھر دیا اور ان میں سے ایک آدمی نے حجر اسود کو گرز ماری اور کہا تو کب تک خدا کے علاوہ پوجا جاتا رہے گا وہ لوگ حجر اسود کو اپنے ساتھ لے گئے اور یہ حجر اسود ان کے پاس بیس سال سے زیادہ عرصہ تک رہا پھر جب اہل مکہ اور ان کے درمیان صلح ہوگئی اور قرامطہ مال کثیر لے کر حجر اسود واپس دینے پر تیار ہو گئے لیکن انہوں نے کہا حجر اسود ہمارے ہاں کے بہت سے پتھروں میں مل گیا ہے اس کی تمیز مشکل ہے اگر تمہیں کوئی نشانی یاد ہو تو پہچان کر لے جاؤ۔ یہ بات اہل علم کے سامنے پیش کی گئی انہوں نے کہا اس کی پہچان کا ایک طریقہ ہے کہ چونکہ یہ جنتی پتھر ہے لہذا اس پر آگ اثر نہ کرے گی چنانچہ انہوں نے تمام پتھروں کو آگ میں ڈال دیا حجر اسود پر آگ نے اثر نہ کیا اور باقی پتھر آگ کے اثر سے شکستہ ہو گئے اس طرح حجر اسود کی پہچان ہوگئی اور اسے دوبارہ لا کر اپنے مقام پر رکھ دیا گیا۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ جب قرامطہ اسے لے کر گئے تو کئی اونٹ اس کا بوجھ برداشت نہ کرنے کی بنا پر مر گئے اور جب اسے واپس مکہ لایا گیا تو ایک اونٹ اسے آسانی سے مکہ لے آیا۔ (مرقاۃ، ج ۵، ص ۳۲۰)

جب حضرت حلیمہ حضور علیہ السلام کو لے کر اپنے گھر جانے لگی تو آپ کو حرم شریف میں لائی۔ قاضی ثناء اللہ نے لکھا ہے:

وَجَاءَتْ بِهٖ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ لِيُقَبِّلَهٗ فَخَرَجَ الْاَسْوَدُ مِنْ مَّكَانِهٖ حَتّٰى اِلْتَصَقَ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ ○

حضرت حلیمہ آپ کو حجر اسود کے پاس لے کر آئیں تا کہ آپ بوسہ دیں تو حجر اسود باہر آ کر آپ کے چہرے کے ساتھ لگ گیا۔ (مظہری، ج ۶، ص ۵۱۴)

حجر اسود اس مقام پر نازل ہوا جہاں آج کعبہ کی عمارت ہے تا کہ حضرت

Marfat.com

آدم علیہ السلام کو اس سے انس حاصل ہو جب حجر اسود نازل ہوا تو اسے فرشتوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا تا کہ اسے جن و انس نہ دیکھ سکیں۔ کیونکہ یہ جنتی پتھر ہے تو جو اسے دیکھ لے وہ جنتی ہو جاتا ہے۔ (مرقاۃ، ج ۲، ص ۱۹۲)

ایک روایت میں ہے کہ جب طوفان نوح آیا تو خدا نے حجر اسود کو بطور امانت کوہ ابو قبیس میں رکھ دیا اور فرمایا اے پہاڑ جب میرا خلیل کعبہ تعمیر کرے تو یہ پتھر اس کے لئے نکال دینا پھر جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ تعمیر کیا اور حجر اسود کی ضرورت محسوس ہوئی تو کوہ ابو قبیس سے آواز آئی اے ابراہیم علیہ السلام مجھ میں حجر اسود ہے اسے نکال لو تو آپ نے نکال لیا۔ (انسان العیون، ج ۱، ص ۱۸۷)

حضرت وہب بن منبہ نے فرمایا خدا تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے زمین پر نازل فرمایا تو انہوں نے جنتی پتھر حجر اسود کو اٹھا لیا جب زمین پر آ کر روئے تو اس پتھر سے اپنے آنسو پونچھتے تھے ان کے آنسو لگنے سے پتھر سیاہ ہو گیا حضرت جبرائیل علیہ السلام کے فرمانے کے مطابق حجر اسود کو کعبہ کی دیوار میں لگا دیا گیا لیکن کشاف نے کہا ہے کہ ایک حائضہ عورت کا ہاتھ لگنے سے پتھر سیاہ ہو گیا اور یہ بھی ہے کہ عبداللہ بن زبیر کے زمانے میں کعبہ کو آگ لگ گئی جس کی وجہ سے حجر اسود زیادہ سیاہ ہو گیا۔ (حلبیہ، ص ۱۸۷)

## مقام ابراہیم:

یہ وہ پتھر ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام تین مرتبہ کھڑے ہوئے ہیں پہلی مرتبہ جبکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل کو دیکھنے مکہ میں آئے جب ان کے گھر کے دروازہ پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام شکار کو گئے ہوئے ہیں ان کی بیوی نے آپ کو دیکھ کر کہا حضرت تشریف لائیے ہمارے ہاں قیام

Marfat.com

فرمائیں آپ کے سر مبارک میں کچھ گرد و غبارہ ہے مجھے اجازت دیں کہ میں دھو دوں حضرت نے فرمایا مجھے سواری سے اترنے کی اجازت نہیں وہ نیک بی بی ایک بڑا اور اونچا پتھر اٹھا لائیں یعنی مقام ابراہیم اور ان کی رکاب کے پاس رکھ دیا اس نیک بی بی نے آپ کے ایک طرف بالوں کو دھو دیا پھر پتھر دوسری طرف رکھ دیا آپ نے دوسری جانب سے سر جھکا دیا تو اس نے اس طرف کے بالوں کو بھی دھو دیا اس طرح خدمت کا موقع بھی مل گیا اور آپ سواری سے بھی نیچے نہ اترے۔

دوسری مرتبہ جب کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی دیواریں بلند کیں تو اب ایک پتھر کی ضرورت محسوس ہوئی جس پر کھڑے ہو کر آپ کعبہ کی تعمیر کرتے۔آپ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا ایک پتھر تلاش کر کے لاؤ وہ یہی پتھر مقام ابراہیم علیہ السلام اٹھا لائے آپ اس پر چڑھ کر تعمیر کرتے رہے جوں جوں دیوار اونچی ہوتی جاتی تھی پتھر بھی اونچا ہوتا جاتا ہے اور جب شام کو اترنا ہوتا تو پتھر خود بخود نیچے ہو جاتا تھا۔

تیسری مرتبہ جب کعبہ تعمیر ہو گیا تو خدا کا حکم ہوا کہ لوگوں میں حج کی آواز دو آپ نے مقام ابراہیم کو لیا ابو قبیس پہاڑ پر چڑھ گئے اور مقام ابراہیم پر کھڑے ہوئے یہ پتھر بلند ہو گیا آپ نے آواز لگائی اے لوگو! تم پر حج فرض کر دیا گیا ہے۔سب سے پہلے آپ نے یمن کی طرف منہ کر کے آواز دی۔یہی وجہ ہے کہ یمن کے لوگ کثرت سے حج کرنے آتے ہیں۔

مکہ میں اگر دو پتھر جنتی ہیں تو مدینہ میں ایک پہاڑ جنتی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُحُدٌ عَلٰی رُکْنٍ مِّنْ اَرْکَانِ الْجَنَّةِ احد جنت کے کونوں میں سے ایک کونے پر ہے ایک روایت میں آیا ہے کہ چار پہاڑ جنتی ہیں احد، ورقان، طور اور

Marfat.com

لبنان ایک روایت میں ہے کہ آپ نے احد کی طرف اشارہ فرما کر ارشاد فرمایا:

هٰذَا جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ عَلٰى بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ ○

یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر ہے۔ (جذب القلوب، ص ۲۱۱)

ایک حدیث میں آیا ہے:

مَابَيْنَ مِنْبَرِىْ وَحُجْرَتِىْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ ○

میرے منبر اور حجرے کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

اس طرف روضے کا نور اس سمت منبر کی بہار
بیچ میں جنت کی کیاری پیاری پیاری واہ واہ

بلکہ عشاق مدینہ تو کہتے ہیں اَلْمَدِيْنَةُ كُلُّهٗ جَنَّتُ الْفِرْدَوْسِ مدینہ سارے کا سارا جنت الفردوس ہے۔

مدینے کے نقش و نگار اللہ اللہ
ہے دامان غم تار تار اللہ اللہ
مدینے کی گلیاں بیابان و گلشن
ہیں جنت کی آئینہ دار اللہ اللہ

## آب زم زم:

حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ اور ان کے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو بے آب و گیاہ جنگل میں چھوڑ کر واپس آ گئے کچھ کھجوریں اور پانی ان کے پاس تھا جب تک یہ دونوں پاس رہیں گزر اوقات ہوتی رہی جب پانی ختم ہو گیا اور پیاس نے ستایا تو لخت جگر اسماعیل علیہ السلام نے بے اختیار رونا شروع کر دیا

Marfat.com

نور نظر کی بے قراری دیکھی نہ گئی اٹھیں اور صفا پہاڑی پر چڑھ گئیں شاید کہیں پانی کا نام و نشان نظر آئے مگر نہ ملا نیچے اتر آئیں مروہ پہاڑی کی طرف روانہ ہوئیں مگر نظر فرزند پر تھی راہ کے کچھ حصہ میں فرزند سے آڑ ہوگئی تو آپ دوڑیں اس آڑ سے نکل جانے پر پھر آہستہ ہوگئیں یہاں تک کہ مروہ پر پہنچ گئیں۔ وہاں چڑھ کر بھی پانی کہیں نہ دیکھا پھر صفا کی طرف روانہ ہوئیں اسی طرح سات چکر لگائے صفا و مروہ کی سعی اسی واقعہ کی یادگار ہے۔ آخری بار مروہ پر چڑھیں تو ایک خوفناک آواز سنائی دی ڈر کر فرزند کے پاس پہنچیں دیکھا فرزند روتے ہیں اور زمین پر ایڑیاں رگڑتے ہیں جس سے میٹھے پانی کا چشمہ جاری ہوا اسی کا نام آب زم زم ہے۔

قریب آئیں تو پر کھولے ہوئے جبریل کو پایا
انگوٹھا چوستے سایے میں اسماعیل کو پایا
ٹھٹک کر رہ گئیں اک اور نظارہ نظر آیا
قریب پائے اسماعیل فوارہ نظر آیا

حدیث میں مَاءُ زَمْزَمَ لَمَّا شَرِبَ آب زم زم پیتے وقت جو دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ چنانچہ خطیب بغدادی نے آب زمزم پیتے وقت یہ تین دعائیں مانگیں ایک یہ ہے بغداد میں مجھے تاریخ بغداد پڑھانے کا موقع ملے دوسری یہ کہ جامع منصور میں حدیث املاء کرانے کا موقع ملے اور تیسری یہ کہ وفات کے بعد ان کی قبر بشر حافی کے پاس بنائی جائے۔ خدا نے یہ تینوں دعائیں قبول فرمالیں جب آپ کا انتقال ہوا اور آپ کو بشر حافی کے پہلو میں دفن کرنے کا پروگرام ہوا تو پتہ چلا وہاں ایک اور آدمی نے اپنے لئے قبر تیار کر رکھی ہے اور اس نے وہاں کئی مرتبہ قرآن مجید ختم کر رکھا ہے اس سے کہا گیا کہ یہ قبر خطیب بغدادی

Marfat.com

کو دے دو اس نے انکار کیا ایک بزرگ ابو سعید صوفی تھے انہوں نے اس شخص سے کہا اگر بشر حافی زندہ ہوتے اور تو اور خطیب بغدادی اسے ملنے جاتے تو وہ اپنے قریب جگہ کس کو دیتے اس نے کہا خطیب کو انہوں نے فرمایا تو پھر جان لو کہ وفات کے بعد بھی وہ اپنے قریب خطیب کو ہی پسند کریں گے اب اس کی سمجھ میں بات آ گئی اور اس نے خطیب بغدادی کے لئے وہ قبر دے دی اس طرح خطیب بشر حافی کے نزدیک دفن ہو گئے۔

(ابن عساکر، ج ۱، ص ۴۰۰) (تذکرۃ الحفاظ، ص ۶۰۷)

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جب آب زمزم پیتے تو یہ دعا مانگتے یا اللہ! مجھے قیامت کے دن پیاس سے محفوظ فرمانا۔

آب زمزم کوثر سے افضل ہے کیونکہ معراج کی رات آب زمزم سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو دھویا گیا ہے۔

آب زمزم دل کو قوی کرتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دوستوں کو آب زمزم کا تحفہ دیا کرتے تھے۔

آب زمزم شب برات بڑھ جاتا ہے اور میٹھا ہو جاتا ہے۔

آب زمزم کے تین لپ سر میں ڈالنے سے آدمی باعزت ہو جاتا ہے۔

آب زمزم کو دیکھنا عبادت ہے۔

زمزم کے کنویں میں جھانکنے سے نظر تیز ہو جاتی ہے۔

آب زمزم بھوک اور پیاس دونوں کا علاج ہے چنانچہ حضرت الیاس و خضر اختتام حج پر زمزم پیتے ہیں سارا سال ان کو بھوک پیاس نہیں لگتی۔

(شفاء الغرام، ج ۱، ص ۲۵۲ تا ج ۱، ص ۲۵۷)

مکہ میں اگر آب زمزم ہے تو مدینہ طیبہ میں حوض کوثر ہے حدیث میں

Marfat.com

ہے منبری علی حوضی میرا منبر میرے حوض کوثر کے اوپر ہے۔

اس میں زمزم ہے کہ تھم تھم اس میں جم جم ہے کہ بیش کثرت کوثر میں زمزم کی طرح کم کم نہیں۔ مکہ میں حجر اسود مقام ابراہیم اور چاہ زمزم کے درمیان ننانوے نبیوں کی قبریں ہیں حجر اسود اور رکن یمانی کے درمیان ستر انبیاء کی قبور ہیں کعبہ کے گرد تین سو نبیوں کی قبریں ہیں جب انبیاء کو ان کی قومیں جھٹلاتی تھیں تو وہ ان کو چھوڑ کر مکہ آ جاتے اور بقیہ زندگی یہیں گزار دیتے تھے۔ (سیرت حلبیہ)

میزاب رحمت کے نیچے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قبریں ہیں۔

مدینہ طیبہ میں امام الانبیاء کی قبر انور ہے جو عرش اعظم سے بھی افضل ہے دلیل یہ ہے کہ خدا کا ہر نبی خدا کا شکر گزار بندہ ہوتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی خدا کے نبی ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ اگر تم شکر کرو گے تو ہم اضافہ کریں گے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خدا کا شکر کیا تو ان کو چوتھا آسمان ملا اب بھی وہ شکر کر رہے ہیں تو ان کو اس شکریہ کے صلہ میں چوتھے آسمان سے بلند جگہ حضور کا روضہ ملے گا نہ پانچواں آسمان نہ چھٹا اور ساتواں آسمان اور نہ عرش اعظم معلوم ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ عرش اعظم سے بھی افضل ہے۔

علماء نے لکھا ہے کہ جس مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السلام چالیس دن رہے ہیں اس مچھلی کا پیٹ اللہ کے عرش سے افضل ہے اس لئے کہ وہ نبی کا مسکن رہا ہے جہاں حضرت یونس علیہ السلام چالیس دن رہیں وہ اللہ کے عرش سے افضل تو جس قبر انور میں امام الانبیاء قیامت تک استراحت فرما رہے ہیں وہ یقیناً اللہ کے عرش سے افضل ہے۔

Marfat.com

ہے بے تاب جس کے لئے عرش اعظم
وہ اس رہرو لامکاں کی گلی ہے
یہاں کے لاکھوں ذرے عرش اعظم سے افضل ہیں
تعالی اللہ یہ عزو وقار گنبد خضریٰ

یہی وہ قبر انور ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ جس نے میری قبر کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی۔

ایک اور حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ ○

جس نے حج کیا پس میری قبر کی زیارت کی میری وفات کے بعد وہ ایسا ہے جیسا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔

ایک جگہ فرمایا مَنْ زَارَ قَبْرِیْ کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا وَشَہِیْدًا جس نے میری قبر کی زیارت کی میں اس کے لئے شفیع ہوں گا اور اس کے نیک اعمال پر گواہ ہوں گا۔ (جذب القلوب، ص ۲۹۸ تا ص ۳۰۰)

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور خانہ کعبہ سے بھی افضل ہے اور کعبہ حضور کی قبر کے علاوہ باقی مدینہ سے افضل ہے اور امام مالک فاروق اعظم اور عبداللہ بن عمر کا مسلک یہ ہے کہ مدینہ کا شہر مکہ سے افضل ہے کیونکہ یہاں پر اجلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور بڑے اکابرین امت کی قبور ہیں صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی قبریں ہیں حضرت عثمان غنی حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی قبریں ہیں امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین کی قبور بھی مدینہ میں ہیں۔

مکہ مکرمہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ۵۳ سال رہے ہیں ۴۰ سال قبل از دعوائے

Marfat.com

نبوت اور ۱۳ سال بعد از دعوائے نبوت لیکن مدینہ میں قیامت تک ہیں آیت تلاوت میں قیام کی وجہ قیام حضور ہے جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں تھے تو وہ افضل تھا جب مدینہ میں آ گئے تو یہ افضل ہو گیا جیسے ایک ہیرا ایک لاکھ کا ہو قمیص میں رکھ دیا جائے تو اس کی قیمت ایک لاکھ ہو جاتی ہے۔ ہیرا پگڑی میں رکھ لیا جائے تو اس کی قیمت ایک لاکھ ہو جاتی ہے جہاں ہیرا وہاں قیمت لہذا جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں افضلیت۔

مکاں کو ہے زینت مکیں کے قدم سے
ہے مکہ سے افضل مدینہ تمہارا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے جو آدمی مکہ کی گرمی برداشت کرے وہ دوسو سال کی راہ کے برابر دوزخ سے دور ہو جاتا ہے اور مدینہ کے بارے میں فرمایا

مَنْ صَبَرَ عَلٰی اَذَاهَا وَشِدَّتِهَا كُنْتُ لَهٗ شَهِيْدًا وَشَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ○

(جذب، ص ۳۷)

جس نے مدینہ کی کسی اذیت اور شدت پر صبر کیا میں اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا قیامت کے روز مکہ کے بارے میں فرمایا مَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ فَكَاَنَّمَا مَاتَ فِيْ سَمَاءِ الدُّنْيَا۔

جو مکہ میں فوت ہوا وہ ایسا ہے جیسے آسمان دنیا میں فوت ہوا۔

مَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِي الْاٰمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ○

جو مکہ میں فوت ہوا قیامت کے دن اللہ اسے امن والوں میں اٹھائے گا۔

مدینہ کے بارے میں فرمایا مَنْ مَاتَ بِالْمَدِيْنَةِ كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ○ (جذب القلوب، ص ۳۷)

جو مدینہ میں فوت ہوا میں قیامت کے دن اس کا شفیع ہوں گا۔

Marfat.com

مکہ کے قبرستان جنت المعلیٰ سے بروز قیامت ستر ہزار آدمی ایسے اٹھیں گے جن سے حساب نہ لیا جائے گا مدینہ کے قبرستان جنت البقیع سے بھی قیامت کے دن ستر ہزار آدمی ایسے اٹھیں گے جن سے حساب نہ لیا جائے گا۔

کعبہ پر روزانہ ستر ہزار فرشتے نازل ہوتے ہیں امام فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ عرش کے نیچے ایک نہر ہے جس میں حضرت جبرائیل امین علیہ السلام روزانہ غوطہ زن ہوتے ہیں پھر نہر سے باہر آ کر اپنے پروں کو جھاڑتے ہیں بے شمار پانی کے قطرے گرتے ہیں ہر قطرے سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے ان میں سے ستر ہزار فرشتے کعبہ پر نازل ہوتے ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر ستر ہزار فرشتے صبح کو اور ستر ہزار شام کو نازل ہوتے ہیں اور جو ایک بار آتے ہیں پھر قیامت تک ان کی باری نہ آئے گی۔

ملائک لگاتے ہیں آنکھوں پہ اپنی
شب و روز خاک مزار مدینہ

ایک مرتبہ مکہ میں سیلاب آ گیا جس سے ایک عالم کی قبر کھل گئی مگر دیکھا کہ بجائے ایک عالم کے ایک حسین و جمیل عورت اس قبر میں موجود ہے تعجب ہوا کہ دفن تو مرد ہوا تھا یہ عورت اس قبر میں کیسے آ گئی ایک لندن کا آدمی وہاں موجود تھا اس نے اس عورت کو پہچان لیا اور کہا میں اس کو جانتا ہوں یہ مجھ سے تعلیم حاصل کرتی تھی اور خفیہ مسلمان ہو کر مر گئی تھی لوگوں نے اس شخص کے ساتھ دو مکی مسلمان بھیجے انہوں نے اس کی قبر کھول کر دیکھی تو وہ عالم اس قبر میں موجود ان دو آدمیوں نے اسے پہچان لیا مکہ میں آ کر اس کے شوہر سے معلوم کیا کہ آخر وہ کونسا ایسا کام کرتا تھا جس کی اس کو یہ سزا ملی اس نے کہا کہ جب وہ مجھ سے مقاربت کرتا تھا تو یہ کہتا کہ عیسائیوں کا مذہب بڑے آرام کا ہے کہ اس میں غسل جنابت

Marfat.com

نہیں ہے۔(الافاضات، ج ۴، ص ۹۸)

کسی انگریز افسر کے ہاں ایک مسلمان ملازم تھا وہ جب کبھی انگریز کے بنگلے پر جاتا تو اس انگریز کی لڑکی مسلمان سے کہتی مجھے قرآن پڑھاؤ یہ اچھا کہہ کر ٹال دیتا ایک روز جب وہاں پہنچا تو اس انگریز لڑکی نے کہا تم مجھے قرآن نہیں پڑھاتے یاد رکھو قیامت کے دن میں اس سے شکایت کروں گی جس پر یہ قرآن اترا ہے کہ میں تو قرآن پڑھنا چاہتی تھی لیکن اس مسلمان نے مجھے نہیں پڑھایا وہ لرز گیا اور کہنے لگا میں تجھے ضرور پڑھاؤں گا اس لڑکی نے کہا میں تمہارے گھر آ جایا کروں گی بلانا نہ جاتی اور پڑھ کر آ جاتی کچھ عرصہ کے بعد ایک روز وہ نہ آئی اسی طرح وہ متواتر تین روز نہ آئی۔ یہ تجسس حال کے لئے انگریز کے گھر پہنچا پتہ چلا لڑکی بیمار ہے اور قریب المرگ ہے یہ اس لڑکی کے پاس گیا لڑکی نے کہا اے مسلمان میرا وقت قریب ہے میں صدق دل سے مسلمان ہوتی ہوں اور آپ کے سامنے پڑھتی ہوں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ آپ اس کے گواہ ہو جائیں اور آپ کو ایک وصیت کرتی ہوں کہ جب میرا انتقال ہو جائے تو آپ بھی جنازہ میں شرکت کریں اور ان لوگوں کو اپنے طریقہ پر دفن کر لینے دیں اس کے بعد میری لاش کو نکال کر اسلامی طریقے پر دفن کر دینا وہ مسلمان رونے لگا اور وعدہ کر لیا کہ میں وصیت پر عمل کروں گا جب وہ مر گئی تو یہ جنازہ میں شریک ہوا رات کو جا کر قبر کھودی تو دیکھا اس کا ایک دوست اس قبر میں آیا ہوا تھا چھٹی لے کر اپنے شہر گیا پتہ چلا کہ وہ دوست انتقال کر گئے اس کی قبر کا پتہ لگا کر چلا لڑکی بیمار ہے اور قریب المرگ ہے یہ اس لڑکی کے پاس گیا لڑکی نے کہا اے مسلمان میرا وقت قریب ہے میں صدق دل سے مسلمان ہوتی ہوں اور آپ کے سامنے پڑھتی ہوں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ آپ اس کے گواہ ہو جائیں اور آپ کو ایک وصیت کرتی ہوں کہ جب میرا انتقال ہو جائے تو آپ بھی جنازہ میں شرکت کریں اور ان لوگوں کو اپنے طریقہ پر دفن کر لینے دیں اس کے بعد میری لاش کو نکال کر اسلامی طریقے پر دفن کر دینا وہ مسلمان رونے لگا اور وعدہ کر لیا کہ میں وصیت پر عمل کروں گا جب وہ مر گئی تو یہ جنازہ میں شریک ہوا رات کو جا کر قبر کھودی تو دیکھا اس کا ایک دوست اس قبر میں آیا ہوا تھا چھٹی لے کر اپنے شہر گیا پتہ چلا کہ وہ دوست انتقال کر گئے اس کی قبر کا پتہ لگا کر رات کو اس کی قبر کھودی دیکھا اس کی قبر میں ایک عربی آیا ہوا ہے بڑا حیران ہوا کہ کیا کیا جائے۔ رات کو خواب میں وہ لڑکی ملی اور کہا اے مسلمان تیرا شکریہ کہ تو نے میری وصیت پر عمل کرنے کی امکانی کوشش کی اس نے پوچھا یہ راز کیا ہے لڑکی

Marfat.com

نے کہا میری قبر میں تیرا دوست آیا ہوا تھا اس لئے کہ وہ عیسائیوں سے محبت کرتا تھا اور اس کی قبر میں ایک عربی تھا وہ کہا کرتا تھا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ میں ہندوستان چلا جاؤں اس لئے خدا نے اسے مرنے کے بعد ہندوستان بھیج دیا اور میں نے مرتے وقت آرزو کی تھی کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مدینہ طیبہ مل جائے مجھے خدا نے مدینہ عطا فرما دیا۔ (حیات اعلیٰحضرت، ص ۲۲۱)

تمنا ہے الٰہی موت یوں آئے مدینہ میں
نظر کے سامنے خیر الوریٰ کا آستانہ ہو

ایک بزرگ جن کا نام صوفی محمد حسین تھا مدینہ طیبہ میں ایک بار شاہ عبدالحق مہاجر الہ آبادی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی حدیث شریف میں تو آتا ہے ہمارا مدینہ بھٹی ہے جیسے بھٹی لوہے کی میل کو دور کر دیتی ہے اسی طرح زمین مدینہ نااہل کو اپنے سے نکال دیتی ہے حالانکہ منافق بھی مر کر مدینہ میں دفن ہوئے ہیں پھر اس حدیث کا مطلب کیا ہوا شاہ صاحب نے انہیں کان سے پکڑ کر وہاں سے نکال دیا یہ حیران تھے کہ میں نے تو مسئلہ پوچھا ہے مجھے کس قصور میں نکالا کیا انہوں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ مدینہ کے قبرستان جنت البقیع میں کھدائی ہو رہی ہے اور اونٹوں پر باہر سے لاشیں آ رہی ہیں اور یہاں سے باہر جا رہی ہیں یہ ان لوگوں کے پاس گئے اور پوچھا کہ کیا کر رہے ہو بولے جو نااہل یہاں دفن ہو گئے ہیں ان کو نکال کر باہر لے جا رہے ہیں اور عشاق مدینہ جو اور جگہ دفن ہو گئے تھے ان کو مدینہ لا رہے ہیں دوسرے دن شاہ عبدالحق کی خدمت میں پیش ہوئے آپ نے دیکھتے ہی فرمایا اب تجھے حدیث کا مطلب۔

(تفسیر نعیمی، ج ۱، ص ۷۵۷)

Marfat.com

## فضائل مدینہ منورہ:

### نمبر 1:

جب حضور اکرم ﷺ غزوۂ تبوک سے واپس ہوئے تو حاضرین میں سے کسی نے مدینہ منورہ کے غبار سے منہ ڈھانپا آپ نے فرمایا:

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ فِیْ غُبَارِھَا شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَاءٍ ○

(خلاصۃ الوفا، ص ۲۸)

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے مدینہ کے گرد و غبار میں ہر مرض کی شفا ہے۔

### نمبر 2:

مَنْ جَاءَنِیْ زَائِرًا لَاتَعَمَّدَہٗ حَاجَۃٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ کَانَ حَقًّا عَلَیَّ اَنْ اَکُوْنَ لَہٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ (جذب القلوب، ص ۲۹۹)

جو میری زیارت کے لئے (مدینہ) آئے میرے پاس اسے اور کوئی کام نہیں مجھ پر لازم ہے کہ میں قیامت کے روز اس کی شفاعت کروں۔

### نمبر 3:

مَنْ زَارَنِیْ مُتَعَمِّدًا کَانَ فِیْ جَوَارِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ○

جو ارادہ کر کے میری زیارت کے لئے آیا وہ قیامت کے دن میرا پڑوسی

Marfat.com

## نمبر 4:

سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے یہ دعا کی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَھَادَۃً فِیْ سَبِیْلِكَ وَاَجَلْ مَوْتِیْ فِیْ بَلَدِ حَبِیْبِكَ○

اے اللہ! مجھے اپنے راستے میں شہادت کی موت دے اور مجھے موت تیرے حبیب کے شہر میں آئے۔ (بخاری، ج ۱، ص ۲۵۳)

## نمبر 5:

مَنْ اسْتَطَاعَ اَنْ یَّمُوْتَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَلْیَمُتْ فَمَنْ مَّاتَ بِالْمَدِیْنَۃِ کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا وَّ شَھِیْدًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ○

ترجمہ: جس کسی سے ہو سکے وہ مدینہ میں مرے جو مدینہ میں مرے گا میں قیامت کے دن اس کا شفیع و گواہ ہوں گا۔

## نمبر 6:

اَلْمَدِیْنَۃُ مُھَاجَرِیْ فِیْھَا مَضْجَعِیْ وَمِنْھَا مَبْعَثِیْ حَقِیْقٌ عَلٰی اُمَّتِیْ حَفِظَ جِیْرَانِیْ وَمَا اجْتَنَبُوا الْکَبَائِرَ○ (وفاء الوفا، ص ۴۷)

مدینہ منورہ میرا مقام ہجرت ہے۔ یہیں میری قبر ہو گی یہیں سے قیامت کے روز اٹھوں گا۔ میری امت پر لازم ہے کہ میرے پڑوسیوں کی حفاظت کریں جب تک کبائر سے بچیں۔

## نمبر 7:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ مَنْ اَرَادَنِیْ وَاَھْلَ بَلَدِیْ بِسُوْءٍ فَعَجِّلْ ھَلَاکَہٗ○

(جذب القلوب، ص ۵۰)

Marfat.com

ترجمہ: اے اللہ! جو اہل مدینہ اور میرے بارے میں برا ارادہ رکھتا ہے اسے جلد ہلاک کر دے

نمبر 8:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَنَظَرَ اِلٰى جُدُرَاتِ الْمَدِيْنَةِ اَوْضَعَ رَاحِلَتَهٗ ○

ترجمہ: جب رسول پاک ﷺ سفر سے واپس آتے اور مدینہ کے در و دیوار کو دیکھتے تو (شوق مدینہ میں) اپنی سواری کو تیز کر دیتے۔

نمبر 9:

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔

مَنْ اَخَافَ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ ظَالِمًا اَخَافَهُ اللّٰهُ وَكَانَتْ عَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ○ (جذب القلوب، ص ۵۱)

ترجمہ: جو اہل مدینہ کو ظلم سے ڈرائے تو اس کو اللہ ڈرائے گا اس پر خدا تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔

نمبر 10:

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔

عَلٰى اِنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلَائِكَةٌ تَحْرِسُوْنَهَا لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَالدَّجَّالُ ○

ترجمہ: مدینہ کے دروازوں پر فرشتے مقرر ہیں اس شہر میں طاعون و دجال داخل نہیں ہو سکتے۔ (بخاری، ج ۱، ص ۲۵۲)

Marfat.com

## نمبر 11:

اِنَّہٗ کَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ مِّنْ اَسْفَارِہٖ فَاَقْبَلَ عَلَی الْمَدِیْنَۃِ یَسِیْرًا وَیَقُوْلُ اللّٰھُمَّ اجْعَلْ لَنَا بِھَا قِرَارًا وَرِزْقًا حَسَنًا ○ (خلاصۃ الوفا، ص ۲۱)

جب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لاتے تو مدینہ کے قریب ہو جاتے اور یہ دعا فرماتے اے اللہ! مدینہ کو ہمارے لئے تسکین اور رزق حسنہ بنا دے۔

تخت سکندری پر وہ تھوکتے نہیں ہیں
بستر لگا ہوا ہے جن کا تری گلی میں
ایسے جلوے پر کروڑوں لاکھ حوروں کو نثار
کیا عرض کیوں جاؤں جنت کو مدینہ چھوڑ کر

## نمبر 12:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ اَرَادَ اَھْلَ ھٰذِہِ الْبَلْدَۃِ بِسُوْءٍ اِذَابَ اللّٰہُ کَمَا یَذُوْبُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ

ترجمہ: جس شخص نے اہل مدینہ کے ساتھ برائی کا ارادہ بھی کیا وہ مصائب میں اس طرح پگھل جائے گا جس طرح نمک پانی میں پگھل جاتا ہے۔

## افضلیت مدینہ:

عشاق مدینہ طیبہ کو شہر مکہ سے افضل قرار دیتے ان کے دلائل یہ ہیں:

## نمبر 1:

اَلْمَشْیُ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ لِزِیَارَۃِ قَبْرِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَفْضَلُ مِنَ الْکَعْبَۃِ ○

قبر انور کی زیارت کے لئے مدینہ کا سفر کرنا (زیارت) کعبہ سے افضل ہے۔ (خلاصۃ الوفا، ص ۴۴)

Marfat.com

نمبر 2:

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی وفات پر آپ کے دفن کے سلسلے کے بارے میں رائے کا اختلاف ہوا کہ حضور علیہ السلام کو کس جگہ دفن کیا جائے تو سیدنا علی المرتضیٰ نے فرمایا:

لَیْسَ فِی الْاَرْضِ بُقْعَۃٌ اَکْرَمُ عَلَی اللّٰہِ مِنْ بُقْعَۃِ قُبِضَ نَفْسُ نَبِیِّہٖ ○

(خلاصۃ الوفا، ص ۱۲)

ترجمہ: وہ جگہ جہاں حضور اکرم ﷺ کا وصال ہوا اس خطہ زمین سے افضل کوئی جگہ نہیں۔

نمبر 3:

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْمَدِیْنَۃَ کَحُبِّنَا مَکَّۃَ اَوْ اَشَدَّ (بخاری، ج ۱، ص ۲۵۳)

اے اللہ! ہمیں مدینہ منورہ محبوب بنا دے جس طرح مکہ مکرمہ بلکہ اس سے زیادہ خدا نے یقیناً مدینہ مکہ سے زیادہ محبوب بنا دیا جو مدینہ کی افضلیت کی دلیل ہے۔

نمبر 4:

ارشاد نبوی ہے۔

مَاعَلَی الْاَرْضِ بُقْعَۃٌ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ یَّکُوْنَ قَبْرِیْ بِھَا مِنْھَا ○

میری قبر کی جگہ مجھے روئے زمین سے زیادہ محبوب ہے۔

(خلاصۃ الوفا، ص ۱۷)

Marfat.com

## نمبر 5:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے ہجرت کے وقت دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَخْرَجْتَنِیْ مِنْ اَحَبِّ الْبِقَاعِ اِلَیَّ فَاَسْکِنِّیْ فِیْ اَحَبِّ الْبِقَاعِ اِلَیْکَ ○ (المستدرک)

ترجمہ: اے اللہ! تو نے مجھے اس جگہ سے نکالا جو مجھے محبوب تھی۔ اب اس جگہ پر ٹھہرا جو تجھے محبوب ہے۔

خدا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ جائے قیام دیا معلوم ہوا کہ اگر مکہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب شہر ہے تو مدینہ خدا کا محبوب شہر ہے۔

## نمبر 6:

حضرت رافع بن خدیج فرماتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا:

اَلْمَدِیْنَۃُ خَیْرٌ مِّنْ مَّکَّۃَ ○

مدینہ مکہ سے افضل ہے (وفاء الوفا، ج ۱، ص ۳۷)

## نمبر 7:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِیْنَۃِ ضِعْفَیْ مَا جَعَلْتَ بِمَکَّۃَ مِنَ الْبَرَکَتِ ○

ترجمہ: اے اللہ مدینہ میں مکہ کی نسبت چار گنا برکت عطا فرما۔

مکہ مکرمہ میں ایک نیکی کا ثواب ایک لاکھ ہے تو مدینہ میں چار گنا چار لاکھ ہوگا۔

## نمبر 8:

سیدنا امام مالک فرماتے ہیں ایک دن مروان نے خطبہ دیا اور دوران

Marfat.com

خطبہ مکہ کے فضائل بیان کئے مدینہ منورہ کے بارے میں کچھ بیان نہ کیا اس پر حضرت رافع بن خدیج کھڑے ہو گئے اور فرمایا مروان تجھے کیا ہو گیا ہے کہ تو نے مدینہ منورہ کے بارے میں کچھ کہا نہیں سنو میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ مدینہ ان سب کے لئے بہتر ہے اگر وہ جان لیتے۔ (جواہر البحار، ص ۲۱۰)

اس واقعہ سے ظاہر ہوا کہ رافع بن خدیج کے نزدیک مدینہ مکہ سے افضل ہے۔

سیر گلشن کون دیکھے دشت طیبہ چھوڑ کر
سوئے جنت کون جائے در تمہارا چھوڑ کر
سایۂ دیوار جاناں میں ہو بستر خاک پر
آرزوئے تاج و تخت خسروی اچھی نہیں

❁❁❁

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# حکمت کی تشریح

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ○

اور خدا نے آپ پر کتاب اور حکمت نازل فرمائی۔

حکمت کے مختلف معنے ہیں بعض معنوں پر بحث کی جاتی ہے ملاحظہ فرمائیں۔

## نمبر 1 الحکمۃ:

توازن و اعتدال یعنی عمل اور کردار کا ایسا انداز جو افراط و تفریط سے پاک ہو مثلاً:

(۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تین آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان پر آئے۔ آپ کی عبادت کی کیفیت دریافت کی جب ان کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے بارے میں بتایا گیا تو انہوں نے اپنے عمل کو قلیل سمجھا اور کہنے لگے ہماری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا حقیقت ہے۔ آپ کی لغزشوں کو تو خدا نے معاف کر دیا ہے ان میں سے ایک نے کہا میں تو ساری رات عبادت کروں گا دوسرے نے کہا میں ہمیشہ روزے رکھوں گا اور کبھی افطار نہ کروں گا۔ تیسرے نے کہا میں عورتوں سے علیحدگی اختیار کر لوں گا اور کبھی شادی نہ کروں گا۔ اتنے میں حضور علیہ السلام تشریف لے آئے اور ان سے فرمایا تم نے ایسا ایسا کہا ہے میں تم سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہوں اس کے باوجود میں روزے بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں رات کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔

Marfat.com

فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ جس نے میری سنت سے منہ موڑا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔ (بخاری و مسلم)

(ب) حضرت وہیب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے درمیان بھائی چارہ کرا دیا۔ حضرت سلمان، حضرت ابودرداء (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کی ملاقات کو گئے تو ابو درداء رضی اللہ عنہ کی بیوی کو خراب کپڑے پہنے دیکھا۔ سلمان نے وجہ دریافت کی۔ اس نے جواب دیا تمہارے بھائی ابو درداء رضی اللہ عنہ کو دنیا اور عورت کی حاجت نہیں۔ اتنے میں ابو درداء رضی اللہ عنہ بھی آ گئے۔ انہوں نے کھانا تیار کرایا اور ان سے کہا کھاؤ میں تو روزہ دار ہوں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس وقت نہ کھاؤں گا جب تک آپ نہ کھائیں۔ چنانچہ ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بھی کھانا کھا لیا جب رات ہوئی تو ابو درداء رضی اللہ عنہ نماز کے لئے جانے لگے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا سو جاؤ چنانچہ وہ سو گئے پھر کھڑے ہونے لگے سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا سو جاؤ حتیٰ کہ رات کا آخری حصہ ہو گیا تو سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا اب کھڑے ہو جاؤ چنانچہ دونوں نے نماز پڑھی پھر سلمان رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا:

اِنَّ لِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَاِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَلِاَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا○

تمہارے پروردگار کا تم پر حق ہے تمہارے نفس کا بھی تم پر حق ہے اور تمہارے گھر والوں کا بھی تم پر حق ہے ہر حق والے کو اس کا حق دو پھر یہ معاملہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلمان رضی اللہ عنہ نے سچ بیان کیا۔ (بخاری)

Marfat.com

## نمبر 2۔ الحکمۃ:

سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حکمت سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

حدیث میں آیا ہے:

كَانَ جِبْرِيْلُ يَنْزِلُ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِالسُّنَّةِ كَمَا يَنْزِلُ بِالْقُرْآنِ ○

(دارمی، ص ۷۷)

حضرت جبرائیل امین علیہ السلام جس طرح قرآن نازل کرتے تھے اسی طرح سنت بھی نازل کرتے تھے۔

## مقام سنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی سنت کس قدر عزیز تھی اس کا انداز ترمذی کی اس حدیث سے لگائیے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اے بیٹے! اگر تم سے ہو سکے تو اس حال میں صبح و شام کرو کہ تمہارے دل میں کسی کے خلاف کھوٹ اور کینہ نہ ہو اے بیٹے یہ میری سنت ہے۔

وَمَنْ اَحَبَّ سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ كَانَ مَعِیْ فِی الْجَنَّةِ ○

(ترمذی، ج ۲، ص ۹۷)

اور جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔

ایک جگہ ارشاد نبوی ہے:

مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِیْدٍ ○ (مشکوٰۃ، ص ۲۷)

جس نے میری امت کے فساد کے دور میں میری سنت کو مضبوطی سے

Marfat.com

تھامے رکھا اسے سو شہیدوں کے برابر ثواب ملے گا۔

ایک حدیث میں یوں فرمایا:

اِنِّیْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّکْتُمْ بِھِمَا کِتَابُ اللّٰہِ وَسُنَّۃُ رَسُوْلِہٖ ○ (موطا امام مالک، ص ۷۰۲)

میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں جب تک ان کو مضبوطی سے تھامے رہو گے گمراہ نہ ہو گے ان میں ایک تو اللہ کی کتاب ہے اور دوسری اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت۔

## مقام سنت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نظر میں:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے جب کوئی معاملہ پیش کیا جاتا تو اولاً کتاب اللہ میں اس کا حل تلاش کرتے وہاں نہ ملتا تو سنت نبوی میں غور کرتے وہاں سے اگر معلوم ہو جاتا اس کے مطابق فیصلہ فرما دیتے اور اگر سنت میں بھی آپ کو حل نہ ملتا تو پھر مجلس شوریٰ سے پوچھتے کہ میرے پاس فلاں معاملہ فیصلے کے لئے آیا ہے۔ میں نے کتاب وسنت میں غور کیا ہے لیکن اس کا حل نہیں ملا کیا تمہیں معلوم ہے کہ حضور علیہ السلام نے اس بارے میں کوئی فیصلہ فرمایا ہے اس پر بعض اوقات لوگ بتا دیتے کہ ہاں اس بارے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح فیصلہ فرمایا ہے۔ آپ اس فیصلہ کو نافذ کر دیتے اور یہ کہتے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ فِیْنَا مَنْ یَّحْفَظُ عَنْ نَبِیِّنَا ○

خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہم میں ایسے لوگ موجود ہیں جن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات یاد ہیں۔

پھر اگر اس معاملے میں کوئی صورت نظر نہ آتی تو سرکردہ مسلمانوں اور

Marfat.com

علماء کو بلا کر ان سے مشورہ فرماتے جب وہ اجتماعی طور پر ایک رائے پر جمع ہو
جاتے تو آپ اس کے مطابق فیصلہ فرما دیتے۔ (کنز العمال، ج ۸، ص ۳۴۸)

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

فَاِنَّ اَصْحَابَ السُّنَنِ اَعْلَمُ بِکِتَابِ اللّٰہِ ○ (کشف الغمہ، ج ۱، ص ۲۱)

سنت کے جاننے والے ہی اللہ کی کتاب کو زیادہ جاننے والے ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اَعْمَلُ بِکِتَابِ اللّٰہِ وَسُنَّۃَ نَبِیِّہٖ
میں اللہ کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتا ہوں۔

لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم ہر حال میں سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کریں اسی
میں ہماری نجات ہے۔

دیباچۂ نجات ہے سنت رسولؐ کی
سرمایۂ حیات ہے حکمت رسولؐ کی

ایک حدیث میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن عرش کا
سایہ تین آدمیوں پر ہوگا اور اس دن عرش کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا عرض کی گئی
وہ کون لوگ ہیں فرمایا:

مَنْ فَرَّجَ عَنْ مَکْرُوْبٍ مِّنْ اُمَّتِیْ وَاَحْیَاءُ سُنَّتِیْ وَاَکْثَرُ الصَّلٰوۃِ عَلَیَّ ○

جس نے میرے کسی مصیبت زدہ امتی کی پریشانی دور کی۔

دوسرا وہ جس نے میری سنت کو زندہ کیا۔

تیسرا وہ جس نے کثرت سے مجھ پر درود شریف پڑھا۔

(القول البدیع، ص ۱۲۳)

حضرت علی بن اسماعیل فرماتے ہیں کہ میں نے طرسوس میں متوکل کو
خواب میں دیکھا کہ نور میں بیٹھا ہوا ہے میں نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے

Marfat.com

ساتھ کیا سلوک کیا جواب دیا خدا تعالیٰ نے مجھے بخش دیا ہے میں نے پوچھا کس سبب سے مغفرت ہوئی اس نے جواب دیا قَلِیْلٌ مِنَ السُّنَّةِ اَحْیَیْتُهَا میں نے نبی کریم ﷺ کی ایک چھوٹی سی سنت کو زندہ کیا تھا۔

(تاریخ بغداد، ج ۷، ص ۱۷۰)

اگر جنت میں جانے کا ارادہ ہو تمامی کا
گلے میں پہن لو کرتہ محمدؐ کی غلامی کا

## نمبر 3۔ الحکمۃ۔ عقل اور علم کے ذریعے حق بات تک پہنچنا:

مثلاً حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ کام کاج چھوڑ کر جلد جلد آپ کو دیکھنے آ رہے تھے میں بھی آیا جب میں نے آپ ﷺ کا چہرہ دیکھا تو میں نے یقین کر لیا کہ یہ چہرہ جھوٹوں کا چہرہ نہیں۔ آپ ﷺ اس وقت فرما رہے تھے:

یَاَیُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَ صَلُّوْا بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ یَنَامُ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ سَلَامٌ ○

اے لوگو! سلامی پھیلاؤ رشتہ داروں سے محبت کرو، بھوکوں کو کھانا کھلاؤ اور رات کو نماز پڑھو جب کہ لوگ سو رہے ہوں اور سلامتی سے جنت میں جاؤ۔

اس کلام سے متاثر ہو کر میں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ کے سچے رسول ہیں۔ (سنن کبریٰ، ج ۲، ص ۵۰۴، مسند امام احمد، ج ۵، ص ۴۵۱)

اس حدیث میں چار چیزوں کو جنت میں دخول کا سبب قرار دیا گیا ہے۔

### (۱) سلام:

ایک حدیث میں ہے کہ ایک آدمی نے آ کر یوں سلام کیا اَلسَّلَامُ

Marfat.com

عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ وَمَغْفِرَتُہٗ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لئے چالیس نیکیاں ہیں۔ (ابو داؤد، ج ۲، ص ۳۵۹)

اور ایک حدیث میں یوں آیا ہے کہ:

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک ایمان نہ لاؤ اور تمہارا ایمان کامل نہیں جب تک ایک دوسرے سے محبت نہ کرو میں تمہیں ایسا عمل بتاؤں جس سے محبت ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ آپس میں سلام کو عام کرو۔ (ابو داؤد، ج ۲، ص ۳۵۹)

ایک جگہ فرمایا مَامِنْ مُسْلِمِیْنَ یَلْتَقِیَانِ فَیَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَھُمَا قَبْلَ اَنْ یَّفْتَرِقَا جب دو مسلمان آپس میں مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ان کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ (ابو داؤد، ج ۱، ص ۳۶۱)

## (ب) رشتہ دار سے حسن سلوک:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یُّبْسَطَ عَلَیْہِ فِیْ رِزْقِہٖ وَیُنْسَأُ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ ○

جس کو یہ بات اچھی لگتی ہے کہ اس کے رزق میں وسعت ہو عمر لمبی ہو وہ رشتہ دار کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے۔ (ابو داؤد، ج ۱، ص ۲۴۵)

## (ج) کھانا کھلانا:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَیُّمَا مُسْلِمٍ اَطْعَمَ مُسْلِمًا عَلٰی جُوْعٍ اَطْعَمَہُ اللّٰہُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّۃِ ○

(ابو داؤد، ج ۱، ص ۲۴۳)

ایک اور حدیث میں آیا جو اپنے بھائی کو پیٹ بھر کے روٹی کھلا دے اور

Marfat.com

پانی سے سیراب کر دے خدا تعالیٰ اس کو جہنم سے سات خندق دور کر دیتا ہے اور ہر خندق سات سو سال کی راہ کے برابر چوڑی ہو گی۔

(ابن عساکر، ج ۵، ص ۳۱۴)

ایک حدیث میں ارشاد نبوی اس طرح ہے جو کسی پیاسے کو پانی سے سیراب کر دے اس کے لئے جنت کا ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور جو کسی بھوکے کو پیٹ بھر کے کھانا کھلا دے اس کے لئے جنت کے سارے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس دروازے سے چاہے داخل جنت ہو جائے۔

(اسد الغابہ، ج ۵، ص ۱۸۲)

## (د) نماز تہجد:

سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میدان محشر میں آواز آئے گی۔

اَیْنَ الَّذِیْنَ کَانُوْا تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ فَیَقُوْمُوْنَ وَھُمْ قَلِیْلٌ فَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ○ (الترغیب والترہیب، ج ۱، ص ۴۲۵)

ترجمہ: وہ لوگ کہاں ہیں جن کے پہلو بستروں سے الگ رہتے تھے تہجد گزار کھڑے ہو جائیں گے وہ جنت میں بغیر حساب کے داخل ہو جائیں گے۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تورات میں لکھا ہوا ہے جن کے پہلو رات کے وقت بستروں سے الگ رہتے تھے ان کے لئے اللہ نے جنت میں نعمتیں تیار کی ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہیں نہ کسی کان نے سنی ہیں اور نہ کسی بشر کے دل میں ان کا خیال آیا ہے نہ ان کو کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل جانتا ہے۔ (الترغیب، ج ۱، ص ۴۳۶)

حضرت ابو مالک اشعری سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

اِنَّ فِی الْجَنَّةِ غُرَفًا یَّرٰی ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا مِنْ ظَاهِرِهَا اَعَدَّاللّٰهُ تَعَالٰی لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَفْشَی السَّلَامَ وَ صَلّٰی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسِ نِیَامٌ ○

(الترغیب، ج۲، ص۶۳)

ترجمہ: جنت میں ایک چوبارہ ہے جس کا ظاہر باطن سے باطن ظاہر سے دیکھا جاتا ہے اور اللہ نے یہ چوبارہ ان کے لئے تیار کیا ہے جو کھانا کھلاتے ہیں سلام کو عام کرتے ہیں اور نماز تہجد ادا کرتے ہیں۔

ایک مرتبہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تم نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے پہچانا فرمایا یا امیر المومنین مجھے اپنے بیٹے میں تو شک ہو سکتا ہے کہ شاید اس کی ماں نے خیانت کی ہو لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت میں ہرگز شک نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے سر کو چوم لیا۔ (تفسیر عزیزی، ج۱، ص۵۳۷)

## نمبر 4: الحکمۃ۔ علم الاسرار:

حدیث نبوی میں علم الاسرار کا ثبوت موجود ہے چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وِعَائَیْنِ فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَبَثَثْتُهٗ فِیْكُمْ وَاَمَّا الْآخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُهٗ قَطَعَ هٰذَا الْبُلْعُوْمَ ○ (مشکوٰۃ کتاب العلم)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم کے دو برتن یاد کر لئے ان میں سے ایک کو میں نے ظاہر کر دیا اور دوسرا اگر میں ظاہر کر دوں تو میرا یہ گلا کاٹ ڈالا جائے۔

جس علم کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ظاہر کر دیا وہ شریعت کا علم تھا اور جس کو چھپایا وہ علم الاسرار تھا۔

Marfat.com

## فلسفہ ارکان اسلام ۔ وضو کا فلسفہ:

وضو کے چار فرض ہیں۔ چہرہ دھونا کہنیوں تک ہاتھ دھونا چوتھائی سر کا مسح کرنا اور پاؤں دھونا۔

ان چار کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ جنت میں حضرت آدم علیہ السلام شجر ممنوعہ کے قریب پاؤں سے چل کر گئے۔ آنکھ سے درخت کا پھل دیکھا اور آنکھ چہرے میں ہوتی ہے سر کو درخت کی شاخوں نے چھوا اور ہاتھ سے پھل توڑا اس لئے وضو میں ان چار اعضاء کی طہارت فرض قرار پائی۔

مسئلہ یہ ہے کہ اس پانی سے وضو کیا جائے جس کا رنگ نہ بدلا ہو مزہ نہ بدلا ہو اور اس میں بدبو پیدا نہ ہوئی ہو۔ وضو کرتے کرتے وقت سب سے پہلے ہاتھ میں پانی لیا جاتا ہے تاکہ دیکھیں کہ اس کا رنگ تو نہیں بدلا۔ پانی منہ میں ڈالتے ہیں تاکہ دیکھیں کہ اس کا مزہ تو نہیں بدلا پھر ناک میں پانی ڈالتے ہیں تاکہ دیکھا جائے کہ اس میں بدبو تو پیدا نہیں ہوئی یہ راز ہے ہاتھ میں پانی لینے، منہ میں کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کا۔

## فلسفہ اذان:

اذان ہجرت کے پہلے سال شروع ہوئی اذان امت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے اذان کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کی تعظیم و تکریم اور شعائر اسلام کا اظہار ہوتا ہے اذان میں خدا کی الوہیت کا اظہار ہوتا ہے خدا کے استحقاق عبادت کا اعتراف ہے توحید کی شہادت اور رسالت کی گواہی کا اعلان ہے اذان کے ذریعے مسلمانوں کو مسجد میں آنے کی دعوت دی جاتی ہے جو مسلمان اپنے گھروں دکانوں اور کارخانوں سے اٹھ کر مساجد کی طرف آتے ہیں وہ خدا کے فرمانبردار

Marfat.com

بندے ہیں اور جو مساجد کی طرف اذان سن کر نہ آئیں وہ خدا کی اطاعت سے غافل ہیں تو اذان گویا اطاعت شعاروں اور نافرمانوں کے امتیاز کا ذریعہ ہے۔

## زکوٰۃ کا فلسفہ:

### نمبر 1:

مال کی کثرت اور زیادتی سے انسان میں غرور و تکبر سرکشی اور فسق و فجور پیدا ہو جاتا ہے زکوٰۃ کی فرضیت اس کے فسق و فجور کو کم کر دیتی ہے اور انسان کو خدا کی رضا جوئی کے حصول کی طرف متوجہ کرتی ہے۔

### نمبر 2:

زکوٰۃ کی ادائیگی کے ذریعے مسلمان دوسرے مسلمانوں پر شفقت کرتا ان کی ضروریات پوری کر کے ان کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے اور حقوق العباد کا خیال رکھتا ہے۔

### نمبر 3:

فقراء اور مساکین زکوٰۃ وصول کر کے زکوٰۃ دینے والے کے حق میں دعائے خیر کرتے ہیں اور اس کی جان و مال کی بقا چاہتے ہیں۔

### نمبر 4:

ادائیگی زکوٰۃ کے ذریعے امیروں اور غریبوں کے درمیان رشتہ اخوت قائم رہتا ہے اور طبقاتی منافرت پیدا نہیں ہوتی۔

### نمبر 5:

مال سے دنیاوی لذتوں اور آسائشوں کا حصول ہوتا ہے اس لئے انسان

Marfat.com

فطری طور پر مال کی طرف مائل ہوتا ہے مال کو جمع کرنے پر حریص ہوتا ہے اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ فرض کی تا کہ بندہ خدا کی راہ میں مال خرچ کر کے اس حرص کو ختم کرنے کی کوشش کرے۔

## روزہ کا فلسفہ:

ہر چیز اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہے اسی طرح کھانے پینے کی ممانعت کی قدر بھی روزہ رکھنے سے ہوتی ہے۔ شکم سیر ہو کر کھانا کھانے والے امیروں کو پتہ چلتا ہے کہ فاقہ میں کیسی اذیت اور بھوک اور پیاس کی تکلیف ہوتی ہے حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام قحط کے دنوں میں زیادہ کھانا ہونے کے باوجود اس لئے شکم سیر ہو کر نہ کھاتے تھے کہ کہیں بھوکوں کا حال بھول نہ جائیں اور ان کے ساتھ مشابہت قائم رہے اس لئے روزوں کی فرضیت سے ہر مسلمان شخص کو اپنے فاقہ والے مسلمان بھائیوں کی بھوک اور پیاس کا اندازہ ہو گا اس سبب سے اس کا دل اس کی امداد کے لئے آمادہ ہو گا۔ نیز غریب سارا سال بھوک سے دوچار رہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ مشابہت رکھنے کو رمضان کا روزہ فرض فرما دیا۔

## نماز کا فلسفہ:

دنیا کی زندگی ختم ہونے کے بعد پانچ مصائب کا سامنا ہوتا ہے اول موت کی سختی، دوسری عذاب قبر، تیسری میدان حشر کی گھبراہٹ، چوتھی مصیبت پل صراط کو پار کرنا اور پانچویں جنت کا دروازہ بند ہونا۔ خدا تعالیٰ نے ان مصائب کے رفع کرنے کو پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں حدیث میں آیا ہے۔

مَنْ حَفِظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ أَكْرَمَ اللّٰهُ بِخَمْسِ خِصَالٍ يَرْفَعُ عَنْهُ ضِيْقَ الْمَوْتِ وَعَذَابَ الْقَبْرِ يُعْطِي اللّٰهُ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ وَيَمُرُّ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ

Marfat.com

الْخَاطِفِ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

جس نے پانچوں نمازوں کی حفاظت کی خدا کی طرف سے اس کے پانچ انعام ہیں۔ اس سے موت کی سختی اٹھا دی جاتی ہے۔ عذاب قبر معاف ہو جاتا ہے۔ اعمال کا نامہ دائیں ہاتھ میں آتا ہے۔ اچک لے جانے والی بجلی کی طرح پل صراط کو پار کرے گا اور جنت میں بغیر حساب کے داخل ہو گا۔

## حج کا فلسفہ:

اسلامی عبادات کے فوائد میں مساوات ایک اہم سنگ بنیاد ہے ہر چند کہ نماز سے بھی مساوات حاصل ہوتی ہے لیکن پوری وسعت اور ہمہ گیری کے ساتھ مساوات کا اظہار صرف حج میں ہوتا ہے۔ جب امیر و غریب عالم اور جاہل. حکام اور عوام بادشاہ اور رعایا ایک لباس ایک صورت ایک حالت اور ایک میدان میں کھلے آسمان کے نیچے رب ذوالجلال کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں۔ تمام ملکوں کے باشندے بلا امتیاز رنگ و نسل جمع ہو کر اپنے رب کی یاد میں محو ہو جاتے ہیں۔

حج کے مصارف کے لئے مال حلال کی ضرورت ہوتی ہے مال حرام اس میں خرچ کرنا جائز نہیں اس میں لامحالہ انسان کو حلال اور حرام کا فرق کرنا پڑتا ہے اس سے انسان کی روحانی اور اخلاقی حالت سدھر جاتی ہے فریضہ حج انسان کی اخروی مساوات اور مغفرت کا ذریعہ ہے اخلاقی، معاشرتی، سیاسی، سماجی زندگی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

## نمبر 5۔ الحکمۃ۔ العلم اللدنی:

جو علم براہ راست قلب پر القاء ہو اسے علم لدنی کہتے ہیں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا اور ہم نے اسے یعنی حضرت خضر علیہ السلام کو علم

Marfat.com

لدنی عطا فرمایا۔ امام غزالی فرماتے ہیں علم لدنی وہ ہے کہ جس کے حصول میں نفس اور حق تعالیٰ کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو۔

حجۃ الاسلام امام غزالی فرماتے ہیں حوض میں پانی لانے کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ نہر وغیرہ سے پانی لایا جائے دوم یہ کہ اس حوض کو کھود کر اور اس کو آلات سے صاف کر کے اس میں کوئی چشمہ جاری کر دیا جائے اور یہ پانی نہر کے پانی سے صاف لذیذ اور شیریں ہو گا اسی طرح قلب بھی بمنزلہ حوض کے ہے کبھی اس میں علم حواس خمسہ کی نہر سے لایا جاتا ہے اور کبھی بذریعہ خلوت وعزلت مجاہدہ اور ریاضت قلب کو کھود کر صاف کر دیا جاتا ہے اس وقت خود قلب کے اندر سے علم کے چشمے جاری ہو جاتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا اَظْهَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَنَابِيْعَ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهٖ عَلٰى لِسَانِهٖ ○

ترجمہ: جو چالیس روز اخلاص کے ساتھ عبادت کرے اللہ تعالیٰ علم لدنی کے چشمے اس کے قلب سے اس کی زبان پر جاری کر دیتا ہے۔

(رسالہ علم لدنی، ص ۳۷)

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے کے لئے گئے تو آپ نے تین کام ایسے کئے جن پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کئے پہلا کام یہ تھا جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے تو حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی کا ایک تختہ توڑ دیا، دوسرا کام یہ کہ آپ نے ایک لڑکے کو قتل کر دیا، تیسرا کام یہ کہ ایک خستہ سی دیوار کو اپنی کرامت سے سیدھا کر دیا جو گرنے کے قریب تھی۔ حضرت خضر علیہ السلام نے ان تینوں کاموں کی حکمتیں بیان فرما کر اپنا علم لدنی ظاہر کر دیا خدا فرماتا ہے:

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِى الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا

Marfat.com

وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَلِكٌ يَّأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْباً ○

ترجمہ: کشتی چند مسکینوں کی تھی جو دریا میں کام کرتے رہتے تھے میں نے اسے عیب دار کرنے کا ارادہ کیا کیونکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر کشتی کو جبراً ضبط کر لیتا تھا۔

دوسرے کام کی حکمت حضرت خضر علیہ السلام نے یہ بیان فرمائی کہ:

وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَا اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَاناً وَّ كُفْرًا فَاَرَادَ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْراً مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ○

اور اس لڑکے کے ماں باپ مومن تھے ہمیں خوف ہوا کہ کہیں انہیں اپنی سرکشی اور کفر سے عاجز و پریشان نہ کر دے اس لئے ہم نے چاہا کہ انہیں ان کا پروردگار اس کے بدلے میں اس سے بہتر پاکیزگی والا اور اس سے زیادہ محبت و پیار والا بچہ عنایت فرما دے۔

اور تیسرے کام کی حکمت آپ نے یہ بیان فرمائی کہ:

وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَا اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا

اور دیوار کا قصہ یہ ہے کہ اس شہر میں دو یتیم بچے ہیں جن کا خزانہ ان کی دیوار کے نیچے دفن ہے ان کے باپ بڑے نیک شخص تھے تیرے رب نے چاہا کہ یہ دونوں اپنی جوانی کی عمر میں آ کر اپنا یہ خزانہ نکال لیں۔

ان تین کاموں میں مندرجہ ذیل باتیں وہ تھیں جن کا تعلق علم لدنی سے تھا۔

(۱) حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ دریا کے اس پار ایک ظالم بادشاہ ہے جو ہر سالم کشتی کو تو چھین لیتا ہے اور عیب دار کشتی کو چھوڑ دیتا ہے اس لئے میں نے

Marfat.com

کشتی کو عیب دار کر دیا تا کہ ان مسکینوں کا ذریعہ چھن نہ جائے۔

(ب) حضرت خضر علیہ السلام جانتے تھے کہ یہ لڑکا جب بڑا ہو گا تو اپنی سرکشی اور کفر سے اپنے والدین کو پریشان کرے گا اپنے ماں باپ کو ذہنی اذیت میں مبتلا کرے گا یہ آپ یہ بھی جانتے تھے کہ اگر قتل شدہ لڑکے کے عوض خدا تعالیٰ ان کو ایسی پاکیزہ اور پیار و محبت والی اولاد عطا فرمائے گا جو اپنے والدین کے لئے ذہنی سکون کا موجب ہو گی اور وہ اولاد کفر و طغیان سے احتراز کرے گی اور خدا کے صراط مستقیم پر چل کر اپنے خدا کو راضی کرے گی۔

(ج) حضرت خضر علیہ السلام کو علم تھا کہ اس دیوار کے نیچے خزانہ ہے جس کے مالک دو یتیم ہیں ان کا والد نیک انسان تھا وہ بڑے ہو کر اپنا خزانہ نکال لیں گے۔

مقام غور ہے کہ جب حضرت خضر علیہ السلام کے علم لدنی کا یہ کمال ہے تو اس نبی مکرم کے علم لدنی کا کیا کمال ہو گا جو حضرت خضر علیہ السلام کے بھی نبی ہیں۔

نور مجسم نیّر اعظم سرور عالم مونس آدم
نوح کے ہمدم خضر کے رہبر صلی اللہ علیہ وسلم
کفر کی ظلمت جس نے مٹائی دین کی دولت جس نے لٹائی
لہرایا توحید کا پرچم صلی اللہ علیہ وسلم
وہم کی ہر زنجیر کو توڑا ایک خدا سے رشتہ جوڑا
شرک کی محفل کر دی برہم صلی اللہ علیہ وسلم

## امام الانبیاء کا علم لدنی:

سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ قَدْ رَفَعَ لِیَ الدُّنْیَا فَاَنَا اَنْظُرُ اِلَیْھَا وَاِلٰی مَا ھُوَ کَائِنٌ فِیْھَا اِلَی

Marfat.com

يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلٰى كَفِّىْ هٰذِهٖ ○ (مجمع الزوائد، ج ۸، ص ۲۸۷)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے ساری دنیا کو پیش کر دیا پس میں دنیا کو اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے اس طرح دیکھ رہا ہوں جیسے اپنے ہاتھ کو دیکھ رہا ہوں۔

ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا:

رَاَيْتُ رَبِّىْ عَزَّوَجَلَّ فِىْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَوَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ كَتِفَىَّ فَوَجَدْتُّ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيِىْ فَعَلِمْتُ مَافِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ○ (مشکوٰۃ)

ترجمہ: میں نے اپنے رب کو اچھی صورت میں دیکھا اس نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے دل میں پائی میں نے زمین و آسمان کی تمام چیزوں کو جان لیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ معراج کی رات عرش سے ایک قطرہ ٹپکا میں نے اسے منہ میں لے لیا وہ بہت ہی میٹھا تھا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ:

فَاَنْبَانِىَ اللّٰهُ بِهَا نَبَا الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَنَوَّرَ قَلْبِىْ ○

(زرقانی، ج ۶، ص ۹۵)

مجھے خدا تعالیٰ نے اولین و آخرین کا علم عطا کر دیا۔

ایک جگہ فرمایا عَلَّمَنِىْ عُلُوْمًا شَتّٰى فَعِلْمٌ اَخَذَ اِلٰى كِتْمَانِهٖ وَعِلْمٌ خَيَّرَنِىْ فِيْهِ وَعِلْمٌ اَمَرَ بِتَبْلِيْغِهٖ اَىِ الْعَامِ وَالْخَاصِ مِنْ اُمَّتِىْ ○

(زرقانی، ج ۶، ص ۹۳)

خدا تعالیٰ نے مجھے مختلف علوم سکھائے ایک علم وہ جس کو چھپانے کا حکم دیا اور دوسرا وہ علم جس میں مجھے اختیار دیا گیا کہ چاہوں تو کسی کو بتا دوں اور اگر چاہوں تو نہ بتاؤں اور تیسرا وہ علم جس کے بارے میں مجھے حکم دیا گیا کہ اپنے ہر

Marfat.com

امتی کو بتا دو۔

چنانچہ جس میں آپ کو اختیار دیا گیا وہ علم آپ نے اپنے بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو عطا فرمایا مثلاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں جب تک زندہ ہوں مجھ سے وہ علم سیکھ جس کو نہ جبرائیل علیہ السلام جانتے ہیں نہ میکائیل علیہ السلام اور وہ علم مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو منجنیق میں بٹھا کر آگ میں ڈالا جانے لگا تو اس وقت میرا نور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پشت میں موجود تھا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس وقت کہا هَلْ لَّكَ مِنْ حَاجَةٍ يَا خَلِيْلَ الرَّحْمٰنِ ○ اے خلیل اللہ علیہ السلام! کوئی حاجت ہو تو بتاؤ فرمایا تم سے کوئی حاجت نہیں۔ تیسری مرتبہ کہا کوئی خدا سے حاجت ہے۔ آپ نے فرمایا کہ دوست کا کام یہ ہے کہ وہ دوست کی مرضی کو مقدم سمجھے اس وقت خدا نے میرے نور کو بولنے کی طاقت دی اور میں نے کہا حضرت جبرائیل علیہ السلام اگر خدا نے مجھے نبوت سے سرفراز فرمایا تو میں اس فعل کی خبر دے دوں گا۔ چنانچہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کرایا گیا تو آپ نے سدرۃ المنتہیٰ پر حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا يَا جِبْرِيْلَ هَلْ لَّكَ مِنْ حَاجَةٍ اِلٰى رَبِّكَ اے جبرائیل علیہ السلام رب کی بارگاہ میں کوئی حاجت ہو تو بتاؤ یہ کہہ کر آپ نے اپنے دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بدلہ اتار دیا۔

(زرقانی، ج ۶، ص ۹۳)

❁❁❁

Marfat.com

# صحابہ کرام رضی اللہ عنہ اور اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا علم لدنی

## حارث بن مالک کا علم لدنی:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے۔ حارث بن مالک رضی اللہ عنہ سوئے ہوتے تھے۔ آپ نے پاؤں کی ٹھوکر سے اسے جگایا۔ حارث نے سر اٹھا کر عرض کی میرے ماں باپ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ پر قربان ہو جائیں۔ آپ نے فرمایا اے حارث تم نے صبح کیسے کی عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مومن ہونے کی حیثیت سے۔ آپ نے فرمایا تیرے اس کہنے کی حقیقت کیا ہے۔ عرض کی میں نے دنیا سے منہ موڑ لیا دن کو پیاسا رہا رات کو بیداری کی۔

وَكَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی عَرْشِ رَبِّیْ بَارِزٍ فَكَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْهَا يَتَزَاوَرُوْنَ وَاَنْظُرُ اِلٰی اَهْلِ النَّارِ يَتَعَاوَوْنَ فَقَالَ النَّبِیُّ اَنْتَ رَجُلٌ نَوَّرَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ عَرَفْتَ فَالْزَمْ۔ (کنز العمال، ج ۱۳، ص ۳۵۲)

میں اپنے رب کے عرش کو دیکھتا ہوں اہل جنت کو دیکھتا ہوں وہ باہمی زیارت کرتے ہیں دوزخیوں کو چیختے ہوئے دیکھتا ہوں۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو وہ آدمی ہے اللہ نے تیرا دل منور کر دیا ہے تو نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔ اب اس منصب کی حفاظت کر۔

بال چراغ عشقدا میرا روشن کر دے سینہ
دل دے دیوے دی روشنائی جاوے وچہ زیناں

Marfat.com

پاک ہوویں تے پاک ملے بن پاکیوں پاک نہ ملدا
سارے جسم دے دھوون کولوں اکو دھولے ٹکڑا دل دا

## ایک ولی کا علم لدنی:

حضرت ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ امام الحرمین امام ابو المعالی ابن امام ابو محمد صبح کی نماز کے بعد مسجد میں درس دینے کے لئے بیٹھے ان کے قریب سے ایک صوفی صاحب اپنے مریدوں کے ساتھ گزرے امام ابو المعالی نے ان کی طرف دیکھ کر کہا ان لوگوں کو سوائے کھانے پینے اور رقص کے کوئی دوسرا کام نہیں۔ جب شیخ دعوت کھا کر واپس ہوئے تو اس امام ابو المعالی کے پاس گئے اور کہا امام صاحب اس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے جس نے صبح کی نماز اس حال میں پڑھی ہو کہ وہ جنبی تھا اور اسی حالت میں مسجد میں بیٹھ کر درس بھی دے اور لوگوں کی غیبت بھی کرے اب امام ابو المعالی کو خیال آیا کہ مجھ پر غسل واجب تھا میں نے غسل نہ کیا تھا پھر امام ابو المعالی کا اس صوفی صاحب کے بارے میں خیال درست ہو گیا۔ (مرقاۃ، ج ۳، ص ۱۹)

## حضرت علی الخواص کا علم لدنی:

حضرت علی الخواص مسجد کے طہارت خانوں میں وضو نہ فرماتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ پانی ہم جیسے لوگوں کے جسموں کو پاک نہیں کرتا کیونکہ یہ ان گناہوں سے آلودہ ہے جو اس میں مل گئے ہیں اور وہ گناہوں کے دھوون میں یہ فرق بھی کر لیتے تھے کہ یہ حرام کا ہے یا مکروہ کا۔

امام عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت علی الخواص کے ساتھ تھا آپ مدرسہ الازہر کے وضو خانے میں داخل ہوئے انہوں نے حوض

Marfat.com

سے استنجا کرنے کا ارادہ کیا تو اس کو دیکھ کر لوٹ آئے میں نے دریافت کیا کہ کیا ہو گیا انہوں نے جواب دیا کہ میں نے اس میں گناہ کبیرہ کا دھوون دیکھا ہے جس نے اس کو متغیر کر دیا ہے اور میں نے اس شخص کو بھی دیکھا تھا جو آپ سے پہلے وضو خانہ میں داخل ہوا تھا پھر میں اس کے پیچھے گیا اور اس کو حضرت مسیح کے ارشاد سے آگاہ کیا اس نے تصدیق کی اور کہا مجھ سے زنا سرزد ہو گیا تھا پھر آ کر حضرت کے ہاتھ پر تائب ہوا۔ (فتاوی رضویہ، ج ۲، ص ۶۵)

## امام اعظم کا علم لدنی:

ایک مرتبہ آپ جامع کوفہ کے طہارت خانے میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ایک جوان وضو کر رہا ہے اور پانی کے قطرات اس سے ٹپک رہے ہیں آپ نے فرمایا اے میرے بیٹے! والدین کی نافرمانی سے توبہ کر اس نے فوراً کہا میں نے توبہ کی ایک دوسرے شخص کے پانی کے قطرات دیکھے تو فرمایا اے میرے بھائی زنا سے توبہ کرو اس نے کہا میں نے توبہ کی ایک اور شخص کے وضو کا پانی گرتا ہوا دیکھا تو فرمایا شراب نوشی اور فحش گانے بجانے سے توبہ کرو اس نے کہا میں نے توبہ کی۔ (الیواقیت، ج ۲، ص ۶۳، فتاوی رضویہ، ج ۲، ص ۶۵)

## نمبر 6: الحکمۃ ۔ فہم القرآن:

بعض اوقات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین فہم قرآن کے بارے میں الجھنوں کا شکار ہو جایا کرتے تھے۔ پھر رسول پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرتے تو آپ ان الجھنوں کا حل بیان فرما دیتے جس سے ان کو تسلی ہو جاتی چند امثلہ ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

## مثال نمبر 1:

بخاری شریف میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی۔

وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○

ترجمہ: وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان میں کوئی ظلم شامل نہیں کیا یہی لوگ ہیں جن کو امن ملے گا اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

یہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین گھبرا گئے اور عرض کرنے لگے ہم میں سے ایسا کون ہے جس نے اپنے نفس پر کوئی نہ کوئی ظلم نہ کیا ہو۔ پس آیت کے بموجب ہم بھی امن میں نہ رہیں گے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا یہاں ظلم سے مراد عام ظلم نہیں بلکہ شرک مراد ہے جب کہ سورہ لقمان میں ارشاد ہے۔ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ○

ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے ساتھ جنگل کی سیر کو تشریف لے گئے ایک ناقہ سوار ملا اس سے پوچھا تو کہاں سے آیا ہے اس نے کہا میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بیعت اسلام کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) ہوں اللہ کا رسول۔ اس نے کہا مجھے اسلام کی تعلیم دیجئے آپ نے اسے کلمہء شہادت پڑھا کر نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی تعلیم دی۔ پھر وہ واپس ہوا اچانک اس کی اونٹنی کا پاؤں چوہوں کے بل میں گھس گیا۔ پاؤں لڑکھڑا گیا اور وہ اونٹنی سے نیچے گر پڑا۔ اس کی گردن ٹوٹ گئی۔ رسول پاک ﷺ نے دیکھا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے فرمایا اس کو میرے قریب لاؤ ہم لائے تو وہ فوت ہو

Marfat.com

چکا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے اسے دیکھا تو اس کی طرف سے رخ موڑ لیا اور فرمایا اسے پانی کے قریب لے چلو۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین فرماتے ہیں کہ ہم نے غسل دیا۔ کفن دیا حنوط لگایا پھر اس کو سپرد خاک کر دیا پھر فرمایا اس شخص کے بارے میں میں تم سے ایک حدیث نہ بیان کروں اس نے عمل تھوڑا کیا لیکن اجر و ثواب کثیر پایا۔ خدا تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا ہے:

اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ ـــــ الخ

میں نے اس سے اس لئے پہلوتہی کی کہ دو فرشتے اس کے منہ میں جنتی پھل دے رہے تھے۔ (طبرانی کبیر، ج ۲، ص ۳۱۹)

## مثال نمبر 2:

جب یہ آیہء کریمہ نازل ہوئی۔

وَالَّذِیْنَ یَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ○

ترجمہ: جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو یہ سن کر فکر لاحق ہوئی کیونکہ ان میں بعض اہل ثروت بھی تھے انہوں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں عرض کی۔ آپ نے فرمایا یہ وعید ان لوگوں کے لئے ہے جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتے کیونکہ شرعی طور پر کنز اس مال کو کہتے ہیں جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے۔

(ابن کثیر، ج ۲، ص ۳۵۱)

Marfat.com

## مثال نمبر 3:

ایک مرتبہ آپ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن جس کا حساب لیا گیا سمجھ لو کہ وہ ہلاک ہو گیا اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی خدا تو فرماتا ہے:

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ کِتَابَہٗ بِیَمِیْنِہٖ فَسَوْفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا۔

ترجمہ: جن کو دائیں ہاتھ میں نامہء اعمال دیا گیا اس کا حساب آسان ہو گا۔

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ حساب کے باوجود ہلاک نہ ہوں گے۔ آپ نے فرمایا آسان حساب سے مراد یہ ہے کہ نامہء اعمال ان کے سامنے رکھ کر ان کو صرف جتلا دیا جائے گا مگر اس پر باز پرس نہ ہو گی ہلاک وہ ہو گا جس سے مناقشہ کیا گیا۔ (بخاری، ج ۱، ص ۳۷)

- حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے سورہ بقرہ شریف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بارہ سال لگا کر پڑھی ہے اور ان کے فرزند عبداللہ بن عمر نے آٹھ سال صرف کر کے سیکھی ہے ان سالوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا علوم سکھائے ہوں گے۔

ابن قیم نے مدارج السالکین میں لکھا ہے کہ فہم، اللہ کے بندہ پر ایک عظیم انعام ہے اور وہ ایک نور ہے جس کو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے دل میں ڈال دیتا ہے جس کی وجہ سے اس کو ان امور کا ادراک اور فہم ہونے لگتا ہے جو دوسرے کو نہیں ہوتا مثلاً:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے فہم کو دیکھو کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ اور دیگر صحابہ بدریین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ کی تفسیر دریافت فرمائی تو صرف حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا

Marfat.com

کہ میری سمجھ میں یہ آتا ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے رسول کو وفات کی خبر دی ہے اور یہ بتایا ہے کہ تمہاری وفات کا زمانہ قریب آ گیا ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس معاملے مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ موافقت فرمائی اور یہ معنی دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر مخفی رہے حالانکہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ تمام صحابہ سے کم عمر تھے اور ظاہراً آیت میں کوئی ایسا اشارہ بھی موجود نہیں۔ وفات پر دلالت کرتا ہو یہ تھا فہم القرآن کا ملکہ جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو حاصل تھا۔

(مدارج السالکین، ج ۱، ص ۲۲، الاتقان، ص ۲)

ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے بارے میں سوال کیا آپ نے عجیب طریقہ سے جواب دیا فرمایا کہ آسمانوں کی تعداد سات ہے زمینیں بھی سات ہیں سورہ فاتحہ کی آیات بھی سات ہیں۔ قرآن نے سات قرابت داروں سے نکاح ممنوع قرار دیا ہے میراث کو سات وارثوں پر تقسیم کیا گیا ہے کعبہ کے طواف کے سات چکر ہیں سجدہ کی حالت میں سات ہڈیاں زمین پر لگتی ہیں صفا اور مروہ کے درمیان سات چکر لگائے جاتے ہیں شیطان کو سات سات کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ لہذا میرا خیال ہے کہ لیلۃ القدر رمضان کی آخری راتوں ہی میں ہے۔ اس پر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے آپ کی تعریف کی۔ (الاتقان، ج ۲، ص ۵۹۹)

حضرت ابن عباس سے سوال ہوا کہ اس آیت کا معنی کیا ہے۔ اِنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا آپ نے فرمایا آسمان بستہ تھے ان سے بارش نہیں برستی تھی اور زمین بستہ تھی اس سے سبزہ پیدا نہ ہوتا تھا خدا تعالیٰ نے آسمانوں کو بارش کے ساتھ اور زمین کو روئیدگی کے ساتھ کشادہ فرما دیا۔

(الاتقان، ج ۲، ص ۵۹۷)

Marfat.com

حضرت فاروق اعظم ایک سفر میں کچھ لوگوں کی جماعت سے ملے جس میں عبداللہ بن مسعود تھے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے کہا کہ ان سے پوچھو کہ وہ کہاں سے آرہے ہیں قافلہ کے لوگوں نے جواب دیا:

اَقْبَلْنَا مِنَ الْفَتْحِ الْعَمِیْقِ نُرِیْدُ الْبَیْتَ الْعَتِیْقِ○

ترجمہ: ہم لوگ دور دراز منزل سے آرہے ہیں اور بیت اللہ شریف کو جاتے ہیں۔

اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بے شک ان میں ضرور کوئی عالم ہے پھر آپ نے فرمایا ان سے دریافت کرو قرآن کا کونسا حصہ عظیم تر ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے جواب دیا:

اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ○

پھر آپ سے پوچھا گیا کہ قرآن کا کونسا حصہ جامع تر ہے آپ نے جواب دیا

فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ○

پھر آپ سے دریافت کیا گیا قرآن کا کونسا حصہ زیادہ رنجیدہ کرنے والا ہے فرمایا:

مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءً یُّجْزَبِہٖ○

پھر آپ سے سوال ہوا کہ قرآن کا کونسا حصہ زیادہ امید دلانے والا ہے فرمایا:

قُلْ یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ○

یہ جوابات سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا اس جماعت میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی ہیں انہوں نے کہا ہاں موجود ہیں۔

(الاتقان، ج ۲، ص ۴۹۵)

Marfat.com

ابوبکر بن مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے کہا کہ دنیا کی کوئی چیز ایسی نہیں جو کتاب اللہ میں نہ ہو لوگوں نے کہا قرآن میں سرائے کا ذکر کہاں ہے فرمایا:

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ○

امام جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے کہ ایک عالم دین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر قرآن سے نکالی ہے سورہ منافقون قرآن کی ۶۳ ویں سورت ہے جس کی آخرت آیت میں موت کی خبر ہے خدا فرماتا ہے:

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا

پس پتہ چل گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف تریسٹھ سال ہے۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں چاہوں تو سورہ فاتحہ کی تفسیر میں اتنی کتابیں لکھ دوں کہ ستر اونٹوں کا بوجھ بن جائے۔

(الاتقان، ج ۲، ص ۵۹۱)

ایک یہودی کے چہرے پر داڑھی کے چند بال تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب گردن جھکاتے تو آپ کی داڑھی آپ کے سینے کو ڈھانپ لیتی تھی اس یہودی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے سوال کیا اے علی (کرم اللہ وجہہ)! تم لوگوں کا دعویٰ ہے کہ قرآن میں ہر چیز کا علم ہے بتاؤ تمہاری اور میری داڑھی کا ذکر قرآن میں کہاں ہے۔ آپ نے فرمایا ارشاد خداوندی ہے:

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ○

ترجمہ: پاکیزہ زمین خوب سبزہ نکالتی اور ناکارہ زمین تھوڑا سبزہ نکالتی ہے۔

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا در یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا

Marfat.com

## نمبر 7: الحکمۃ ۔ الفقہ:

فقہ کے بارے میں چند احادیث پیش کی جاتی ہیں۔

### حدیث نمبر 1:

اَلْمُجْتَهِدُ بِغَيْرِ فِقْهٍ كَالْحِمَارِ فِي الطَّاحُونِ ○ (ابن ماجہ، ص ۲۰)

بغیر فقہ کے عبادت کرنے والا ایسا ہے جیسے چکی میں (جوتا ہوا) گدھا۔

### حدیث نمبر 2:

فَقِيْهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ عَنْ اَلْفِ عَابِدٍ ○ (کنز العلوم)

ایک فقیہ شیطان پر ایک ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہے۔

### حدیث نمبر 3:

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ ○ (کنز العلوم)

اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اسے دین میں فقاہت عطا فرما دیتا ہے۔

### حدیث نمبر 4:

مَنْ تَفَقَّهَ فِي دِيْنِ اللّٰهِ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ○

(مناقب للموفق، ص ۲۹)

جو اللہ کے دین میں تفقہ اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا غم دور کر دیتا ہے اور اسے وہاں سے رزق دیتا ہے جو جگہ اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتی۔

## حضرت کعب بن اسود کی فقاہت:

ایک مرتبہ کعب بن اسود حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر

Marfat.com

تھے ایک عورت آئی اور کہنے لگی میں نے اپنے شوہر سے افضل کسی کو نہ پایا وہ شب بھر قیام کرتا ہے اور دن کو روزہ رکھتا ہے وہ سخت سے سخت گرمی کے دن بھی روزہ افطار نہیں کرتا۔ آپ نے اس عورت کے لئے دعائے مغفرت مانگی اور اس کی تعریف کی کہ تو نے اپنے شوہر کی تعریف کی ہے بعد ازاں یہ عورت شرم و حیا سے اٹھ بیٹھی اور اپنا مطلب صاف لفظوں میں بیان نہیں کیا کعب بن اسود نے عرض کی یا امیر المومنین آپ نے اس عورت کے شوہر کے معاملہ میں اس کی مدد نہ فرمائی کیونکہ وہ اس غرض سے آئی تھی۔ آپ نے فرمایا کیا واقعی وہ اس لئے آئی تھی کہا ہاں یہی بات ہے فرمایا اچھا اسے بلاؤ۔ پھر آپ نے اسے بلا کر فرمایا حق بات سے شرمانا نہیں چاہئے اس کا خیال ہے کہ تم اپنے شوہر کی شکایت لے کر آئی ہو کہ وہ تمہارے پاس نہیں سوتا۔ عورت نے کہا ہاں یہی بات ہے چونکہ میں جوان عورت ہوں اس لئے وہی چاہتی ہوں جو عورتوں کو چاہنا چاہئے۔ آپ نے اس کے شوہر کو بلایا اور کعب بن اسود سے فرمایا ان کے درمیان فیصلہ کرو عرض کیا میں کون ہوں جو ان کے درمیان فیصلہ کروں آپ نے فرمایا میں تمہیں اجازت دیتا ہوں کہ تم ان کا فیصلہ کرو کیونکہ تم نے انکا مقصود سمجھ لیا ہے اور میں نہیں سمجھ سکا کعب بن اسود نے کہا میرا فیصلہ یہ ہے کہ ایک دن اور رات اس عورت کا اور تین دن اس کے شوہر کے لئے ان تین دنوں میں یہ قیام و صیام کیا کرے کیونکہ اگر اس کی چار بیویاں ہوتیں تب بھی اس کے پاس زیادہ سے زیادہ ایک دن جا سکتا تھا لہذا اس کی زوجہ کا حق ایک دن اور ایک رات ہے اور تین دن اور تین راتیں اس کا حق ہے۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمہاری یہ رائے پہلی رائے سے زیادہ عجیب تر ہے۔ معلوم ہوتا ہے تم میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت موجود ہے لہذا

Marfat.com

میں نے تجھے بصرہ کا حاکم مقرر کر دیا۔
(طبقات ابن سعد، ج ۷، ص ۹۲، الاستیعاب، ج ۳، ص ۳۰۳) (ازالۃ الخفا، ص ۱۲۴)

## امام اعظم کی فقاہت:

(۱) آپ کے مخالفین میں سے ایک آدمی نے آپ سے پوچھا آپ اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو جنت کا امیدوار ہو، نہ دوزخ سے ڈرتا ہو، نہ پروردگار سے ڈرتا ہے، مردار کھاتا ہے، بے رکوع وسجود نماز پڑھتا ہے، بن دیکھی بات پر گواہی دیتا ہے اور سچی بات کو ناپسند کرتا ہے، فتنہ کو دوست رکھتا ہے، رحمت سے بھاگتا ہے۔ یہود و نصاریٰ کی تصدیق کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا کیا تجھے اس شخص کا علم ہے اس نے کہا نہیں مگر میں نے اس سے زیادہ کسی کو برا نہ دیکھا اس لئے آپ سے سوال کیا ہے۔ امام صاحب نے اپنے شاگردوں سے پوچھا کہ ایسے آدمی کے بارے میں کیا کہتے ہو۔ ان لوگوں نے کہا ایسا شخص بہت ہی برا ہے یہ صفت کافر کی ہے آپ نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا ایسا شخص خدا کا سچا دوست ہے اس کے بعد اس سائل سے کہا اگر اس کا جواب بتا دوں تو تم میری بدگوئی سے باز رہو گے اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا وہ شخص رب جنت کی امید رکھتا ہے اور رب نار سے ڈرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے اس بات کا خوف نہیں کرتا کہ وہ اپنی بادشاہت میں اس پر ظلم کرے گا۔ مردہ مچھلی کھاتا ہے جنازہ کی نماز پڑھتا ہے بن دیکھی بات کی گواہی کا مطلب یہ ہے کہ وہ گواہی دیتا ہے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے ہیں وہ موت جو حق ہے اس کو ناپسند کرتا ہے بارش رحمت ہے اس سے بھاگتا ہے۔ مال واولاد فتنہ ہے اس کو دوست رکھتا ہے اور یہود کی اس بات میں تصدیق کرتا ہے: لَيْسَتِ النَّصَارٰى عَلٰى شَيْءٍ

Marfat.com

عیسائیوں کی کچھ حقیقت نہیں اور نصاریٰ کی اس بات میں تصدیق کرتا ہے لَیْسَتِ الْیَھُوْدُ عَلٰی شَیْءٍ یہودیوں کی کچھ حقیقت نہیں اس سائل نے جب یہ پر مغز جواب سنا تو اس نے امام صاحب کا سر چوم لیا۔ (الخیرات الحسان، ص ۱۰۶)

(ب) ایک مرتبہ امام ابو یوسف بیمار ہو گئے تو امام صاحب نے فرمایا اگر یہ لڑکا مر جائے تو روئے زمین پر کوئی اس کا قائم مقام نہ ہو گا جب امام ابو یوسف کو صحت ہوئی تو ان میں خود پسندی آ گئی اور فقہ پڑھانے کے لئے اپنی مجلس الگ قائم کر لی لوگ ان کی طرف متوجہ ہوئے امام اعظم صاحب کو اس بات کی خبر ہوئی تو ایک آدمی سے فرمایا کہ ابو یوسف کی مجلس میں جاؤ اور ان سے پوچھو کہ آپ کیا فرماتے ہیں اس صورت میں کہ ایک شخص نے دھوبی کو میلا کپڑا دیا کہ دو درہم میں دھو دے کچھ دنوں کے بعد اس نے کپڑا مانگا۔ دھوبی نے انکار کیا اس کے بعد اس شخص نے پھر مانگا دھوبی نے دھلا ہوا کپڑا اس کو دے دیا تو کپڑے کی دھلائی اس شخص کے ذمے واجب ہو گی یا نہیں اگر جواب دیں کہ ہاں اس دھوبی کو اجرت ملنی چاہئے تو کہنا آپ نے غلطی کی ہے اور اگر کہیں کہ اجرت نہیں ملنی چاہئے تو کہنا آپ نے غلطی کی ہے۔ پس وہ آدمی امام ابو یوسف کی خدمت میں آیا اور وہی مسئلہ دریافت کیا امام ابو یوسف نے کہا ہاں اس شخص نے کہا کہ آپ سے غلطی ہوئی ہے اس کے بعد کچھ سوچ کر فرمایا نہیں اس شخص نے کہا آپ سے غلطی ہوئی ہے اسی وقت امام ابو یوسف امام اعظم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ امام صاحب نے فرمایا شاید دھوبی والے مسئلے کی وجہ سے آئے ہو آپ نے عرض کی ہاں فرمایا سبحان اللہ ایک آدمی مفتی بن کر بیٹھ جائے دین الٰہی کا ہادی بن جائے اور رتبہ اس کا اتنا ہو کہ ایک مسئلہ اجارہ کا بھی معلوم نہ ہو۔ امام ابو یوسف نے عرض کی مجھے بتایئے فرمایا اگر اس نے غصب سے قبل دھویا تو اجرت واجب ہے اس لئے کہ اس

Marfat.com

نے مالک کے لئے دھویا ہے اور اگر بعد غصب دھویا اجرت کا مستحق نہیں کیونکہ اس نے اپنے لئے دھویا ہے۔ (مناقب للموفق، ج۱، ص۱۰۶)

## غوث اعظم کی فقاہت:

آپ کے صاحبزادے سید عبدالرزاق بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ بلاد عجم سے ایک فتویٰ آپ کے پاس آیا اس سے قبل یہ فتویٰ علمائے عراق پر بھی پیش ہو چکا تھا مگر کسی نے بھی اس کا شافی جواب نہ دیا۔

صورت مسئلہ یہ ہے کہ اکابر علمائے شریعت مندرجہ ذیل مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے طلاق ثلاثہ کے ساتھ اس بات کی قسم کھائی ہے کہ وہ ایک ایسی عبادت کرے گا جس میں وہ یہ عبادت کرتے وقت منفرد ہوگا۔

جب آپ کے پاس یہ فتویٰ آیا تو آپ نے یہ فتویٰ پڑھ کر فوراً لکھ دیا کہ یہ شخص مکہ مکرمہ جا کر مطاف خالی کرالے اور سات دفعہ کعبہ کا طواف کرے اس طرح اس کی قسم اتر جائے گی اس جواب پر وہ فتویٰ پوچھنے والا مکہ کی طرف روانہ ہوگیا۔

(قلائد الجواہر، ص ۶۹)

علامہ قرطبی نے ایک واقعہ لکھا ہے کہ عیسیٰ بن موسیٰ ہاشمی کی اپنی بیوی کے ساتھ شدید محبت تھی ایک دن اس نے اس سے کہا اگر تو چاند سے زیادہ خوبصورت نہ ہو تو تجھے تین طلاقیں اس نے جب اپنے خاوند کی زبان سے یہ الفاظ سنے تو اٹھ کھڑی ہوئی اور عیسیٰ سے پردہ کرلیا اور کہا تو نے مجھے طلاق دے دی ہے اب ہمارا ازدواجی تعلق ختم ہوگیا ہے عیسیٰ نے بڑی مشکل سے رات بسر کی صبح سویرے خلیفہ منصور کے پاس پہنچا اسے اس واقعہ کی اطلاع دی اور بڑی گھبراہٹ ظاہر کی۔ خلیفہ نے فقہاء کو اپنے دربار میں بلایا اور ان سے فتویٰ پوچھا سب نے کہا

Marfat.com

طلاق ہوگئی ہے ایک فقیہ خاموش بیٹھا رہا۔ منصور نے پوچھا تم کیوں نہیں بولتے یہ امام اعظم کا شاگرد تھا اس نے کہا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ○

قسم ہے انجیر اور زیتون کی قسم ہے طور سینا کی اور اس امن والے شہر کی بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اچھی صورت میں۔

اس ارشاد الٰہی کے مطابق انسان سب چیزوں سے زیادہ حسین ہے اور کوئی چیز اس سے زیادہ حسین نہیں منصور نے عیسیٰ سے کہا اس شخص نے بالکل درست کہا ہے تم اپنی بیوی کے ساتھ رہ سکتے ہو اور اس کی بیوی کو پیغام بھیجا کہ تم اپنے خاوند کے ساتھ رہ سکتی ہو طلاق نہیں ہوئی۔ (تفسیر قرطبی، ج ۲۰، ص ۱۱۴)

اس صورت تے عاشق ہونا نہیں تیری دانائی
عاشق ہو اس کاریگر تے جس ایہہ شکل بنائی

## نمبر 8: الحکمۃ۔ دانائی کی باتیں:

خدا تعالیٰ فرماتا ہے: وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ ہم نے لقمان کو دانائی کی باتیں دیں۔

حدیث میں آیا ہے: مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ظَهَرَتْ يَنَابِيْعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهٖ عَلٰى لِسَانِهٖ ○

جس نے چالیس روز اخلاص سے عبادت کی خدا تعالیٰ اس کے دل سے دانائی کی باتوں کے چشمے جاری فرما دیتا ہے جس کا اظہار زبان سے ہونے لگتا ہے۔ (کنز العمال، ج ۳، ص ۲۴)

Marfat.com

## لقمان کی دانائی سے لبریز باتیں:

(۱) آپ نے اپنے بیٹے سے فرمایا دنیا ایک گہرا سمندر ہے جس میں بے شمار آدمی ڈوب گئے تو اس میں خوف الٰہی کو اپنا سفینہ بنا لے اور اس میں ایمان کی دولت بھر لے اور خدا پر توکل کرتا کہ تو نجات پا جائے۔

(۲) مَنْ كَانَ لَهٗ مِنْ نَفْسِهٖ وَاعِظٌ كَانَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ ○

جس کا نفس اس کو نصیحت کرنے والا ہے اس کا اللہ حافظ ہے۔

(۳) يَا بُنَيَّ اِيَّاكَ وَالدَّيْنِ فَاِنَّهٗ ذُلُّ النَّهَارِ هَمُّ اللَّيْلِ ○

اے بیٹے! قرض سے دور رہو یہ دن کی ذلت اور رات کا غم ہے۔

(۴) ضَرْبُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهٖ كَالسَّمَادِ لِلزَّرْعِ ○

باپ کا بیٹے کو تنبیہ کے لئے مارنا ایسا ہے جیسے کھیتی کے لئے کھاد۔

(۵) مَنْ كَذَبَ ذَهَبَ مَاءُ وَجْهِهٖ وَمَنْ سَاءَ خُلُقُهٗ كَثُرَ غَمُّهٗ ○

جس نے جھوٹ بولا اس کے چہرے کی رونق دور ہو گئی اور بد خلق کا غم زیادہ ہو گیا۔

(۶) يَا بُنَيَّ احْضَرِ الْجَنَائِزَ وَلَا تَحْضُرِ الْعُرْسَ فَاِنَّ الْجَنَائِزَ تَذْكِرُ الْاٰخِرَةَ وَالْعُرْسَ يَشْهِيْكَ الدُّنْيَا ○

اے بیٹا جنازوں میں شرکت کرنا شادی میں شرکت نہ کرنا جنازے آخرت کو یاد دلاتے ہیں اور شادی دنیا کی خواہش پیدا کرتی ہے۔

(۷) آپ نے اپنے بیٹے سے فرمایا:

لَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا الْاَتْقِيَاءُ وَشَاوِرْ فِيْ اَمْرِكَ الْعُلَمَاءَ ○

تیرا کھانا پرہیز گار لوگ کھائیں اور تم اپنے کام کے بارے میں علماء سے

Marfat.com

مشورہ کر۔

(۸) يَا بُنَيَّ إِذَا أَرَدْتَّ أَنْ تُوَاخِيَ رَجُلًا فَاغْضِبْهُ قَبْلَ ذَالِكَ فَإِنْ أَنْصَفَكَ وَإِلَّا فَاحْذَرْهُ ○

اے بیٹا! اگر تو کسی سے بھائی چارہ کرنا چاہے تو پہلے اسے غصہ دلا اگر وہ غصے میں تمہارے ساتھ انصاف کرے تو بھائی چارہ قائم کرو ورنہ اس سے بچو۔

(۹) مَنْ أَنْصَفَ النَّاسَ مِنْ نَفْسِهِ زَادَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِذَالِكَ عِزًّا وَالذُّلُّ فِي طَاعَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى أَقْرَبُ مِنَ الْعِزِّ بِالْمَعْصِيَةِ ○

جو اپنے نفس سے لوگوں کے لئے انصاف کرتا ہے اللہ اس کی عزت میں اضافہ فرما دیتا ہے اور خدا کی اطاعت میں ذلت بہتر ہے اس عزت سے کہ خدا کی نافرمانی میں عزت ہو۔

(۱۰) لقمان نے اپنے بیٹے سے فرمایا:

إِنَّ مِثْلَ أَهْلِ الذِّكْرِ وَالْغَفْلَةِ كَمَثَلِ النُّوْرِ وَالظُّلْمَةِ ○

اہل ذکر کی مثال نور کی سی ہے اور غافلوں کی مثال اندھیرے جیسی ہے۔ (تفسیر روح المعانی، ج ۱۱، ص ۸۳، حلیہ، ج ۴، ص ۳۸)

## تلک عشرۃ کاملۃ:

یہ اس لقمان کے اقوال ہیں جن کے بارے میں آیا ہے کہ تین خیر الناس ہیں۔ بلال۔ لقمان اور مصبح جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے غلام تھے۔

(تفسیر قرطبی، ج ۲۱، ص ۴۳)

ایک روایت میں آیا ہے کہ تین حبشی جنتی ہیں حضرت لقمان۔ حضرت بلال اور نجاشی بادشاہ۔ (ابن عساکر، ج ۳، ص ۳۱۳)

Marfat.com

## حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حکمت آمیز باتیں:

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی چند حکمت آمیز باتیں ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) جس کی بات میں نرمی ہوگی اس کے دل میں محبت کا مادہ ضرور ہوگا۔

(۲) جس بندہ نے اپنے نفس کی قدر پہچانی وہ کبھی ہلاک نہ ہوا۔

(۳) جس سے چاہے مانگ لے تو یقین کرے کہ اس کا قیدی ہوگیا اور جس کو چاہو عطا کر دو تو اس کا حاکم اور امیر ہوگیا۔

(۴) جب کسی عابد کو دیکھے کہ وہ اپنی عبادت کی وجہ سے علماء سے بے پرواہ ہے تو اچھی طرح جان لے کہ شیطان نے اسے شکار کر لیا ہے۔

(۵) جو آدمی کسب حلال کی وجہ سے تھک کر سوتا ہے خدا تعالیٰ اس سے راضی ہو جاتا ہے۔

(۶) دس چیزیں مورث نسیان ہیں رنج وغم بکثرت کرنا۔ پچھنے لگانا۔ ٹھہرے پانی میں پیشاب کرنا۔ ترش سیب کھانا۔ ہرا دھنیہ زیادہ کھانا۔ چوہوں کا جھوٹا کھانا۔ قبروں کے کتبے پڑھنا۔ فارسی اونٹوں کے درمیان چلنا۔ زندہ جوئیں آگ میں ڈالنا۔

## نمبر 9: الحکمۃ۔ عدل

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ بے شک اللہ عدل واحسان کا حکم دیتا ہے۔ ایک جگہ فرمایا گیا اِعْدِلُوْا ھُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی عدل کرو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔

## عدل وانصاف کی فضیلت۔ حدیث نمبر 1:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلطان زمین پر اللہ کا سایہ ہے جس کی طرف

Marfat.com

اس کے مظلوم بندے پناہ لیتے ہیں اگر سلطان عدل کرے تو اس کے لئے اجر و ثواب ہے اور رعیت پر لازم ہے کہ شکر ادا کرے اور اگر سلطان ظلم کرے تو اس پر بوجھ ہے اور رعیت پر لازم ہے کہ صبر کرے۔ (کنز العمال، ج۵، ص۶)

## حدیث نمبر 2:

اَلسُّلْطَانُ الْعَادِلُ الْمُتَوَاضِعُ ظِلُّ اللّٰهِ وَرَمْحُهٗ فِی الْاَرْضِ وَ یَرْفَعُ لَهٗ عَمَلَ سَبْعِیْنَ صِدِّیْقًا۔ (کنز العمال، ج۶، ص۶)

ترجمہ: عادل متواضع بادشاہ زمین میں اللہ کا سایہ اور اس کا نیزہ ہے اور اس کے عمل ستر صدیقوں کی طرح اٹھائے جاتے ہیں۔

## حدیث نمبر 3:

ارشادِ نبوی ہے اِنَّ الْمُقْسِطِیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ ○ بے شک عدل کرنے والے قیامت کے روز خدا کے ہاں نور کے منبروں پر ہوں گے۔ (کنز العمال، ج۶، ص۸)

## حدیث نمبر 4:

اَلْاِمَامُ الْعَادِلُ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهٗ ○

عادل حاکم کی دعا رد نہیں کی جاتی۔ (کنز العمال، ج۶، ص۱۰)

## حدیث نمبر 5:

عَدْلُ یَوْمٍ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّیْنَ سَنَةً۔ (کنز العمال، ج۶، ص۱۲)

ایک دن کا عدل ساٹھ سال کی عبادت سے افضل ہے۔

## حدیث نمبر 6:

بنی اسرائیل میں دو بھائی دو شہروں پر بادشاہ تھے ان میں سے ایک

Marfat.com

بادشاہ اپنی رعایا پر نیک اور عادل تھا اور دوسرا رعایا پر ظلم کرتا تھا ان دونوں کے زمانے میں ایک نبی تھا۔ خدا نے اس نبی کی طرف وحی کی کہ نیک بادشاہ کی عمر کے صرف تین سال رہ گئے ہیں اور ظالم بادشاہ کی عمر کے تیس سال باقی رہتے ہیں۔ اللہ کے نبی نے دونوں بادشاہوں کی رعایا کو اس وحی سے آگاہ کر دیا۔ دونوں کی رعایا غمزدہ ہوئی انہوں نے بچوں اور ان کی ماؤں کے درمیان تفریق کر دی کھانا پینا چھوڑ دیا اور جنگل کی طرف نکل گئے اور اللہ سے دعا مانگی کہ عادل بادشاہ کی عمر زیادہ کر دے اور ظالم بادشاہ کی عمر کوتاہ کر دے تین دن تک وہ یہ دعائیں مانگتے رہے پھر خدا نے اس نبی کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو اطلاع کر دو کہ میں نے ان پر رحم کیا اور ان کی دعا قبول کر لی۔ میں نے نیک بادشاہ کی عمر تیس سال کر دی اور ظالم بادشاہ کی عمر تین سال کر دی پھر وہ لوگ اپنے گھروں کو واپس ہوئے تین سال کے بعد وہ ظالم بادشاہ مر گیا اور عادل بادشاہ تیس سال تک زندہ رہا۔

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کو تلاوت فرمایا:

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ○

اور جس بڑی عمر والے کو عمر دی جائے یا جس کی عمر کم رکھی جائے یہ سب ایک کتاب میں ہے۔ (کنز العمال، ج ۶، ص ۱۲)

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عدل:

ایک عورت جس کا تعلق بنو مخزوم سے تھا، نے فتح مکہ کے دوران چوری کی۔ لوگ اس عورت کو لے کر حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے چونکہ یہ ایک بڑے قبیلے کی عورت تھی اس لئے بنو مخزوم کے لوگ جو اس عورت کے رشتہ دار تھے۔ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تاکہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

Marfat.com

جائیں اور اس عورت کی سفارش کریں۔ ان کا خیال تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسامہ رضی اللہ عنہ کی سفارش پر اس عورت کو معاف فرما دیں گے جب سفارش کرنے کے لئے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سخت جلال میں آ گئے اور فرمایا اے اسامہ بنی اسرائیل اس لئے تباہ ہو گئے کہ ان کا بڑا کوئی آدمی جب قابل حد جرم کا ارتکاب کرتا تو وہ اس سے درگزر کرتے لیکن اگر کسی مفلس اور بے سہارا آدمی سے کوئی ایسا جرم ہو جاتا تو اس پر حد جاری کرتے کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ کی قائم کردہ حدود میں سے ایک حد تمہارے لئے توڑ دی جائے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ اختیار میں میری جان ہے اگر فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے چوری کا ارتکاب ہو جائے تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دوں پھر آپ نے اس عورت کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس عورت کا ہاتھ کاٹا گیا۔ (نسائی شریف، ج ۲، ص ۲۵۶)

## عدل صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

یمن کے ایک شخص پر چوری کا الزام تھا تفتیش اور شہادت پر غور کرنے کے بعد متعلقہ ضلع کے جج نے حکم دیا اس کا ایک ہاتھ اور ایک پیر کاٹ دیا جائے ملزم نے یمنی جج کے فیصلے کے خلاف مدینہ میں خلیفۃ المسلمین کے حضور اپیل دائر کر دی۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فریادی کو طلب فرمایا اور اس کا بیان سنا اور فیصلہ محفوظ رکھا جس کا اعلان بعد میں ہونا تھا۔ مقدمہ آپ کے سامنے زیر تجویز تھا اور وہ شخص مدینہ میں مقیم تھا۔ رات کو اس نے ایسی جگہ نماز ادا کی کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھ کر کہا ان کا چوری کی بات سے کیا تعلق بعد میں حضرت صدیق

Marfat.com

اکبر رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے زیورات چوری ہو گئے۔ تحقیقات اور تفتیش ہوئی وہ آدمی بھی تلاش کرنے والوں میں شامل ہو گیا وہ ادھر ادھر گھوم رہا تھا اور کہہ رہا تھا اے اللہ! جس شخص کو اس نیک گھر والوں نے پناہ دی ہے اس کی حفاظت کرنا۔ تفتیش کے نتیجے میں زیورات ایک سنار کے پاس مل گئے سنار پر مقدمہ چلایا گیا اس نے کہا ایک ہاتھ کٹا آدمی ان کے پاس زیورات لایا تھا اور اس کے ہاتھ فروخت کئے تھے ملزم پر مقدمہ چلایا گیا مقدمہ کے دوران اس نے اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا اور اقبال جرم کر لیا اس چوری نے اس کے کردار پر روشنی ڈالی اور وہ شکایت جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس زیر غور تھی کا بھی فیصلہ ہو گیا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فیصلہ سنا دیا کہ چور کا دوسرا ہاتھ بھی کاٹ دیا جائے چنانچہ اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا پھر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے تبصرہ کیا کہ خدا کی قسم! اس شخص کی اللہ سے حفاظت کی دعا مجھ پر اس کی چوری سے بھی زیادہ گراں بار ہے۔ (مسند امام احمد، ج ۲، ص ۸۵)

## عدل فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

ایک مصری امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی یا امیر المومنین ظلم سے آپ کی پناہ لیتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تو نے سچی جائے پناہ لی۔ واقعہ یہ تھا کہ عمرو بن العاص مصر پر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی طرف سے گورنر تھے یہ فریادی مصری عرض کرتا ہے کہ میں نے اس کے صاحبزادے کے ساتھ دوڑ کی میں آگے نکل گیا صاحبزادے نے مجھے کوڑے مارے اور کہا میں دو معزز کریم والدین کا بیٹا ہو۔ اس فریاد پر امیر المومنین نے حکم دیا کہ عمرو بن العاص اپنے بیٹے کے ساتھ حاضر ہو۔ وہ حاضر ہوئے۔ امیر المومنین نے مصری کو حکم دیا

Marfat.com

کوڑا لے اور مار اس نے بدلہ لینا شروع کیا۔ امیر المومنین رضی اللہ عنہ فرماتے جاتے تھے مار دو لئیموں کے بیٹے کو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب اس فریادی نے مارنا شروع کیا تو ہمارا جی چاہتا تھا کہ یہ مارے اور اپنا بدلہ لے لے یہاں تک مارا کہ ہم تمنا کرنے لگے کہ کاش اب یہ ہاتھ اٹھا لے۔ جب مصری فارغ ہوا تو امیر المومنین نے کہا اب یہ کوڑا عمرو بن العاص کی پشت پر بھی رکھ۔ یعنی یہ وہاں کے حاکم تھے انہوں نے کیوں نہ دادرسی کی۔ مصری نے عرض کی یا امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ! مجھے ان کے بیٹے ہی نے مارا تھا اور اس سے میں بدلہ لے چکا۔ پھر امیر المومنین نے فرمایا تم نے بندگان خدا کو کب سے اپنا غلام بنا لیا ہے حالانکہ وہ ماں کے پیٹ سے آزاد پیدا ہوئے۔ عرض کی یا امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ! نہ مجھے اس واقعہ کی خبر ہوئی نہ فریادی میرے پاس آیا۔

(الامن والعلیٰ، ص ۲۴۴)

## عدل حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ:

حضرت زربن حبیش فرماتے ہیں کہ دو آدمی کھانا کھانے بیٹھے ایک کے پاس پانچ روٹیاں تھیں اور دوسرے کے پاس تین روٹیاں تھیں اتنے میں ایک تیسرا شخص آ گیا وہ تینوں آٹھ روٹیاں کھا گئے۔ تیسرے کو انہوں نے کھانے میں شریک ہونے کی دعوت دی تھی۔ اس تیسرے نے چلتے وقت آٹھ درہم دیئے اور کہا یہ تمہارے کھانے کا عوض ہے۔ پانچ روٹیوں والے نے کہا میری پانچ روٹیاں تھیں اور تیری تین لہذا تو تین درہم لے لے اور میں پانچ لے لیتا ہوں تین والے نے کہا میں تو آدھے درہم لوں گا چار تو اور چار میں۔ اس پر ان میں جھگڑا ہو گیا۔ فیصلے کے لئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس حاضر ہوئے اور تمام قصہ بیان

Marfat.com

کیا۔آپ رضی اللہ عنہ نے تین روٹیوں والے سے کہا جو کچھ تیرا دوست تجھ کو دیتا ہے لے لو اس میں تجھے فائدہ ہے کیونکہ اس کی روٹیاں زیادہ تھیں اس نے کہا جب تک میرا حق معلوم نہ ہو جائے میں راضی نہ ہوں گا۔آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تیرا حق تو ایک درہم سے زیادہ نہیں اس نے کہا وہ کیسے؟ فرمایا آٹھ روٹیوں کی چوبیس تہائیاں ہوتی ہیں تم تین کھانے والے تھے یہ تو معلوم نہیں ہو سکتا کہ تم میں کون زیادہ کھانے والا ہے اور کون کم کھانے والا ہے اس لئے احتمال کیا جاتا ہے کہ تم نے برابر کھایا پس تو نے آٹھ تہائیاں کھائیں اور تیری تین روٹیوں کی نو تہائیاں تھیں تیری ایک تہائی بچی اور تیرے دوست کی پانچ روٹیوں کی پندرہ تہائیاں تھیں آٹھ اس نے کھائیں اور اس کی سات تہائیاں باقی بچیں ایک تہائی تیری اور سات تیرے دوست کی آٹھ وہ کھا گیا اور آٹھ درہم دیئے فی تہائی ایک درہم ہوا لہذا تیرا ایک درہم ہوا اور اس کے سات درہم اس نے عرض کی اب میں ایک درہم پر راضی ہو گیا۔

(تاریخ الخلفاء، ص ۱۷۹) (الریاض النضرہ، ص ۲۶۳) (الصواعق المحرقۃ، ص ۱۲۷)

سبق پڑھ پھر صداقت کا عدالت کا امانت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

## نمبر 10: الحکمۃ۔نور قلب:

حضرت علامہ قرطبی نے لکھا ہے وَاِذَا دَخَلَ النُّوْرُ فِی الْقَلْبِ انْفَسَحَ وَاسْتَوْسَعَ ○ (قرطبی سورہ زمر، ص ۲۴۷)

جب دل میں نور داخل ہو جاتا ہے تو اس میں وسعت پیدا ہو جاتی ہے یہاں تک کہ وہ دل عرش اللہ بن جاتا ہے جیسے کہ حدیث میں آیا ہے قَلْبُ

Marfat.com

اَلْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللّٰہِ مومن کا دل اللہ تعالیٰ کے انوار وتجلیات کا عرش ہو جاتا ہے اور حدیث قدسی میں آتا ہے۔ لَا یَسَعَنِیْ اَرْضِیْ وَلَا سَمَائِیْ وَلٰکِنْ یَسَعَنِیْ قَلْبُ عَبْدِالْمُؤْمِنِ○ میری گنجائش نہ زمین میں ہے نہ آسمان میں، میں کسی مکان میں نہیں سما سکتا اگر نہیں میری جلوہ گری کی گنجائش ہے تو وہ بندۂ مومن کا دل ہے۔

(مرقاۃ، ج۱، ص۵۹)

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

خدا تعالیٰ غیر محدود ہے لہذا جو دل اس کی جلوہ گاہ بن جاتا ہے وہ بھی پھر محدود نہیں رہتا وہ کتنا وسیع ہو جاتا ہے۔ حضرت ابو یزید فرماتے ہیں:

اگر عرش عظیم اور جو کچھ اس کے اندر ہے یعنی سارے زمین و آسمان اور جو کچھ مخلوق اس کے اندر ہے اس کا دس کروڑ گنا عارف کے دل کے گوشوں میں سے ایک گوشہ میں رکھ دیا جائے تو اسے اس کی عظمت ذرہ بھر محسوس نہ ہو۔

امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں جب انسان مجاہدہ ریاضت کے ذریعے سے اپنے دل پر سے حجابات غیر کو ہٹا دیتا ہے تو پوری کائنات اس کے آئینہ قلب میں نظر آنے لگتی ہے بلکہ خدا تعالیٰ کا نور جلال بھی دل میں جلوہ گر ہو جاتا ہے۔

(کبیر، ج۴، ص۷۲)

جب ولی کامل کے دل کی وسعت کا یہ کمال ہے تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا قلب کتنا وسیع ہو گا۔

دل دریا سمندروں ڈونگے کون دلاں دیاں جانے ہو
وچہ بیڑے وچہ جھیڑے وچہ ونج مہانے ہو

دل میں نور آ جائے تو دوسرا فائدہ یہ حاصل ہوتا ہے کہ شیطان ڈرنے

Marfat.com

لگتا ہے۔

چنانچہ امام ابن عساکر نے لکھا ہے کہ حضرت ابو سعید خراز فرماتے ہیں کہ میرے ہاتھ میں عصا تھا اور میں حواب کی حالت میں تھا میں نے شیطان کو دیکھا اور اس کو ڈرانے کے لئے اپنا عصا اٹھایا اور ارادہ کیا کہ اس عصا سے اسے ماروں مجھے کسی کہنے والے نے کہا یہ عصا سے نہیں ڈرتا بلکہ یہ اس سے ڈرتا ہے جس کے دل میں نور ہوتا ہے۔ (ابن عساکر، ج ۱، ص ۴۲۹)

چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں حدیث ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول خدا بیٹھے ہوئے تھے کہ ہم نے ایک سخت آواز سنی پھر بچوں کا شور وغل سنائی دیا رسول اللہ ﷺ یہ سن کر کھڑے ہو گئے اور باہر تشریف لے جا کر دیکھا کہ ایک حبشی عورت اچھل کود رہی ہے اور بچے اس کے گرد جمع تھے۔ نبی کریم ﷺ نے یہ دیکھ کر فرمایا عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا)! ادھر آؤ تم بھی دیکھو چنانچہ میں گئی اور آپ کے پیچھے کھڑی ہو کر اپنی ٹھوڑی رسول خدا ﷺ کے کندھے پر رکھ لی میں نے کندھے اور سر کے درمیان سے اس عورت کو دیکھنا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابھی دیکھنے سے جی نہیں بھرا۔ تھوڑی دیر بعد آپ ﷺ نے پھر یہی فرمایا میں نے ہر دفعہ یہی کہا ابھی نہیں۔ اس سے میرا منشاء یہ تھا کہ میں یہ معلوم کروں کہ رسول خدا ﷺ کے دل میں میرا کیا مرتبہ ہے اور مجھ سے کتنی محبت ہے۔ اچانک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے اور جو لوگ عورت کا تماشہ دیکھ رہے تھے وہ ان کو دیکھ کر منتشر ہو گئے اس پر رسول اکرم ﷺ نے فرمایا اِنِّیْ لَاَ نْظُرُ اِلٰی شَیَاطِیْنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ قَدْ فَرَدَا مِنْ عُمَرَ ○ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۴۵)

میں دیکھتا ہوں کہ جن اور انسان، شیطان حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خوف سے

Marfat.com

بھاگ جاتے ہیں۔

دل میں نور آنے کا تیسرا فائدہ یہ ہے کہ جس کے دل میں نور آ جائے اس سے بے جان چیزیں باتیں کرنے لگ جاتی ہیں مثلاً:

مِن عمر بن الخطاب قال نظر النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی مصعب بن عمیر مقبلا وعلیہ اھاب کبش قد تنطق بہ فقال النبی انظروا الی ھذا الرجل الذی قد نور اللہ قلبہ ○ (حلیۃ الاولیاء، ج۱، ص ۱۰۸)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو آتے دیکھا اور اس نے مینڈھے کی کھال پہنی ہوئی تھی جو اس مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ سے باتیں کر رہی تھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آدمی کو دیکھو اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں نور پیدا کر دیا ہے۔

## کرامت حضرت مجدد الف ثانیؒ:

ایک مرتبہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ بیمار ہو گئے کافی کمزور ہو گئے آپ نے منقیٰ کے پندرہ دانے ایک خادم سے منگوائے پھر مراقبہ کیا کہ آیا یہ دانے میرے لئے مفید ہیں یا نہیں۔ بعدازاں فرمایا عجیب بات ظاہر ہوئی میں نے سنا کہ ان دانوں نے خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں مناجات کی کہ یا اللہ! تیرا ایک بندہ ہمیں تناول فرمانا چاہتا ہے اس لئے ہمارے اندر نفع اور اثر صحت پیدا فرما دے پس ہر دانے کے کھانے سے بیماری سے صحت ہوتی چلی گئی۔ خدا تعالیٰ نے ان دانوں کی دعا قبول کر لی۔ (حضرات القدس، ص ۱۶۵)

ایک حدیث میں ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت حارثہ بن زید رضی اللہ عنہ کے متعلق دریافت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا نَوَّرَ اللّٰہُ قَلْبَہٗ بِالْاِیْمَانِ ○ (کشف المحجوب، ص ۱۲۴)

اللہ تعالیٰ نے اس کا دل ایمان سے منور کر دیا ہے اور اس کا فائدہ یہ ہوا کہ آپ فرماتے ہیں۔ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی عَرْشِ رَبِّیْ بَارِزاً وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَھْلِ الْجَنَّۃِ یَتَزَاوَرُوْنَ فِیْھَا وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَھْلِ النَّارِ یَتَضَارَعُوْنَ ○

(کشف المحجوب، ص ۱۲۶)

میں ظاہری طور پر عرش کو دیکھتا ہوں۔ اہل جنت کو دیکھتا ہوں کہ ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور اہل دوزخ کو دیکھتا ہوں کہ وہ تڑپ رہے ہیں۔

معلوم ہوا جس کا دل منور ہو جائے اس کی نگاہ عرش تک پہنچ جاتی ہے۔

جب حضرت خواجہ معین چشتی بیعت ہونے کے لئے حضرت خواجہ عثمان ہارونی کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا جاؤ آج کا دن اور آج کی رات ذکر میں مشغول رہو۔ دوسرے روز فرمایا ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھو۔ بعدازاں فرمایا آسمان کی طرف دیکھو۔ آپ نے دیکھا تو عرض کی عرش اعظم تک دیکھ رہا ہوں پھر فرمایا زمین کی طرف دیکھو دیکھا اور عرض کی تحت الثریٰ تک دیکھ رہا ہوں۔ (انیس الارواح، ص ۱۲)

جب ولی کی نگاہ کا یہ کمال ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ کا کیا کمال ہوگا۔

سر عرش پر تری گزر دلِ فرش پر تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں وہ جو تجھ پر عیاں نہیں

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# خلیفہ اعظم نائب مطلق

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ○

اور نہ کسی مرد اور نہ کسی مسلمان عورت کو حق حاصل ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کچھ فیصلہ فرما دیں تو انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے۔

اس کا شان نزول یہ ہے کہ حضرت زید بن حارثہ حضور علیہ السلام کے آزاد کردہ غلام تھے اور وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی خدمت میں رہتے تھے۔ حضور علیہ السلام نے ان کے نکاح کا پیغام حضرت زینب بنت جحش کے لئے دیا۔ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی امیمہ بنت عبدالمطلب کی صاحبزادی تھیں اس پیغام کو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے بھائی عبداللہ نے نامنظور کیا کیونکہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا قریش میں عالی خاندان کی لڑکی تھیں اور حضرت زید رضی اللہ عنہ اس درجہ کے خاندانی نہ تھے اس پر یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی اس آیت کو سن کر حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے بھائی نکاح کے لئے تیار ہو گئے۔

مقام غور ہے کہ نکاح کا فیصلہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لیکن خدا نے فرمایا جب خدا اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم فیصلہ فرما دیں پس۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ خدا کا فیصلہ ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میدان بدر میں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ مشرکین کی تعداد ایک ہزار اور مسلمان صرف تین سو تیرہ

Marfat.com

ہیں تو خدا تعالیٰ سے دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْ تَھْلِکَ ھٰذِہِ الْعِصَابَۃَ مِنْ اَھْلِ الْاِسْلَامِ لَا تُعْبَدُ فِی الْاَرْضِ○

الٰہی! اگر تو نے اسلام کے اس گروہ کو ہلاک کر دیا تو پھر زمین پر تیری پوجا نہ ہوگی۔

اگر اغیار نے ان کو جہاں سے محو کر ڈالا
قیامت تک نہیں پھر کوئی تجھ کو پوجنے والا

آپ رو بقبلہ ہو کر اس دعا میں مشغول ہوئے اور ہاتھوں کو اتنا بلند کیا کہ آپ کے کندھوں کی چادر گر پڑی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر چادر آپ کے کندھوں پر ڈال دی اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو خدا کی بارگاہ میں اتنا کہہ دینا کافی ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قبہ سے نکلے اور آپ زرع پہنے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَ یُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ○

لشکر کفار عنقریب پسپا ہوگا اور پیٹھ دکھا جائے گا۔

اور ایک مٹھی ریت کی بھر کر مشرکین کی طرف پھینکی اور کہا شَاھَتِ الْوُجُوْہُ یعنی بگڑ گئے چہرے اس کا اثر یہ ہوا کہ مشرکین کے کان، آنکھیں اور چہرے ریت سے بھر گئے۔ اس سے خوفزدہ ہو کر مشرکین نے راہ فرار اختیار کی خدا فرماتا ہے:

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی○

اور اے محبوب وہ خاک جو تو نے پھینکی تم نے نہ پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی۔

میں تیرے ہاتھوں کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ
جن سے اتنے کافروں کا دفعۃً منہ پھر گیا

Marfat.com

جب حضور اپنے قبہ سے باہر تشریف لائے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بہت خوش ہوئے ان کے دل خوشی سے باغ باغ ہو گئے۔

مگر جب کملی والا آ گیا اٹھ کر مصلے سے
خدائی ہو گئی محفوظ شیطانوں کے ہلے سے
صدائے نعرۂ تکبیر سے تھرا اٹھی وادی
کہ امت کے ضعیفوں کی مدد کو آ گیا ہادی

ریت تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھینکی تھی لیکن خدا فرماتا ہے وہ اللہ نے پھینکی۔ پس

نتیجہ: یہ نکلا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پھینکنا خدا کا پھینکنا ہے۔

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ○

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور حدیث میں ہے کہ حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ فرشتوں کی ایک جماعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جبکہ آپ سو رہے تھے وہ آپس میں باتیں کرنے لگے بعض نے کہا تمہارے اس دوست کے متعلق ایک مثال ہے اس کو اس کے سامنے بیان کرو دوسرے فرشتوں نے کہا وہ تو سوئے ہوئے ہیں بعض نے کہا بے شک ان کی آنکھیں سوتی ہیں لیکن دل جاگتا ہے۔

دل پاک بیدار اور چشم خفتہ
نرالا تھا عالم میں سونا تمہارا

پھر اس نے کہا اس شخص کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے گھر بنایا اور لوگوں کو کھانا کھلانے کے لئے دسترخوان چنا اور پھر لوگوں کو بلانے کے لئے

Marfat.com

آدمی بھیجا پس جس شخص نے اس بلانے والے کی آواز کو مان لیا وہ گھر میں داخل ہو گیا اور دستر خوان سے کھانا کھا لیا اور جس نے نہ مانا وہ نہ گھر میں داخل ہوا اور نہ یہ شخص اس کو سمجھ لے۔ بعض فرشتوں نے کہا کہ یہ تو سوئے ہوئے ہیں دوسروں نے کہا بے شک ان کی آنکھیں سوتی ہیں اور دل جاگتا ہے پھر انہوں نے اس کی تاویل بیان کی اور کہا گھر سے مراد تو جنت ہے اور بلانے والے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

فَمَنْ اَطَاعَ مُحَمَّدًا فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصٰى مُحَمَّدًا فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ ○

پس جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی اس نے خدا کی اطاعت کی اور جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی اس نے خدا کی نافرمانی کی۔

(مشکوٰۃ، ج ۱، ص ۴۵)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت کا پیدا کرنے والا خدا تعالیٰ اور اس کو آباد کرنے والے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

تعجب کی جا ہے کہ فردوس اعلیٰ بنائے خدا اور بسائے محمدؐ
تماشہ تو دیکھو کہ دوزخ کی آتش جلائے خدا اور بجھائے محمدؐ

اس آیت اور اس حدیث سے۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے۔

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ ادا کرنے کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی ایک عظیم جماعت کے ساتھ مقام حدیبیہ پہنچے تو مشرکین آپ کو عمرہ ادا کرنے سے روکا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو دس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے ساتھ مکہ بھیجا کہ وہ مشرکین

Marfat.com

سے بات چیت کریں کہ ہم عمرہ ادا کرنے آئے ہیں۔ لڑائی کے ارادے سے نہیں آئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے مشرکین مکہ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچایا مگر وہ نہ مانے اور اپنی بات پر بضد رہے کہ ہم عمرہ ادا نہ کرنے دیں گے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ تین دن تک وہاں رہے۔ ان سے کفار نے کہا آپ اگر چاہیں تو کعبہ کا طواف کر لیں۔ مگر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں حضور علیہ السلام سے پہلے طواف نہیں کر سکتا۔

ادھر مسلمانوں میں یہ بات مشہور ہو گئی کہ کفار نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا ہے اس خبر پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے تمام مسلمانوں سے بیعت لی کہ جب تک عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا بدلہ نہ لیں گے واپس نہ جائیں گے جب تمام حاضرین نے اپنے ہاتھ نبی کے ہاتھ میں دے دیئے تو آخر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں ہاتھ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور دائیں ہاتھ کو فرمایا کہ یہ ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور میں خود عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت لیتا ہوں۔ خدا نے قرآن نازل فرمایا:

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ ○

بے شک وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ پر ہے۔

نکتہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ خدا کا ہاتھ تو نتیجہ یہ نکلا کہ عثمان کا ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے اور قرآن اللہ کا کلام ہے تو اللہ کے کلام کو اللہ نے ہاتھ یعنی عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جمع کیا ہے اسی لئے عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو جامع القرآن کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

## اعتراض:

مخالفین کی طرف سے اعتراض ہوتا ہے کہ اے سنیو! تمہارا عقیدہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب عطا فرمایا ہے اگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب ہوتا تو آپ کو پتہ ہونا چاہئے تھا کہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ زندہ ہیں شہید نہیں ہوئے اور اگر زندہ جانتے تھے تو بیعت کیوں کی۔

## الجواب:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم تھا کہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ زندہ ہیں اور اس پر دلیل یہ ہے کہ آپ نے ان کی طرف سے بیعت لی اور بیعت زندوں کی طرف سے لی جاتی ہے مُردوں کی طرف سے نہیں اور بیعت لینے میں حکمت یہ تھی کہ بیعت کرنے والوں میں حضرت علی المرتضیٰ بھی شامل تھے گویا حضرت علی کرم اللہ وجہہ اپنے کردار سے ثابت کر رہے ہیں کہ مجھے عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے اتنی محبت ہے کہ میں ان کی خاطر اپنی جان قربان کرنے کے لئے تیار ہوں لہذا اے میرے ماننے والو اگر تمہیں واقعی مجھ سے محبت ہے تو تم بھی عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے جاں نثار بن جاؤ۔

علامہ ابن حجر نے لکھا ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت لی تو فرمایا:

فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّ عُثْمَانَ فِیْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَ حَاجَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ○

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک عثمان رضی اللہ عنہ خدا اور رسول خدا کے کام میں گیا ہوا ہے۔ (صواعق محرقہ، ص ۱۱۰)

حالانکہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کام کو گئے ہوئے تھے پس:

Marfat.com

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کام خدا کا کام ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت خدا سے بیعت ہے۔

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ○

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے بلانے پر حاضر ہو رسول تمہیں اس چیز کے لئے بلائیں جو تم کو زندگی بخشے۔

اس آیت میں خدا تعالیٰ اپنے بندوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار عالی کا ادب سکھا رہا ہے کہ اگر تمہیں کسی وقت ہمارے محبوب پکاریں تو تم کسی حال میں بھی ہو نماز میں ہو کسی وظیفہ مین مشغول ہو یا گھر کے کسی کام میں بھی ہو تمام کاروبار چھوڑ کر فوراً بارگاہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو جاؤ ہرگز دیر نہ کرو۔

حضرت سعید بن معلیٰ نماز پڑھ رہے تھے حضور علیہ السلام نے آواز دی جلدی سے نماز کو پورا کر کے حاضر خدمت ہوئے ارشاد فرمایا کہ تمہیں حاضری میں دیر کیوں ہوئی عرض کی نماز میں تھا فرمایا کیا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی اِسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ ○

علما نے فرمایا کہ:

نمازی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر حاضر خدمت ہو جائے جو خدمت فرمائیں اس کو پورا کرے پھر بھی نماز ہی میں ہے کیونکہ اگر اس نے کلام کیا تو اس نبی سے جس کو نماز میں سلام کرنا واجب ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ اور کعبہ سے سینہ پھرا تو کس طرف پھرا ادھر جو کعبہ کا بھی کعبہ ہے۔

سارے اقطاب جہاں کرتے ہیں کعبے کا طواف
کعبہ کرتا ہے طواف در والا تیرا

Marfat.com

اور پروانے ہیں جو ہوتے ہیں کعبہ پہ نثار
شمع اک تو ہے کہ پروانہ ہے کعبہ تیرا

مقام غور ہے کہ اس آیت میں دو بلانے والوں کا ذکر ہوا اللہ اور اس کا رسول۔ اور ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ بلاواسطہ کسی کو بلاتا نہیں اور نہ کسی کے کان میں اللہ کی آواز آئے۔ لامحالہ جس کو بھی بلائیں گے رسول اللہ ﷺ ہی بلائیں گے پس اس سے:

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم ﷺ کا بلانا خدا کا بلانا ہے۔ اسی لئے آگے فرمایا اِذَا دَعَاکُمْ یہاں واحد کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔

حضرت عبداللہ بن رواحہ نے لیلۃ العقبہ کے موقع پر عرض کی یا رسول اللہ آپ خدا کے لئے اور خود اپنے لئے جو شرط چاہیں ہم سے منوا سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا خدا کے لئے شرط یہ ہے کہ اس کے بندے بنے رہو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور خود اپنے لئے شرط یہ ہے کہ جن باتوں میں اپنی جان و مال کی حفاظت کرتے ہو میرے لئے بھی اسی طرح خیر خواہ بنے رہو اس پر عبداللہ بن رواحہ نے عرض کی پھر ہمیں ملے گا کیا فرمایا اس کے عوض جنت ہے خدا تعالیٰ نے قرآن نازل فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ ○

بے شک اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں اور مالوں کو اس بات کے بدلے خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔

مقام غور ہے کہ یہ سودا تو نبی کریم ﷺ سے ہوا تھا اور خدا فرماتا ہے کہ خدا نے خرید لیا۔ پس

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم ﷺ کا خریدنا خدا تعالیٰ کا خریدنا ہے۔

Marfat.com

جب نبی کریم ﷺ نے حضرت صفیہ سے نکاح کیا تو بعض لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں نازیبا کلمات استعمال کر کے آپ کو اذیت دی اس پر خدا تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (ابن کثیر، ۲۲، ص ۳۵)

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّلَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًا○

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ایذا دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں خدا کی لعنت ہے اور ان کے لئے نہایت ذلیل عذاب ہے۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم ﷺ کو اذیت دینا خدا کو اذیت دینا ہے۔

جب بنو نضیر قلعہ بند ہوئے تو نبی کریم ﷺ نے ابو لیلیٰ اور عبداللہ بن سلام کو کھجوروں کے درخت کاٹنے کا حکم دیا کیونکہ یہ لڑائی کے دوران مزاحمت کر سکتے تھے۔ نیز یہ حکمت بھی تھی کہ یہودی جب اپنے پھلدار درختوں کو کٹتا ہوا دیکھیں گے تو غصہ میں بھر کر لڑائی پر آمادہ ہوں گے اور قلعہ سے باہر آ جائیں گے۔ خدا فرماتا ہے۔

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّیْنَۃٍ اَوْ تَرَکْتُمُوْھَا قَائِمَۃً عَلٰٓی اُصُوْلِھَا فَبِاِذْنِ اللّٰہِ○

جن درختوں کو تم نے کاٹا یا ان کو ان کی جڑوں پر چھوڑ دیا تو یہ اللہ کی اجازت سے ہے۔

درخت کاٹنے کا حکم نبی کریم ﷺ نے دیا تھا لیکن خدا فرماتا ہے یہ اللہ نے حکم دیا پس

نتیجہ: یہ نکلا کہ نبی کریم ﷺ کا درخت کاٹنے کا حکم خدا کا حکم ہے۔

مخالفین کے سرکردہ مولوی ابن تیمیہ نے لکھا ہے۔

وَقَدْ اَقَامَہُ اللّٰہُ مَقَامَ نَفْسِہٖ فِیْ اَمْرِہٖ وَ نَھْیِہٖ وَاَخْبَارِہٖ وَ بَیَانِہٖ فَلَا یَجُوْزُ

Marfat.com

اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ ھٰذِہِ الْاُمُوْرِ○

(الصارم المسلول، ص ۴۱)

تحقیق اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو اپنا قائم مقام بنایا ہے امر و نہی میں اخبار و بیان میں لہذا یہ جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے درمیان ان امور میں سے کسی امر میں تفریق کی جائے۔

اور علامہ ابن حجر نے لکھا ہے۔

وَاَنَّہٗ خَلِیْفَۃُ اللّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ خَزَائِنَ کَرْمِہٖ وَمَوَائِدَ نِعَمِہٖ طَوْعَ یَدَیْہِ وَ تَحْتَ اِرَادَتِہٖ یُعْطِیْ مِنْھُمَا مَنْ یَّشَاءُ وَیَمْنَعُ مَنْ یَّشَاءُ○ (جوہر منظم، ص ۴۲)

رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے وہ خلیفہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی بخشش کے خزانے اور نعمتوں کے دستر خوان آپ کے ہاتھوں کے مطیع اور آپ کے ارادے کے ماتحت کر دیئے ہیں ان میں سے حضور اکرم ﷺ جس کو چاہیں عطا کر دیں اور جس کے لئے چاہیں منع کر دیں۔

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ ذَالِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْحَقُّ یہ اس لئے کہ خدا تعالیٰ حق ہے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق تعالیٰ کو دیکھا۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم ﷺ کا دیدار خدا کا دیدار ہے۔

جسے حق کے دیدار کی آرزو ہو
وہ دیکھے میری جان چہرہ تمہارا
تیرا وصل جنت ترا ہجر دوزخ
تری دید، دید خدا ہے محمدؐ

اب اس سلسلے کی چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 1:

حضرت شداد بن ہادی سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر ایمان لایا اور آپ کی اتباع کی اور آپ کے ساتھ ہجرت کی۔ غزوہ حنین یا غزوہ خیبر میں شامل ہوا اور اس کے ذمے یہ کام لگا کہ وہ لشکر اسلام کی سواریاں چرائے جب خدا نے لشکر اسلام کو فتح سے ہمکنار فرمایا اور مال غنیمت تقسیم ہوا تو حضور علیہ السلام نے اس کا حصہ اسے پہنچا دیا اس نے پوچھا۔

مَا هٰذَا فَقَالُوْا قَسْمٌ قَسَّمَهُ اللّٰهُ لَكَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ○

یہ کیا ہے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے کہا یہ تیرے حصے کا مال غنیمت ہے جو اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم کیا ہے۔ وہ یہ حصہ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور کہا کہ میں اس لئے تو مسلمان نہیں ہوا۔ میں تو اس لئے مسلمان ہوا ہوں کہ میرے یہاں تیر لگے اور اشارہ کیا اپنے حلق کی طرف اور میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو سچا ہے تو خدا تیری یہ آرزو پوری کرے گا بعد میں وہ ایک جنگ میں شہید ہو گیا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اسے اٹھا کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لائے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ وہی ہے عرض کی ہاں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنے جبے میں کفن دیا پھر نماز جنازہ پڑھائی پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی۔

اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَبْدُكَ خَرَجَ مُهَاجِرًا فِيْ سَبِيْلِكَ فَقُتِلَ شَهِيْدًا اَنَا عَلَيْهِ شَهِيْدٌ ○

یا اللہ! یہ تیرا بندہ ہے اس نے تیرے راستے میں ہجرت کی ہے اس نے شہادت کی وفات پائی ہے اور میں اس پر گواہ ہوں۔

(مصنف عبدالرزاق، ج ۵، ص ۲۷۶)

Marfat.com

مال غنیمت تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم کیا تھا لیکن یہاں کہا گیا یہ خدا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم کیا ہے پس

نتیجہ: یہ نکلا کہ مال غنیمت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا تقسیم کرنا خدا کا تقسیم کرنا ہے۔

## حدیث نمبر 2:

حضرت مالک فرماتے ہیں کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو سونے کی انگوٹھی پہنے دیکھا لوگ ان سے کہتے آپ سونے کی انگوٹھی کیوں پہنتے ہیں حالانکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مال غنیمت، غلام و متاع حاضر تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال تقسیم کیا سب کچھ بانٹ دیا۔ یہ انگوٹھی باقی رہ گئی حضرت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر اٹھا کر اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو دیکھا پھر نگاہ نیچی کر لی پھر نظر اٹھا کر ملاحظہ فرمایا پھر نگاہ نیچی کر لی پھر نگاہ اٹھا کر دیکھا اور مجھے بلایا میں حاضر ہو کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ سید اکرم نے یہ انگوٹھی لے کر میرے کلائی تھامی اور فرمایا۔

اُلْبِسْ مَا کَسَانَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ○

پہن لو جو تمہیں اللہ اور اس کا رسول پہناتے ہیں۔ میں اسے کیسے اتار دوں جس کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنایا ہے۔ (مسند امام احمد، ج ۴، ص ۲۹۴)

مقام غور ہے کہ انگوٹھی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنائی تھی لیکن فرمایا گیا جو خدا اور اس کا رسول پہناتے ہیں پس۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انگوٹھی پہنانا خدا کا پہنانا ہے۔

## حدیث نمبر 3:

حضرت اسماء بنت عمیس فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام صہبا پر

Marfat.com

ظہر کی نماز ادا فرمائی اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو کسی کام کے لئے بھیج دیا جس وقت وہ واپس آئے رسول خدا نماز عصر ادا فرما چکے تھے۔ آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی گود میں سر رکھا اور آرام فرمانے لگے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بسبب تک نہ کی یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو فرمایا اے علی (رضی اللہ عنہ)! کیا تم نے نماز عصر ادا کر لی ہے انہوں نے عرض کی نہیں اس پر حضور علیہ السلام نے دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ کَانَ فِیْ طَاعَتِکَ وَطَاعَتِ رَسُوْلِکَ فَارْدُدْ عَلَیْہِ الشَّمْسَ ○

اے اللہ! علی رضی اللہ عنہ تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھا اس پر سورج کو واپس لوٹا دے۔

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں نے دیکھا کہ سورج غروب ہونے کے بعد پھر طلوع ہو گیا۔ یہاں تک کہ پہاڑوں اور زمین پر دھوپ چمکنے لگی حضرت علی کرم اللہ وجہہ اٹھے اور وضو کر کے نماز پڑھی پھر سورج غروب ہو گیا۔ (زرقانی شریف، ج ۵، ص ۱۱۶)

زمیں پر عرش اعلیٰ کے نشاں معلوم ہوتے تھے
علیؓ کی گود میں دونوں جہاں معلوم ہوتے تھے
مے روحانیت کے جام سے مخمور بیٹھا تھا
چھپا کر آج پہلو میں خدا کا نور بیٹھا تھا

اس حدیث سے پتہ چلا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں مصروف کار تھے لیکن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھا پس:

نتیجہ: یہ نکلا کہ رسول خدا کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 4:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تورات کا ایک نسخہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لائے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ تورات کا نسخہ ہے۔ رسول خدا خاموش رہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تورات کو پڑھنا شروع کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہونا شروع ہوا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھ کر کہا اے عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! گم کریں تجھے گم کرنے والیاں کیا تم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کو نہیں دیکھتے۔

فَنَظَرَ عُمَرُ اِلٰی وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ بَدَالَكُمْ مُوْسٰى فَاتَّبَعْتُمُوْهُ وَ تَرَكْتُمُوْنِيْ لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَاءِ السَّبِيْلِ ○ (دارمی، ج ۱، ص ۸۵)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رخ انور کو دیکھا اور کہا میں اللہ سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں ہم اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہو گئے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے اگر تمہارے سامنے حضرت موسیٰ علیہ السلام ظاہر ہو جائیں اور تم مجھے چھوڑ کر ان کی پیروی کرنے لگو تو تم سیدھے راستے سے بھٹک جاؤ۔

اس حدیث پر غور کریں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے تورات پڑھنے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے تھے لیکن فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں خدا اور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں پس

نتیجہ: یہ نکلا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی خدا کی ناراضگی ہے۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 5:

غزوہ احد کے موقع پر عتبہ بن ابی وقاص نے پتھر مار کر دائیں طرف کا نچلا دانت توڑ ڈالا اور نچلا ہونٹ زخمی کر دیا۔ اس پر نبی کریم ﷺ نے یوں دعا مانگی یا اللہ! ایک سال نہ گزرنے پائے کہ عتبہ بن ابی وقاص کفر کی حالت میں مر جائے۔ خدا تعالیٰ نے آپ ﷺ کی دعا کو قبول فرمایا اور اسی دن وہ واصل جہنم ہوا اور وہ اس طرح کہ حاطب بن ابی بلتعہ نے عتبہ بن ابی وقاص کی یہ ساری کارروائی دیکھی تھی۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! عتبہ کس طرف گیا ہے نبی پاک علیہ السلام نے اشارہ کر کے فرمایا اس طرف۔ حضرت حاطب نے اس کو جا لیا اور اس پر حملہ کر کے اسے واصل جہنم کر دیا اس کا گھوڑا اور تلوار لا کر آپ کی بارگاہ میں پیش کر دی۔ آپ نے حاطب بن ابی بلتعہ سے فرمایا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْکَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْکَ خدا تجھ سے راضی ہو گیا خدا تجھ سے راضی ہو گیا۔ (سیرت حلبیہ، ج ۲، ص ۲۴۶)

عتبہ کے قتل پر حضور اکرم ﷺ راضی ہوئے لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تجھ سے خدا راضی ہو گیا یہ کیا۔

نتیجہ: یہ نکلا کہ نبی کریم ﷺ کے راضی ہونے سے خدا راضی ہو جاتا ہے۔ نبی کا راضی ہونا خدا کا راضی ہونا ہے۔

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ○

اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں اس آیت کریمہ سے پتہ چلا کہ خدا تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنا خلیفہ بنایا ایک اور مقام پر ارشاد خداوندی ہے۔

Marfat.com

یَا دَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ○

اے داؤد علیہ السلام! ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضرت داؤد علیہ السلام زمین میں خدا کے خلیفہ ہیں ہمارے نبی کریم سید المرسلین ہیں لہذا آپ خدا تعالیٰ کے زمین پر سب سے بڑے خلیفہ ہیں۔

قرآن وحدیث کے ان متذکرہ دلائل سے روز روشن کی طرح ظاہر ہو گیا کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے۔آپ کا فیصلہ خدا کا فیصلہ ہے۔حضور کا کنکریاں پھینکنا خدا کا کنکریاں پھینکنا ہے۔آپ سے بیعت خدا سے بیعت ہے۔آپ کا بلانا خدا تعالیٰ کا بلانا ہے۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خریدنا خدا کا خریدنا ہے۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت خدا کو اذیت ہے۔آپ کا درخت کاٹنے کا حکم خدا کا حکم ہے۔آپ کا دیدار خدا کا دیدار ہے۔آپ کا مال غنیمت تقسیم کرنا خدا کا تقسیم کرنا ہے۔آپ کا انگوٹھی پہنانا خدا کا پہنانا ہے۔آپ کا ناراض ہونا خدا کا ناراض ہونا ہے اور آپ کا راضی ہونا خدا کا راضی ہونا ہے پس ثابت ہوا کہ آپ خدا تعالیٰ کے خلیفہ اعظم نائب مطلق اور خدا تعالیٰ کے بنانے سے خدا تعالیٰ کے قائم مقام ہیں اور نائب میں اصل کے کمالات کی جھلک موجود ہوتی ہے لہذا آپ خدا تعالیٰ کی عطا سے مشکل کشا بھی ہیں حاجت روا بھی ہیں مددگار بھی ہیں اور خدا کی عطا سے عِلْمِ مَاكَانَ وَمَایَكُوْنُ کا کل علم بھی جانتے ہیں تفصیل ملاحظہ ہو۔

## مشکل کشا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ○

نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر

Marfat.com

رحمت سبب ہے دفع بلا و زحمت اور حل مشکلات کا اس لئے آپ ہر مخلوق کے لئے مشکل کشا ہیں مثلاً چار ہزار سال سے اور دوسری روایت میں ایک ہزار سال سے چار مقرب فرشتوں میں چار مسائل میں بحث ہو رہی تھی لیکن اس کو حل نہ کر سکے۔ جب حضور اکرم ﷺ کی بعثت ہوئی ان فرشتوں کو یقین ہوا کہ یہ مشکل مسائل آپ ہی سے حل ہو سکیں گے تو ان سب نے مشکل کشائی کے لئے نیاز و زاری سے استدعا کی پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو اپنی طرف بلایا اور فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَا اَوْحٰی کے مقام سے مشرف فرمایا اور وہاں جو وحی ہوئی ان میں سے ایک یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میں نے اپنے رب کو احسن صورت میں دیکھا پھر فرمایا وہ کون سے مسائل ہیں جن میں مقرب فرشتے بحث کر رہے ہیں میں نے کہا اے میرے رب تو بہتر جانتا ہے پس اللہ تعالیٰ نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھا۔ حتیٰ کہ ان کی ٹھنڈک کا اثر میں نے اپنے سینے میں پایا اس کے بعد فرمایا اے محمد ﷺ! کیا آپ جانتے ہیں کہ مقرب فرشتے کن مسائل میں بحث کر رہے ہیں میں نے عرض کی ہاں وہ کفارات منجیات درجات اور مہلکات ہیں۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا تو نے سچ کہا اے پیارے محمد ﷺ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے خطاب کر کے فرمایا:

یَا مَلَائِکَتِیْ وَجَدْتُّمْ حَلَّالَ الْمُشْکِلَاتِ فَاسْئَلُوْا اَشْکَالَکُمْ ○

اے میرے فرشتو! تم نے مشکلات کا حل پا لیا پس تم اپنے اشکال حل کرا لو۔ اس پر حضرت اسرافیل علیہ السلام نے عرض کی کفارات کیا ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا وہ تین کام ہیں ایک سخت سردی میں مکمل وضو کرنا۔ دوسرا نماز باجماعت کے لئے پیدل چل کر جانا۔ تیسرا ایک نماز کی ادائیگی کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا پھر حضرت میکائیل علیہ السلام نے عرض کی درجات کیا ہیں؟ حضور

Marfat.com

اکرم ﷺ نے فرمایا بھوکوں کو کھانا کھلانا اور سلام لوگوں میں عام کرنا اور رات کے وقت نماز پڑھنا جب کہ لوگ محو خواب ہوں۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی منجیات کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ظاہری اور پوشیدہ خوف خدا اور امیری و غربت میں میانہ روی اور غصہ اور خوشی میں انصاف کرنا پھر حضرت عزرائیل علیہ السلام نے عرض کی مہلکات کیا ہیں فرمایا بخل کی اطاعت کی جائے نفسانی خواہشات کی پیروی کرنا اور خود پسندی۔

(خزپوتی، ص ۱۷۱)(بریقہ محمدیہ شرح طریقہ محمدیہ، ج ۲، ص ۲۳۷)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ:

(۱) ہمارے نبی کریم ﷺ نوری فرشتوں کے لئے مشکل کشا ہیں جو رسول نوریوں کے لئے مشکل کشا ہیں وہ ہم خاکیوں کے لئے بھی مشکل کشا ہو سکتے ہیں۔

یاخدا یا مصطفےٰؐ مشکل میں دونوں نام لو
حاجتیں بر آئیں گی تاثیر ہے دونوں کی ایک
اس نے پھیرا دل تو اس نے دولت ایمان دی
یہ خدا وہ مصطفےٰؐ تدبیر ہے دونوں کی ایک

(۲) حقیقی مشکل کشا اللہ تعالیٰ ہے لیکن اس کی عطا سے رسول اللہ ﷺ بھی مشکل کشا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے فرشتو! میرے محبوب سے اپنی مشکلات حل کرالو اور پھر حضور اکرم ﷺ نے ان مقرب ملائکہ کی مشکل بحث کا حل پیش فرمایا۔

(۳) مقرب فرشتے چار ہزار سال تک ان مسائل میں بحث کرتے رہے تھے انہوں نے اس عرصے میں یہ نہیں کہا کہ یا اللہ! ہماری ان مشکلات کو حل فرما دے اگر وہ اللہ کی بارگاہ میں عرض کرتے تو خدا تعالیٰ یقیناً ان کی مشکل باتوں کو حل فرما

Marfat.com

دیتا لیکن انہوں نے اپنی مشکلات امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے حل کرائیں جس سے معلوم ہوا کہ ان نوریوں کا عقیدہ تھا کہ خدا تعالیٰ نے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی مشکل کشا بنایا ہے اور یہی ہمارا عقیدہ ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشکل کشا ہونے میں ہمارا عقیدہ نوریوں والا ہے ناریوں والا نہیں ہے ہمیں اس عقیدے پر ناز کرنا چاہیئے۔ مخالفین کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے بھی ہماری تائید میں کہا ہے۔

سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل
اے میرے مشکل کشا فریاد ہے

## اہل قبور کے لئے مشکل کشا:

### مثال نمبر 1:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں پر گزرے جن میں عذاب ہو رہا تھا فرمایا ان دونوں آدمیوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور عذاب کسی دشوار بات میں نہیں ہے ان میں سے ایک تو پیشاب سے نہ بچتا تھا اور دوسرا چغلی کیا کرتا تھا پھر ایک تر شاخ لے کر اس کو آدھا آدھا چیرا ہر قبر پر ایک ایک کو گاڑ دیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے یہ کیوں کیا فرمایا کہ جب تک یہ ٹکڑے خشک نہ ہوں گے ان دونوں کے عذاب میں کمی کی جائے گی۔ (بخاری و مسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ:

(ا) وہ دونوں اہل قبور عذاب میں گرفتار تھے حضور علیہ السلام نے اپنے فعل سے ان کی مشکل کو حل فرما دیا جو اس بات کی بین دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اہل قبور کے

Marfat.com

لئے بھی مشکل کشا ہیں۔

(۲) آپ نے منوں مٹی کے نیچے قبروں میں دیکھ لیا کہ ان کو عذاب ہو رہا ہے معلوم ہوا کہ مٹی کی کثافت حضور اکرم ﷺ کی نگاہ کے لئے رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

(۳) حضور اکرم ﷺ نے اسباب عذاب بیان فرما دیئے جو اس بات کی دلیل ہے کہ امت کے اعمال نبی کریم ﷺ سے پوشیدہ نہیں آپ ﷺ لوگوں کے اعمال سے مکمل واقف ہیں۔

## مثال نمبر 2:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْءَةٌ عَلٰى اَهْلِهَا ظُلْمَةٌ وَاِنِّىْ اُنَوِّرُهَا بِصَلَاتِىْ عَلَيْهِمْ ○ (مسلم شریف)

بے شک یہ قبریں اپنے ساکنوں پر اندھیرے سے بھری ہوئی ہیں اور میں اپنی نماز سے انہیں روشن کرتا ہوں۔

اس حدیث سے پتہ چلا کہ:

(۱) قبروں کی تاریکی کو حضور اکرم ﷺ اپنی نماز سے دور فرما کر ان کو نور علی نور کر دیتے ہیں جو آپ کے مشکل کشا ہونے کی واضح دلیل ہے۔

(۲) حضور اکرم ﷺ کی قوت باصرہ کا یہ کتنا بڑا کمال ہے کہ منوں مٹی کے نیچے قبر کی کیفیت کو جانتے ہیں کہ کس قبر میں تاریکی ہے اور کس میں روشنی ہے۔

(۳) حضور اکرم ﷺ کی نماز جنازہ امتی کے لئے قبر میں باعث نور و ضیاء ہے امتی کی قبر روشن ہو جاتی ہے تاریکیاں دور ہو جاتی ہیں۔

Marfat.com

## مثال نمبر 3:

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب کو کیا نفع پہنچایا۔ خدا کی قسم وہ آپ کی حمایت کرتا تھا۔ آپ کے لئے لوگوں سے لڑتا جھگڑتا تھا۔ آپ نے فرمایا:

وَجَدْتُّهٗ فِیْ غَمَرَاتٍ مِّنَ النَّارِ فَاَخْرَجْتُهٗ اِلٰی ضَحْضَاحٍ ○

(بخاری مسلم)

میں نے اسے سراپا آگ میں ڈوبا ہوا پایا تو اسے میں نے کھینچ کر پاؤں تک کی آگ میں کر دیا اس حدیث سے معلوم ہوا:

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب کی یہ مشکل کشائی فرمائی کہ ان کے عذاب میں خاصی تخفیف کر دی کیونکہ کہاں سرتاپا آگ اور کہاں پاؤں تک کی آگ۔

(۲) اس حدیث سے پتہ چلا کہ ابو طالب کا خاتمہ ایمان پر نہیں ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر کرم فرمایا اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کافروں کے لئے بھی رحمت بن کر آئے ہیں۔

(۳) خدا تعالیٰ نے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مختار بنا کر بھیجا ہے جس کی بنا پر آپ نے ابو طالب کو سرتاپا آگ سے نکالا۔

کھول دے دل میں در علم حقیقت میرے رب
ہادی عالم علیؐ مشکل کشا کے واسطے

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرشتوں کے بھی رسول ہیں:

آپ یقیناً ملائکہ کے بھی رسول بن کر آئے ہیں دلائل ملاحظہ ہوں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 1:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ○

پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان نازل فرمایا تا کہ وہ تمام جہانوں کا نذیر ہو جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ تمام جہانوں کے نبی ہیں کیونکہ نذیر ہونا نبی کی صفت ہے اور تمام جہانوں میں فرشتے بھی ہیں لہذا آپ فرشتوں کے بھی رسول ہیں۔

## دلیل نمبر 2:

حضرت اسرافیل علیہ السلام آسمانوں پر اذان دیتے ہیں اور حضرت میکائیل علیہ السلام بیت المعمور میں امامت کراتے ہیں اور باقی فرشتے نماز پڑھتے ہیں معلوم ہوا کہ وہ ہماری طرح اذان دیتے ہیں اور ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں اس لئے جیسے ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں وہ بھی آپ کے امتی ہیں لہذا ثابت ہوا کہ آپ فرشتوں کے بھی نبی ہیں۔

## دلیل نمبر 3:

اگر کوئی آدمی جنگل میں اکیلا نماز پڑھتا ہے تو اس کے پیچھے دو فرشتے نماز پڑھتے ہیں اور اگر وہ آدمی:

فَاِنْ اَذِنَ وَ اَقَامَ صَلّٰی خَلْفَهٗ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مَالَا یَرٰی طَرَفَاهُ یَرْكَعُوْنَ بِرُكُوْعِهٖ وَ یَسْجُدُوْنَ بِسُجُوْدِهٖ وَ یُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی دُعَائِهٖ ○

اذان اور اقامت کہہ کر نماز پڑھتا ہے تو اس کے پیچھے دونوں طرف حد نگاہ تک فرشتے نماز پڑھتے ہیں جو اس کے رکوع کے ساتھ رکوع اور سجدے کے

Marfat.com

ساتھ سجدہ کرتے ہیں اور اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔

اس حدیث سے بھی پتہ چلا فرشتے ہماری طرح نماز ادا کرتے ہیں کیونکہ وہ ہماری طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں۔

## دلیل نمبر 4:

حضور علیہ السلام نے فرمایا:

فَاَمَّا وَزِیْرَایَ مِنْ اَھْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلُ وَاَمَّا وَزِیْرَایَ مِنْ اَھْلِ الْاَرْضِ فَاَبُوْبَکْرٍ وَّ عُمَرَ ○

میرے آسمانوں کے دو وزیر جبرائیل اور میکائیل علیہم السلام ہیں اور زمین کے دو وزیر صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں اور وزیر بادشاہ کی اتباع کرنے والے ہوتے ہیں لہذا جبرائیل و میکائیل علیہم السلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں یا یوں کہیے کہ حضور علیہ السلام ان کے بھی رسول ہیں۔

## دلیل نمبر 5:

حضرت عبادہ بن صامت اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کا نقش "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" تھا جس سے ثابت ہوا کہ آپ انبیاء کے بھی رسول ہیں اور انبیاء علیہم السلام فرشتوں سے افضل ہیں لہٰذا آپ فرشتوں کے بھی رسول ہیں پھر مسلم شریف کی حدیث ہے اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّةً میں ساری مخلوق کا رسول ہوں اور فرشتے بھی مخلوق ہیں لہذا فرشتوں کے بھی رسول ہیں۔

(الحاوی للفتاویٰ، ج ۲، ص ۱۴۱ تا ج ۲، ص ۱۴۶)

جیسے سب کا خدا ہے ویسے ہی
ان کا ان کا تمہارا ہمارا نبی

Marfat.com

جب یہ ثابت ہوا کہ فرشتے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں تو اب سنئے کہ بعض فرشتے بھی مشکل کشا ہیں۔ مثلاً جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کر دیا گیا تو آپ نے فرمایا ان چھ میں سے کسی کو خلیفہ مقرر کر لو۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی ابا جان لوگ ان چھ آدمیوں کو پسند نہیں کرتے۔ آپ نے فرمایا مجھے سہارا دے کر بٹھا دو پھر فرمایا لوگ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جب عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی وفات ہو گی تو ان کی نماز جنازہ فرشتے پڑھیں گے میں نے عرض کی یہ عثمان رضی اللہ عنہ کی خاصیت ہے یا یہ حکم عام لوگوں کے لئے ہے۔ فرمایا یہ صرف عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے ہے۔ پھر فرمایا لوگ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ حضور علیہ السلام کو شدت کی بھوک تھی۔ عبدالرحمٰن بن عوف دو روٹیاں گھی والی لائے اور آپ کی خدمت میں پیش کر دیں۔ آپ نے فرمایا یا اللہ تعالیٰ! تیری دنیا کے لئے کافی ہے اور تیری آخرت کا میں ضامن ہوں پھر فرمایا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں لوگ کیا کہتے ہیں ایک سخت سرد رات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کا کجاوہ گر پڑا۔ آپ نے فرمایا جو اس کجاوہ کو درست کر دے اس کے لئے جنت ہے۔ حضرت طلحہ نے وہ کجاوہ درست کر دیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَكَ الْجَنَّةُ عَلَيَّ يَا طَلْحَةُ اے طلحہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! تیرے لئے جنت میرے ذمے ہے۔

اور ایک روایت میں آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے طلحہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! یہ جبرائیل علیہ السلام تمہیں سلام کہتے ہیں اور کہتے ہیں اَنَا مَعَكَ فِي اَهْوَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى اُنْجِيَكَ مِنْهَا○

میں قیامت کے دن ہولناک مناظر میں تمہارے ساتھ ہوں گا یہاں

Marfat.com

تک کہ میں ان سے تمہیں نجات دوں گا پھر فرمایا لوگ زبیر بن العوام کے بارے میں کیا کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ محو خواب ہیں اور حضرت زبیر بیدار ہونے تک آپ کو پنکھا جھلتے رہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کب سے پنکھا جھل رہے ہو عرض کی جب سے آپ ﷺ سوئے ہوئے ہیں آپ نے فرمایا یہ جبرائیل علیہ السلام تمہیں سلام کہتے ہیں۔ اور کہتے ہیں اَنَا مَعَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى اَذُبَّ عَنْ وَجْهِكَ جَهَنَّمَ ○

میں قیامت کے دن تمہارے ساتھ رہوں گا یہاں تک کہ تیرے چہرے سے جہنم کو دور کر دوں گا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بارے میں لوگ کیا کہتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے سنا اے علی (کرم اللہ وجہہ)! اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دو قیامت کے دن جہاں میں داخل ہوں گا تو بھی میرے ساتھ داخل ہو گا پھر فرمایا لوگ سعد بن ابی وقاص کے بارے میں کیا کہتے ہیں میں نے بدر کے دن دیکھا کہ نبی کریم ﷺ نے چودہ مرتبہ تیر کمان میں رکھ کر سعد بن ابی وقاص کو دیا اور فرمایا میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہو جائیں تیر چلاؤ۔

(کنز العمال، ج ۱۳، ص ۲۴۶) (طبرانی اوسط، ج ۴، ص ۱۲۳)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ:

(۱) قیامت کے دن حضرت جبرائیل امین علیہ السلام حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے ہولناک مناظر دور کر کے اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے شر جہنم دور کر کے ان کی مشکل کشائی فرمائیں گے اور علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی نے جواہر البحار میں لکھا ہے کہ اِنَّمَا جِبْرِيْلُ خُلِقَ لِخِدْمَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام کی تخلیق ہمارے نبی کی خدمت کے لئے ہوئی ہے۔

Marfat.com

محمدؐ کا اعلیٰ مقام اللہ اللہ
ہے جبریل ان کا غلام اللہ اللہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام جبرائیل علیہ السلام مشکل کشا ہے تو آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم یقیناً مشکل کشا ہیں۔

(۲) حضور علیہ السلام نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا تیرے لئے جنت میرے ذمے ہے پتہ چلا کہ خدا تعالیٰ نے جنت آپ کی ملکیت میں دے دی ہے۔آپ جس کو چاہیں جنت عطا فرما دیں بلکہ امام ابن سبع نے لکھا ہے کہ:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اَقْطَعَہٗ اَرْضُ الْجَنَّۃِ یُعْطٰی مِنْھَا مَاشَاءَ لِمَنْ یَّشَاءَ ○

خدا تعالیٰ نے جنت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جاگیر بنا دی ہے۔آپ جنتی جنت جس کو چاہیں عطا کر دیں۔

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو
ہم رسول اللہؐ کے جنت رسول اللہؐ کی

(۳) علماء کرام فرماتے ہیں جو آدمی جس نعمت الٰہی کا منکر ہوتا ہے وہ اس نعمت سے محروم کر دیا جاتا ہے مثلاً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ یُؤْمِنْ بِھَا لَمْ یَکُنْ مِنْ اَھْلِھَا ○

میری شفاعت قیامت کے دن حق ہے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا وہ میری شفاعت کا مستحق نہیں۔لہٰذا جن کا عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دافع البلاء اور مشکل کشا نہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واقعی ان کے مشکل کشا نہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صرف ان کے لئے مشکل کشا ہیں جن کا عقیدہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے آپ کو مشکل کشائی کا وصف عطا کیا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ جب مسلمان کسی مسلمان کا دل خوش

Marfat.com

کرتا ہے تو اللہ اس خوشی سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت تمجید اور توحید بیان کرتا ہے جب وہ مسلمان اپنی قبر میں جاتا ہے اس کے پاس آ کر کہتا ہے کیا تو مجھے نہیں پہچانتا وہ مسلمان کہتا ہے تو کون ہے یہ فرشتہ کہتا ہے میں وہ خوشی ہوں جو تو نے فلاں مسلمان کے دل میں داخل کی تھی۔

اَنَا الْیَوْمُ اُوْنِسَ وَحْشَتَكَ وَاُلَقِّنُكَ حُجَّتَكَ وَاُثَبِّتُكَ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ اَشْهَدُكَ مُشَاهِدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاُرِيْكَ مَنْزِلَكَ مِنَ الْجَنَّةِ ○

میں تیرا جی بہلا کر تیری وحشت دور کروں گا میں تجھے تیری حجت سکھاؤں گا تجھے محشر کی بارگاہ میں لے جاؤں گا میں تیرے رب کے حضور تیری شفاعت کروں گا میں تجھے جنت میں تیرا مکان دکھاؤں گا۔

(الامن والعلیٰ، ص ۲۵۳)

مقام غور ہے کہ وہ فرشتہ قبر کی تنہائی میں اس مسلمان کی گھبراہٹ دور کرے گا اور قبر میں نکیرین کے سوالات کے وقت اس کی مدد کرے گا تاکہ وہ ان سوالات کے جوابات درست دے سکے۔ پھر قیامت کی فزع اکبر اور ہولناک منظر سے اس کی نجات کا سبب بنے گا یہ سب باتیں اس بات کی دلیل ہیں کہ وہ فرشتہ اس مسلمان کے لئے مشکل کشا ثابت ہوگا جب حضور اکرم ﷺ کا امتی مشکل کشا ثابت ہوسکتا ہے تو آقا محمد ﷺ تو یقیناً مشکل کشا ہیں۔

ایک مرتبہ امیر المومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ حضرت ام کلثوم دختر امیر المومنین مولا علی کرم اللہ وجہہ کو بلایا اور ان کو روتے ہوئے پایا سبب پوچھا کیا امیر المومنین یہ یہودی بنی کعب احبار کہتا ہے کہ آپ جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر ہیں۔ امیر المومنین نے فرمایا جو خدا چاہے خدا کی قسم! بے شک مجھے امید ہے کہ مجھے میرے رب نے سعید پیدا فرمایا ہے۔

Marfat.com

پھر حضرت کعب احبار کو بلا بھیجا انہوں نے حاضر ہو کر عرض کی مجھ پر جلدی نہ فرمائیں قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ذی الحجہ کا مہینہ گزرنے نہ پائے گا کہ آپ جنت میں تشریف لے جائیں گے فرمایا یہ کیا بات ہوئی کبھی جنت میں کبھی دوزخ میں عرض کی یا امیر المومنین قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آپ کو کتاب اللہ میں جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر پاتے ہیں کہ آپ لوگوں کو جہنم میں گرنے سے روکے ہوئے ہیں جب آپ کا انتقال ہوگا تو لوگ قیامت تک جہنم میں گریں گے۔ (طبقات ابن سعد، ج ۳، ص ۳۳۱)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا وجود اقدس مسلمانوں کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ تھا کہ لوگوں کو جہنم میں گرنے سے روکے ہوئے تھا گویا ان کے حق میں مشکل کشا تھا دافع البلاء تھا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے ایک خلیفہ مشکل کشا ہیں تو آپ بطریق اولیٰ اس وصف سے متصف ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے آپ نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں تین سو اولیاء کرام ہیں کہ ان کے دل قلب حضرت آدم علیہ السلام پر ہیں اور چالیس کے دل قلب حضرت موسیٰ علیہ السلام اور سات کے دل قلب حضرت ابراہیم علیہ السلام اور پانچ کے دل قلب حضرت جبرائیل علیہ السلام اور تین کے دل قلب حضرت میکائیل علیہ السلام اور ایک کا دل قلب حضرت اسرافیل علیہ السلام پر ہے۔ جب وہ ایک مرتا ہے تو تین میں سے اس کا قائم مقام بنا دیا جاتا ہے اور جب ان تین میں سے کوئی مرتا ہے تو پانچ میں سے اس کا بدل کر دیا جاتا ہے اور پانچ کا عوض سات اور سات کا عوض چالیس میں سے اور چالیس کا تین سو میں سے اور تین سو کا بدل عام مسلمانوں سے کر دیا جاتا ہے۔

فَبِهِمْ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَيُمْطِرُ وَيُنْبِتُ وَيَدْفَعُ الْبَلَاءَ ○

Marfat.com

ترجمہ: اور ان تین سو چھپن اولیاء سے موت وحیات بارش کا ہونا نباتات کا اگنا اور بلاؤں کا دفع ہونا ہوا کرتا ہے۔

(حلیۃ الاولیاء۔ابن عساکر۔ج ۲،ص ۲۴۷ الحاوی للفتاویٰ)

اس حدیث سے پتہ چلا کہ ان تین سو چھپن اولیاء کرام کی برکت اور وسیلے سے لوگوں کو موت اور زندگی عطا ہوتی ہے ان پر بارش نازل ہوتی ہے نباتات گندم وغیرہ اگتی ہے لوگوں کی بلائیں دور ہوتی ہیں ان کی مشکلات دور ہوتی ہیں۔

ہر مشکل دی کنجی یارو اینا ں ہتھ مرداں دے آئی
مرد نگاہ کرے اک واری تے مشکل روے نہ کائی

ایک حدیث قدسی میں ہے خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اِنِّیْ لَاَھُمُّ بِاَھْلِ الْاَرْضِ عَذَابًا فَاِذَا نَظَرْتُ اِلٰی عِمَارِ بُیُوْتِیْ وَالْمُتَحَابِیْنَ فِیَّ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ عُرِفْتُ عَذَابِیْ عَنْھُمْ بِھِمْ ○

(شعب الایمان)

میں اہل زمین پر عذاب نازل کرنے کا ارادہ کرتا ہوں لیکن جب میں ان لوگوں کو دیکھتا ہوں جو میرے گھر آباد کرتے ہیں اور میرے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں تو ان سے اپنا عذاب پھیر لیتا ہوں ان لوگوں کے وسیلے سے۔

معلوم ہوا کہ مساجد کو آباد کرنے والے خدا کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرنے والے اور رات کے وقت استغفار کرنے والے وہ بابرکت لوگ ہیں جن کی وجہ سے آنے والا عذاب ٹل جاتا ہے اور لوگوں کو مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا

Marfat.com

واقعہ لکھا ہے کہ:

فرمایا ایک بار مجھے ایک مشکل پیش تھی اور حل نہ ہوتی تھی میں نے حطیم میں کھڑے ہو کر کہا تم لوگ تین سو ساٹھ یا کم زیادہ اولیاء اللہ یہاں رہتے ہو اور تم سے کسی غریب کی مشکل حل نہیں ہوتی تو پھر تم کس مرض کی دوا ہو یہ کہہ کر میں نے نماز نفل شروع کر دی میرے نماز شروع کرتے ہی ایک آدمی کالا سا آیا اور وہ بھی پاس ہی نماز میں مصروف ہو گیا اس کے آنے سے میری مشکل حل ہو گئی جب میں نے نماز ختم کی تو وہ بھی سلام پھیر کر چلا گیا۔ (امداد المشتاق، ص ۱۲۱)

## حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حاجت روا ہیں:

خدا تعالیٰ کی عطا سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق کے حاجت روا ہیں۔ مثلاً حضرت عثمان بن حنیف سے روایت ہے کہ ایک نابینا آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ عرض کی آپ دعا کریں۔ خدا تعالیٰ مجھے عافیت دے آپ نے فرمایا اگر تو چاہے تو میں تیرے لئے تاخیر کروں اور یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تو چاہے تو میں دعا کر دوں اس نے عرض کی آپ دعا کر دیں فرمایا جاؤ اچھی طرح وضو کرو پھر دو رکعتیں پڑھ کر یہ دعا مانگو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ ـــ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ (ابن ماجہ، ص ۹۹)

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں جو رحمت کے نبی ہیں اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف رجوع کرتا ہوں اس حاجت کے

Marfat.com

بارے میں کہ یہ میرے لئے پوری کر دی جائے اے اللہ! ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

اس حدیث سے پتہ چلا کہ وہ نابینا صحابی حضور اکرم ﷺ کو حاجت روا سمجھ کر اپنی حاجت آپ ﷺ کی بارگاہ میں لایا تھا بلکہ حصن حصین کی ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ لِتُقْضٰی لِیْ صیغہ معروف بھی آیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یا رسول اللہ ﷺ! میری حاجت دور فرمائیں اس صیغہ سے روایت کا مطلب یہ ہوا کہ اس صحابی نے آپ کو حاجت روا سمجھا اور ہمارا بھی یہی عقیدہ ہے معلوم ہوا کہ ہمارا عقیدہ وہی ہے جو صحابیء رسول کا عقیدہ ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی ماں سے کہا کہ مجھ کو اجازت دیجئے کہ میں جا کر حضور اکرم ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز ادا کروں اور پھر آپ کی خدمت میں اپنی اور تمہاری بخشش کی دعا کی درخواست کروں۔ والدہ نے اجازت دی اور میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مغرب کی نماز آپ کے ساتھ ادا کی پھر نوافل پڑھے اس کے بعد عشاء کی نماز پڑھی۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو کر چلنے لگے میں بھی آپ ﷺ کے پیچھے پیچھے چلا آپ نے میرے قدموں کی آہٹ سن کر فرمایا کیا تو خذیفہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہے؟ میں نے عرض کی ہاں!

قَالَ مَاحَاجَتُكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِاُمِّكَ ○

تیری کیا حاجت ہے خدا تجھے اور تیری والدہ کو بخشے۔

(پھر فرمایا) یہ ایک فرشتہ ہے جو اس رات سے پہلے نبی زمین پر نازل نہیں ہوا۔

اِسْتَاذَنَ رَبَّهٗ اَنْ يُّسَلِّمَ عَلَيَّ وَيُبَشِّرَنِيْ بِاَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ اَهْلِ

Marfat.com

الْجَنَّةِ وَاَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ○

(مشکوٰۃ، ترمذی، ص ۵۷۰)

اس نے اپنے رب سے اجازت لی کہ وہ مجھ پر سلام پیش کرے اور مجھے بشارت دے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تمام جنتی عورتوں کی سردار ہے اور امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

اس حدیث سے پتہ چلا کہ

(۱) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رسول کے پوشیدہ رازوں سے بھی واقف ہیں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنے آنے کا مقصد ابھی بیان نہیں کیا تھا کہ آپ نے خود ہی بیان فرما دیا کہ خدا تعالیٰ تجھے اور تیری ماں کو بخشے اور یہی ان کے آنے کا مقصد ہے۔

(۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا حَاجَتُكَ معلوم ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ یہ کوئی حاجت لے کر آیا اور ظاہر ہے کہ حاجت آدمی اس کے پاس لے کر جاتا ہے جسے وہ حاجت روا سمجھتا ہے پتہ چلا حضرت حذیفہ حضور علیہ السلام کو حاجت روا سمجھ کر آپ کی بارگاہ میں آئے تھے۔

(۳) فرشتے نوری مخلوق ہیں فرشتے نے خدا تعالیٰ سے اجازت لی کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پیش کرے پتہ چلا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہدیہ سلام پیش کرنا نوریوں کا طریقہ ہے ناریوں کا نہیں۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھتے ہیں خدا فرماتا ہے وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ اور رسولوں پر سلام ہو ثابت ہوا رسولوں پر سلام پڑھنا سنت الٰہیہ بھی ہے۔

(۴) حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تمام جنتی عورتوں کی سردار ہیں اور ان کے شہزادے جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ مومن جب اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے تو

Marfat.com

رب تعالیٰ حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے اس کی دعا قبول نہ کرو میں اس کی آواز سننا پسند کرتا ہوں اور جب فاجر دعا کرتا ہے تو خدا حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے:

اِقْضِ حَاجَتَهٗ فَاِنِّیْ لَا اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعُ صَوْتَهٗ ○

(مجمع الزوائد، ج ۱۰، ص ۱۵۱)

اس کی حاجت پوری کر دے میں اس کی آواز سننا پسند نہیں کرتا۔

اس حدیث سے پتہ چلا کہ:

(۱) حضرت جبرائیل امین علیہ السلام خدا کی عطا سے حاجت روا ہیں کیونکہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے اس کی حاجت پوری کر دے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی حاجت روا ہوسکتا ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بطریق اولیٰ حاجت روا ہو سکتے ہیں۔

اب ذرا مخالفین کے گھر کا ایک حوالہ ملاحظہ فرمائیں جو قبر سے حاجت روائی کے بارے میں ہے۔

مولوی اشرف علی تھانوی نے لکھا ہے کہ:

مولوی معین الدین حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے وہ حضرت مولانا (محمد یعقوب) کی ایک کرامت جو بعد وفات واقع ہوئی بیان فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ ہمارے نانوتہ میں جاڑہ بخار کی بہت کثرت ہوئی سو جو شخص مولانا کی قبر سے مٹی لے کر باندھ لیتا اسے آرام آجاتا بس اس کثرت سے مٹی لے گئے کہ جب بھی قبر پر مٹی ڈالی جائے تب ہی ختم۔ کئی مرتبہ ڈال چکا پریشان ہو کر ایک دفعہ مولانا کی قبر پر جا کر کہا آپ کی تو کرامت ہو گئی اور ہماری مصیبت ہو گئی۔ یاد رکھو اب کوئی اچھا ہوا تو ہم مٹی نہ ڈالیں گے ایسے ہی پڑے رہیو لوگ جوتا پہنے تمہارے اوپر سے گزریں گے بس اسی دن سے

Marfat.com

پھر کسی کو آرام نہ ہوا جیسے شہرت آرام کی ہوئی تھی ویسے ہی یہ شہرت ہوگئی کہ اب آرام نہیں ہوتا پھر لوگوں نے مٹی لے جانا بند کر دی۔ (حکایات اولیاء، ص ۳۷۵)

اس واقعہ سے پتہ چلا کہ:

(۱) مولوی یعقوب صاحب کی قبر کی مٹی سے بیماروں کی یہ حاجت روائی ہوتی تھی کہ ان کا بخار اتر جاتا ان کو آرام آ جاتا اگر ایک دیوبندی مولوی کی قبر کی مٹی میں تاثیر ہے تو پھر نبی کریم ﷺ میں کیا تاثیر ہوگی۔

(۲) صاحبزادے نے اپنے باپ کو خطاب کیا معلوم ہوا کہ وہ اپنے باپ کو قبر میں زندہ تصور کرتے تھے پھر نبی کی حیات کا کیا کمال ہوگا۔

(۳) صاحب مزار کا اختیار دیکھئے کہ پہلے اپنی قبر کی مٹی میں تاثیر شفا پیدا کر دی اور جب بیٹے کی ناراضگی دیکھی تو تاثیر شفا سلب کر لی لیکن نبی کے بارے میں ان کا عقیدہ ہے کہ:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"

یہ ہے دیوبندیوں کے ہاں عقیدہ۔

(۴) اگر دیوبندی مولوی یعقوب کی قبر سے فیض جاری ہو سکتا ہے تو حضور داتا صاحب۔ بابا فرید۔ خواجہ معین الدین چشتی۔ اور حضور غوث اعظم کے مزارات سے فیض کیوں نہیں مل سکتا۔

دیو بندیوں میں شرم کا کچھ بھی اثر نہیں
ہے اعتراض غیروں پر اپنی خبر نہیں

اسماعیل دہلوی کے پیر و مرشد سید احمد بریلوی کے بھانجے اور خلیفہ سید محمد علی نے سفر حج کے دوران کا ایک واقعہ لکھا ہے کہ:

اسی اثناء میں آدھی رات کے وقت ہم لوگ وادی سرف میں جہاں ام

Marfat.com

المومنین حضرت سیدہ میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مزار ہے پہنچے۔ اتفاق کی بات کہ اس دن میں بالکل بھوکا تھا اور جب صبح آنکھ کھلی تو بھوک سے بالکل بے دم ہو چکا تھا۔ میرے چہرے کا چاند گہنا چکا تھا صرف ایک روٹی کے حصول کے لئے ہر کسی کے پاس دوڑا مگر کہیں سے مطلوب حاصل نہ ہوا۔ مجبور ہو کر ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے روضہ پر حاضری دی اور آپ کی قبر انور سے رزق کی بھیک مانگی اور کہا اے میری دادی جان! میں آپ کا مہمان ہوں کھانے کے لئے کوئی چیز عنایت فرمائیں پھر میں نے سلام عرض کیا سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب آپ کی روح کو پہنچایا میں نے آپ کی قبر انور پر سر رکھا ناگاہ اللہ تعالیٰ نے تازہ انگوروں کے دو خوشے میرے ہاتھوں پر ڈال دیئے عجب تماشہ یہ کہ ان دنوں موسم سرما تھا اور کسی جگہ تازہ انگور دستیاب نہ تھے انتہائی حیرت ہوئی ان انگوروں میں سے کچھ وہیں کھائے اور کچھ حجرہ مقدسہ سے باہر جا کر تقسیم کئے۔

(مخزن احمدی، ص ۹۹)

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ:

قضائے حاجت کے لئے قبر پر جانا اور صاحب قبر سے مطلب برآری کی درخواست کرنا جائز ہے۔ جب کہیں سے کھانا میسر نہ ہوا تو ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر سے ملا نیز قبر پر جا کر فاتحہ پڑھنا ایصال ثواب کرنا صاحب قبر سے خطاب کرنا اور یہ عقیدہ رکھنا کہ صاحب قبر آواز کو سن کر مدد فرما سکتا ہے حاجت روائی کر سکتا ہے یہ سب امور جائز ہیں شرک نہیں۔ یہ ہے ہماری حقانیت کی بین دلیل کہ عقائد ہمارے ہیں اور ثابت ہو رہے ہیں مخالفوں کی کتابوں سے۔

Marfat.com

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مددگار ہیں:

علامہ محمود آلوسی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبداللہ بن سلام اور ان کی ایک جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے گھر دور ہیں اور اس مجلس کے سوا ہماری اور کوئی مجلس نہیں ہماری قوم کو جب علم ہوگا کہ ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لا چکے ہیں تو وہ ہم سے قطع تعلق کر لیں گے ہمارے ساتھ بات چیت اٹھنا بیٹھنا سلسلہ مناکحت وغیرہ تمام تعلقات منقطع کر لیں گے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ تمہارے مددگار اللہ اور اس کا رسول ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے کچھ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین قیام میں تھے اور کچھ رکوع میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں میں سے ایک سائل کو دیکھا آپ نے اس سے پوچھا تمہیں کسی شخص نے کچھ دیا ہے سائل نے کہا ہاں چاندی کی ایک انگوٹھی۔ فرمایا کس نے دی ہے وہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نماز پڑھ رہے تھے ان کی طرف اشارہ کر کے کہا انہوں نے دی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کس حالت میں؟ سائل نے کہا حالت رکوع میں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی سے نعرۂ تکبیر بلند فرمایا پھر یہ آیت تلاوت فرمائی:

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رَاکِعُوْنَ ○

اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور ایمان والے تمہارے مددگار ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور حالت رکوع میں صدقہ دیتے ہیں۔

(روح المعانی، ج ۴، ص ۱۶۷)

Marfat.com

اس آیت سے پتہ چلا کہ:

(۱) خدا تعالیٰ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ مومنوں کے مددگار ہیں اور قیامت تک کے مسلمانوں کے مددگار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مشکل کشا کہا جاتا ہے۔

بانوئے آں تاجدار ھل اتیٰ
مرتضیٰؓ مشکل کشا شیر خدا

جب وفد ہوازن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے اموال وعیال جو مسلمان غنیمت میں لائے تھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگے اور طالب احسان ہوئے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

اِذَا صَلَّیْتُ الظُّھْرَ فَقُوْمُوْا فَقُوْلُوْا اِنَّا نَسْتَعِیْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ نِسَائِنَا وَاَبْنَائِنَا○ (نسائی شریف، ج ۲، ص ۱۳۶)

جب میں ظہر کی نماز پڑھ لوں تو تم کھڑے ہو جانا اور کہنا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد مانگتے ہیں۔ مومنین پر اپنی عورتوں اور بچوں کے بارے میں۔

اس حدیث میں غور کرو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ان کو تعلیم فرمائی کہ مجھ سے مدد مانگو اگر آپ مددگار نہ ہوتے تو یہ تعلیم ارشاد نہ فرماتے۔

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علم مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنَ کلی طور پر جانتے ہیں۔''

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

لَا اَصْغَرَ مِنْ ذَالِكَ وَلَا اَکْبَرَ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ○

کوئی چیز ذرہ سے چھوٹی ہو یا بڑی لوح محفوظ میں مذکور ہے۔

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ ○

کوئی تر اور خشک چیز ایسی نہیں جو لوح محفوظ میں نہ ہو۔

Marfat.com

كُلُّ صَغِيْرٍ وَ كَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ○

ہر چھوٹی بڑی چیز لوحِ محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ○

ہم نے ہر شیء کو لوحِ محفوظ میں محفوظ کر رکھا ہے۔

وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ○

زمین و آسمان کا کوئی غیب نہیں جو لوحِ محفوظ میں نہ ہو۔

معلوم ہوا کہ کل شیء کا علم لوحِ محفوظ میں موجود ہے اور لوحِ محفوظ کا علم قرآن میں ہے ارشادِ خداوندی ہے:

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتَابِ لَارَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ ○

یہ قرآن ایسا نہیں کہ اس کو خدا کے سوا کوئی بنا لے وہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے اور بلاشبہ تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے لوحِ محفوظ کی تفصیل ہے۔

ہر چیز کا علم لوحِ محفوظ میں اور لوحِ محفوظ کا علم قرآن اور اب سنئے قرآن کا علم سینہء مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے خدا فرماتا ہے۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ رحمان نے اپنے رسول کو قرآن سکھایا۔ قرآن کریم خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ○

اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وہ کتاب نازل فرمائی جس میں ہر شے کا بیان ہے۔

ایک اور جگہ خدا تعالیٰ کا فرمان ذیشان اس طرح ہے۔

مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ تَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ ○

Marfat.com

یہ کوئی گھڑی ہوئی بات نہیں بلکہ پہلی کتابوں کی تصدیق اور کل شیء کی تفصیل ہے۔

پتہ چلا کہ ہر چیز کا علم قرآن کریم میں اور قرآن کریم کا علم سینۂ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ خدا نے کل شیء کا علم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا ہے۔

حضرت سواد بن قارب رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول فرما کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت پڑھی جس میں ایک شعر یہ بھی تھا:

فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ لَا رَبَّ غَيْرُهٗ وَاِنَّكَ مَاْمُوْنٌ عَلٰى غَائِبٍ ○

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی پروردگار نہیں اور خدا کے کل غیب پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم امین ہیں۔ یہ شعر سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے خوش ہوئے۔

(دلائل النبوت، ج ۲ ص ۳۱، دلائل النبوت، ج ۱، ص ۳۳،
خصائص کبریٰ، ج ۱، ص ۳۵۵)

معلوم ہوا کہ یہ عقیدہ رکھنا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کل غیب جانتے ہیں ایسا عقیدہ ہے جس سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوتے ہیں۔ الحمد للہ ہمارا بھی یہی عقیدہ ہے لہذا اللہ کا رسول ہم سے خوش ہے۔

تیری نظر میں رائی رائی علم میں ترے ساری خدائی
تجھ کو خدا نے آپ پڑھایا صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

# خلق عظیم

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○

ترجمہ: آپ خلق عظیم پر فائز ہیں۔

انسان کے باطنی اوصاف کا نام خلق ہے۔ رسول اللہ ﷺ پر چالیس سال کی عمر میں قرآن نازل ہونا شروع ہوا اور بقیہ پوری زندگی میں ۲۳ سال تک قرآن نازل ہوتا رہا جو اخلاق اور اوصاف حمیدہ قرآن نے آپ ﷺ کی پیدائش کے چالیس سال بعد بیان کرنے شروع کئے اور ۲۳ سال تک جن احکام کا نزول ہوتا رہا رسول خدا ﷺ اس کے نزول سے بہت عرصہ پہلے ان اوصاف سے متصف تھے۔ قرآن کریم کے بیان کردہ اوصاف جن کو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے بعثت کے بعد آپ کے سینے پر نازل کیا وہ تمام اوصاف قبل از بعثت آپ کے اندر موجود تھے کیونکہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْآنَ آپ کا خلق قرآن ہے۔

امام رازی نے آیت تلاوت وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ کے بارے میں فرمایا کہ کمال انسانی علم اور عمل کے اعتبار سے ظاہر ہوتا ہے رسول خدا ﷺ کے کمال علمی کو خدا نے اس طرح بیان فرمایا وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا اور آپ جو کچھ نہیں جانتے تھے اللہ نے آپ ﷺ کو سکھا دیا اور یہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر فضل عظیم ہے اور کمال عملی اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے۔ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ آپ کے علم اور عمل دونوں کو خدا نے عظیم قرار دیا ہے اور جس چیز کو اللہ عظیم کہہ دے اس کی عظمتوں کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ امام

Marfat.com

رازی فرماتے ہیں کہ تمام انبیاء میں اجتماعی طور پر جس قدر اخلاق حمیدہ اور اوصاف کریمہ پائے جاتے تھے ہمارے نبی کریم ﷺ ان تمام اوصاف کے حامل تھے۔

عام طور پر لوگ اچھا کہلانے میں اچھائی کے تابع ہوتے ہیں لیکن آپ کا معاملہ ایسا نہیں ہے یہاں اچھائی اور نیکی آپ کے عمل کے تابع ہے۔ جس کام کو آپ نے کرلیا وہ اچھا ہو گیا اور جس کام سے روک دیا وہ برا ہو گیا نماز اچھا کام ہے لیکن اگر کوئی ان اوقات مین نماز پڑھے جن میں نماز پڑھنے میں آپ نے روک دیا ہے تو ناجائز اور گناہ ہے اگر کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز نہ پڑھی جائے تو قبول نہیں خواہ کتنے ہی خشوع وخضوع سے ادا کی جائے اس نماز میں رکوع اور سجود قیام سب کچھ ہے لیکن اس لئے قبول نہیں کہ نمازی نے اس طرف منہ نہیں کیا جدھر آپ منہ کرتے تھے۔ جب آپ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے اس وقت اگر کوئی کعبو کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتا تو اس کی نماز نہ ہوتی اور پھر آپ کی برکت سے کعبہ قبلہ بن گیا تو اب بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے کی نماز نامقبول ہے۔ کیونکہ مقصود نہ کعبہ ہے اور نہ بیت المقدس بلکہ مقصود آپ ﷺ کی اقتداء ہے۔ اب تفصیل سے آپ کا اخلاق بیان کیا جاتا ہے سماعت فرمائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ میں محاسن اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں۔

ایک حدیث میں فرمایا: اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا ○

(شعب الایمان، ج ۶، ص ۲۳۰)

کامل مومن وہ ہے جس کا اخلاق اچھا ہے۔ ایک حدیث میں یوں آیا کہ

مَامِنْ شَیْءٍ اُثْقِلَ فِی الْمِیْزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ ○

Marfat.com

میزان میں سب سے زیادہ بھاری اچھا اخلاق ہے۔

ایک جگہ فرمایا: حُسْنُ الْخُلُقِ يُذِيْبُ الْخَطَايَا كَمَا تُذِيْبُ الشَّمْسُ الْجَلِيْدَ○ (شعب الایمان، ج۶، ص ۲۴۷)

اچھا اخلاق گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے جس طرح سورج منجمد چیز کو پگھلا دیتا ہے۔

ایک حدیث ہے کہ حسن خلق خدا کی رحمت کی نکیل ہے جو خلیق کی ناک میں ہے اور نکیل بادشاہ یعنی خدا کے ہاتھ میں ہے۔ خدا اسے نیکی کی طرف کھینچتا ہے نیکی اسے جنت کی طرف لے جاتی ہے برا اخلاق خدا کے عذاب کی نکیل ہے جو بد خلق کی ناک میں ہے اور نکیل شیطان کے ہاتھ میں ہے۔ شیطان اس کو برائی کی طرف لے جاتا ہے اور برائی دوزخ کی طرح لے جاتی ہے۔

(شعب الایمان، ج۶، ص ۲۴۸)

## عفو و درگذر:

خدا فرماتا ہے: فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ پس ان کو معاف کر اور درگذر کر بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ایک اور جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ○

غصہ کو پی جانے والے لوگوں کو معاف کرنے والے اور اللہ نیک کام کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

اب اس موضوع پر چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

## حدیث نمبر 1:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اِنْفَاذِهٖ خَيَّرَهُ اللّٰهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ ○ جو غصہ کو پی گیا حالانکہ غصہ کے نفاذ پر قادر تھا تو اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اسے حورعین پر اختیار دے گا۔

(طبرانی صغیر، ج ۲، ص ۱۲۳) (شعب الایمان، ج ۶، ص ۳۱۳)

## حدیث نمبر 2:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی سے انتقام نہیں لیا ہاں جب بھی حرمت اللہ کی بے حرمتی ہوئی تو اللہ کے واسطے اس کا انتقام لیا۔ (بخاری شریف)

## حدیث نمبر 3:

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ کے لئے طائف تشریف لے گئے وہاں مشرکوں نے آپ پر اتنی سنگ باری کی کہ آپ کی نعلین مبارک خون سے بھر گئی۔ جب آپ وہاں سے واپس ہوئے تو پہاڑوں کا فرشتہ حاضر خدمت ہوا اور عرض کی یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) اگر آپ چاہیں تو میں پہاڑوں کو ان پر الٹ دوں۔ اس کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نہیں چاہتا کہ وہ ہلاک ہوں بلکہ مجھے اس بات کی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی پشتوں سے ایسے بندے پیدا کرے گا جو صرف خدا کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے۔ (مشکوۃ)

الٰہی فضل کر کہسار طائف کے مکینوں پر
الٰہی پھول برسا پتھروں والی زمینوں پر

Marfat.com

جناب رحمۃ للعالمین نے ہنس کے فرمایا
کہ میں اس دہر میں قہر و غضب بن کر نہیں آیا

## حدیث نمبر 4:

جب نبی کریم ﷺ قبیلہ غطفان کے ساتھ جنگ کے لئے تشریف لے گئے تو اس سفر میں یہ واقعہ پیش آیا کہ راستہ میں بارش ہوگئی اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے کپڑے بھیگ گئے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے بھیگے ہوئے کپڑے ایک درخت پر سوکھنے کے لئے ڈال دیئے اور خود اس درخت کے نیچے لیٹ گئے قبیلہ غطفان کے لوگ جو آپ کی خبر سن کر پہاڑوں میں منتشر ہو گئے تھے ان میں سے ایک آدمی نے آپ کو دیکھ لیا اور اپنے سردار دعثور سے کہا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) اس وقت درخت کے نیچے تنہا ہیں اور ان کے اصحاب منتشر ہیں تو جا کر ان کو قتل کر دے۔ دعثور نے ایک تیز تلوار لی اور ننگی تلوار لے کر آپ ﷺ کے پاس کھڑا ہو گیا اور کہا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم)! آج تجھ کو میری تلوار سے کون بچائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ بچائے گا۔ آپ ﷺ کا یہ فرمانا تھا کہ حضرت جبرائیل امین علیہ السلام نے دعثور کے سینے پر مکہ مارا اسی وقت تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی اور نبی کریم ﷺ نے اس تلوار کو اٹھا لیا اور فرمایا اب تم بتاؤ تمہیں میرے ہاتھ سے کون بچائے گا اس نے کہا کوئی نہیں اور اسلام لے آیا اور پڑھ لیا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور یہ وعدہ کیا کہ اب میں آپ کے مقابلے کے لئے کوئی لشکر جمع نہیں کروں گا۔ آپ ﷺ نے دعثور کو اس کی تلوار واپس کر دی۔

(زرقانی، ج ۲، ص ۱۴)

Marfat.com

## حدیث نمبر 5:

ثمامہ بن اثال یمامہ کا سردار تھا اور رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنا چاہتا تھا۔ آپ نے دعا فرمائی اے خدا اس کو میرے قابو میں کر دے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے سواروں کا ایک دستہ یمامہ کی طرف بھیجا۔ وہ ثمامہ بن اثال کو پکڑ کر لے آئے اور اسے مسجد کے ایک ستون کے ساتھ باندھ دیا۔ نبی پاک ﷺ تشریف لائے اور فرمایا ثمامہ کیا کہتے ہو۔ ثمامہ نے کہا یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)! اگر آپ مجھے قتل کریں گے تو ایک خونی کو قتل کریں گے اور اگر احسان کریں گے تو ایک شکر گزار پر احسان کریں گے اور اگر آپ زر فدیہ لینا چاہتے ہیں تو جس قدر مانگیں گے دے دوں گا۔ آپ ﷺ نے یہ سن کر کچھ جواب نہ دیا۔ دوسرے روز بھی یہی گفتگو ہوئی تیسرے روز آپ نے اس کا یہی جواب سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا ثمامہ کو کھول دو۔ یہ عنایت دیکھ کر اس نے مسجد کے قریب ایک درخت کی آڑ میں غسل کیا اور مسجد میں آ کر کلمہ شہادت پڑھا اور کہنے لگا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)! خدا کی قسم میرے نزدیک روئے زمین پر آپ ﷺ کے چہرہ سے بڑھ کر کوئی مبغوض نہ تھا اب وہی چہرہ تمام چہروں سے زیادہ مجھے محبوب ہے۔ اللہ کی قسم! میرے نزدیک کوئی دین آپ ﷺ کے دین سے بڑھ کر مبغوض نہ تھا مگر اب وہ دین تمام ادیان سے زیادہ محبوب ہے۔ اللہ کی قسم! میرے نزدیک تمام شہروں سے زیادہ مبغوض آپ ﷺ کا شہر تھا لیکن اب آپ ﷺ کا شہر تمام شہروں سے زیادہ محبوب ہے۔

(بخاری کتاب المغازی)

Marfat.com

سلام اس پر کہ جس نے خوں کے پیاسوں کو قبائیں دیں
سلام اس پر کہ جس نے گالیاں سن کر دعائیں دیں

## حدیث نمبر 6:

فتح مکہ کے موقع پر حضرت عباس ابوسفیان کو لے کر حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ آپ نے کلمہ پڑھایا پھر فرمایا اپنے مہمان کو لے جاؤ اور صبح ان کو لے آنا۔ جب صبح کو لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! ابوسفیان شرف کو پسند کرتا ہے ان کو کسی شرف سے مشرف فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو آج ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے اس کے لئے امان ہے۔ عرض کی میرے گھر میں گنجائش ہی کتنی ہے۔ فرمایا جو کعبہ میں داخل ہو جائے اس کے لئے امان ہے عرض کی کعبہ میں بھی بھلا کتنی گنجائش ہے فرمایا جو مسجد حرام میں داخل ہو جائے اس کے لئے امان ہے عرض کی اس میں بھی اتنی گنجائش نہیں فرمایا جو اپنے گھر کا دروازہ بند کرے اس کے لئے امان ہے کہا ہاں! یہ ٹھیک ہے۔

(دلائل النبوت، ج ۲۴، ص ۳۲)

# رسول خدا ﷺ کا حلم

## حدیث نمبر 1:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن وعظ فرما رہے تھے اچانک اٹھے ایک دیہاتی کو دیکھا اس کے پاس ایک چادر تھی جو خوبصورت کے موٹے حاشیے والی تھی اس نے وہ چادر آپ ﷺ کے گلے میں ڈال کر بل دیا کہ حضور اکرم ﷺ کی گردن میں نشان پڑ گئے۔ اس اعرابی نے کہا میرے یہ دو اونٹ ہیں ان پر خوراک کا بوجھ لاد دو۔ آپ کے پاس جو مال ہے نہ

Marfat.com

وہ آپ کا ہے نہ آپ کے باپ کا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا نہیں اللہ سے استغفار کرو یہ تین مرتبہ فرمایا اور فرمایا پہلے مجھے بدلہ دو اس اعرابی نے کہا نہیں بدلہ نہیں دوں گا۔ حضور اکرم ﷺ نے ایک آدمی کو بلا کر فرمایا ایک اونٹ پر جو اور دوسرے پر کھجوریں لاد دو پھر آپ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا چلو چلیں۔

(شعب الایمان بخاری و مسلم، ج ۶، ص ۳۵۰)

## حدیث نمبر 2:

حضرت زید بن سعنہ ایک یہودی عالم تھا وہ کہتا ہے کہ میں نے تورات میں نبی آخر الزماں کی جو علامات پڑھی تھیں وہ سب میں نے رونے محمد ﷺ کو دیکھتے ہی پہچان لیں صرف دو خصائل ایسے تھے جن کا آزمانا باقی تھا۔ آپ کا حلم آپ کے غضب پر سبقت لے جاتا ہے ایک اور دوسری یہ کہ شدت جہالت آپ کے حلم میں اضافہ کر دیتی ہے ان دونوں کو آزمانے کے لئے میں موقع کا منتظر تھا اور آپ ﷺ سے نرمی سے پیش آتا تھا ایک روز رسول خدا ﷺ اپنے گھر سے نکلے آپ کے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ تھے ایک بادیہ نشین سوار آپ کی خدمت میں آیا اور یوں عرض کرنے لگا یا رسول اللہ ﷺ! قبیلے کے لوگ ایمان لائے ہیں میں ان سے کہا کرتا تھا کہ اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو تمہیں رزق بکثرت ملے گا اب ان کے ہاں بارش نہ ہونے کی وجہ سے قحط سالی ہے۔ یا رسول اللہ ﷺ مجھے اندیشہ ہے کہیں وہ طمع کے سبب سے اسلام سے برگشتہ نہ ہو جائیں کیونکہ طمع کے لئے ہی وہ اسلام لائے تھے۔ اگر آپ ﷺ کی رائے مبارک ہو تو ان کی امداد فرمائیے یہ سن کر نبی کریم ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف دیکھا انہوں نے عرض کی اس میں سے تو کچھ باقی نہیں بچا۔ یہ دیکھ کر زید بن سعنہ کہتے ہیں

Marfat.com

میں آگے بڑھا اور آپ ﷺ سے کھجوروں کی مقدار میعاد معین پر خرید کی اور اس کی قیمت اسی ۸۰ مثقال سونا پیشتر دے دیا اور آپ ﷺ نے وہ سونا اس سوار کو دے دیا اور فرمایا جلدی جا کر ان میں تقسیم کر دو جب میعاد ختم ہونے میں دو تین دن باقی رہ گئے تو رسول پاک ﷺ ایک انصاری کے جنازے کے ساتھ نکلے۔ آپ کے ہمراہ دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم بھی تھے جب آپ جنازے سے فارغ ہوئے اور بیٹھنے کے لئے ایک دیوار کے قریب پہنچے تو میں نے آگے بڑھ کر آپ کی قمیض اور چادر کے دامن پکڑ گئے اور تند نگاہ سے آپ کی طرف دیکھ کر یوں کہا اے محمد ﷺ! تو میرا حق ادا نہیں کرتا۔ اے عبدالمطلب کے خاندان والو! قسم خدا کی! تم ادائے حق سے گریز کرنے کے حیلے تلاش کرتے رہتے ہو۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تیز نگاہ سے میری طرف دیکھا اور کہا۔ او دشمن خدا! کیا تو رسول کریم ﷺ سے یہ کہتا ہے جو میں سن رہا ہوں اور آپ کے ساتھ یہ سلوک کر رہا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اگر مجھے مسلمانوں اور تیری قوم کے درمیان صلح فوت ہو جانے کا ڈر نہ ہوتا تو اپنی تلوار سے تیرا سر اڑا دیتا۔ رسول خدا ﷺ نے آرام اور تبسم کی حالت میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا عمر (رضی اللہ عنہ)! مجھے اور اسے بجائے اس سختی کے اس بات کی زیادہ ضرورت تھی کہ مجھے حسن ادائے حق اور اسے حسن تقاضا کا امر کرتا۔ اے عمر رضی اللہ عنہ! اس کو لے جاؤ اور اس کا حق ادا کر دو اور اسے جو تم نے دھمکایا ہے اس کے عوض بیس صاع کھجوریں اور زیادہ دے دو۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مجھے اپنے ساتھ لے گئے اور میرا حق ادا کر دیا اور بیس صاع کھجوریں زائد دیں میں نے اس کی وجہ معلوم کی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کا جواب دیا پھر میں نے کہا عمر

Marfat.com

(رضی اللہ عنہ)! تم مجھے پہچانتے ہو۔ جواب دیا نہیں۔ میں نے کہا میں زید بن سعنہ ہوں۔ فرمایا وہی جو یہودیوں کا عالم ہے کہا ہاں پھر پوچھا تو نے رسول کے ساتھ ایسا سلوک کیوں کیا۔ کہا اے عمر جس وقت میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کیا وہ تمام علامات جو میں تورات میں پڑھا کرتا تھا موجود پائیں ان میں سے صرف دو علامات باقی تھیں جو میں نے اب آزمالیں اے عمر! میں تجھ کو گواہ بناتا ہوں۔

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا میں خدا کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہو گیا اور میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ میرا آدھا مال امت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے صدقہ ہے پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور زید دونوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت زید نے بارگاہ رسالت میں اظہار اسلام کیا۔

(طبرانی کبیر، ج ۵، ص ۲۲۲)

تیرے خلق کو حق نے عظیم کیا تری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن و ادا کی قسم
تیری عظمتوں کی ہو تعریف مجھ سے
میں لاؤں کہاں سے زبان اللہ اللہ

## امت پر شفقت:

خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

البتہ تحقیق تمہاری جانوں میں سے ایک شاندار رسول آیا۔ تمہاری تکلیف اس پر شاق گزرتی ہے۔ اس کو تمہاری اصلاح کی حرص ہے۔ وہ ایمان والوں پر

Marfat.com

شفقت رکھنے والا اور مہربان ہے۔

اس آیت کریمہ میں آپ ﷺ کے اوصاف حمیدہ بیان کئے گئے کہ امت کی تکلیف ان پر ناگوار گزرتی ہے اور ان کو شب و روز یہی خواہش ہے کہ امت راہ راست پر آ جائے۔آپ ﷺ امت پر کتنے شفیق ہیں اس کے لئے چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

## حدیث نمبر 1:

حضرت عباس بن مرداس فرماتے ہیں کہ عرفہ کی شام حضور اکرم ﷺ نے امت کی مغفرت اور رحمت کے لئے دعا مانگی اور دعا بھی کثرت سے مانگی۔ خدا نے آپ کی طرف وحی کی میں نے ظالم کے علاوہ سب کی مغفرت کی عرض کی یا اللہ تو اس بات پر قادر ہے کہ مظلوم کو بہتر بدلہ دے اور ظالم کو معاف کر دے اس شام اس کی قبولیت نہ ہوئی جب مزدلفہ میں صبح ہوئی تو آپ نے پھر یہی دعا مانگی ۔خدا نے قبول فرمائی۔ حضور اکرم ﷺ مسکرائے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے وجہ دریافت فرمائی۔آپ نے فرمایا میں نے امت کی مغفرت کی دعا مانگی خدا نے قبول فرمائی اس پر شیطان نے واویلا کیا اور اپنے سر میں خاک ڈالی۔

(شعب الایمان، ۱، ص ۳۰۵)

## حدیث نمبر 2:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قیامت کے دن انبیاء کرام علیہم السلام کے لئے منبر بچھائے جائیں گے سب نبی ان پر جلوہ فرما ہوں گے لیکن میں منبر پر نہ بیٹھوں گا میں خدا کی بارگاہ میں کھڑا رہوں گا اس خوف سے کہ کہیں یہ منبر مجھے جنت میں نہ لے جائے اور میری امت روتی رہ جائے میں

Marfat.com

کہوں گا امتی امتی خدا فرمائے گا۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) تو کیا چاہتا ہے۔ میں کہوں گا ان کا حساب شروع کیا جائے وہ حساب کے لئے بلائے جائیں گے ان میں سے بعض خدا کی رحمت سے جنت میں داخل ہو جائیں گے بعض میری شفاعت سے میں یہاں تک شفاعت کروں گا کہ صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جو دوزخی ہوں گے مالک جہنم کہے گا اے محمد ﷺ! آپ نے تو خدا کے غضب کے لئے اپنی امت میں سے کچھ بھی نہیں چھوڑا۔

(طبرانی کبیر، ج ۱۰، ص ۳۱۷)

## حدیث نمبر 3:

نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تین دن تک نماز تراویح پڑھائی ہے۔ چوتھی رات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کثرت سے مسجد میں جمع ہونا شروع ہوئے اور انتظار کرتے رہے لیکن آپ تشریف نہ لائے صبح کی نماز کے بعد آپ نے فرمایا تمہارا مسجد میں جمع ہونا، مجھ پر پوشیدہ نہ تھا لیکن میں خوفزدہ ہوا کہ کہیں تم پر یہ نماز فرض نہ ہو جائے اور تم اس کے ادا کرنے سے عاجز آ جاؤ۔ (بخاری شریف)

یہ آپ ﷺ کی شفقت تھی کہ دین و دنیا میں امت کے لئے تخفیف اور آسانی مدنظر رہی۔

## حدیث نمبر 4:

جب شب معراج مقام قاب قوسین میں پہنچے تو خدا تعالیٰ نے آپ پر یوں سلام بھیجا۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ○ اے نبی تم پر سلام اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں۔ اس کے جواب میں آپ ﷺ نے یہ جواب دیا۔

Marfat.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ○ سلام ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر اس جواب میں نبی کریم نے عِبَادِ الصَّالِحِيْنَ کو الگ ذکر کیا اور گنہگاران امت کو غایت کرم کی بنا پر سلام میں اپنے ساتھ شامل کر لیا۔

## حدیث نمبر 5:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا قول حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسبت قرآن سے پڑھا فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○

اور خدا کا قول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت قرآن سے پڑھا۔ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْلَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ پھر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر یوں دعا فرمائی۔ اَللّٰهُمَّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ اور گریہ وزاری فرمائی اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ میرے محبوب کے پاس جاؤ اور ان سے رونے کا سبب پوچھو۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حاضر ہو کر رونے کا سبب دریافت فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتا دیا اللہ تعالیٰ نے پھر فرمایا اے جبرائیل علیہ السلام میرے محبوب کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ ہم آپ کو آپ کی امت کے بارے میں راضی کر لیں گے اور غمگین نہ ہونے دیں گے۔ (مسلم شریف)

محمدؐ کی مرضی رضائے خدا ہے
رضائے خدا ہے رضائے محمدؐ

## حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زہد

## حدیث نمبر 1:

ایک مرتبہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

Marfat.com

حاضر ہوئے دیکھا کہ آپ ﷺ ایک چٹائی پر آرام فرما ہیں فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کے بدن پر چٹائی کے نشانات ہیں۔ میں نے آپ ﷺ کے قریب ایک صاع جو اور ایک کھال دیکھی میں یہ حال دیکھ کر رونے لگا۔ حضور اکرم ﷺ نے وجہ دریافت کی عرض کی شاہان قیصر و کسریٰ کے لئے نہریں ہیں پھل ہیں اور آپ ﷺ خدا کے رسول ہیں آپ ﷺ کا یہ حال ہے جو میں دیکھ رہا ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے خطاب کے بیٹے!

اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ لَنَا فِی الْاٰخِرَۃِ وَ لَھُمُ الدُّنْیَا قَالَ بَلٰی ○

(شعب الایمان، ج ۲، ص ۱۶۶)

کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ ہمارے لئے آخرت ہے اور ان کے لئے دنیا۔ عرض کی۔ ہاں! میں راضی ہوں۔

## حدیث نمبر 2:

حضور اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ دعا مانگی:

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ اَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ○

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی وجہ پوچھی فرمایا: یہ لوگ امیروں سے ۴۰ خریف پہلے جنت میں داخل ہوں گے اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! مسکین کو دروازے سے خالی نہ پھیرا کر چاہے کھجور کا ایک حصہ ہی دے دو۔ اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! مساکین سے محبت کر اور ان سے قرب حاصل کر خدا تجھے اپنے قریب کر لے گا۔

(شعب الایمان، ج ۲، ص ۱۶۷)

Marfat.com

## حدیث نمبر 3:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مہینہ گزر جاتا تھا ہم آگ نہ جلتی تھی پانی اور کھجور پر گزارہ ہوتا تھا اور ایک روایت میں ہے جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے متواتر تین دن آل محمد نے گندم کی روٹی نہ کھائی۔

## حدیث نمبر 4:

ایک انصاری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ پر بھوک کے آثار ملاحظہ کئے گھر گیا کھانے کو کوئی چیز نہ ملی۔ گھر سے نکلا دیکھا کہ ایک یہودی اپنے باغ کو پانی دے رہا ہے۔ اس سے کہا تیرے باغ کو پانی میں دیتا ہوں اس شرط پر کہ ہر ڈول پر ایک اچھی کھجور لوں گا اس نے منظور کر لیا اس طرح انصاری نے دو صاع کھجوریں اکٹھی کر لیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں وہ کھجوریں پیش کر دیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاع کھجوریں اپنی ازواج کو دیں اور باقی ایک صاع صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ مل کر تناول فرمائیں پھر فرمایا اے انصاری کیا تجھے مجھ سے محبت ہے اس نے عرض کی ہاں فرمایا تو پھر مصیبت کے لئے تیار ہو جاؤ جو مجھ سے محبت کرتا ہے اس کی طرف مصیبت اس سے بھی زیادہ تیزی سے آتی ہے کہ بارش کا پانی پہاڑ کی چوٹی سے نیچے کی طرف آئے۔ (شعب الایمان، ۲، ص ۱۷۴)

## حدیث نمبر 5:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا۔ حضرت

Marfat.com

سیدہ نے اپنے گلے سے سونے کی زنجیر اتاری اور حضور اکرم ﷺ کو دکھا کر عرض کی ابا جان! یہ ابو حسن علی المرتضٰی نے مجھے تحفہ دیا ہے اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے بٹی! کیا تجھے یہ اچھا لگتا ہے کہ لوگ کہیں کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد ﷺ کے ہاتھوں میں جہنم کی زنجیر ہے۔ یہ فرما کر آپ ﷺ تشریف لے گئے اور وہاں نہ بیٹھے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسی وقت اس زنجیر کو فروخت کر دیا جو قیمت وصول ہوئی اس سے ایک غلام خرید کر آزاد کر دیا نبی کریم ﷺ کو جب یہ خبر پہنچی تو فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجّٰی فَاطِمَةَ مِنَ النَّارِ ○

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جہنم سے آزاد کر دیا۔ (المستدرک، ج ۳، ص ۱۵۴)

باوجودیکہ آپ ﷺ تمام نعمتوں کے خزانوں کے مالک و مختار تھے لیکن آپ نے دنیا کی چیزوں کی طرف رغبت نہیں فرمائی اور فقر و فاقہ کو ترجیح دی اور اپنے غلاموں کو بھی دنیا اور اس کی نعمتوں سے دور رہنے کی تلقین کی۔

مالک دین و دنیا ہو کر سارے جہاں کے داتا ہو کر
فاقے سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم
کھانا تو دیکھو جو کی روٹی ان چھنا آٹا روٹی موٹی
وہ بھی شکم بھر روز نہ کھانا صلی اللہ علیہ وسلم
اپنے کپڑے خود دھو لینا خاک کے بستر پر سو لینا
سیدھی سادھی نیک طبیعت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

## زہد کا انجام:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین دن میں خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ایک لاکھ چالیس ہزار بار کلام فرمایا چونکہ آپ کے کانوں میں کلام الٰہی کی لذت کا احساس تھا اس لئے جب آدمیوں کا کلام سنا تو کچھ بھلا معلوم نہ ہوا۔ اس کلام میں خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام! دنیا میں زہد سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں اور پرہیز گاروں سے بڑھ کر میرا کوئی مقرب نہیں۔ کیونکہ وہ میری حرام کردہ چیزوں سے پرہیز کرتے ہیں اور میرے خوف سے رونے والوں سے بڑھ کر میرا کوئی عبادت گزار نہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے ساری خشکی کے پروردگار! اے قیامت کے دن کے مالک! اے عزت وجلال والے! تو نے ان کے لئے کیا تیار کیا ہے اور ان کی کیا جزا ہے۔ فرمایا جو دنیا میں زہد اختیار کرتے ہیں۔ میں نے ان کے لئے جنت حلال کر دی وہ جہاں چاہیں رہیں اور جہاں تک پرہیز گاروں کا تعلق ہے میں ان کے علاوہ سب سے حساب لوں گا۔ مجھے ان سے شرم آئے گی، انہیں عزت دوں گا اور بغیر حساب ان کو داخل جنت کر دوں گا اور اپنے خوف سے رونے والوں کو وہ بلند مقام دوں گا کہ اس بلندی میں ان کا کوئی شریک نہ ہوگا۔ (طبرانی کبیر، ج ۱۲، ص ۴۴)

## عورتوں پر شفقت:

اسلام سے پہلے یہ صنف نازک قعر مذلت میں گری ہوئی تھی اور مردوں کے ظلم واستبداد کا تختہ مشق تھی۔ عرب میں ازواج کی کوئی حد نہ تھی چنانچہ حضرت غیلان ثقفی جب ایمان لائے تو ان کی دس بیویاں تھیں جب کوئی شخص مر جاتا تو

Marfat.com

اس کا بڑا بیٹا اپنی سوتیلی ماں کا وارث ہوتا وہ خود اس سے شادی کر لیتا یا اپنے قریبی بھائی کو شادی کے لئے دے دیتا اسی طرح اور خرابیاں بھی تھیں۔

ہندوستان میں یہ رواج تھا کہ جب کوئی آدمی مر جاتا تو اس کی بیوی زندہ اس کے ساتھ جل مرتی۔ تبت میں یہ رواج تھا کہ ایک عورت سے اگر کوئی شادی کرتا تو وہ عورت اس کے باقی بھائیوں کی بھی بیوی ہوتی۔

کوئی معیار ہی باقی نہ تھا شرم و شرافت کا
کہ رتبہ بھیڑ بکری سے بھی کم تھا ایک عورت کا

جب پیغمبر اسلام اس دنیا میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے عورت کا معیار بلند فرمایا اسے اسلامی معاشرے میں ایک باعزت مقام دیا اسلام نے کہا عورت ماں کی حیثیت میں ہو تو اس کے قدموں کے نیچے جنت ہے بیٹی اور بہن ہو تو اس کی پرورش دخول جنت کا ذریعہ ہے بیوی ہو تو اس کے ساتھ گھر میں احسن سلوک کرنے کی تاکید کی گئی۔

ایک عورت حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! عورت کے لئے دین میں بھی نقصان ہیں اور دنیا میں بھی نقصان ہیں دین کا نقصان تو یہ ہے کہ مہینے کے بعض ایام میں وہ نماز نہیں پڑھ سکتی اور دنیا کا نقصان یہ ہے کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہے ہمارے لئے نقصان ہی نقصان ہے۔ ہمارے کوئی فضائل بھی ہیں؟ فرمایا: ہاں! تمہارے فضائل بھی ہیں۔ عرض کی وہ کیا ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جب کوئی حاملہ ہو جائے تو اسے جہاد کی تیاری کرنے والے کا ثواب ملتا ہے جب بچے کی ولادت ہوتی ہے تو عورت کو اس ایک شہید کا رتبہ مل جاتا ہے جو اپنے خون میں لوٹے اور دودھ پلانے کے زمانے میں بچہ کے ہر گھونٹ پر ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا

Marfat.com

ہے اور بچہ کی پرورش میں راتوں کو جاگنے پر شب بیداری کا ثواب ملتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ عورت خاوند کی فرمانبردار ہو۔ (روح المعانی)

## لڑکیوں پر شفقت:

زمانہء جاہلیت میں لوگ اپنی لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے چنانچہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عاصم بن قیس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی میں نے جاہلیت میں آٹھ لڑکیوں کو زندہ درگور کیا تھا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک کی طرف سے ایک غلام آزاد کر دو عرض کی میں اونٹوں کا مالک ہوں فرمایا ہر ایک کی طرف سے ایک اونٹ ذبح کر دو۔

(طبرانی کبیر، ج ۱۸، ص ۳۳۷)

حضرت صعصعہ بن ناجیہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا اور عرض کی اگر میں نے زمانہء جاہلیت میں کوئی اچھا کام کیا ہو کیا اس کی مجھے جزا ملے گی؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کیا کام ہے عرض کی ایک مرتبہ میری دو اونٹنیاں گم ہو گئیں میں ایک اونٹ پر سوار ہو کر ان کی تلاش میں نکلا میں نے کھلی فضا میں جنگل میں دو مکان دیکھے میں ان میں گیا تو میں نے دیکھا ایک بوڑھا آدمی ہے میں نے اس سے اپنی دو اونٹنیوں کے بارے میں سوال کیا اس نے کہا تمہاری دونوں اونٹنیاں ہمارے پاس موجود ہیں۔ اسی گفتگو کے دوران ایک عورت کی آواز آئی کہ بچہ پیدا ہوا ہے بوڑھے نے کہا اگر لڑکا ہے تو ہماری قوم میں اضافہ ہو گا اگر لڑکی ہے تو زمین میں دفن کر دیں گے۔ اس نے کہا لڑکی ہے میں نے اس بوڑھے سے کہا میں لڑکی کو تم سے خریدنا چاہتا ہوں اس نے کہا ہم قبیلہ مضر کے لوگ لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیتے ہیں میں نے دوبارہ خریدنے کو کہا اس نے کہا کیا قیمت دو گے میں نے کہا میری دو اونٹنیاں تمہارے پاس ہیں وہ

Marfat.com

دونوں بچوں سمیت اس کی قیمت ہے۔ اس بوڑھے نے کہا جس اونٹ پر سوار ہو یہ بھی دے دو میں نے کہا مجھے منظور ہے میرے ساتھ کسی کو بھیج دو میں گھر پہنچ کر اونٹ اسے دے دوں گا اس نے میرے ساتھ ایک آدمی کر دیا میں نے گھر پہنچ کر اونٹ اس کو دے دیا اور اسی قیمت پر میں نے ۳۶۰ لڑکیوں کو زندہ درگور ہونے سے بچایا ہے کیا میرے لئے کوئی اجر ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جب کہ اللہ نے تجھ پر اسلام کے ساتھ احسان فرمایا ہے تو تجھے اجر وثواب بھی ہوگا۔

(طبرانی کبیر، ج ۸، ص ۷۶)

گڑھا اک کھود کر دختر کو زندہ گاڑ دیتے تھے
کوئی بچھو تھا دامن میں کہ دامن جھاڑ دیتے تھے
وہ اپنی بیٹیوں کو سانپ سے بدتر سمجھتے تھے
وہ ان کے قتل کو عزت کا اک جوہر سمجھتے تھے

اسلام نے اس رسم بد کا خاتمہ کر دیا اور نوزائیدہ بچی کی عظمت اس طرح بیان فرمائی کہ جب کسی آدمی کے ہاں لڑکی پیدا ہوتی ہے تو اللہ کچھ فرشتے بھیجتا ہے جو آکر اہل خانہ کو سلام کرتے ہیں اور اس کی ولادت پر وہ فرشتے اس کو چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور اپنے ہاتھ اس کے سر پر رکھ دیتے ہیں اور کہتے ہیں ایک ضعیفہ دوسری ضعیفہ سے پیدا ہوئی ہے جو اس کی پرورش کرے گا قیامت تک اس کی مدد کی جائے گی۔ (طبرانی صغیر، ج ۱، ص ۳۰)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں میرے پاس ایک مسکین عورت آئی اس کے ہمراہ اس کی دو لڑکیاں تھیں میں نے ان کو تین کھجوریں دیں اس عورت نے ایک ایک کھجور لڑکیوں کو دے دی اور ایک خود لے لی۔ لڑکیوں نے اپنی کھجوریں کھا کر ماں والی کھجور بھی مانگی۔ اس عورت نے اس کے دو ٹکڑے کر

Marfat.com

کے ایک ایک ٹکڑا دونوں کو دے دیا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات اچھی لگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو ان سے یہ ساری بات بیان کی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا تعالیٰ نے اس عورت پر جنت واجب کر دی اور اسے جہنم سے آزاد کر دیا۔ (ریاض الصالحین، ج ۱، ص ۲۰۵)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر موجود تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں تشریف لائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امیمہ بنت زینب کو اپنے کندھے پر اٹھایا ہوا تھا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور وہ بچی آپ کے کندھے پر بھی۔ جب رکوع کرتے اسے زمین پر بٹھا دیتے پھر کندھے پر لے لیتے اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی۔
(شعب الایمان، ج ۷، ص ۴۶۶)

1

## بچوں پر شفقت:

### حدیث نمبر 1:

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے امام حسین سرخ لباس میں ملبوس افتاں و خیزاں تشریف لا رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دیکھ کر منبر سے نیچے اترے اور ان دونوں کو اٹھا لیا اور منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ایک کو ایک طرف اور دوسرے کو دوسری جانب بٹھا لیا اور فرمایا خدا نے سچ فرمایا ہے:

اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ○

تمہارے مال اور اولاد آزمائش ہیں۔ میں نے جب ان کو دیکھا کہ یہ افتاں و خیزاں چلے آ رہے ہیں تو مجھ سے رہا نہ گیا اور میں خطبہ موقوف کر کے منبر سے اترا اور ان کو لے لیا۔ (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۷۶)

Marfat.com

## حدیث نمبر 2:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو کندھے پر اٹھایا ہوا تھا ایک آدمی نے کہا نِعْمَ الْمَرْكَبُ رَكِبْتَ يَا غُلَامُ لڑکے تم کیسی اچھی سواری پر سوار ہو۔ فرمایا وَنِعْمَ الرَّاكِبُ هُوَ سوار بھی کتنا اچھا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اپنے دونوں کندھوں پر بٹھا کر مدینہ کے بازاروں کی سیر کراتے۔

(مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۷۷)

جندا صلی علی حسنینؓ کاندھے پر سوار
مرحبا دوش نبی پر ہے دو شالہ نور کا

## حدیث نمبر 3:

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اپنی گود میں لے لیتے یا اپنے پاس بٹھاتے اور فرماتے اے خدا! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت فرما اور ایک روایت میں ہے کہ اسامہ کو ایک ران پر اور امام حسن رضی اللہ عنہ کو دوسری ران پر بٹھاتے اور فرماتے اے خدا! ان دونوں پر رحم فرما اس لئے کہ میں ان پر مہربانی کرتا ہوں (مشکوٰۃ، ج ۳، ص ۲۷۲)۔

## حدیث نمبر 4:

حضرت انس بن مالک نے دس سال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی ہے فرماتے ہیں اس عرصے میں اگر مجھ سے کوئی کام خراب ہو جاتا تو بعض ازواج کہتیں یہ کام تمہیں یوں کرنا چاہئے تھا یا یہ کام تم نے یوں کیوں کیا۔ لیکن حضور

Marfat.com

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے یہ کام خدا کے ارادے کے مطابق ہوا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اپنی ذات کے لئے کسی سے انتقام نہیں لیا۔ (طبرانی صغیر، ج ۲، ص ۱۱۸)

## حدیث نمبر 5:

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انس رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خادم ہے اس کے لئے دعا فرما دیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار دعائیں مانگیں۔

اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالَہٗ وَوَلَدَہٗ وَاَطِلْ عُمُرَہٗ وَاغْفِرْلَہٗ ○

اے اللہ اس کے مال و اولاد میں کثرت کر، اس کی عمر لمبی کر اور اس کی مغفرت فرما دے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا باغ سال میں دو مرتبہ پھل لاتا آپ کی اولاد در اولاد کی تعداد اسی تک پہنچی ہے اور آپ کی عمر ایک سو بیس سال ہوئی ہے۔ آخری وقت گھر کے ایک کمرے میں تھے خیال آیا خدا نے اپنے محبوب کی تین دعائیں قبول فرمالی ہیں چوتھی مغفرت کی دعا تھی نہ جانے خدا نے وہ قبول کی ہے یا نہیں۔ ایک کونے سے آواز آئی ہم نے چوتھی دعا بھی قبول کر لی اور تمہاری مغفرت فرما دی۔ (عمدۃ القاری)

## حدیث نمبر 6:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کو چومتے اور پیار کرتے تھے ایک دن آپ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو چوم رہے تھے۔ اقرع بن حابس آپ کے پاس بیٹھے تھے دیکھ کر کہنے لگے کہ میرے دس لڑکے ہیں میں نے ان میں سے کسی کو کبھی نہیں چوما۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔ ایک بدو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

پاس آ کر کہنے لگا کہ آپ ﷺ بچوں کو چومتے ہیں ہم نہیں چومتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تمہارے دل سے رحمت نکال دے تو میں کیا کر سکتا ہوں۔

(بخاری شریف)

## حدیث نمبر 7:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی پھل پک جاتا تو لوگ اسے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لاتے آپ اس پر دعا پڑھا کرتے خدا ہمیں اپنے مدینے میں، اپنے پھل میں، اپنے صاع اور اپنے مد میں برکت دے۔ اس کے بعد جو بچے حاضر خدمت ہوا کرتے ان میں سے سب سے چھوٹے کو وہ پھل عنایت فرما دیتے۔ (مسلم شریف)

# یتیموں پر شفقت:

## حدیث نمبر 1:

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے شکایت کی میرا دل بڑا سخت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اگر تو اپنے دل میں نرمی پیدا کرنا چاہتا ہے تو یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کر اور اسے کھانا کھلایا کر۔

(شعب الایمان، ج ۷، ص ۴۷۳)

## حدیث نمبر 2:

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا تو ہر بال جو اس کے ہاتھ کو لگا اس کے عوض ایک نیکی ہے اور جس نے کسی یتیم کے ساتھ اچھا سلوک کیا وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔ (شعب الایمان، ج ۷، ص ۴۷۳)

Marfat.com

## حدیث نمبر 3:

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے کہ ہم رسول خدا کی بارگاہ میں بیٹھے تھے کہ ایک لڑکا آیا اور کہا میں ایک یتیم لڑکا ہوں میری ایک ہمشیرہ ہے اور ایک بیوہ ماں ہے مجھے اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ رزق سے کھلایئے خدا آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ حضور نے اسے اکیس کھجوریں عطا کیں فرمایا سات تیری سات تیری ہمشیرہ کی اور سات تیری والدہ کی۔ حضرت معاذ بن جبل اس یتیم کی طرف کھڑے ہوئے اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا خدا تعالیٰ تجھے اپنے باپ کا بہترین جانشین بنائے وہ لڑکا مہاجرین کی اولاد سے تھا۔ رسول خدا ﷺ نے فرمایا اے معاذ جو سلوک تو نے اس لڑکے کے ساتھ کیا ہے اس کے بارے میں جانتے ہو۔ عرض کی مجھے اس پر رحم آ گیا فرمایا جو یتیم سے ملے اور اس سے احسن سلوک کرے اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرے تو خدا تعالیٰ اس کے سر کے ہر بال کے بدلے ایک نیکی دے گا اور ایک گناہ ختم کر دے گا اور ایک درجہ جنت میں بلند فرما دے گا۔ (شعب الایمان، ج ۷، ص ۴۷۴)

## حدیث نمبر 4:

حضرت بشر کے والد حضور اکرم ﷺ کے ساتھ کسی غزوہ میں شہید ہو گئے۔ حضور اکرم ﷺ ایک دن بشر کے قریب سے گزرے وہ رو رہے تھے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا خاموش ہو جاؤ۔

اَمَا تَرْضٰی اَنْ اَکُوْنَ اَنَا اَبُوْکَ وَ عَائِشَةُ اُمُّکَ قَالَ بَلٰی بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ○

کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ میں تیرا باپ اور عائشہ رضی اللہ عنہا تیری ماں

Marfat.com

ہو جائے اس نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں۔ یارسول اللہ ﷺ! میں اس پر راضی ہوں۔ (شعب الایمان، ج ۷، ص ۴۷۵)

## حدیث نمبر 5:

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب حضرت جعفر اور ان کے ساتھی شہید ہو گئے تو رسول خدا ﷺ میرے گھر تشریف لائے۔ میں آٹا گوند چکی تھی اور بچوں کو غسل کرا کے ان کو تیل لگا کر صاف ستھرا کر چکی تھی کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا جعفر کے بیٹوں کو لاؤ میں نے اپنے بیٹے حاضر خدمت کئے۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کو سونگھا اور آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے میں نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں کیا جعفر اور ان کے ساتھیوں کی کوئی خبر آئی ہے فرمایا ہاں! وہ آج شہید ہو گئے ہیں فرماتی ہیں میں رونے لگی اور عورتیں اکٹھی ہو گئیں اور حضور اکرم ﷺ تشریف لے گئے اور جاتے ہوئے فرما گئے کہ آل جعفر کے لئے کھانا تیار کرنے میں غفلت سے کام نہ لینا وہ جعفر کی شہادت کی بنا پر مشغول کر دیئے گئے ہیں۔ (طبرانی کبیر، ج ۲۴، ص ۲۴۲)

## غلاموں پر شفقت:

## حدیث نمبر 1:

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول خدا نے ایک کپڑے کی دکان سے چار درہم میں ایک قمیص خریدی اس کو پہن کر آپ باہر تشریف لائے ایک انصاری نے عرض کی یہ مجھے پہنا دیں خدا آپ کو جنتی لباس عطا فرمائے حضور اکرم ﷺ نے وہ قمیص اس کو دے دی خود پھر چار درہم میں ایک اور قمیص خریدی آپ کے پاس دو درہم بچ گئے۔ آپ نے دیکھا ایک کنیز رو رہی

Marfat.com

ہے حضور اکرم ﷺ نے اس سے وجہ پوچھی عرض کی گھر والوں نے آٹا خریدنے کے لئے دو درہم دیئے تھے وہ گم ہو گئے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کو دو درہم دے دیئے واپسی پر دیکھا پھر رو رہی ہے پھر پوچھا مجھے خوف ہے گھر والے کہیں ماریں نہ۔ حضور اکرم ﷺ اس کے ساتھ اس کے گھر تک تشریف لے گئے گھر والوں کو تین مرتبہ سلام کیا انہوں نے پہچاننے کے باوجود تیسری مرتبہ جواب دیا حضور اکرم ﷺ نے وجہ پوچھی عرض کی ہماری خواہش تھی کہ آپ کی زبان سے ہمارے لئے سلامتی میں اضافہ ہو۔ عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کیسے آنا ہوا؟ فرمایا اس کنیز کو نہ مارنا اس پر شفقت کرنا اس کے مالک نے کہا میں نے آپ کی آمد کی برکت سے اس کنیز کو رضائے الٰہی کے لئے آزاد کر دیا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کو خیر اور جنت کی بشارت دی پھر فرمایا خدا نے دس درہموں میں برکت دی اپنے نبی کو قمیض پہنایا انصاری کو قمیض پہنایا باقی دو سے کنیز آزاد ہوئی میں خدا کی حمد بیان کرتا ہوں جس نے اپنی قدرت سے یہ سب کچھ عطا فرمایا۔

(طبرانی کبیر، ج ۱۲، ص ۳۳۷)

مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا

## حدیث نمبر 2:

حضرت ابو مسعود انصاری بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے غلام کو مار رہا تھا کہ میں نے اپنے پیچھے یہ آواز سنی اے ابو مسعود جان لو کہ تم کو جس قدر اس غلام پر اختیار ہے اس سے زیادہ خدا کو تم پر اختیار ہے میں نے جو مڑ کر دیکھا تو وہ رسول اللہ ﷺ تھے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں نے اس کو رضائے الٰہی کے

Marfat.com

لئے آزاد کر دیا آپ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرتے تو دوزخ کی آگ تمہیں جلاتی۔ (ص مشکوٰۃ)

نہ کر سختیاں زیر دستوں کے ساتھ
کہ تیرے بھی ہے ہاتھ پر کوئی ہاتھ

## حدیث نمبر 3:

رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے غلام کے منہ پر تھپڑ مارے اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کو آزاد کر دے۔ حضرت سوید بن مقرن بیان کرتے ہیں کہ ہم سات بھائی تھے ہمارے ہاں صرف ایک خادمہ تھی ہم میں سے ایک نے اس کے منہ پر تھپڑ مارا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا اسے آزاد کر دو انہوں نے کہا ہمارے ہاں صرف یہی ایک خادمہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ خدمت کرتی رہے جب تم اس کی خدمت سے بے نیاز ہو جاؤ تو اسے آزاد کرنا۔ (مشکوٰۃ)

## حدیث نمبر 4:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے میں نے ایک حبشی غلام کو برا بھلا کہا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شکایت کر دی آپ نے فرمایا ابوذر (رضی اللہ عنہ)! تم میں جاہلیت ہے وہ تمہارے بھائی ہیں۔ خدا نے تم کو ان پر فضیلت دی ہے ان میں سے جو تمہارے موافق نہ ہو اسے فروخت کر دو اور خلق خدا کو عذاب نہ دو۔ (ابوداؤد)

## حدیث نمبر 5:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اِعْتَقَ رَقَبَةً مُّسْلِمَةً اَعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِّنْهُ عُضْوًا مِّنَ

Marfat.com

النَّارِ○(مسلم)

جس نے کسی مسلمان غلام کو آزاد کیا تو اس غلام کے ہر عضو کے بدلے اس آزاد کرنے والے کا ہر عضو دوزخ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

## چوپاؤں پر شفقت:

### حدیث نمبر 1:

ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئے دیکھا کہ وہاں ایک اونٹ ہے جب اس اونٹ نے آپ کو دیکھا تو رونے لگا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے آپ اس کے پاس تشریف لائے اور اس کے پس کوہان پر اپنا ہاتھ پھیرا وہ چپ ہو گیا آپ ﷺ نے دریافت فرمایا اونٹ کا مالک کون ہے؟ ایک انصاری نے عرض کی کہ یہ اونٹ میرا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو اس چوپائے کے بارے میں جس کا اللہ نے تجھے مالک بنایا ہے خدا سے نہیں ڈرتا۔ اس نے میرے پاس شکایت کی ہے کہ تو اسے بھوکا رکھتا ہے اور کثرت سے تکلیف دیتا ہے۔ (تیسیر الاصول)

### حدیث نمبر 2:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک شخص راستے میں چل رہا تھا اسے سخت پیاس لگی ایک کنواں نظر آیا تو اس میں اتر کر اس نے پانی پیا پھر نکل آیا ناگاہ اس نے ایک کتا دیکھا جو پیاس کے مارے زبان نکالے ہوئے تھا اور مٹی کھا رہا تھا اس شخص نے سوچا اس کتے کو بھی ویسی ہی تکلیف ہے جیسی مجھے تھی اس لئے وہ کنویں میں اترا اور اپنا موزہ پانی سے بھرا پھر اسے اپنے منہ میں پکڑا۔ یہاں تک کہ اوپر چڑھ آیا اور کتے کو پانی پلایا خدا نے

Marfat.com

اس کی قدردانی کی اور اسے بخش دیا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا چوپایوں میں ہمارے واسطے کوئی اجر ہے۔ آپ نے فرمایا ہر ذی روح میں اجر ہے۔ (بخاری)

## حدیث نمبر 3:

حضرت تمیم داری سے روایت ہے کہ ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک اونٹ دوڑتا آیا اور آپ کے سر کے قریب آ کر کھڑا ہو گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اونٹ! ٹھہر! اگر تو سچا ہے تو تیرے سچ کا پھل تیرے لئے ہے اگر تو جھوٹا ہے تو تیرے جھوٹ کا وبال تجھ پر ہے۔ اس کے ساتھ یہ بات بھی بے شک برحق ہے جو ہماری پناہ میں آیا۔ اللہ نے اس کے لئے پناہ رکھی ہے جو ہمارے حضور التجا لائے وہ نامرادی سے بری ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ اونٹ کیا عرض کرتا ہے فرمایا اس کے مالک نے اسے ذبح کر کے کھا لینا چاہا یہ اس کے پاس سے بھاگ آیا اور تمہارے نبی کے حضور فریاد لایا۔ ہم یوں ہی بیٹھے تھے کہ اس کا مالک بھی آ گیا اونٹ نے جب اسے دیکھا پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر انور کے پاس آیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ پکڑی۔ مالک نے کہا ہمارا یہ اونٹ تین دن سے دوڑا ہوا ہے آج آپ کے پاس ملا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جانتے ہو اس نے میرے حضور کیا فریاد کی ہے اور وہ بہت بری فریاد ہے وہ بولا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیا کہتا ہے فرمایا یہ کہتا ہے یہ برسوں تمہاری امان میں پلا، تم گرمی میں اس پر سامان لاد کر سبزہ ملنے کی جگہ تک جاتے اور جاڑے میں گرم سیر مقام تک کوچ کرتے، جب وہ بڑا ہوا تم نے اسے سانڈ بنا لیا اللہ تعالیٰ نے اس کی نسل سے بہت سے اونٹ پیدا کئے جو

Marfat.com

چرتے پھرتے ہیں اب جب یہ شاداب برس آیا تم نے ذبح کر کے کھا لینا چاہا وہ بولا یا رسول اللہ ﷺ! خدا کی قسم یہی بات ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا نیک مخلوق کا بدلہ اس کے مالک کی طرف سے یہ نہیں وہ بولا یا رسول اللہ ﷺ میں نہ اسے فروخت کروں گا اور نہ ہی اسے ذبح کروں گا۔ فرمایا تم غلط کہتے ہو اس نے تم سے فریاد کی تم اس کی فریاد کو نہ پہنچے اور میں تم سے زیادہ مستحق ہوں کہ فریادی پر رحم کروں۔ اللہ نے منافقوں کے دلوں سے رحمت نکال لی ہے اور ایمان والوں کے دلوں میں رکھی ہے پھر آپ ﷺ نے وہ اونٹ اس سے سو روپے میں خرید لیا اور فرمایا اے اونٹ تو آزاد ہے یہ سن کر اونٹ نے آواز نکالی حضور ﷺ نے آمین کہی اس نے پھر آواز نکالی آپ ﷺ نے پھر آمین کہی پھر آواز نکالی آپ ﷺ نے پھر آمین کہی اس نے چوتھی بار آواز نکالی حضور اکرم ﷺ نے گریہ فرمایا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ یہ کیا کہتا ہے فرمایا یہ کہتا ہے خدا آپ ﷺ کو اسلام اور قرآن کی طرف سے بہتر جزا دے۔ میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا خدا قیامت کے دن آپ ﷺ کی امت کا خوف دور کرے۔ میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا خدا آپ ﷺ کی امت کا خون ان کے دشمنوں کے ہاتھوں محفوظ رکھے۔ میں نے کہا آمین۔ پھر کہا خدا آپ ﷺ کی امت میں خونریزی نہ کرے یعنی آپس میں جنگ نہ کریں۔ اس پر میں نے گریہ فرمایا یہ سب مرادیں میں اپنے رب سے مانگ چکا اور اس نے مجھے عطا کر دیں مگر آخری سے منع کر دیا گیا اور مجھے جبرائیل علیہ السلام نے خبر دی کہ میری امت کی فنا تلوار سے ہو گی۔ (الترغیب والترہیب)

ہاں یہیں کرتی ہیں چڑیاں فریاد یہیں سے چاہتی ہے ہرنی فریاد
اسی در پہ شتران ناشاد گلہء رنج و عنا کرتے ہیں

Marfat.com

## تواضع

رسول اللہ ﷺ عجز و انکساری اور تواضع کا پیکر اتم تھے آپ ﷺ نے ساری زندگی عاجزی کو اپنایا اور اس کا درس بھی دیا اس سلسلے کی چند احادیث پیش خدمت ہیں۔

### حدیث نمبر 1:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور علیہ السلام حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ کوہ صفا پر موجود تھے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے شام کو آل محمد ﷺ کے پاس ایک مٹھی بھر آٹا اور ہتھیلی بھر جو بھی نہیں ہوتے اس پر آسمان سے سخت آواز آئی حضور ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا یہ آواز کیسی ہے؟ عرض کی اسرافیل علیہ السلام کو آپ کے پاس حاضر ہونے کا حکم ہوا ہے وہ حاضر ہوئے عرض کی آپ ﷺ کے کلام کو خدا نے سنا ہے مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں دے کر بھیجا ہے اور حکم دیا ہے کہ وہ چاہیں آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کر دوں۔ تہامہ کے پہاڑوں کو زمرد یاقوت اور سونے چاندی کا بنا دوں اگر آپ چاہیں تو میں یہ کام ابھی کر دوں آپ کو اختیار ہے چاہے نبی بادشاہ بنیں یا نبی بندے۔ فَاَشَارَ جِبْرِیْلَ اِلَیْہِ اَنْ تَوَاضَعَ فَقَالَ نَبِیًّا عَبْدًا ثَلَاثًا حضرت جبرائیل علیہ السلام نے تواضع کا اشارہ کیا آپ نے تین مرتبہ فرمایا میں نبی بندہ بننا چاہتا ہوں۔ (طبرانی کبیر، ص ) (زرقانی، ص ۳۲۲)

عجز تو دیکھو اللہ اکبر تکیے کے بدلے اینٹ یا پتھر
اور سر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

## حدیث نمبر 2:

غزوہ بدر میں تین تین مجاہدوں کے لئے ایک ایک اونٹ تھا چنانچہ حضرت علی المرتضیٰ اور ابولبابہ انصاری رسول اللہ ﷺ کے عدیل تھے جب حضور اکرم ﷺ کے اترنے کی باری آتی تو دونوں عرض کرتے کہ آپ نہ اتریں ہم آپ کے بدلے پیدل چلتے ہیں مگر رسول خدا ﷺ فرماتے تم مجھ سے زیادہ قوی نہیں اور میں تمہاری نسبت اجر وثواب سے زیادہ بے نیاز نہیں۔ (طبقات ابن سعد ص)

## حدیث نمبر 3:

عدی بن حاتم طائی پہلے عیسائی تھے جو اپنی قوم کے سردار تھے اور غنیمت میں سے حسب قاعدۂ جاہلیت چوتھا حصہ لیا کرتے تھے جب ان کو رسول خدا ﷺ کی بعثت کی خبر پہنچی تو وہ بھاگ کر ملک شام چلے گئے ان کی بہن پیچھے رہ گئی اور گرفتار ہو کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی آپ مجھ پر احسان کریں۔ خدا تعالیٰ آپ ﷺ پر احسان کرے گا چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اسے خوراک، پوشاک دے کر ایک قافلے کے ساتھ جو کہ اس کی قوم سے تعلق رکھتا تھا روانہ کر دیا وہ شام میں اپنے بھائی کے پاس پہنچ گئی۔ عدی کو شک تھا کہ رسول اللہ ﷺ پیغمبر ہیں یا بادشاہ ہیں۔ بہن نے مشورہ دیا کہ تم خود حاضر خدمت ہو کر دیکھ آؤ چنانچہ عدی بیان کرتے ہیں کہ جب میں مدینہ پہنچا تو نبی کریم ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے میں نے سلام عرض کیا آپ ﷺ نے پوچھا تم کون ہو میں نے عرض کیا میں عدی بن حاتم طائی ہوں یہ سن کر آپ ﷺ کھڑے ہو گئے اور مجھے اپنے گھر لے چلے ناگاہ ایک بڑھیا کسی حاجت کے لئے حاضر خدمت ہوئی وہ کہنے لگی ٹھہریئے چنانچہ آپ ٹھہر گئے اور وہ دیر تک کچھ عرض کرتی رہی یہ دیکھ کر میں

Marfat.com

نے اپنے دل میں کہا یہ بادشاہ نہیں پھر آپ مجھے اپنے گھر لے گئے۔ آپ نے ایک تکیہ جو کھجور کی چھال کا بھرا ہوا تھا میری طرف پھینک دیا اور فرمایا کہ اس پر بیٹھ جاؤ میں نے کہا نہیں آپ اس پر تشریف رکھئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم ہی اس پر بیٹھو چنانچہ حسب الارشاد میں اس پر بیٹھ گیا اور آپ ﷺ زمین پر بیٹھ گئے یہ دیکھ کر میں نے اپنے دل میں کہا یہ بادشاہ نہیں۔ آپ نے فرمایا کیا تم غنیمت کا چوتھا حصہ نہیں لیتے میں نے عرض کیا ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ تمہارے دین میں جائز نہیں میں اس سے پہچان گیا کہ آپ ﷺ خدا کے رسول ہیں اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا عدی شاید تم اس لئے دین اسلام میں داخل نہیں ہوتے کہ مسلمان غریب ہیں اور تعداد میں تھوڑے ہیں اور ان کے دشمن بہت اور صاحب ملک وسلطنت ہیں مگر عنقریب مسلمانوں میں مال کی وہ کثرت ہوگی کہ کوئی صدقہ لینے والا نہ ہوگا اور تم عنقریب سن لوگے کہ ایک عورت اونٹ پر سوار ہو کر قادسیہ سے چل کر مکہ میں پہنچ کر بیت اللہ کا حج کرے گی اور اسے کسی کا ڈر نہ ہوگا اور تم عنقریب بابل میں سفید محلات پر مسلمانوں کے قبضے کی خبر سن لوگے یہ سن کر میں اسلام لے آیا حضرت عدی فرمایا کرتے تھے ان تین پیشگوئیوں میں دوسری اور تیسری پوری ہو چکی اور پہلی پوری ہو کر رہے گی۔ (سیرت ابن ہشام)

## حدیث نمبر 4:

ایک سفر میں آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا کھانے کے لئے ایک بکری درست کر لو ایک نے کہا اس کی کھال اتارنا میرے ذمے ہے۔ ایک بولا پکانا میرے ذمے۔ آپ ﷺ نے فرمایا لکڑیاں اکٹھی کرنا میرے ذمے ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یہ کام ہم خود کر

Marfat.com

لیں گے۔آپ ﷺ نے فرمایا میں جانتا ہوں کہ تم کر سکتے ہو لیکن مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں اپنے آپ کو تم سے ممتاز کر دوں۔ خدا تعالیٰ اس آدمی کو پسند نہیں کرتا جو اپنے ساتھیوں سے ممتاز بن جاتا ہے اس کے بعد آپ لکڑیاں اکٹھی کر کے لائے۔(ابن ماجہ)

## حدیث نمبر 5:

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ ہمارے غریب خانے پر تشریف لائے۔ میرے والد نے آپ کی خاطر تواضع کی کھانا تناول فرمانے کے بعد جب آپ واپس آنے لگے تو میرے والد نے آپ کے لئے ایک دراز گوش تیار کیا جس پر کمبل کا پالان تھا۔آپ اس پر سوار ہو گئے جب چلنے لگے تو میرے والد نے فرمایا اے قیس تو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جا میں آپ کے ساتھ ہو لیا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تو میرے ساتھ سوار ہو جا میں نے بپاس ادب انکار کر دیا مگر آپ ﷺ نے فرمایا تو سوار ہو جا یا لوٹ جا اس لئے میں واپس ہو گیا۔(ص مشکوٰۃ)

## مزاح:

رسول اللہ ﷺ کبھی کبھار پاکیزہ مزاح بھی فرما لیا کرتے تھے مگر اس میں جھوٹ کی آمیزش نہ ہوتی۔

## حدیث نمبر 1:

ایک روز ایک آدمی نے درخواست کی کہ مجھے سواری عنایت کیجئے تا کہ میں اس پر سوار ہو جاؤں۔آپ ﷺ نے فرمایا میں تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کروں گا وہ بولا میں اونٹنی کے بچے کو کیا کروں گا اس پر آپ ﷺ نے فرمایا

Marfat.com

اونٹنیاں ہی اونٹ جنتی ہیں یعنی ہر اونٹ اونٹنی کا بچہ ہوتا ہے اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔

## حدیث نمبر 2:

ایک مرتبہ ایک عورت جو قرآن پڑھا کرتی تھی نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی آپ دعا کریں میں بہشت میں داخل ہو جاؤں آپ نے فرمایا کوئی بوڑھی عورت جنت میں داخل نہ ہو گی۔ اس نے اس کا سبب پوچھا آپ ﷺ نے فرمایا کیا تو قرآن نہیں پڑھتی اس میں اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے:

اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ہم نے ان عورتوں کو خاص طور پر پیدا کیا اور ان کو کنواریاں بنایا۔

## حدیث نمبر 3:

حضور اکرم ﷺ کا ایک بدوی صحابی تھا جو شکل کا اتنا خوبصورت نہ تھا نام اس کا زاہر تھا جنگل کے پھل اور سبزیاں نبی کریم ﷺ کے لئے بطور ہدیہ لایا کرتا تھا جب وہ آپ سے رخصت ہوتا تو آپ اس کو شہر کی چیزیں کپڑے وغیرہ دے دیا کرتے تھے۔ آپ کو اس سے محبت تھی اور فرمایا کرتے تھے کہ زاہر ہمارا دیہاتی ہے اور ہم اس کے شہری ہیں۔ ایک روز آپ بازار کی طرف نکلے تو دیکھا کہ زاہر اپنا سامان بیچ رہا ہے آپ نے پیٹھ کی طرف سے جا کر اس کی آنکھوں پر اپنا ہاتھ مبارک رکھ دیا اور اسے گود میں لے لیا وہ بولا کون ہے مجھے چھوڑ دے پھر انہوں نے مڑ کر دیکھا تو وہ رسول کریم ﷺ تھے پھر اپنی پیٹھ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ لپٹانے لگ گئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا! ہے کوئی! جو ایسے غلام کو خریدے۔ اس نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! اگر آپ بیچنا چاہتے ہیں تو میری تو

Marfat.com

قیمت نہایت کم ہوگی آپ ﷺ نے فرمایا تو خدا کے نزدیک گراں قیمت ہے یعنی جو ہمارا ہو جاتا ہے وہ انمول ہو جاتا ہے اس لئے کہ:

خدا ان کو کس پیار سے دیکھتا ہے
جو آنکھیں ہیں محو لقائے محمدؐ

## سخاوت وایثار:

### حدیث نمبر 1:

تمام انسانوں میں سب سے زیادہ سخاوت کرنے والے ہمارے نبی کریم علیہ السلام تھے۔ حدیث میں آیا ہے کہ آپ ﷺ نے کسی سائل کو لا یعنی نہیں سے جواب نہیں دیا اگر پاس نہ ہوتا تو قرض لے کر عطا فرما دیتے یا پھر وعدۂ عطا فرماتے۔ ایک دفعہ ایک سائل آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا میرے پاس کوئی چیز نہیں مگر یہ کہ تو مجھ پر قرض کرے جب ہمارے پاس کچھ آجائے گا ہم اسے ادا کر دیں گے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ اللہ نے آپ کو اس چیز کی تکلیف نہیں دی جو آپ کی قدرت میں نہیں ان کی یہ بات حضور اکرم ﷺ کو پسند نہ آئی انصار میں سے ایک شخص بولا یا رسول اللہ ﷺ! عطا کیجئے اور عرش کے مالک سے قلت کا خوف نہ کیجئے یہ سن کر آپ نے تبسم فرمایا اور آپ کے چہرے پر تازگی آگئی فرمایا اسی کا امر کیا گیا ہے۔ (شمائل ترمذی)

### حدیث نمبر 2:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس بحرین سے مال آیا اور یہ زیادہ سے زیادہ مال تھا جو آپ کے پاس لایا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کو مسجد میں ڈال دو جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو اس مال

Marfat.com

کے پاس بیٹھ گئے اور تقسیم فرمانے لگے۔آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور عرض کرنے لگے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس مال میں سے دیجئے کہ غزوہ بدر کے دن میں نے اپنا اور عقیل کا فدیہ دیا تھا آپ نے فرمالے لو۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے دونوں ہاتھوں سے اپنے کپڑے میں ڈال لیا۔ پھر اٹھانے لگے تو نہ اٹھا سکے۔ عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کسی سے کہہ دیں کہ اٹھا کر میرے اوپر رکھ دیں۔ آپ نے فرمایا میں نہیں کہتا۔ عرض کی آپ اٹھوا دیں۔ فرمایا یہ بھی نہیں کرتا۔ انہوں نے تھوڑا سا مال نکال دیا پھر اٹھانا چاہا نہ اٹھا سکے عرض کی کسی سے کہہ دیں وہ اٹھا کر میرے اوپر رکھ دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نہیں کہتا۔ عرض کی آپ اٹھوا دیں فرمایا میں یہ بھی نہیں کرتا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ اور کم کر دیا پھر اسے کندھے پر اٹھا لیا اور روانہ ہوئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف دیکھتے رہے یہاں تک کہ وہ غائب ہو گئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طمع پر تعجب فرماتے تھے جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے اٹھے تو ایک درہم بھی باقی نہ تھا۔ (بخاری)

اٹھا . جب بھی دست عطائے محمدؐ
غنی بن گئے ہیں گدائے محمدؐ

## حدیث نمبر 3:

آپ کی سخاوت زیادہ تر مؤلفۃ القلوب کے لئے ہوتی تھی چنانچہ صفوان بن امیہ نے ایک مرتبہ بکریوں کا سوال کیا جن سے دو پہاڑوں کے درمیان پوری وادی بھری ہوئی تھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تمام بکریاں اسے دے دیں اس نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم تم اسلام لے آؤ اللہ کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایسی سخاوت کرتے

Marfat.com

ہیں کہ فقر سے نہیں ڈرتے۔ (مشکوٰۃ)

یہ بیٹھا ہے سکہ تمہاری عطا کا
کبھی ہاتھ اٹھنے نہ پایا گدا کا

## حدیث نمبر 4:

ایک روز نماز عصر کا سلام پھیرا اور جلدی سے دولت خانہ میں تشریف لے گئے پھر جلدی نکل آئے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو تعجب ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے نماز میں خیال آیا کہ صدقہ کا کچھ سونا گھر میں پڑا ہے مجھے پسند نہ آیا کہ رات ہو جائے اور وہ گھر میں پڑا رہے اس لئے جا کر اسے تقسیم کرنے کے لئے کہہ آیا ہوں۔ (بخاری)

زمانے کی دولت نہیں پاس پھر بھی
زمانے میں بٹتی ہے دولت کسی کی

## حدیث نمبر 5:

حضرت بلال رضی اللہ عنہ مؤذن رسول پاک ﷺ کے خزانچی تھے ایک دن عبداللہ ہوازنی نے ان سے رسول خدا ﷺ کے خزانے کا حال پوچھا انہوں نے بیان کیا کہ رسول کریم ﷺ کے پاس کچھ نہ رہتا تھا۔ بعثت سے وفات تک یہ کام میری تحویل میں رہا جب کوئی ننگا بھوکا مسلمان آپ کے پاس آتا آپ مجھے حکم دیتے میں کسی سے قرض لیتا اور چادر خرید کر اسے اڑھاتا اور کھانا کھلاتا ایک روز ایک مشرک مجھ سے ملا کہنے لگا بلال میرے ہاں گنجائش ہے میرے سوا کسی اور سے قرض نہ لیا کرو۔ میں نے ایسا ہی کیا ایک روز میں وضو کر کے اذان دینے لگا تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ مشرک تاجروں کی ایک جماعت کے ساتھ آ رہا ہے اس نے مجھے

Marfat.com

دیکھ کر کہا او حبشی میں نے کہا لبیک پھر اس نے ترش رو ہو کر میرے متعلق کچھ کہا اور بولا کچھ معلوم ہے وعدے میں کتنے دن باقی ہیں میں نے کہا وقت وعدہ قریب آ گیا ہے اس نے کہا صرف چار دن باقی ہیں اگر اس مدت میں تو نے قرض ادا نہ کیا تو تجھے غلام بنا کر بکریاں چرواؤں گا جیسا کہ تو پہلے چرایا کرتا تھا۔ یہ سن کر مجھے فکر دامن گیر ہوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء پڑھ کر گھر تشریف لے گئے میں حاضر خدمت ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں وہ مشرک جس سے میں قرض لیا کرتا تھا اس نے مجھ سے ایسا کہا ہے اور آپ کے پاس ادائے قرض کے لئے کچھ موجود نہیں اور نہ میرے پاس ہے وہ مجھ کو رسوا کرے گا اگر آپ اجازت دیں تو میں بھاگ کر مسلمانوں کے کسی قبیلے میں جا رہوں جب ادائے قرض کے لئے خدا کچھ سامان کر دے گا تو واپس آ جاؤں گا غرض میں اپنے گھر گیا اور تلوار جوتا تھیلا اور ڈھال اپنے سرہانے رکھ لئے صبح کاذب ہوتے ہی میں چلنے لگا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص دوڑتا آ رہا ہے اور کہتا ہے بلال (رضی اللہ عنہ)! رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھے یاد فرمایا ہے وہاں پہنچا تو دیکھا کہ چار اونٹ لدے ہوئے بٹھائے ہوئے ہیں میں اجازت لے کر حاضر خدمت ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مبارک ہو اللہ تعالیٰ نے ادائے قرض کا سامان کر دیا تم نے چار اونٹ بیٹھے دیکھے ہوں گے۔ میں نے عرض کی۔ ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اونٹ حاکم فدک نے بھیجے ہیں۔ غلہ اور کپڑے جو ان پر ہیں وہ سب تمہاری تحویل میں ہیں ان کو بیچ کر قرض ادا کر دو میں نے تعمیل ارشاد کی پھر میں مسجد میں آیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ادائے فرضہ کا حال پوچھا میں نے عرض کی قرض سارا ادا ہو گیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کچھ باقی بچا میں نے عرض کی کچھ بچ رہا ہے فرمایا مجھے اس سے سبکدوش کر دو جب تک یہ کسی

Marfat.com

ٹھکانے نہ لگے گا میں گھر نہ جاؤں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء سے فارغ ہوئے مجھے بلا کر اس بقیہ کا حال پوچھا میں نے عرض کی وہ میرے پاس ہے کوئی سائل نہیں ملا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رات کو مسجد میں رہے دوسرے روز نماز عشاء کے بعد مجھ سے پوچھا میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! خدا نے آپ کو سبکدوش کر دیا ہے یہ سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی اور خدا کا شکر ادا کیا کیونکہ آپ کو ڈر تھا کہ ایسا نہ ہو کہ موت آ جائے اور وہ مال میرے پاس ہو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے۔ (ابوداؤد، ج ۱، ص ۳۶۳)

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں دربے بہا دیئے ہیں

## صداقت:

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سچ بولتے اپنے تو درکنار بیگانے بھی آپ کی صداقت کے قائل تھے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے لوگ کام کاج چھوڑ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے کے لئے آ رہے تھے۔ میں بھی آیا جب میں نے آپ کا چہرہ مبارک دیکھا۔ میں نے پہچان لیا کہ یہ چہرہ جھوٹوں کا چہرہ نہیں آپ اس وقت فرما رہے تھے۔

اَیُّھَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَ صِلُوا الْاَرْحَامَ وَالطَّعَامَ اَطْعِمُوا وَصَلُّوْا بِاللَّیْلِ وَالنَّاسِ نِیَامٌ تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ ○

اے لوگو! سلامتی پھیلاؤ، اپنوں سے محبت کرو، بھوکوں کو کھانا کھلاؤ، رات کو جبکہ لوگ سو رہے ہوں اللہ کی عبادت کرو اور سلامتی سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔

یہ کلام سن کر میں نے کہا اَشْھَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا وَّاِنَّكَ جِئْتَ

Marfat.com

بِالْحَقِّ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ سچے رسول ہیں اور حق لے کر آئے ہیں۔
(سنن کبریٰ، ص ۵۰۲، مسند امام احمد، ج ۵، ص ۴۵۱)

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ ابوجہل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہم تمہیں جھوٹا نہیں کہتے لیکن جو کتاب و شریعت تم لائے ہو اس سے ہم انکار کرتے ہیں اس پر ابوجہل اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○

وہ تجھ کو جھوٹا نہیں کہتے لیکن ظالم خدا کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان نبوت فرمایا تو آپ نے کوہ صفا پر چڑھ کر قریش کو پکارا وہ جمع ہو گئے۔ آپ نے ان سے پوچھا بتاؤ اگر میں یہ کہہ دوں کو وادیء مکہ سے ایک لشکر تم پر تاخت و تاراج کرنا چاہتا ہے تو یقین کر لو گے؟ وہ بولے ہاں! کیونکہ ہم نے آپ کو سچ بولتے ہی دیکھا ہے۔ (بخاری)

ایک روز مشرکوں نے عتبہ بن ربیعہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گفتگو کرنے کے لئے بھیجا اس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر چند امور پیش کئے کہ ان میں سے جو چاہیں قبول کر لیں اور نئے مذہب سے باز آئیں اس کے جواب میں آپ نے سورہ حم السجدہ کی تلاوت کی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم فَاِنْ اَعْرَضُوْا پر پہنچے تو عتبہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا اور قرابت کی قسم دے کر کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے نہ پڑھیں اس کے بعد عتبہ نے واپس جا کر مشرکین مکہ پر یہ ماجرا بیان کیا اور کہا کہ اس نے مجھے قرآن سنایا جب وہ اس آیت پر پہنچا فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ○

اگر وہ منہ پھیریں تو کہہ دیں کہ میں نے تمہیں ایک کڑاکے سے ڈرایا

Marfat.com

جیسا کہ عاد وثمود پر آیا۔

تو میں نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا اور قرابت قریبہ کی قسم دے کر کہا کہ بس آگے نہ پڑھیے تمہیں معلوم ہے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) جب کچھ کہہ دیتا ہے تو جھوٹ نہیں بولتا اس لئے میں ڈر گیا کہ کہیں تم پر وہ عذاب نازل ہو جائے جس سے اس نے ڈرایا ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

## عدل وانصاف:

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ مجھ پر ایک یہودی کا چار درہم قرض تھا یہ وہ زمانہ تھا کہ رسول اکرم غزوۂ خیبر کا ارادہ فرما رہے تھے اس نے مجھ سے تقاضا کیا میں نے مہلت مانگی تو وہ نہ مانا اور مجھے پکڑ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دو دفعہ فرمایا کہ اس کا قرض ادا کر دو۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ خیبر کی مہم کا ارادہ فرما رہے ہیں شاید وہاں سے کچھ غنیمت ہاتھ لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہ اس کا حق ادا کر دو۔ یہ قاعدہ تھا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بات کے لئے تین مرتبہ فرما دیتے تو پھر کوئی عذر نہ کیا جاتا میرے پاس ایک تہ بند اور ایک عمامہ تھا میں نے اس یہودی سے کہا اس تہ بند کو مجھ سے خرید لو چنانچہ اس نے چار درہم میں مجھ سے خرید لیا میں نے عمامہ سر سے اتار کر کمر سے لپیٹ لیا ایک عورت میرے پاس سے گزری اس نے اپنی چادر مجھے اڑھا دی۔ (ص طبرانی صغیر)

سرق ایک صحابی رضی اللہ عنہ تھے ان سے اس نام کی وجہ تسمیہ پوچھی گئی تو کہنے لگا ایک بدوی دو اونٹ لے کر آیا میں نے خرید لئے اور قیمت لانے کے بہانے اپنے گھر میں داخل ہوا اور عقب خانے سے نکل گیا اور ان اونٹوں کو بیچ کر اپنی

Marfat.com

حاجت پوری کی۔ میں نے خیال کیا بدوی چلا گیا ہو گا میں واپس آیا تو وہ کھڑا تھا وہ مجھے پکڑ کر نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں لے گیا اور واقعہ عرض کیا۔ آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا تو نے ایسا کیوں کہا میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! میں نے اونٹوں کو بیچ کر اپنی حاجت پوری کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا بدوی کو قیمت ادا کر دو میں نے عرض کی میرے پاس کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو سرق ہے پھر بدوی سے فرمایا اس کو فروخت کر کے اپنی قیمت پوری کر لو چنانچہ لوگ اس سے میری قیمت پوچھنے لگے وہ ان سے کہتا تم کیا چاہتے ہو وہ کہتے کہ ہم خرید کر آزاد کرنا چاہتے ہیں یہ سن کر بدوی نے کہا میں تمہاری نسبت ثواب کا زیادہ حقدار ہوں پھر اس نے کہا جاؤ میں نے تم کو آزاد کر دیا۔ (المستدرک)

آپ ﷺ کو مشرکین مکہ امین کے لقب سے پکارتے تھے جب قریش مکہ نے کعبہ کو از سر نو بنانا چاہا اور حجر اسود کی جگہ تیار ہو گئی تو قبائل میں جھگڑا ہوا۔ ہر قبیلہ یہی چاہتا تھا کہ حجر اسود کو نصب کرنا ہمارے حصے میں آئے۔ آخر یہ قرار پایا کہ جو شخص کل صبح باب بنی شیبہ سے حرم میں داخل ہو وہ ثالث بنے اتفاقاً اس دروازے سے جو پہلے داخل ہوئے رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپ کو دیکھتے ہی سب پکار اٹھے یہ امین ہے ہم راضی ہیں۔ یہ محمد ﷺ ہیں جب انہوں نے آپ سے معاملہ ذکر کیا تو آپ نے ایک چادر بچھا کر حجر اسود کو اس میں رکھا اور فرمایا ہر طرف والے ایک سردار کا انتخاب کر لیں اور وہ چاروں سردار چادر کے چاروں کونے تھام لیں اور اوپر کو اٹھائیں اس طرح جب وہ چادر مقام نصب تک پہنچ گئی تو آپ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو اس کے مقام پر نصب کر دیا اور وہ سب خوش ہو گئے۔

غزوۂ بدر میں نبی کریم ﷺ صف آرائی فرما رہے تھے حضرت سواد صف

Marfat.com

سے آگے نکلے ہوئے تھے آپ نے ان کے سینے پر چھڑی ماری اور فرمایا سواد سیدھے ہو کر صف میں کھڑے ہو جاؤ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! آپ کی چھڑی سے مجھے اذیت ہوئی ہے مجھے بدلہ دیں۔ خدا نے آپ ﷺ کو عدل و انصاف کا پیر بنا کر بھیجا ہے۔ آپ نے اپنے سینے سے کپڑا اٹھا کر فرمایا سواد! لو! بدلہ لے لو انہوں نے دوڑ کر آپ ﷺ کے سینے کو چوم لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا سواد یہ تم نے کیا کیا ہے عرض کی میرا آخری وقت قریب ہے میں نے چاہا کہ وفات سے پہلے آپ ﷺ کے جسد اقدس کا مساس حاصل ہو جائے۔

ایک دفعہ خاندان بنو مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی۔ قریش نے چاہا کہ وہ حد سے بچ جائے۔ انہوں نے رسول کریم ﷺ کے محبوب اسامہ بن زید سے درخواست کی کہ آپ رسول کریم ﷺ سے سفارش کر دیں۔ چنانچہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے سفارش کی آپ ﷺ نے فرمایا تم حد میں سفارش کرتے ہو۔ تم سے پہلے لوگ (بنی اسرائیل) اسی سبب سے تباہ ہوئے کہ وہ غریبوں پر حد جاری کرتے تھے اور امیروں کو چھوڑ دیتے تھے۔ خدا کی قسم! اگر فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد ﷺ بھی ایسا کرتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔ (ابو داؤد)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نصر کی بیٹی ربیع نے ایک لڑکی کے دانت توڑ دیئے ربیع کے گھر والوں نے اس لڑکی سے درگذر کی درخواست کی لیکن اس کے گھر والوں نے معاف کرنے سے انکار کر دیا انہوں نے معاوضہ دے کر صلح کرنی چاہی لیکن یہ کوشش بھی ناکام رہی۔ بارگاہ رسالت ﷺ میں آ کر انہوں نے فریاد کی اور عرض کی ہم تو ربیع سے اپنی بچی کا قصاص ہی لیں گے۔ حضور اکرم ﷺ نے ربیع، اس کے باپ، اس کے خاندان کی وجاہت اور وقار کو مدنظر انداز کرتے ہوئے فیصلہ فرمایا کہ ربیع سے قصاص لیا جائے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! کیا ربیع جیسی شریف زادی کے دانت توڑے جائیں گے۔

Marfat.com

فرمایا قصاص لینا اللہ کا حکم ہے اس میں ہیر پھر نہیں ہو سکتا لیکن اس عورت کے خاندان نے یہ عدل و انصاف دیکھا تو معاف کر دیا۔

عہد فاروقی میں عمرو بن عاص نے مصر فتح کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کو وہاں کا گورنر مقرر کیا ان کے لڑکے کو گھوڑ دوڑ کا بہت شوق تھا ایک مصری نے ان کے ساتھ گھوڑا دوڑایا اور جیت گیا۔ مصر کے فاتح اور گورنر کے بیٹے کو بڑا غصہ آیا اور اسے کئی بید رسید کیے اور کہا اور بید کھاؤ میں دو کریموں کا بیٹا ہوں۔ مصری مار کھانے کے بعد مدینہ منورہ آیا اور عدالت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اس کی فریاد سن کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنا قاصد مصر روانہ کیا۔ چند روز کے بعد قاصد بابے مٹے کو لے کر مدینہ حاضر ہوا اور عدالت فاروقی میں پیش کیا۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مقدمہ سماعت فرمایا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بلند آواز سے فرمایا مصری کہاں ہے۔ وہ حاضر ہوا آپ نے اس کے ہاتھ میں درہ دیا اور فرمایا مارو! دو لئیموں کے بیٹے کو۔ جس طرح اس نے تمہیں مارا تھا۔ وہ کوڑے لگا رہا ہے اور عمرو بن عاص اپنے بیٹے کو پٹتا ہوا دیکھ رہے ہیں لیکن کسی کو مجال دم زدن نہیں۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے جاتے ہیں مارو! اے مصری! اور مارو! جب مصری اپنے دل کی بھڑاس نکال چکا تو آپ نے فرمایا اب ذرا فاتح مصر کی بھی خبر لو ان کے بیٹے نے تجھے مارنے کی جرات اس لئے کی کہ وہ اپنے باپ کو مصر کا فاتح اور گورنر سمجھتا تھا۔ مصری اس نرالے عدل و انصاف کو دیکھ کر حیران ہو رہا تھا عرض کرنے لگا یا امیر المومنین (رضی اللہ عنہ)! جس نے مجھے مارا اس سے میں نے بدلہ لے لیا۔ اس میں عمرو بن عاص کا کوئی قصور نہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے غصہ سے حضرت عمرو بن عاص کی طرف دیکھا اور اپنی زبان سے ایک ایسا جملہ نکالا جس میں اسلامی فتوحات کا فلسفہ اور روح سمٹ کر آ گئی ہے فرمایا:

اے عمرو! جن لوگوں کو ان ماؤں نے آزاد جنا ان کو تم نے کب سے اپنا

Marfat.com

غلام سمجھ رکھا ہے۔ (مقالات)

اسی طرح کا ایک اور واقعہ عہد فاروقی میں وقوع پذیر ہوا اور وہ یہ کہ غسان کا آخری بادشاہ جبلہ بن ایہم مسلمان ہو گیا اور فریضہء حج ادا کرنے کے لئے مکہ مکرمہ حاضر ہوا۔ وہ بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا اس کی یمنی چادر پر ایک بدو نے اپنا پاؤں رکھ دیا۔ جبلہ نے مڑ کر دیکھا غصہ سے بے قابو ہو گیا اور اس بدو کو زور سے طمانچہ رسید کیا جس سے اس کی ناک زخمی ہو گئی اور اس کے اگلے دو دانت ٹوٹ گئے اس بدو نے امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر فریاد کی آپ نے جبلہ کو بلایا اور اسے کہا کہ یا تو اس بدو سے معافی مانگو اور اسے راضی کر لو ورنہ قصاص کے لئے تیار ہو جاؤ۔ جبلہ یہ سن کر حیران ہو گیا اور فرط حیرت سے پوچھنے لگا ایک معمولی بدو کے لئے مجھ جیسے بادشاہ سے بدلہ اور قصاص لیا جائے گا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اسلام قبول کر لینے کے بعد اب تم دونوں برابر ہو۔ اب برتری کا معیار صرف تقویٰ ہے۔ جبلہ کہنے لگا میں نے تو اسلام اس لئے قبول کیا تھا کہ مجھے پہلے سے زیادہ عزت حاصل ہو گی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جبلہ یہ نادانوں کی سی باتیں چھوڑو اس نے جب دیکھا کہ امیر المومنین قصاص پر مصر ہیں تو اس نے عرض کی مجھے ایک رات سوچنے کی مہلت دی جائے رات کو اپنے ساتھیوں سمیت قسطنطنیہ چلا گیا اور عیسائی ہو گیا۔ (مقالات)

یہ تھا عدل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاگرد رشید کا کہ ایک بادشاہ کا مرتد ہونا قبول کر لیا لیکن قرآن کی تعلیمات پر حرف نہیں آنے دیا اور ثابت کر دیا کہ جس قرآن کی روشنی سے میرا عرصہ حیات منور ہے وہاں شاہ و گدا میں کوئی فرق نہیں کسی بادشاہ کی مجال نہیں عدل و انصاف کے راستے میں کوئی رکاوٹ بن سکے۔

اب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے ایک سلطان کا عدل و انصاف ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

ایک دن سلطان محمود غزنوی اپنے دیوان میں بیٹھا تھا اس کی رعایا کا ایک غریب آدمی اس کے تخت کے سامنے آکر ادب سے کھڑا ہو گیا اور شکایت کی کہ ایک ترکی سپاہی نے اس کو گھر سے نکال دیا ہے اور اس کی بیوی پر قبضہ کر لیا ہے محمود نے اس کی شکایت سن کر کہا اب صبر سے کام لو اور رونا چلانا چھوڑ دو جب وہ دوبارہ آئے تو مجھے اطلاع دو میں خود وہاں پہنچ کر تمہاری دادرسی کروں گا تین روز کے بعد مجرم دوبارہ اس کے گھر میں داخل ہوا وہ بھاگا ہوا سلطان محمود کے پاس حاضر ہوا۔ سلطان چند سپاہیوں کو ساتھ لے کر اس کے ہمراہ اس کے پیچھے پیچھے چل پڑا وہاں پہنچ کر سلطان نے مکان کے چاروں طرف پہریدار متعین کر دیئے تمام روشنیاں بجھا دی گئیں اور اعلان کر دیا کہ یہ نابکار گردن زدنی ہے کیونکہ یہ موقع پر بدکاری کرتا ہوا پکڑا گیا ہے جب اسے کیفر کردار تک پہنچا دیا گیا تو پھر چراغ روشن کر دیئے گئے۔ مقتول کو دیکھ کر محمود نے سجدۂ شکر ادا کیا۔ سجدے سے سر اٹھانے کے بعد اس نے کہا اگر گھر میں کچھ کھانے کو ہے تو پیش کرو۔ اس غریب نے روکھی سوکھی روٹی لا کر سامنے رکھ دی جس کو سلطان نے بڑی رغبت سے کھایا پھر محمود سے اس حیرت انگیز طریق کار کے بارے میں پوچھا گیا تو سلطان نے کہا میرے دل میں خیال گزرا مبادا میرے کسی لڑکے نے ایسی جرات کی ہو میں نے چراغ گل کرنے کا حکم دیا تاکہ اگر اس حرامکاری کا مرتکب میرا کوئی بیٹا ہو تو شفقت پدری قیام عدل میں رکاوٹ نہ بنے میرے انصاف کو نابینا اور بے رحم ہونا چاہئے جب سے اس غریب نے اپنی داستان غم سنائی تھی مجھے اتنا دکھ ہوا کہ میں نے تین دن سے کچھ نہیں کھایا۔ (مقالات)

سبق پڑھ پھر صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

Marfat.com

Marfat.com

شمشیر بے نیام قادر الکلام مقرر اسلام خطیب پاکستان

# علامہ مولانا محمد صدیق ملتانی صاحب

مدظلہ العالی

کی دیگر بہترین کتب

## باطل اپنے آئینے میں

اس کتاب کا دوسرا نام ایٹم بم ہے یہ وہ کتاب ہے جس نے باطل کے ایوانوں میں زلزلہ برپا کر دیا ہے اس کتاب کو پڑھ کر کئی بد مذہب راہ راست پر آ گئے ہیں اس کتاب میں گستاخان رسول و گستاخان صحابہ و گستاخانِ اہلِ بیت پر کاری ضرب لگائی ہے ان پر ایسے سوالات کئے گئے ہیں جنکا جواب آج تک نہیں دیا گیا یہ باطل فرقوں کے رد میں لاجواب کتاب ہے۔

## بدر الکبریٰ

اس کتاب میں غزوۂ بدر بیان کیا گیا ہے نئی نسل کے ذہنوں میں جہاد کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے یہ کتاب ایک عظیم سرمایہ ہے مسلمانوں کو ان کے اسلاف کے مجاہدانہ کارناموں سے واقف کرانے کے لئے ایک عجیب کوشش ہے جہاد کی فضیلت اور ضرورت کو ذہن نشین کرانے کی سعی بلیغ ہے۔

## خدا کی ہستی کے دلائل

یہ کتاب بین الاقوامی حالات کو پیشِ نظر رکھ کر لکھی گئی دنیا میں بہت سے لوگ ہیں جو سرے سے خدا کی ہستی کے منکر ہیں اور اس جہان کی نمود و نمائش کو زمانے کی پیداوار سمجھتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے یہ کتاب مشعل راہ بلکہ روشنی کا مینار ہے اس کتاب میں توحید باری تعالیٰ کے عقلی دلائل پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں خدا تعالیٰ کی ہستی کے آفاقی، نفسی اور عقلی دلائل قابلِ ستائش ہیں

## کتاب التنویر

خدا تعالیٰ نے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بہترین فضائل اور خصائل عطا کئے ان کے علاوہ [illegible] ہیں آپ کے خصائص کو آٹھ اقسام پر منقسم کر کے اُن پر بحث کی گی ہے مختلف ابحاث میں [illegible] کے جوابات دیئے گئے جن سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوا ہے اس کتاب کے [illegible] سینے میں الفت رسول کا دریا موجزن ہوتا ہے

## دین فطرت

یہ کتاب اصلاح معاشرہ کی غرض سے لکھی گئی ہے اس کتاب [illegible] پر بڑا زور دیا گیا ہے کیونکہ بے پردگی اور عریانی دعوت گناہ کا [illegible] معاشرے کے مختلف پہلوؤں پر تبصرہ کیا گیا ہے معاشرہ میں [illegible] ہو چکی ہیں ان کو دور کرنے کے طریقوں پر بحث کی گئی ہے

## مقام سجدہ

[illegible] سے اہم رکن سجدہ ہے اکثر نمازی سجدہ خلاف سنت کرتے ہیں [illegible] ہے سجدے کے فوائد اور حکمتوں پر حسین تبصرہ ہے [illegible] تھے اس میں کیا راز تھا مکمل بحث کی گئی ہے [illegible] ایسا رکن نماز ہے جو بندہ کو خدا کے قریب کر دیتا ہے پاکستان [illegible]

مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

Marfat.com